


Bodleian Libraries

UNIVERSITY OF OXFORD

This book is part of the collection held by the Bodleian Libraries and scanned by Google, Inc. for the Google Books Library Project.

For more information see:

http://www.bodleian.ox.ac.uk/dbooks



This work is licensed under a Creative Commons Attribution-NonCommercial-ShareAlike 2.0 UK: England & Wales (CC BY-NC-SA 2.0) licence.







16.C.17.

16 C 17

INDIAN INSTITUTE

دیوان غالب دہلوی - کئی مرتبہ یہ دیوان مختلف مقامات مین چھپا اور بڑی خواہش سے بکا اور ہنوز خواہش خریداران اُسیطرح ہی کیون نہو بڑے عالی پایہ مرزا اسد اللہ خان دہلوی کا کلام ہی جنکا مثل و نظیر ہندوستان مین نہین ہی یہ مطبوعہ مطبع نظامی سے نقل ہوکر جمع ہوا۔

دیوان نشاط الاحباب - مصنفہ بابو ہرگوبند سہاے۔

دیوان جرار - مصنفہ مرزا حسین بیگ تخلص جرار۔

دیوان امیر - خسرو بغداد سید امیر الدین تخلص امیر۔

دیوان قلق - مسمی - بمظہر عشق کلام اُستاد کامل آفتاب الدولہ خواجہ اسد تخلص قلق۔

دیوان واسطی - نادر کلام مولوی سید فضل رسول خان تعلقدار سندیلہ۔

دیوان عاشق - کلام لطیف از پنڈت کنھیا لال تخلص عاشق۔

دیوان خواجہ میر درد - شاعر صاحب باطن

دیوان بحر اسرار حقیقت - در نعت سید مجتبیٰ مصنفہ قاضی علی احمد تخلص صل علے

دیوان ہشیار - مصنفہ کیول رام۔

دیوان صبا - مسمی بہ غنچہ آرزو - از میر وزیر علی صبا۔

دیوان ضامن - از سید ضامن علی شاہ۔

دیوان مخزن شوق - غزلیات ہمطرح حضرت ذوق دہلوی مصنفہ منشی ہرچند سے سردھنی تخلص ہرچند ایک کالم مین کلام ذوق دوسرے کالم مین کلام ہرچند۔

ایضاً - شایستہ پاسخ بمقابلہ غزلیات ناسخ از منشی ہرچند راے۔

دیوان ولی - یہ دیوان قدیم زبان ریختہ موجد شعر گوئی زبان ریختہ شاہ ولی اللہ گجراتی کا کلام ہی اول زبان ریختہ مین اسی شاعر عالی نے شعر کہا ہی بڑی تلاش سے دستیاب ہوا۔

چمنستان جوش - دیوان نواب احمد حسن خان از فرزندان نواب حافظ رحمت خان۔

مجمع الاشعار - غزلہاے اردو و فارسی اساتذہ۔

کلیات میر تقی - اوستاد مستند مسلم الثبوت کا کلام بعد نظر ثانی مکرر چھپا -

کلیات ظفر - کلام الملک ملک الکلام چار جلدین -

۱ - جلد اول و دوم یکجائی -

۲ - جلد سوم و چہارم یکجائی -

کلیات مومن خان - جدید الطبع -

کلیات وہبی - طبع نواد سخنور نامی منشی شیو پرساد منیجر اودھ اخبار -

بہارستان سخن - اسمین تین استادون کا کلام ہی بمطرح و بمقافیہ غزلین - ۱ شیخ امام بخش ناسخ - ۲ - خواجہ حیدر علی آتش - ۳ - مہدی حسین خان آباد - بڑے معرکہ کا مجموعہ ہی ہر ایک اُستاد نے زور طبع دکھایا ہی بہمدیگر تبرصیح بلا مزج کہنا زیبا ہی -

دیوان گویا - از طبع نواد رسالہ دار فقیر محمد خان گویا شاگرد خواجہ وزیر تخلص وزیر استاد نازک خیالی -

دیوان رند - مسمی بہ گلدستہ عشق کلام نواب سید محمد خان رند شاگرد خواجہ حیدر علی آتش

دیوان فدا جلد اول - از موج خیزی طبع وقاد مولوی فدا حسین وکیل عدالت دیوانی

دیوان غافل - کلام سخنور ہمپایہ آتش و ناسخ منور خان غافل -

دیوان ذوق - از نتیجہ فکر سخن گو عالی خیال سید ابراہیم علی ذوق -

دیوان بہار عرب - در محامد خاتم الرسالت مؤلفہ حاجی محمد نذیر مصطفی آبادی -

دیوان لطف - پاکیزہ دیوان غزلیات مع معراج نامہ محامد سرور کائنات مصنفہ حافظ محمد لطف علیخان بریلوی -

ایضاً - نعت سروری غزلیات تمام ردیفونکی محامد خاتم المرسلین مین از بہار خانی طبع بلند منشی غلام سرور لاہوری -

دیوان ہنجار سالک - عمدہ کلام از مرزا قربان علی بیگ سالک -

دیوان نیاز - از روشنی صافی طبع نازک پسند شاہ نیاز احمد بریلوی نیاز -

دیوان شہیدی - مصنفہ کرامت علیخان شہیدی تخلص -

دیوان امیر - مسمی بہ مرآۃ الغیب از میر احمد امیر تخلص -

قطعۂ تاریخ طبع دیوان بیاض گلفشان طبعزاد منشی احسان الحق صاحب احسن ساکن کول

طبع شد امروز دیوان فدا	از عنایات خداوند کریم
چے سرانديشہ احسن از فلک	گفت ہاتف سال نسخہ بے نظیر
خاتمۃ الطبع	۱۲۸۱ھ

بعد نہزاران نہزار شکر درگاہ مین سخن آفرین کے نکتہ سنجان سخن ونقادان معانی نودکمن کو واضح ہو کہ اندرون مین گلدستۂ باغ سخن زیب بزم شعرائے والا فن سفینۂ بحر سخن سرائی کشتی روان دریائے فصاحت آبائی یعنی دیوان بلاغت انما معروف بہ دیوان ثانی فدا کہ جسکی جلد اول ۱۸۷۹ء مین اس مطبع نامی مین چھپی ہی سبحان اللہ کیا دیوان ہی کہ جسکی ہر غزل کوزۂ قند ہی جو شعر ہی شکرین آوند ہی کلام پسندیدہ ہی وزن سنجیدہ ہی معانی شستہ الفاظ پاک مضامین مسلسل اشعار درد ناک کیون نہو کہ یہ کلام ہمارہ خیال بلند روشن طبع ارجمند سرآمد شعرائے نامدار یادگار سخنوران دیار وامصار زبان آور نامی شاعر گرامی عندلیب گلستان سخن تازگی بخش مضامین کہن سخن سرائے بے مثل وبیمثل منشی محمد عبد الغنی صاحب عرف منشی فدا حسین صاحب تخلص فدا ولد شیخ محمد کریم اللہ رئیس مراد آباد ضلع بلند شہر حال وکیل عدالت دیوانی ضلع علیگڈھ ہی کہ خیالی شیرین کلامی حلاوت بخش کام وزبان اہل مذاق ہی جسنے ایکبار کلام سنا دوسری بار ہمہ تن گوش ہو کر سننے کا مشتاق ہی بالفعل دیوان مسطور حسب تحریک حضرت مصنف بماہ نومبر ۱۸۷۴ء مطابق ماہ ذیحجہ ۱۲۹۱ ہجری مقام لکھنؤ بمطبع نامی منشی نولکشور مین باحسن وجوہ چھپکر تیار ہوا پوری دونون جلدون کو لباس طبع پہنایا تمنا ہی کہ خداوند عالم مقبول وپسندیدہ اہل عالم فرماوے

قطعہ تاریخ دیوان ثانی فدا از فکر خود مصنف دیوان

بیاض گلفشان ہی سال ترتیب — فدا دیوان ثانی کا مرے نام
بیاض عاشقی سے بھی ہی پیدا — برابر گن لو پورا سال اتمام
ملاؤ لفظ اول سے جو عشاق — سن فصلی کا ہوتا ہی سرانجام
پئے دریافت سال طبع دیگر — بیاض عشقیہ ہی نام فرجام

قطعہ تاریخ ریختہ قلم منشی گیندن لال صاحب متخلص بہ گوہر پیشکار محکمہ کلکٹری ضلع بدایون

دیوان فدا نہین یہ گلدستا ہی — نام اسنے بیاض گلفشان پایا ہی
تاریخ ہی طبع کی گل باغ مراد — نام اسکا بیاض عشقیہ ہی
تذکار قیمتی سیجے ہی سال — گوہر یہ خزانہ در یکتا ہی

قطعہ تاریخ طبع طبعزاد منشی عبد المجید صاحب مجید متخلص الہمد عدالت فوجداری ضلع علی گڈھ

فدا کا وہ دیوان چھپا اندنون — کہ جسکی زمانے مین تعریف ہی
تو لکھ سمت از روے حق اے مجید — بہت خوب نادر یہ تصنیف ہی

قطعہ ثانی بہت سال ترتیب

مجید از پئے یادگار جہان — لکھو تم کوئی سال ترتیب کا
سرزہ سے آئی ندائے سروش — فدا نے بہت خوب دیوان لکھا

نبود زاکتساب این معنی | داد حق راچه میتوان گفتن
در ثنای کلام دُر بارش | نیست آسان دُر سخن سفتن
کرده تصنیف تازه دیوانی | گلشن فیض گشتنم احسن
سال طبعش نوشتم اے تسنیم | چشم بد دور بے نظیر سخن
۱۲۹۰ھ

ایضاً بزبان ریختہ

مرے اک دوست ہین فدائے حسین | کہ ہی لطف و کرم شعار انکا
صاحب فہم و لایق و فائق | ابر الطاف دہر و بحر سخا
خوش بیانی مین نکتہ دانی مین | بعدیل و سہیم و بے ہمتا
اندنون مین لکھا ہی وہ دیوان | جسکا چرچا ہی کو بکو پھیلا
نئے مضمون بھرے ہین رنگا رنگ | عطر بیزی مین موج باد صبا
سنبل باغ خلد ہین سطرین | تختۂ گل ہر اک ورق اُسکا
ہی سلاست متانت اُسپہ نثار | اور فصاحت بلاغت اُسپہ فدا
سال تاریخ طبع اے تسنیم | دفتر شعر لاجواب لکھا
۱۲۹۷ھ

قطعۂ تاریخ طبعزاد منشی قربان حسین صاحب ہلال شاگرد رشید منشی محی الدین حسین خانصاحب تسنیم ساکن مدراس سلمہ اللہ المتعال

فصاحت کا مخزن کہون گر روا ہی | کہ فقد معانی کا ہی یہ خزانا
صدا غیب سے کان مین میرے آئی | کہ نورس نگار سخن اسکو کہنا
۱۲۹۷ھ

ہر مصرعہ مصرعہ پارۂ الماس ہے مگر — اوزان شعر سے ہے گران تر وقار نظم
تولا سخن کو منہ نے جو میزان داد میں — سنجیدگی کو پایا ہے ہمسنگ بار نظم
تھی فکر سال مجھکو کہ ناگاہ ای صفا — آئی ندائے غیب یہ ہے لالہ زار نظم

۱۲۹۴ھ

دیگر

خاور مطبع سے دیوان فدا خوش بیان — مثل خورشید درخشان جب ہوا جلوہ نما
مجھکو بھی تھی فکر سال طبع ناگہ غیب سے — ہے یہ اچھا دفتر اشعار ہاتف نے کہا

۱۲۹۴ھ

قطعہ تاریخ ریختہ قلم بلاغت رقم مولوی محمد علاء الدین صاحب متخلص بہ بسمل منشی روبکار دربار حضرت ولی عہد ریاست دارالاقبال بھوپال

فدا حسین فصاحت شعار و خوش گفتار — ز روی فکر چو بکشاد باب صبح سخن
شدہ ز بوے گل افشانی بیاض او — دماغ شام سخن کامیاب صبح سخن
برآمد از پے تاریخ ہجرتش بسمل — ز مشرق دل من آفتاب صبح سخن

۱۲۹۴ھ

قطعۂ تاریخ از نتایج طبع سلیم منشی محی الدین حسین خیان صاحب متخلص بہ تسنیم ساکن شہر مدراس سلمہ اللہ العظیم

جناب مولوی فدائے حسین — عالم شعر و اکمل این فن
در سخن پروری نظیرے عہد — در زبان آوری وحید زمن
تازہ کردہ است نام عرفی را — منتے زو بود بجان سخن
شاعری را باو ہمان ربطی — انچہ نسبت بود بجان و تن
شمہ از صفات او گفتن — آب دریا بہ مشت پیمودن

نوشت ست دیوان رشک چمن — کہ جوش بہار ست در چار سو
ازین نسخہ در فکر سالش سرودم — بگفتا دوائے غم و درد جو
۱۲۹۴ھ

ایضاً

عجب نسخۂ جانفزا ہی فدا کا — ثنا جسکی لکھے نہ طاقت قلم کی
وہ دلچسپ مضمون ہی جس سے فدائے — نظر کو نہ فرصت ملے ایک دم کی
پئے فکر تاریخ دیوان تازہ — ہوا دل کی قوت دوا درد غم کی
۱۲۹۴ھ

قطعات تاریخ از نتیجۂ طبع پُر زور مسٹر جارج بنسن صاحب بہادر متخلص بہ شور رئیس میرٹھہ

دیوان دوم لکھا فدا نے — دل اُسپہ جہان کا فدا ہی
تاریخ کی فکر شور کو تھی — پوچھا ہاتف سے سال کیا ہی
بولا سر بام سے اُٹھا کر — کیا باغ سخن نیا کھلا ہی
۱۲۹۶ھ

دیگر

بفضل و کرمہائے رب قدیر — مرتب ہوا نسخۂ دلپذیر
صفت خانۂ شور کیا لکھ سکے — ہر اک شعر ہی رشک دیوان میر
طلب کی جو ہاتف سے تاریخ طبع — تو بولا کلام اک چھپا بے نظیر
۱۲۹۴ھ

قطعات تاریخ از مولوی محمد عبد الحی صاحب بدایونی متخلص بہ صفا وکیل عدالت منصفی بلاری ضلع مراد آباد

تائید آبیارے فکر فدا سے آج — تازہ ہی بوستان جہان مین بہار نظم
دیوان دوبمی وہ لکھا ہی بہ آب و تاب — گویا ہی جسکے عقد ثریا نثار نظم

شہنشاہ اقلیم دانشوری — بہ ملک سخن دارد اوسروری
سراپا ہمہ نور چون مہر و ماہ — خیالش بعرش برین بردہ راہ
بخوانم جو اورا فلک پایگاہ — بجاہست گفتن فلک دستگاہ

اے عبدالرحمن سراپا عصیان میدان حسن اوصافش ازبس در امر ومیدست وفراہمی لآلی مدح کماحقہ کہ دلپسند سخن نبدان معانی طراز باشد وردامن گزارش بسا بعید تادہن خودرا از آب گلاب نہ شوئی حرفے از وصف پاکش نگوئے تا ذخیرۂ لیاقت وحسن استعداد درخرمن گاہ ذات خود بہم نرسانی دوحہ کلمہ ستایش وتوصیف درخیابان بیان نہ نشانی ستودن بزرگان و فرمندان از ژولیدہ حالان وفتیلہ بویان خوشتر نیاید وپیمودن جام رحیق آتش رنگ مدح عالی جاہان وسخن طرازان والاگوہر از گدایان دہیمچیزان نیکو نہ نماید زیادہ ازین مخروش وہمچو خم بادہ اندرون سینہ خود مجوش خاکسار

عبدالرحمن جھنجانوی مرقومہ ۵ جولائی ۱۸۸۶ء فقط

قطعات تاریخ از فکر منشی عبدالرحیم متوطن ڈبائی پیشکار عدالت جج ماتحت ضلع میرٹھ

ہمارے مکرم فدائے حسین — ہی طرز سخن جنکا سب سے جدا
انھون نے مرتب کیا اندنون — دگر بارہ دیوان فرحت فزا
ہوئی فکر تاریخ جسدم ہمین — در دفتر شوق دل پر کھا

۱۲۹۴ھ

ایضاً

فدائے فدا نکتہ سنج کلام — کہ از شاعران سلف بردہ گوی

خط متواری و منزوی گردید این دیوان باغیست مسرت افزا که از آبیاری شیرین
دریا روح پرفتوح سرسبز گشته و ایاغیست جهان نما که از بادهٔ هوش بخش خرد آفرین
روان مملو و لبریز شده و بحریست شیرین و لطیف همچو سلسبیل باغ بهشت نسکین
بخش تفقید گی رباونهریست عذوبت آگین مانند حوض کوثر راحت ده فرحت
افتا سبحان الله زهے شان مصنف او که فرمان فرمای مملکت سخندانی و خداوند
سلطنت نیروال بلند معانی ست تخت نشین اقلیم صیانت و رزانت و مالک سریر
ودیهیم سعادت و لیاقت کلکش از آب بهشت بالیدگی یافته و قلمش از سحاب
رحمت نیروانی برومندی و سنجیدگی پذیرفته طبع وقادش معنی آفرین لطافت خیز
و ذهن و دماغش عرش پیما فراست انگیز آستان کیوان نهاد هش سجده گاه
ذهن و ذکاوت فرگاهش کعبه فهم رسا و قبلهٔ اندیشهٔ رزانت افزاست تهذیب اخلاق
پاسبان درگاه ثریا پایگاه اوست حلم و شایستگی دربان عتبه فردوس دستگاه
اوست دبیر فلک بسته بردار بزم معلی ست و مطرب گردون نغز نخوان محفل علیاست
اگر همه عمر در دریای سخن بر منهومی ملاح بیان شناوری نموده آید سفینهٔ وصف
بی پایانش بر ساحل آرزو نرسانم و اگر تا بد رود شدن بساط وجود این وسوسه گاه
آخر فنا در محیط ناپیدا کنار مدح بیکرانش پا غوش زنم گوهر جهانتاب حسن تعریفش در
دامن تحریر نیارم نظرش فراز بین دقیقه رس و فکرش لطافت آگین سراپا مقدس
کشاف غوامض و صفش کلام میمنت فرجام اوست و مفسر آیات رموز مدحش
بلندی خیال مبارک کلام اوست نظم

نه دیدم چو او شاعر نغز گو	همه نیک رو و همه نیک خو

بیخزان که ریاض فردوس از رشک او در پردهٔ خفا نهان و گلشنیست همیشه بهار
که صرصر محمولی و پرمانی از شادابی او فرسنگها گریزان المنة لله که این زمان
چه همایون و مبارک ست و چه اکرام انیرد توانا و تبارک ست که تازه بهارستان
سخن رشک افزار هزاران گلشن یعنی از دیدن دیوان دوم مولوی
فدا حسین فدا بهره اندوز از دولت فرحت و انبساط شدم و از موج مضامینش
لآلی آبدار در دامن نظر دوربین فراهم کردم از صدف حروفش رنگینی گوهر
فصاحت و متانت پیدا و از قعر عمیق عبارتش در تابان بلاغت و رزانت هویدا
فصاحت کنیز آستان بوس معانی اوست و بلاغت جاروب کش درگاه عرش
پایگاه نکته دانی او بهشت برین داستانی ست از رنگ آمیزی اشعارش و باغ
فردوس یادگاری ست از چمن بندی فکر آسمان سیر بلندو قارش این نگارین
نامه را اگر زاهد شب زنده دار یزدان پرست صبح خیز بدست گیرد گل معرفت
و غنچهٔ حقیقت در دامن آرزو چیند و اگر ملامت گو فراز بیان بر مسیر وعظ پیش
نظر نهد دریای انداز کونین و محیط نصیحت خافقین را موج زن یابد و اگر
عاشقان سوخته درون و بیدلان نکبت مشحون در دجان سازند صورت
محبوب را از آئینهٔ تحریرش آشکار بینند شادابی مضامینش همچو سبزهٔ باغ
بهشت اعمی را نور بصر بخشد و برجستگی عبارت و حسن لطافتش مانند برنهاد
فرازین سیاه درونان سقیم القلب را از رشید هدایت و شعشعهٔ رشادت سوی شبستان
سعادت آرد از رشک هر شعر دلاویز حسن خیزش بیت ابروی خوبان لباس
سیاه پوشید و خال گلرخان از غایت محجوبی نقطه جان افروزش در چولستان

مستحکم نمودز ہے ایزد بے ہمتا ست کہ در سخن اثر و در اثر درد و در درد و گداز ش
و سوز ش نہاد و در طلسم کارے و جادو شعارے و اندرونی تپش بر و کشاد
برائے ستائیدن او ما مشت خاک را چہ یارا کہ زبان گفت در کام جنبانیم
آوازے از حلقوم بیان برآریم انچہ گویم و نویسیم ہمہ آموختہ و بخشیدۂ اوست
و انچہ نغمہ نیایش بر ضرمہ ستایش سرایم ہمہ دادہ و آفریدۂ اوست و خشور پاک
را از فراز بیانی و روشن کلامے سرفرازی دادہ موجب آفرینش کائنات
و مخزن سخن شیرین و معدن فصاحت و بلاغت جان آفرین فرمود در ثنائے
پاکش قصیدہ طہ و یسین نازل نمود و مطلع قصیدۂ ایجاد و تکوین بنام ذات پاک
اوست و مقطع ترجیع نبذ اختراع و ابداع ہمہ موجودات بر دست گوہر بے بہار
نعت او در قعر بحر سخن نہادہ و شمع بلاغت و ملاحت در دست نطق پاکش دادہ
ہر قدر کہ در محیط سخن پا غوش زنند ہمان قدر لآلی ابدار صفت و ثنا بدست آید
و چند انکہ در دریائے کلام و بحر بیان مشق غوطہ زنی بہمر سانند ہمان اندازہ
جواہر زواہر وصف بے پایانش در دامن بیان فرار سد بجود ارادت بر خدا ست
و درود طاعت بر محمد مصطفیٰ ست در ین آوان میمنت توامان در بازار سخن رونق
روز افزون ست بیان ترقی و بلندی کمالش از حیز گفت و حیطۂ گزارش
بیرون سخن سنجیدہ آب حیاتے ست کہ ہر کہ جامی از و نوشد جامۂ جاوید زندگی
پوشد و نوش دار وے ست کسی کہ از و یک قاشق بخورد شمع نام آورے در
ایوان این کارگاہ وسوسہ بر افروزد راد قیست گلرنگ اندوہ فرسا بر کہ
ساتگین از و در کشد لذت سرور مسرت افزا یادگارے دائمی در چشد باغ

زنگار رنگ را نگارستان یا نگارستانی گویائی طرز مرصع را بہارستان مضامین نو و کہن پیشینیان فروگذاشتہ و بہ ادائے مستابہ از شورشہائے دگر پرداختہ اگر آئنہ طلسم حیرتش خوانم رواست و اگر صحیفہ فسونگری دانم بجاست ہرچہ کہ باوصف بی بضاعتے خود درین بارہ سخن گفتہ ام گوہر راست بیانی را برشتہ گفتار درسفتہ جہان جہان سپاس خدائے گیتی آرا را کہ خواہش خاطر روا از تردد برتافت و سگالش مدعا بعنایت کردگار حسب دلخواہ نیک سرانجام یافت

الٰہی تا مے و میخانہ باقی ست	بدوران ساقی و پیمانہ باقی ست
ازین نقش رنگین باشد نشانہا	نشانہا تا زمین و آسمانہا
مصنف دائما دل شاد با دا	بہ گیتی تا ابد آباد بادا

تقریظ مترشح قلم بلاغت رقم حکیم حافظ محمد عبدالرحمن صاحب جھنجانوی متخلص بہ حیرت تلمیذ مولوی امام بخش صاحب صہبائی مرحوم عہدہ دار اہتمام مطبع متعلقہ پنشگاہ سوسیٹی واقعہ سوادچھاؤنی علی گڈھ سلمہ اللہ تعالیٰ

سرآیہ سخن از جلوہ افروزی ستایش دادور داد گر سخن آفرین فرین و ایوان نطق از روشنی شمع نیایش فرمانفرمائے اقلیم بیان روشن زہے شہنشاہ آفریدگار عالم ست کہ ہمہ آفریدہا را از آفرینش انسان زینت دافر بخشید و گروہ گزیدۂ شکوہ انسان را از پیدایش سخن سنجان والا گوہر و معانی طراز ان پاک جوہر ممتاز گردانید سخن گرایان پاک سرشت را از خزانہ خلق الانسان علمہ البیان فرمند و جاہ انتما فرمود و از نطاق ان من البیان لسحرا گمر فکر آسمان پیما را

بر رو آورده و بگفتار اردو سبقت به عجمی زبانان برده درین تیره روزگار کم اعتبار
سیه تر از شب دیجور گوهر فروزنده گران آز سخن را ارزش جز این نیست که
برخی بنهجار ثنا سائی زبان به آفرین کشایند و بندهی بروش پسندیده داد گستری
بکلمه احسنت ستایند بعض از تنگ حوصلگی خموشند و بعضے از تنگ ظرفی خروشند
دیوانی ست که هر شعرش روکش بهارست و هر غزلش پاسنج گلزار پرده گیان
معانی را جمله دلخواه و پرده کشایان سخن را آرامش گاه خم و پیچ نو طرز گفتار سنبل
آثارش با کلاله لاله رویان خم بخم و سلسله الفاظ مسلسلش با زلف مرغوله
مویان هم بهم هر مصرعه اش از شوخی خانه برانداز صبر و آرام و هر فرد از سادگی
با ساده رویان همکلام اشعارش با معان دانش انور و طرز دلپذیرش
بهزار ادا جگر سوز هر مصرعه برجسته نهایت برجسته و هر نکته سر بسته از ذهن نافهمان
وارسته قوافی را با قیافه اش نازها و ردیفش را با حریفان رازها نظمش اگر
شور افگن جانهاست از بحرش روانی ها و ردانها بهر طرزی که سخن گفته
گویا تنگونه زار یکشمیر نگفته راستی مصرعه اش کورنش از سر و خواسته و رفتار
خامه اش پابوس از تدرو هر سطرش از زلف خوبان دلربا تر و هر نقطه اش
از خال محبوبان خوشنما لطف کلامش رنگ بهار ریخته و شوخی گفتارش
شور ملاحت انگیخته دودے که از چراغ فکرش بر آمده با گیسوے مشکین همسری
میکند و هر سپیده که از خاور اندیشه اش دمیده بر عذار ماه طلعتان طعن
میزند گویائیش از حسن تحقیق رخ بر افروخته چشم حرف گیران دوخته رسائی را
با ذهن سلیمش نازها و ادراک را با طبع بلندش نیازها دیوانش نیز نگهاے سخن

واقع بلدهٔ لکھنؤ که از غایت بلند نامی و خوش سرانجامی در ممالک نزدیک
و دور مشهور در سنه یکهزار و دویست و هشتاد و هشت هجری نقش انطباع
پذیرفته مذاق افزای مشتاقان این فن بزرگ ست و از تالیفات برادر
مهین مولف دیباچه نخستین دیوان فدا تخلص ثانی یا نظامی خامس
که مخزن پنج گنج سخن توان گفت یکی مثنوی سرود وستانه دومین دیوان فارسی
سومین نسخه عناقید نورس در نثر زبان عجمی چارمین کتابی بنام تحفة المدارس
بعلم قواعد پارسی که در چاپ و پیش از پیشگاه حضور پرنور نواب گورنر بهادر
فرمان ده ممالک پنجاب نقود شایان صله یافته پنجمین دیوان اردو یادگار روزگار
هنوز خبر دیوان فارسی به طبع نیامده بود که در سنه یکهزار و دو صد و شصت و هشت
لبیک بداعی اجل گفت رحمت حق بر روانش باد گویا مرتبه تحقیق فارسی
از رحلتش رخ نهفت جمله کلام ایشان نزد پسر بزرگ ایشان منشی فیض الحسن
صاحب که فی الحال بجاه و حشمت دلخواه وکیل عدالت ضلع مین پوری بست و دو بیت
نهاده ندانم که با وصف وصیت پدر و فراوانی مال و زر چرا همت بطبع آن خمسه
مذکوره بالا نه گماشته که هر کسے را از طالبان این فن بهره وافی میرسید مگر توان دانست
مصرعه هر کسے مصلحت خویش نکو میداند * ازین سگالش نهان و نگارش
آشکارا پیداست که این همه گرمی هنگامه خامه و تکاپوے قلم ما جز ارقم به گلگونه
آرای حسن رعنای سخن برترین پایه و غازه بندی چهره الفاظ گوهرین و
خال نقاط عنبرین فروزان مایه توسط تقریظ دیوان فدا بر ادر
کهین من عبد العزیز هیچ نشناس ست که بزبان ریخته آبروے دری زبانان

آبروے سخنم بدیدہ دیدہ وران فرزانگی پدید آید و منزلت پذیرای چشم بین
پذیرد تا خواستہ و ناخواستہ این ہمہ نگار بیرنگ و بو چون غنچہ ہاے تصویر بر بستم
کاشکے دستیارے غیبی ہنگام روشن خامہ نارست خرام نبودی بدین ناشناسی
از کجا پردہ از روے شاہد زیباے معانی جدا نمودی و بفروپایگی کردار و زبونی
گفتار در خورش این گزارش نبودی امید آرایان سخن را مژدہ و مربع نشینان
چاربالش معانی را نویدکہ درین مجستہ آغاز فرخندہ فرجام روزہا برادر عزیزم
منشی فداے حسین غریق تخلص در فکر فارسی و بہ اردو زبان متخلص
بہ فدا اسلمہ اللہ تعالے کہ از مرور دہور بکار عہدہ وکالت دادگاہ و دیوانی ضلع
علی گڈھ نامور و بہ پیشکاری حکام والا مقام بوقعت و وقار موفور در معاصرین
خویش کامران است درین عمر چہل و پنج سالگی کہ خدایش بہ ہزار سالگی رسانادا
و با آنکہ بیشتر گوشہ خاطر بہ اشتغال تہذیب معاد و کمتر بہ تکسیب معاش مے گمارد
رنیزش خامہ گہربارش را نازم و سپاس ایزد جہان آفرین برگزارم کہ از آغاز
فطرت و بدو سن بہ شوق سخن ور و تا دیوان نبان اردو سراپا جادو نجوا ہش
بر گیہاے ہمت روز افزون و اقتضاے فراست و طبع موزون خویش فراہم
آورد دیوان اولین کہ دیباچہ اش چکیدہ خامہ براعت شمامہ فرزانہ روزگار
ہمایون کردار دانائے آموزگار نام آور ہنر پرور رجع عمان فضل و کمال خردمند
حقیقت سگال ہندی نژاد اصفہانی کلام سخنور بلیغ و متین منشی محمد نظام الدین
فردوس نشین متخلص بہ نظامی برادر گرامی من ہمچندان آرایش آغاز
دیوانست و در مطبع افتخار المطابع ہند جناب فیض مآب منشی نولکشور صاحب دام فیوضہ

هنرگاهے برین راه دشوار گزار نرفته ام وهیچ از رطب و یابس کلام نگفته و جاده
سخن گستری نه پیموده و سرمایه عمر عزیز را رایگان تلف نموده که در گوش من نوید
فرخی جاوید جا کرد که نگارخانه نمونه ارتنگ و مجموعه سراپا نیرنگ فراهم آمده مهر
سکوت از نفس ناطقه در شکن و بگفتار شیرین در ستایش این سفینه گوهرین
گنجینه سخن زن تا این آگهی از خموشیم بخروش آورد خواستم که در توصیف این
جریده باب نوا سنجی کشایم البته نخست بساط پوزش و نیاز بپای دانایان
این فن مهد نمایم و بدستگاهی که بخشنده اوست راه سخن سپرم تا از ناروائی
کالا در بازار جوهریان به گناه کاسد تماشی انگشت نمانه شوم منت بر جان و دلم
که ساقی فیضرسان بادهٔ شناسائی بجامم ریخت و پیوند ناشناسائی یک لخت
گسیخت سکر دانش و نشهٔ آگهی مرا از خویشتن ربود که سخن را بلاف و گزاف
میالائے و از پندار خویشی بیرون آئی و پراگنده مگوے و هرزه مپوے و
سرمایه که به یمن مساعدت صاحبان کوچک و بزرگ برادران خود که از گرانمایگی
علم و هنر علم یکتائی بمیدان نکته وری افراشته اند و در بارهٔ تالیف و تصانیف
از اصناف سخن دقیقه فروگذاشته فراهم آورده خودبینی را عار و خودفروشی
را زیان انگاشته بنظر اولی الابصار در آرد بهره از رشک برگیرد بصواب دید چنین
رائے دانهائے ناچار لختی باندیشه دور دست فرو رفتم تا آهنگ خامه مستعد بران
شد که به تسوید سخن مختصر نثرے از سجع و رجز عاری و نگارش سطرے چند
معرا از تکلف و قید شعاری عیار خویش سخنوران دانا یابم و به تقریظ دیوان
نگارین عنوان که از خامه برآورد کنیم نقش بست طراز نبدم بوکه بشمر شتگیش

گردش هفت اختر و چرخ اخضر پیش دانایان شمه از شان کردگارش صبح را خنده دلکشا و شام را به تیرگی اندوده فرانبافه آهو شمیم داده و جنبش در کنار نسیم نهاده جگر غنچه بخون انباشته و صبا را به سینه چاکی گل گماشته بلبل را شیدائی آموزست و گل را رنگ افروز شمع را گداز سپار و پروانه را سوز گما را فرینده نهاد چار آخشیج باهم ستیزنده و خاک و باد آب و آتش ظهم آمیزنده ابیات

گنهش بقدم شمرده نتوان	راهش بقلم سپرده نتوان
این ره که حریف او قدم نیست	در تیر و تارک قلم نیست

تراوش خامهٔ نحستین بنام ایزد و احمد بکلام فرخ حمد و نعت که آرایش آغاز کلام و حسن اختتام از دست نکوست مصرعه همه نورها پر تو نور اوست بیت

کنون کلکم چو ذوق نعت دارد	لبش مے بوسد از گردون عطارد

سرائیدن نغمهٔ نعت احمدی ﷺ نور اولین ظهور آفرین و خشور جان آفرین باعث نمود تکوین را چنین سازد و آهنگی دلکش از الفاظ و معانی جانفزا از چه جا که ستودهٔ خدائے پاک را سراید و ستاینده این ستایش شگرف و مقالات بزرگ را چنین سخنے گرامی تراز کجا که پاسخ ترانهٔ بولاک ادا نماید سروری که ستودنش از قدسیان نیاید از ما خاکیان جز صلوة چه کشاید درود خداوند آفریدگار عبادرا آفریدگان هیچ نهاد بیرون از اندازهٔ حساب بران جناب مستطاب و آل و اصحاب او با

هر دم از ما صد درود و صد سلام	بر رسول ﷺ و آل او اصحابش تمام

نیازی بیش از گفتن و ستفن صاحبان سخنوری را و منتهائے زاید از حد بیان ارباب معانی پروری را از نگارندهٔ این سطور که از بید ستگاهی

ہو دور ترے کرم سے نزدیک — ناکام غریب کامران ہو
ہونگی تری مشکلین سب آسان — اللہ کریم مہربان ہو
گویا گو کلام خیر گویا — انجام بخیر کا نشان ہو
گلشن ہو مرا کلام رنگین — دیوان ہو کہ روضۃ الجنان ہو
ہر شعر ہو ابروے دلاویز — جو مصرعہ ہو قشقۂ تبان ہو

دیوان ترا ہو فد اجہان مین
سوغات برائے دوستان ہو

تقریظ دیوان ہذا ریختۂ قلم جواہر رقم منشی محمد عبد العزیز صاحب مہین برادر مصنف سلمہ المتعال فی الحال مقیم و ملازم معمورۂ ریاست دار الاقبال بھوپال

بیا ای خامۂ رنگین بیانم — ز حمد ایزدی کن ترزبانم
اگر داری سر در راہ توحید — جدا از ہر دو عالم حرف رانم

افکار سحر کار کلید گنجینۂ سخن تمکین را ملاحتے فراوان شور انگیز جان بہ ادائے تنا وستایش انیرد توانا تو انا ئے بخش ناتوان دانائے آموز نا آگاہان فرازندۂ سپہر برین ست کہ روے خاک را بہ پیکر ہاے خاک نگار بستہ کارگاہ جہان آرا ست وطبع روان جوئبار شیرین نواے را حلاوتے تازہ در کام و زبان بگذارش سپاس ونیایش دار و ربے ہمتا وارائے آفرینش نکوئی آرا فرہنگ آفرین ست کہ سطح افلاک را بجرم روشنان فروغی دادہ بارگاہ برینیان پیرا ست روز و شب پیدائی و پنہانی انجم بخشیم نگرندگان نمونہ از کہنہ صنعت کاریش وماہ و سال

ایسے جنجال مین کیا زلف سخن سلجھاؤن
سو ترے دین ہی ماخوذ طبیعت میری

دجلہ ہی شغل سخن اور مین ہون مستسقی
نہ بھری پر نہ بھری فکر سے نیت میری

ہاتھ لگتے چلے آتے ہین مضامین بلند
پست کب فکر سخن مین ہوئی ہمت میری

مجھسے واقف ہین مگر حضرت نساخ فدا
پہونچی ہی ہند سے بنگالہ مین شہرت میری

۴۵۶

کھڑا ہو جانا بہر رقص تیرا گویا آفت ہی
قیامت ہی قیامت ہی قیامت ہی قیامت ہی

کسیکے لیکے دل کو تیرا انگیا مین چھپا لینا
شرارت ہی شرارت ہی شرارت ہی شرارت ہی

نہ پوچھو حال کوئی فرقت جانان کا کچھ مجھسے
مصیبت ہی مصیبت ہی مصیبت ہی مصیبت ہی

کیا تھا مین نے انکا کچھ گلا اکدن مگر اتنک
ندامت ہی ندامت ہی ندامت ہی ندامت ہی

زبان زاغ کھاتی ہی عدو نے جو لعین اتنک
سلامت ہی سلامت ہی سلامت ہی سلامت ہی

سخن سنجی کو میری سحر سے نسبت نہین گویا
کرامت ہی کرامت ہی کرامت ہی کرامت ہی

فدا جس سے گزارہ ہی ہر ادنیا مین وہ حق کی
حمایت ہی حمایت ہی حمایت ہی حمایت ہی

۴۵۷

یارب ترا تشکر بر زبان ہی
انجام بیاض گلفشان ہی

ہر حرف شمیم ضیمران ہی
ہر لفظ برنگ ارغوان ہی

جو بحر ہی نہر گلستان ہی
جو نظم ہی باب بوستان ہی

کب محنت فکر رایگان ہی
دیوان مرا گنج شایگان ہی

یارب ترا فضل ہی فراوان
شفقت تری بحر بیکران ہی

باقی رہے نام میرا یارب
جبتنک کہ زمین و آسمان ہی

کیا غم ہی دل جو کار وکالت سے اُٹھ گیا
رزاق اہی فدا ترا پروردگار ہی

۴۵۴

صد مہ قلق کا دلکو مرے بار بار ہی
زلف سیہ کی سر پہ مرے مار مار ہی

اُس گلبدن کے غم مین نہین جسم و جان کا ہوش
ناصح قباے صبر مری تار تار ہی

کچھ جسم و جان مین غم سے نہین تاب اور توان
آنکھ اپنی فرط گریہ سے جو زار زار ہی

ہمدم جو رو برو وہ بت رشک گل نہین
مجھکو بہار موسم گل خار خار ہی

انبار خس سے کم نہین ہجران مین رنگ گل
ہر غنچہ غنچہ میرے لیے نار نار ہی

زحمت ہی گویا بحر جہان خراب مین
آرام کچھ ہر آئنہ اُس پار پار ہی

جرّاح کے بھی دیکھتے ہی ہوش اُڑ گئے
سینے کا میرے زخم بڑا غار غار ہی

کیونکر سپاس حضرت حق مین ادا کرون
نخل امید میرا ابھی پُر بار بار ہی

مضمون فدا جو تیرے ورق پر نثار ہی
جان فکر کی قلم پہ ترے وار وار ہی

۴۵۵

سب ترے فضل و کرم سے ہی فضیلت میری
ورنہ کیا اصل ہی اور کیا ہی حقیقت میری

شوخی چشم غزالان کی طرح ہر جانب
منتشر وادی وحشت مین ہی وحشت میری

کر دیا غم نے ترے درہم و برہم مجھکو
دل ٹھکانے ہی نہ یکسو ہی طبیعت میری

مین نے کب روز جوانی سے تمتع پایا
وقت پیری کی نہ پوچھو کوئی حسرت میری

غربت و مفلسی و بیکسی و محتاجی
یہی اس عالم فانی مین ہی دولت میری

دے رہائی قفس تنگ سے مجھکو صیاد
آشکارا ہی مگر تجھپہ مصیبت میری

دوست و دشمن مجھے یکسان ہین جہان گویا
نہ کسی سے ہی محبت نہ عداوت میری

ضایع ہی گویا محنت و مال اُسکی راہ مین
خط کا مرے جواب نہ زر کی رسید ہی

کم فہم تیرے غم مین سخن فہم ہو گئے
کیا آنکھ تیری دارو ئے ذہن بلید ہی

ناحق نگاہ شوق نے بدنام کر دیا
اتنک نہ ادنی کچھ مری گفت اور شنید ہی

ہم فخر خواجہ تاشی مین دونون شریک ہین
حاصل مجھے بھی مرتبۂ بایزید ہی

چھڑکا گیا ہی لون کباب جگر پہ خوب
عید الضحی مرے لیے میٹھی بھی عید ہی

قاتل کے پنجہ کو ہی یہ لوہے سے ارتباط
ناخن کا میل جوہر خشت الحدید ہی

مجھسے رموز معرفت عشق سیکھ لو
چیلہ ہی کو ہکن مرا مجنون مرید ہی

بالعکس شان حسن ہی کافر جبین ترا
وعدہ کسی کے ساتھ کسی سے وعید ہی

ناکام رکھا ضد نے شیب اور شباب کی
کملی مری کہن تری چادر جدید ہی

صد آفرین فدا تری فکر رسا کو آج
تیری غزل بھی تحفۂ بزم سعید ہی

۴۵۲

بلبل قبائے غنچۂ گل تار تار ہی
جوش جنون ہی آمد فصل بہار ہی

بد مہر غیر کا سبب انتظار ہی
آنکھون مین جاگنے کا جو تیرے خمار ہی

تنہا نہ جان غم مین ترے بیقرار ہی
دل ہی جو ریشناک تو سینہ فگار ہی

لکھا ہی گرم و سرد زمانہ کا ماجرا
ہر شعر میرا تجربۂ روزگار ہی

لٹ مین جو تیری زلف کے عنبر کی ہی لپٹ
ہر خال تیرا نافۂ مشک تتار ہی

کیا خاک ہو زمین پہ ترقی مجھے نصیب
جی مین فلک کے میری طرف سے غبار ہی

دیوان تمام درج لآلی سے کم نہین
جو شعر ہی مرا وہ دُر شاہوار ہی

کیونکر ملے مجھے ترا بوسہ رکاب کا
مین ہون پیادہ پا تو شتر پہ سوار ہی

ہرگز خودی کسی کی خدا کو نہین پسند — کوئی نہ منہ سے بات نکالو غرور کی
گل سینہ چاک خندۂ بیجا سے ہو گیا — موجود ہی جہان مین سزا ہر قصور کی

قسمت مین لکھا ہی جو فدا بور پھانکنا
بیجا ہی حرص قلیہ دنان تنور کی

اُس غیرت چمن کی سواری گذر گئی — یاد رسے میرے باد بہاری گذر گئی
کیسی نگاہ شوخ تری کاٹ کر گئی — کافر مگر جگر سے کٹاری گذر گئی
ناکامیون مین عمر جوانی ہوئی تمام — بدخوابیون مین رات ہماری گذر گئی
تم عیش وصل مین رہے ہم رنج ہجر مین — میری بھی کٹ گئی جو تمھاری گذر گئی
کمبخت ایسا بید کے سایہ مین سو گیا — لیلی کی قیس بن سے سواری گذر گئی
دشوار کا ٹنا نہین روز فراق کا — فرقت کی رات ایسی مجھاری گذر گئی

لب خندۂ سرور سے گاہے نہ وا ہوئے
عمر فدا بگریہ و زاری گذر گئی

۴۵۲

بندہ جو قرب حضرت حق سے بعید ہی — ناواقف معانی حبل الورید ہی
کیا لطف مرگ حالت غم سے پدید ہی — روز وصال میرے لیے روز عید ہی
کچھ سازگار میرا جو بخت سعید ہی — ناسازتر طبیعت غیر پلید ہی
دکھلا دو منہ ذرا مجھے گھونگھٹ کو کھولکر — مدت سے میری جان کو تمنائے دید ہی
ہم سے جو بت پرست ہین بسمل عجب نہین — ہر شیخ و شاب میری ادا کا شہید ہی
باطل ہی زعم مدعی بے وقوف کا — فن سخن کسی کا نہ کچھ زر خرید ہی
بیشک کنار غیر مین سویا ہی وہ صنم — پہلو مین میرے رات سے درد شدید ہی

اہی چرخ عقد یار کیا ہی عدو کے ساتھ
اُلو ملایا ہنس کا جوڑا کلنگ سے

دنیا مین آبرو ہی بڑی چیز اہی فدا
آبا درکھے حق مجھے ناموس ورنگ سے

۴۴۸

کچھ رنج کی میرے انتہا ہی
خون جگری مری غذا ہی

آزاد ہی کفر و دین سے گویا
جو زلف صنم کا مبتلا ہی

ہی داخل بندگی وہ بندہ
جو محو اطاعت خدا ہی

اُس بت کو تو کر لیا ہی بس مین
کیونکر کہون غیر جو بتیا ہی

جو تیرے مذاق مین ہی بیٹھا
تحقیق فدا وہ سنکھیا ہی

۴۴۹

مشکل ہی زیست اب ترے غم کے فراق سے
چوچند حسن اور ہوا ہی بلاق سے

حساد دیکھو میرے کلام و زبان کو
خالی نہ حرف ہی کوئی رنگ و فاق سے

کیا دعوت عدو مین ہی افراط انس یار
باہر ہی گویا قند مکرر طباق سے

چھٹی ہوئی نصیب کچہری سے دیر مین
گھر میرے آگئے تھے جو وہ اتفاق سے

گنجایش اہی فدا نہین اخلاص کی ذرا
سینہ بھرا ہوا ہی جہان کا نفاق سے

۴۵۰

کوندی جو بجلی عرش معلی سے نور کی
موسیٰ کو کچھ خبر نرہی کوہ طور کی

ایسے کہان نصیب ہین مجھ کم نصیب کے
ہوجاے جو نصیب زیارت حضور کی

مجمع ہی بے تمیزون کا اُس بت کی بزم مین
مٹی مگر خراب ہی اہل شعور کی

ایسے صنم کے سامنے کیا اصل اتقا
شوخی ہی جو پری کی تو صورت ہی حور کی

کچھ ایسا رنگ گلشن گیتی بدل گیا
سرخی گرہل مین ہی نہ سپیدی کنول مین ہی
بہر وصال یار رگرتا ہون ایڑیان
تاخیر چیدے اور جو میری اجل مین ہی

دیوار رنجتہ ہی فدا تیرا رنجتہ
سد سکندری کی منانت غزل مین ہی

۲۴۶

ای جان ترے قریب سر نام ورنگ سے
دھو بیٹھے ہم تو بات مقرر امنگ سے
تیر نگاہ سے جو مرے دل کا حال ہی
ایسے نہ گھاو ہوتے ہین گہرے خدنگ سے
ای چرخ مین امید سے مایوس ہوگیا
کیونکر بچے کوئی تری ایسی ہی رنگ سے
باد اتفاق سے ہی موافق جو آج کل
ای جان ذرا پتنگ لڑا لے پتنگ سے
تنہا عسس نہ تشنہ خون نزار ہی
ہی محتسب بھی بدمرے رندانہ ڈھنگ سے
راہ دراز وادی وصل حبیب ہی
طی ہونا ہی محال مرے پائے لنگ سے
فرخوار عشق مین ہی دہان شب فراق
دریا مین ہی مقابلہ میرا نہنگ سے
ای چرخ غیر قوم کو افسر کیا مرا
کمبخت کام ہنس کا ڈالا کلنگ سے
ای جان ترے فراق مین آرام شب کہان
کم چارپائی مجھکو نہین ہی پلنگ سے
مضطر تردد ات مین ہونا نچاہیے
گھبراتے مرد ہین کہین میدان جنگ سے

یہ ہی مقام کوفت غم عشق ای فدا
کیا نور جلوہ گر ہی ترے زرد رنگ سے

۲۴۷

افت بہت ہی سانولا پن گورے رنگ سے
نسل کمیت شوخ ترین ہی منرنگ سے
گنگا کا اور مدار کا کیا اتفاق ہی
وہ بت جو پھنسگیا ہی خدایا منگ سے
بید رد کو نہین سخن درد کا اثر
نامرد محض کب ہو جوانمرد بنگ سے

ای چرخ نیلفہ میرے جی مین — کیا کیا نہ ترے گلے بھرے ہین
پیری مین شباب کے بدستور — اب تک وہی حوصلے بھرے ہین
دنیا مین ہنر بر طبع کم ہین — اکثر یہان نبرد لے بھرے ہین

کیا دین فدا کہ جسکے دل مین
دنیا کے معاملے بھرے ہین

۴۴۴

ناکامیون سے عیش جوانی خلل مین ہی — لکھی مری ہوئی مرے خوان عسل مین ہی
کل شور بلبلون کا تھا بستان سیر مین آج — آواز بوم و چغد کی تیرے محل مین ہی
لطف مذاق جان خرین ہی برشتگی — قلیے کے بعد سونگھ لے خوشبو بصل مین ہی
یارب تری مدد پہ نظر ہی غریب کی — یا بوے ماندگی نزدہ میرا وحل مین ہی
موقع جنون ہی تیرے ظہور فروغ کا — یعنے دخول نیر اعظم حمل مین ہی
خطرہ نہین ہی مجھکو شیاطین دہر کا — تائید غیب میرے حصار عمل مین ہی
سودا خماے دل کا ہی دشوار انسداد — کوئی نہ اُس پری کے دریچہ مچل مین ہی
ناحق بشر کا خون کہین جائز نہین مگر — خونریز کا جواز تبون کی ملل مین ہی
کردے طبیب کو زبان کا مگر علاج — سرمہ پسا ہوا بھی مہیا کھرل مین ہی
باقی ہی اب وصال کا درجہ پس از فراق — تعویق چندے اور جو میری اجل مین ہی

زیبا نہین ہی شکوہ پیری فدا تجھے
طفلی سے تیری جان اسی تاب کسل مین ہی

۴۴۵

وہ خوان قند حسن جو اُسکی بغل مین ہی — دُوبا ہوا رقیب سراپا عسل مین ہی
جس شے کی یافت مین تجھے معلوم ہو درنگ — لطف کریم پاک سے موجود پل مین ہی

۴۴۰
یجے دریغ زہر نہ جان لئیم سے — امساک کی دوا نہین بہتر افیم سے
روبے ہوئے ہین ہم مے الفت مین ساقیا — سیراب کیون نہونگے شراب نعیم سے
کر سخن مین ہی جو مری بیکسی رفیق — ہر شعر میرا کم نہین در یتیم سے
روشن عجب نہین ہی جو شمع خموش ہو — تو اپنی لگ رہی ہی خدائے کریم سے

رکھے فدا خدا تجھے دنیا مین شاد کام
کیا کیا سرور ہی تری طبع سلیم سے

۴۴۱
ی بت خدا شفا دے کلیجے کی ریم سے — پوچھون مین اس مرض کی دوا کس حکیم سے
جا پہونچے پاس اندھے اپاہج زمانے کے — مین دور رہگیا ترے قرب حریم سے
رانشوران دہر تردد مین ہین مدام — کسکو یہان فراغ ہی امید و بیم سے
ہی موجب فروغ جہان میری بیکسی — روشن زیادہ نام ہی در یتیم سے

آسان ہونگی سب یہ تری مشکلین فدا
امید فضل رکھ تو خدائے کریم سے

۴۴۲
نسبت ہی وصل کو ترے باغ نعیم سے — داغ فراق کم نہین داغ جحیم سے
ہر چند مین نے کسب گناہان کیا بہت — بخشا گیا مگر تری امید و بیم سے
بلبل مری نزاکت خاطر کو دیکھنا — آشفتہ تر مزاج ہی میرا نسیم سے
سونگھا ہی مین نے نکہت گیسوے یار کو — سر مین مرے صداع ہی گل کی شمیم سے

یارب فدا کو بند علائق سے کر رہا
کر دے عطا نجات عذاب الیم سے

۴۴۳
دل مین مرے آبلے بھرے ہین — یا کعبے مین قافلے بھرے ہین

۴۲۷

تو خوب اے پری ہی تری ذات خوب ہی — کیا حسن خوب ہی تری ہر بات خوب ہی
جوبن تمام حسن کا آفات دہر ہی — سینے کا کیا ابھار ہی ہر گات خوب ہی
مایوس چھوڑ دو مجھکو نہ بوس و کنار سے — اے جان مال حسن کی خیرات خوب ہی
خالی نہین ہی حسن و ادا سے کوئی صنم — غرا بھی کچھ برا نہین ہر بات خوب ہی

اچھے برے سے کام نہین تجھکو اے فدا
اس دہر دون مین رسم مواخات خوب ہی

۴۲۸

حسرت درون دل مری محبوس رہگئی — جان نثار وصل سے مایوس رہگئی
اے دوست سرکشی کا نتیجہ ہی بدترین — بیوجہ پشت چرخ نہ معکوس رہگئی
کیا جانیے وہ دولت دنیا کدھر گئی — باقی جہانمین شہرت کاؤس رہگئی
دنیا کی عمر سعد جوانی مین طی ہوئی — باقی کچھ اب جو رہگئی منحوس رہگئی

ارمان تخت و تاج بہت لیگئے فدا
ہمکو کسی کی حسرت پابوس رہگئی

۴۲۹

دنیا مری نظر مین بحال تباہ ہی — کس کی جہانمین شادی ہی کسکا بیاہ ہی
کانا ہی جسنے سلسلۂ احتیاج کو — گو ہی گدا جہانمین مگر بادشاہ ہی
اس بت کے گھر مین داد رسی ہی محال — کوڑی مری گرہ مین نہ کوئی گواہ ہی
محفوظ ہر بلا سے ہی دونون جہانمین — جسکی خدا کے فضل و کرم پر نگاہ ہی

مدت مین پھر پھرا کے ترے در پر آگیا
اتبو فدا حسین ترا رو براہ ہی

دنیا مین گویا ساعت شادی ہی صاعقہ
کیسی شتاب تر کوئی دم مین گذر گئی

ہمجنسیت کا رشتہ جو باہم تھا استوار
اوقات تیس بیس سے ہم مین گذر گئی

بیداد گر کبھی نہوا آشنائے داد
گردون کی عمر جور و ستم مین گذر گئی

اک مین ہون رنج بُعد مسافت مین مبتلا
اک وہ ہین جنکی قرب حرم مین گذر گئی

سودا و در دو رنج کا ہم پیشہ مین رہا
عمر اپنی کار اہل قلم مین گذر گئی

پیدا کیا ہی خاصہ تریاق اہی پری
تاثیر تیرے لب کی جو سم مین گذر گئی

عمر اپنی فقر و فاقہ مین سب کٹ گئی فدا
تیمور یون کی جاہ و حشم مین گذر گئی

۴۳۵

کب یہ قصہ قابل گوش بُت جانانہ ہی
میرا دیوان حسرت دل کا مرے افسانہ ہی

رونق دنیا نہین کم دیدہاے غول سے
جسکو تو آباد سمجھا ہی بڑا ویرانہ ہی

تنگی خاطر مری گو باصدف سے کم نہین
اہی فدا ہر بات میری گوہر یکدانہ ہی

۴۳۶

عمر اپنی ساری راہ طلب مین گذر گئی
اک وہ ہین جنکی بزم طرب مین گذر گئی

ہی خال اُنکے آئنہ رُخ پہ دوستو
ہندو بچے کی خوب حلب مین گذر گئی

میرا دیار ہند مین قصہ ہوا تمام
مجنون کی عمر ملک عرب مین گذر گئی

تشخیص تام میرے مرض کی نکر سکے
گو عمر شیخ مشق مطب مین گذر گئی

بابا نہین سلام و دعا کا بھی کچھ ثمر
عمر فدا حصول ادب مین گذر گئی

یارب دعاے بندۂ عاصی قبول ہو
واوقت نیم شب تری رحمت کا باب ہے

روز شمار ہو گیا آخر شمار مین
باقی مرے گناہون کا اب تک حساب ہے

اُس بت کے اس تغافل بیجا کو دیکھیے
ہندی کی ہے رسید نہ خط کا جواب ہے

دنیا و دین مین کچھ تجھے کھٹکا نہین فدا
پیوستہ باز فضل الٰہی کا باب ہے

۴۳۲

کیا جوش سیل گریۂ چشم پرآب ہے
راوی ہے یا بیاس ہے یہ یا چناب ہے

مجھسے نزار غم کا ستانا نچاہیے
کافر دعاے دل زدگان مستجاب ہے

کیا زور و شور حسن بتان کا ہے اندرون
حتی کہ شیخ وقت کا تقوی خراب ہے

ناپاک جو گیا ہے وہان پاک ہو گیا
کتنی جناب پیر مغان مستطاب ہے

دون ہمتی ہے بنت مخلوق اے فدا
کافی پی عباد خدا کی جناب ہے

۴۳۳

کیونکر کہون کہ کار عدالت خراب ہے
اُس بت کے غم مین میری کالت خراب ہے

ہر بات کا ادھر سے ندارد جواب ہے
اِن روزون گویا رسم رسالت خراب ہے

ہر فحاش بے سبب ہے ہر انسان سے اُسے
غیر پلید کی جو صالت خراب ہے

انسان بداتہ نہین ہے بد ہر آئنہ
بید انشون کی خوے جہالت خراب ہے

جسکو فدا کہ دولت دنیا کا ہے غرور
تحقیق اُسکی شان ایالت خراب ہے

۴۳۴

اوقات تلخ میری بھی غم مین گذر گئی
عمر عدو جو وصل صنم مین گذر گئی

روے نشاط مین نے نہ دیکھا جہان مین
سب عمر میری رنج و الم مین گذر گئی

تصدیعہ دہر مین جو مری جان و تن کو ہی

۴۲۹

غیرت شمیم خط سے نسیم ختن کو ہی
صد انفعال چشم سے تیرے ہرن کو ہی

خونخوارگی دہر سے ہی جائے صد عجب
ان روزن قفس ہی جو کسی کے بدن کو ہی

کیا ننگ و تیرہ جا ہی جہان مطلقاً جہان
کچھ انشراح دل کو نہ آرام تن کو ہی

ہر چند ہی لباس جہان مین فروغ حسن
جوبن سے تیرے ناز مگر پیرہن کو ہی

حال سقیم تیرا بدستور ہی ہنوز
کچھ بھی کمی فدا ترے رنج و محن کو ہی

۴۳۰

قوی مین قوت جسم مین طاقت جان مین حلاوت نہین رہی
فہم مین وقت فکر مین سرعت طبع مین جودت نہین رہی

گذر گئے ایام جوانی ہو گیا رخصت جوش و خروش
پیری نے مجبور کیا کچھ طاقت و ہمت نہین رہی

محض تہان دہر کی نادان تجھکو شکایت بیجا ہی
بسکہ فدا اس دورہ بد مین کسیکو الفت نہین رہی

۴۳۱

سوز غم فراق مین کیا مجھکو تاب ہی
سینہ بھنا ہوا ہی کلیجا کباب ہی

دیوان مرا تصوف حق کی کتاب ہی
ہر صفحہ روز نامچہ شیخ و شباب ہی

لطف حیات ہجر تہان مین فنا ہوا
دلکو مرے قرار نہ آنکھون کو خواب ہی

مت چھوڑ کر سنہ مجھے ایجان ہر دو سو
موجود خوان نعمت و وقت شباب ہی

مجھکو مگر وہ حوصلہ صبر ہی نصیب
شورابہ سرشک بجائے شراب ہی

گھر مین ترے وہ کیون بت بیباک آگیا
نیت نمازیون کی خدایا خراب ہی

گر بیچ ڈالو مجھکو نہین عذر کا مقام
بندہ تمھارے حسن کا ایجان غلام ہی

بیجا ہی زعم حسن سریع الزوال پر
بدمہر بعد ازین تری ترکی تمام ہی

قصہ ہوا نہ ختم مرے درد و رنج کا
دیوان دو دمی بھی فدا اختتام ہی

۴۲۷

تن پرورون کو کیا مرے دیوان سے کام ہی
مین سوختہ ہون سوختہ میرا کلام ہی

شیرین ادائے یار سے مین تلخکام ہون
اس بت کا رنگ سبز مجھے زہر تام ہی

فکر بلند پست ہی فکر کفاف مین
پوشاک برمین ہی نہ مہیا طعام ہی

ارباب فکر زندہ ہین گو کوچ کر گئے
باقی جہان فانی مین یارون کا نام ہی

بدنیتی کو سمجھے ہین روزی حرام خوار
ایمان بے ایمانون مین روٹی کا نام ہی

ای شیخ تو ہی شیخ مین ہون نوجوان جوان
تجھکو ہو مجھکو دختر رز کب حرام ہی

ہر شعر بے بہا ہی زر سرخ ای فدا
گویا بیاض پر تری سونے کا کام ہی

۴۲۸

صد گونہ جس سے رشک ہزار چمن کو ہی
باغ جہان مین رتبہ وہ مرے سخن کو ہی

ہون وہ غنی کہ دولت دنیا ہی خاک پا
مفلس ہون وہ کہ پاس نہ کوڑی کفن کو ہی

بدنیتون کا خلق مین انجام دیکھلو
روٹی نہ پیٹ کو ہی نہ کپڑا بدن کو ہی

دنیا مین روز روز نہین نیرنگ نو بنو
کیا انتقال حال زمان کہن کو ہی

عیش جہان جہان مین ہی ناپائدار محض
البتہ کچھ قیام ملال و محن کو ہی

کیا حسن و عشق خلق سے فانی نہین کوئی
تنگی جو میرے دل کو ہی انکے دہن کو ہی

اسکو فدا خبر ہی خدا کے سوا یہان

ستائے اُسے قہرمان قضا
جو دنیا مین کوئی ستائے مجھے

زمین اپنے آغوش مین یا خدا
مگر مثل مادر دبائے مجھے

مگر کاہش غم نے عنقا کیا
اجل بھی جو ڈھونڈے نپائے مجھے

فدا یا مین فی الفور منھ چوم لون
وہ بُت جو ذرا منھ لگائے مجھے

۴۲۵

دنیا مین مجھکو فکر معیشت حرام ہی
رزاق ذوالجلال مرے رب کا نام ہی

ہر وقت میرے لب پہ خدا کا کلام ہی
وا میرے واسطے در دار السلام ہی

شاہا وہ مرتبہ ہی ترے حُسن پاک کا
ادنی ترین ترا مہ کنعان غلام ہی

ہر کس بحال خویش ہی خورسند خلق مین
کیا واسع العطا یا ترا فضل عام ہی

پختہ ہی مجھسے خام کا جوہر معاملہ
یارب ترے کرم کا یہ سب انتظام ہی

کردے حوالے جلد کسی شہسوار کے
یارب ہیون نفس مرا بد لجام ہی

ہی فکر فارسی مین تخلص مرا غریق
اُردو کلام مین جو فدا میرا نام ہی

۴۲۶

ہنگامہ نشور مقرر قیام ہی
کافر حساب حشر جو تیرا خرام ہی

ایجان ترے لبون کا جو بوسہ نہین ملا
ہر وقت مجھکو ہونٹ چبانے سے کام ہی

جب سے ہی یار غیر تری خوابگاہ مین
اہی بد و فا مرے لیے سونا حرام ہی

جلوہ ہی تیرے رنگ طلائی کا راہ مین
یا اہی بری محافہ پہ سونے کا کام ہی

تم بیٹھے ریل مین کہ مین اُٹھا جہان سے
چلنا تمہارا میری اجل کا پیام ہی

غمہائے نو بنو سے نہین دیر مین نجات
تشویش تازہ مجھکو سدا صبح و شام ہی

بقید رہنے منزلت حسن کو کیا
دیوڑھی تمھاری گانوٗن کی چوپال ہوگئی

ہر دم خراش دل سے صدائے خروش ہے
آہ حزین مگر مری گھڑیال ہوگئی

قید قفس سے چشم رہائی نہین رہی
صد یاس اک شکستگی بال ہوگئی

سودا خہائے سینہ کی کچھ انتہا نہیں
چھاتی ہماری پانچ غربال ہوگئی

کیا داغہائے دل کا تصرف ہے بعد مرگ
مٹھی مری مزار کی کچنال ہوگئی

گویا کہ نفس ناطقہ کا میرے خون بہا
پیش نگاہ یار زبان لال ہوگئی

پیری کا ضعف نور جوانی سے بڑھگیا
عمر شباب شیب مین پامال ہوگئی

پڑتی ہے روز روز نئے آدمی کے ہاتھ
ہمیان زر بھی کیسہ غسال ہوگئی

حجت رفیقگی کی نہ تنہا ہے نافدا
دل دادگی کی دال فدا دال ہوگئی

۴۲۴

نہ پاس اپنے جب تک سولائے مجھے
ترے گھر مین کب نیند آئے مجھے

کہوا تنے بھوکا ہے مہمان ترا
جو کچھ خشک و تر ہو کھلائے مجھے

یہ گرمی کا وقت اور یہ لب تشنگی
مگر جام شربت پلائے مجھے

مگر اپنے فضل و کرم سے مدام
خدا ہر بلا سے بچائے مجھے

نہ دابے زمین سخت بعد از فنا
نہ دوزخ کی آتش جلائے مجھے

نہ دکھلائین ایام جور فلک
نہ دور زمانہ ستائے مجھے

خدا میرے رتبہ کو رکھے بلند
نہ چشم فلک سے گرائے مجھے

مشرف کرے پہلے دیدار سے
مزا مرگ کا جب چکھائے مجھے

جوانی کے دن جو رہین روبرو
مرادون کی راتین دکھائے مجھے

جو پیری مین وہ نوجوان آگیا — مگر راست پشت دوتا ہوگئی
سواہون جو آزار غم مین مجھے — تپ کہنہ اپنی شفا ہوگئی
ہوئی چاندنی تیرگی گور کی — یکایک جو مہر خدا ہوگئی

فدا اب مجھے کوئی کھٹکا نہین
جو نیت تری یار سا ہوگئی

۲۲۳

حیرت سے کیا زبان مری لال ہوگئی — جان بھی قدوم یار سے پامال ہوگئی
سب سبز زمین جو آنسوون سے تال ہوگئی — بستی ہماری بلدۂ بھوپال ہوگئی
آشوب دل موافقت خال ہوگئی — زلف اس صنم کی جان کو جنجال ہوگئی
فکر سخن تمام مرا حال ہوگئی — مجھکو مری زبان قلم فال ہوگئی
کافر زمانہ ہی ترے ہندوے خال کا — میری مخل دین تری خلخال ہوگئی
ہر کوہ کوہ پر ہی قدم میرا آج کل — وحشت مجھے سواری افیال ہوگئی
دولت ملی بدولت ایمان کیا مجھے — خوش نیتی بھی مورث اقبال ہوگئی
گویا ہی لچھمین کا قدم نیک نیتی — گھر مین ترے جو کثرت اموال ہوگئی
کب مجھکو سنکھیا کی ہی ہجر مین احتیاج — بازار مین جو دوستو ہر تال ہوگئی
گویا تونگری ہی مجھے میری مفلسی — کملی مری جو میرے لیے شال ہوگئی
کیا بے تکلفی ہی جو پہونچا ہی روے زشت — چادر تمھاری غیر کا رومال ہوگئی
ای چرخ قحط غلہ سے برپا ہی زلزلہ — خشکی زمین کی خلق کو بھونچال ہوگئی
سر مین ہوائے ہیجدہ سالہ ہنوز ہی — عمر اپنی گو قریب چہل سال ہوگئی
ہر قطرۂ مداد جو نافہ ہی مشک کا — میری دوات حاصل نیپال ہوگئی

طے جسنے دشت نجد کو اک آن مین کیا
رخش جنون مرا وہ بیابان نورد ہی

ناکام مین جو دور جوانی مین رہگیا
پیوستہ مجھکو طالع بد سے نبرد ہی

جسکو نہین ہی حادثۂ دہر سے ہراس
وہ مستقل مزاج ہر ائینہ مرد ہی

افسردہ خاطری مجھے ایسی نصیب ہی
ہر وقت میرے لب پہ فدا آہ سرد ہی

۴۲۱

اک وہ ہین جنکے دست پری وش قریب ہی
مجھ کم نصیب کو غم دوری نصیب ہی

مین ہون مریض نرگس بیمار یار کا
میرے معالجہ مین نہ کار طبیب ہی

کیا سینہ زخم زخم سے ہی روش چمن
شرمندہ میرے نالون سے ہر عندلیب ہی

بے لطف انکا آنا مرے گھر مین ہو گیا
موجود اُنسے دو قدم آگے رقیب ہی

حال فدا ہی قابل صد رحم اہی فلک
بیکس ہی بے نوا ہی گدا ہی غریب ہی

۴۲۲

طبیعت جو محو خندا ہو گئی
جدا الفت ماسوا ہو گئی

نظر تیری دو چار کیا ہو گئی
مری جان تن سے جدا ہو گئی

نہ کھانے کی سُدھ ہی نہ سونے کا ہوش
جدائی جانان بلا ہو گئی

رہ عشق مین میری جان نزار
فنا ہو گئی ہی فنا ہو گئی

مگر رفتہ رفتہ غم عشق مین
مرا سیمگی آشنا ہو گئی

نہ رکھنے دیا ہاتھ تک وصل مین
مجھے تیری شوخی حیا ہو گئی

کیا تیرے جوبن نے کیا خون ننگ
حیا شوخیون سے فنا ہو گئی

ملا ہی جو بخت زبون نارسا
مری آہ بھی نارسا ہو گئی

۴۱۸
منھ مین مرے قند گھل گیا ہی — کیا تیری زبان مین مزا ہی
گریہ مرا عطر انتما ہی — ہر دانۂ اشک موتیا ہی
کف مین ترے سرخی حنا ہی — یا کشتہ کا تیرے خون بہا ہی
ہی نیش ستم مرے لیے نوش — حلوا مرے منھ کو سنکھیا ہی
دریا ہی جو میرا دیدۂ تر — صحرا مرے دل کا انزوا ہی
ہی درد جو سوز دل کا درمان — غم بھی مرے کوفت کی دوا ہی
پندار مین میرے ہی وہ انسان — انسان جو درد آشنا ہی
تہمت ہی گمان ماوطین کا — خبر درد مرے جسد مین کیا ہی
ہی کلب قریب خوان حلوا — کیا غیر تمھارے منھ لگا ہی
سب اپنے غرض کے آشنا ہین — کوئی نہ کسیکا آشنا ہی
پیری مین امید زیست نادان — دھوکا تجھے کسنے یہ دیا ہی

چڑیا کو ہما کیا ہی جسنے
تیرا بھی فدا وہی خدا ہی

۴۱۹
فدا جام شربت مجھے مول دے — ذرا اپنا قند سخن گھول دے
کوئی نقل دیوان کی دلواشتاب — مجھے اپنا گنج گہر تول دے

کلام اپنا مجھکو سنا دے فدا
لب بستہ بہر خدا کھول دے

۴۲۰
لطف تمام عالم آباد گردی — سرمے سے کس صنم کے مرے دلمین درد ہی
آثار درد سب مری صورت سے ہین عیان — چہرہ اداس خشک ہین لب رنگ زرد ہی

رشک صد طالع فرخ ہی مری بیدردی
خواب سے کس بت مہوش نے جگایا ہی مجھے

تیری ناکامی کا کیا کیا نہین دلپر صدمہ
جب سے کچھ حال فدا تونے سنایا ہی مجھے

۱۶ سینہ بہار زخم سے ہمرنگ باغ ہی
دل میرا ریش ریش جگر داغ داغ ہی

تشویش ہای غم سے نہ دل کو فراغ ہی
خاطر مری بجا نہ سکون دماغ ہی

آوارگی نصیب ہی حرمان ہی روبرو
جسکی مجھے تلاش ہی وہ بے سراغ ہی

تا کعبہ سے کم نہین بزم جہان مجھے
لبریز خون دل سے جو میرا ایاغ ہی

رنگ سیاہ جسکا بصد شوب ہو نہ دور
بخت سیاہ میرا وہ کالا کلاغ ہی

دیپک سے کم نہین ہی جو سوز درون مرا
جو آہ آتشین ہی وہ روشن چراغ ہی

جوہر مرے قلم مین ہی صوت ہزار کا
صورت مین گو سیاہی ہی مثل زاغ ہی

کیونکر خنک ہو دل تپ دوری یار مین
صحن سرا کا حوض بھی مجھکو اجاغ ہی

وہ منصب کمال خدا نے عطا کیا
میرا فدا سپہر برین پر دماغ ہی

۱۷ انعام رب کی شکر گزاری محال ہی
لال اس مباحثہ مین زبان مقال ہی

حاسد کو میرے جلد سزاے بدی ملے
موذی مدام نیش دل پر ملال ہی

گلگشت کا ہی رنگ مری دور دھوپ مین
ہر خار میرے دشت جنون کا نہال ہی

گر دنقاب پاک ہی کیا حسن یوسفی
خوان خلیل بھی ترے منھ کا اکال ہی

تیرا کلام بھی ہی جو کچھ کچھ بیان غیب
کیا تو فدا بھی حافظ فرخندہ فال ہی

حکمرانی مین تری پایا نہایت آرام
یا الٰہی رہے صد سال حکومت تیری

آ پہنچا غم غریبون کو ہی پیغام اجل
رخصت جان ہوا خواہ ہی رخصت تیری

ہونے والی ہی ترقی ترے منصب کو شتاب
سر بسر خیر خلایق مین ہی نیت تیری

جلوہ گر شان مروت ہی ترے چہرہ سے
مردمی پر تری شاہد ہی شباہت تیری

حوصلہ تیرا ہی شایان ستایش لاریب
قابل مدحت مداح ہی ہمت تیری

ملنے والا ہی مگر درجۂ والا تجھکو
ایسی خواہان ترقی ہی لیاقت تیری

مجھکو امید ہی اشفاق نمایان سے ترے
کم نہوگی کبھی دوری مین عطوفت تیری

گویا اخلاق حمیدہ نے کیا ہی تسخیر
ہی زمانے کو جو اس درجہ محبت تیری

کار تقریر ادا تو نے غزل مین جو کیا
اے فدا قابل تحسین ہی بلاغت تیری

۱۱۴

دلکو فدا ہجوم قلق مین سنبھالیے
ایام غم غم کو ہر آئینہ ٹالیے

آہ حزین سے مصرعۂ برجستہ کم نہو
مضمون شعر زخم جگر سے نکالیے

معشوق بیوفا ہین بہت آزما لیا
پالے کسی صنم کے خدایا نہ ڈالیے

زردہ پلاؤ کھانے کا یہ منھ نہین مرا
اے مہربان مرے لیے کچھ دال بالیے

اس دولت سخن کو لٹا دے فدا حسین
دنیا مین کچھ تو نام بزرگان اچھالیے

۱۱۵

شکوہ اس بت کا عبث ہی کہ جلایا ہی مجھے
گویا جلنے کے لیے حق نے بنایا ہی مجھے

حشر کے دن تری بیداد کا بدلا لونگا
اے فلک تو نے جو بیوجہ ستایا ہی مجھے

گویا برسون کا ہی جھگڑا مری بیتابی کا
خاک مین کس بت کافر نے ملایا ہی مجھے

۱۱۲
پیوستہ تجھ پہ فضل خدا ہی مدار ہے — دشمن ترا ہمیشہ ترے صد بلا رہے
دولت رہے کثیر ترے خاندان کی — سر پر ترے غریبون کے ظل ہما رہے
زندہ رہین ہمیشہ ترے مہربان لوگ — محسن پہ تیرے پروریش کبریا رہے
سب دوستون کو تیرے خدا رکھے شادمان — اعدا کو آسمان کی سدا بد دعا رہے
بواسطہ جو تجکو ستائے کوئی کہین — ہر وقت اوسکی جان کو کھٹکا لگا رہے
رکھے جو تجھسے بغض کوئی اوسکے واسطے — تیار تازیانہ چرخ دوتا رہے
جو مہربان حال ہین ارباب روزگار — موجود اونکو حفظ الٰہی سدا رہے
حکام جنکی ہی نظر پروریش مدام — اقبال اونکا حلقہ بگوش وفا رہے
خوان فلک سے تجھکو شکر کامیان ملین — گویا دہن مین قند مکرر گھلا رہے
تجھکو کلام بد سے کرے یاد جو کہین — اوسکو مدام سیلی مشت قضا رہے
کاٹے کہین اوسے سگ دیوانہ یا خدا — اندہ ارسان ہمیشہ ترا بولا رہے
درخواست ہر یہ میری خدائے کریم سے — باب فتوح ہر دو جہان تجھکو وا رہے
ایام سازگار نچھوڑین تری رکاب — گردون کا ہمعنان ترا بادپا رہے
آئینہ وار تیرا رہے کوکب بلند — بخت سعید مروحہ جبان ترا رہے

میرا ہی یہ سوال خدا سے فدا حسین
نزدیک حق قبول تری ہر دعا رہے

۱۱۳
عین انصاف ہر آئینہ ہی عادت تیری — بسکہ بر حال غریبان ہی رعایت تیری
زندگانی ہی مگر راحت صحبت تیری — کم نہین مرگ مفاجات سے فرقت تیری
قدردانی مرے بارہ مین ہی بیحد وحساب — زاید از حصر نوشتن ہی عنایت تیری

اللہ ری غفلت جوانی — آنکھون مین جو نیند سی بھری ہی
ایجان خدا کی شان کو دیکھو — شوہر ترا دیو تو پری ہی
نادان نہین تیرے بس کی یہ بات — دشوار فن سخنوری ہی
جادو ہی تمام نظم میری — گویا مری فکر سامری ہی
جوبن ترا سب جنون ہی میرا — شوخی تری میری چلبلی ہی

قسمت تری ای فدائے محزون
اچھی ہی بری ہی یا بھلی ہی

۱۱۱

عدو میری علیت سے بدنام ہی — مگر کار بد کا بد انجام ہی
گلہ کیا کہ نیرنگ ایام ہی — یہ بندہ جو دنیا مین ناکام ہی
مگر ذرہ ذرہ سے تا آفتاب — ترا جلوہ یان جلوہ گر تام ہی
الٰہی مری عاقبت ہو بخیر — وظیفہ یہی اپنا ماوام ہی
یہ روے سیہ اور یہ موے سپید — سحر مین مری ظلمت شام ہی
بری ہی جو دندان اغیار سے — ابھی تیرا سیب ذقن خام ہی
حقیقت مین دانہ ہی خال سیاہ — تری زلف پیچان اگر دام ہی
وہان کم نصیبون کی ہی نیند باتر — جہان خواب و خور کا نہ آرام ہی
بنی نوع انسان مین پیدا کیا — خدا کا بشر پر وہ انعام ہی
وہان جا کر آپ ایسے بھولے مجھے — نہ خط ہی نہ قاصد نہ پیغام ہی

نہا و فدا مین بخوب حق
نہ کچھ کفر ہی اور نہ اسلام ہی

ای مرغ کج شناس زلیخا کا مصر مین
شوہر غریز اور مہ کنعان غلام ہی

سب کام اُنکے دیکھوگے جز فکر نا تمام
جسکو سخنوری مین سلیقہ تمام ہی

نادان نہ شوق شعر کو بازیچہ سمجھ
فکر سخن بھی فقر و فنا کا مقام ہی

خامان فکر شعر مین پھر کس شمار مین
اس فن مین جو زیادہ ہی پختہ وہ خام ہی

فکر سخن مین مشق مہل سالہا مری
اتبک بری ستم سے نہ میرا کلام ہی

حاسد سے کہدو بولے نہ اب میرے روبرو
تیغ زبان میری برون از نیام ہی

سچ ہی مثل کہ دو دختن گوش بامرین
اب ایسی شاعری کا زمانہ مین نام ہی

اندھیر روز استکمال سخن مین ہی
اس فن کی پہلے صبح تھی اب وقت شام ہی

کم پختگان فن ہین جو اس دور مین فدا
خامون کی خامکارون مین یون دھوم دھام ہی

۲۰۹

معدوم محض کل سے جو موجود آج ہی
نیرنگ دہر کا یہ سدا سے رواج ہی

ایسی فراق یار مین ہی تلخ زندگی
جاے وصال اجل کی مجھے احتیاج ہی

ای چارہ گر بلائت بیمار چشم کو
بسیار سہل میرے مرض کا علاج ہی

حق خیر ہی کرے مری جان نزار کی
ایجان کچھ ایسا دلکو مرے انزلاج ہی

درپیش ہی فدا سفر بحر بیکران
اور ساتھ میرے ایک نہ مچھی اناج ہی

۲۱۰

دنیا سے جو ایسی لو لگی ہی
کیتا ترے رشتے مین سگی ہی

جب سے تری زلف کا ہی سودا
جنجال مین جان مری پھنسی ہی

نیند اُنکے قبا کے کیون ہوے وا
قسمت کسی غیر کی کھلی ہی

۴۰۵

حیران طبیب دیکھکر آزار ہوگئے — ہم کسکی چشم مست کے بیمار ہوگئے
زندان شیب مین جو گرفتار ہوگئے — ہم کارزار فقین سے بیکار ہوگئے
سردار میرے سامنے نادار ہوگئے — نادار تھے جو لوگ وہ سردار ہوگئے
یوسف کو زر سے مول لیا تھا عزیز نے — ہم فقد جان سے تیرے خریدار ہوگئے
دولت خدا کو دیتے ہوئے لگتی ہی نہ دیر — اکثر یہان فقیر جہاندار ہوگئے
رنجور اسقدر مرض عشق نے کیا — ہم اپنی زندگانی سے بیزار ہوگئے
مخبر دوستو ہی جہان مین فرد فرد تھی — اعدا بھی میرے یارون کی پیزار ہوگئے
فکر سلیم میری نہین کم نسیم سے — اشعار تر مرے گل گلزار ہوگئے

سچ ہی فدا کہ درد تعشق ہی لاعلاج
عیسیٰ بھی ایسے چارہ سے ناچار ہوگئے

۴۰۶

کیا کیا فلق کا صدمہ نہ ہر صبح و شام ہی — آٹھون پہر فدا مجھے رونے سے کام ہی
یا دافع الہموم مدد کا مقام ہی — کیا کیا تردد ات مین میرا غلام ہی
کھانے سے کام مجھکو نہ سونے سے کام ہی — قسمت مین میری غم سے تر بتا مدام ہی
خون جگر حلال ازل سے ہوا مجھے — مجھکو مئی نشاط مقرر حرام ہی
غازمند ناز سے پامال کر نہ یون — دو چار سال بعد یہ ترکی تمام ہی
دل یہ زخم عشق وہ ناسور ہی جسے — گاہے نہ اندمال ہی نہ التیام ہی

دنیا و دین کا کوئی اثاثہ نہین فدا
مسکین ہون مین خدا کا مرے گھر مین نام ہی

۴۰۷

کہنا پہاڑ کا آسان کام ہی — مشکل مگر جہان مین حصول مرام ہی

خدا کالا کرے منھ قحط سالی کا غریبون کو
ہجوم تنگدستی سے سدا فاقہ یہ فاقا ہو

خدا مالک ہو سب کا اور نبی خاوند ہین گویا
علی مولا فدا اور سب امام پاک آقا ہو

۴۰۳

منھا یا ملائی ہو یا دودھ ہو
جو قسمت مین لکھا ہو موجود ہو

بہت ہیچ ہو ہستی کائنات
نمود جہان محض بے بود ہو

خدا مجھکو محسود رکھے مدام
جو حاسد ہو دنیا مین مردود ہو

سخ حاسد دہر پہ لا کلام
در رحمت حق سدود ہو

جلا دلکو منکر سخن مین فدا
جو آتش زبانی سے مقصود ہو

۴۰۴

سچ جو ہجر مین پایا مراجی جانتا ہو
صدمۂ غم جو اٹھایا مراجی جانتا ہو

کس نے آواز اٹھائی مراجی بیٹھ گیا
کس نے کا لنگڑا گا یا مراجی جانتا ہو

گویا سر چشمۂ حیوان مین ڈبویا مجھکو
تونے زانو جو دبایا مراجی جانتا ہو

کوئی بندہ ترے گر سنۂ وصل تبان
خون دل مین نے جو کھایا مراجی جانتا ہو

کر گیا درد فدا گویا جگر مین تاثیر
تونے کیا شعر سنایا مراجی جانتا ہو

۴۰۵

مجھکو معلوم ہو جیسی کہ غریبی میری
مجھکو معلوم ہو وہ بندہ نوازی تیری

عشق مین مجھکو ملی ہو جو فراوان خواری
نہین ممکن ہو ترے طعمۂ غم سے سیری

اک نہ اک دن تو مجھے بھیک ملے گی پوری
ہو گدایا نہ فدا کی ترے در پہ بھیری

خدایا یا خدائے پاک بے ہمتا
فدا اے خستہ کا جو مدعا ہی

۴۰۰

سہارا ترا یا خدا ہی مجھے
کرم کا ترے آسرا ہی مجھے

خدا تو نے سب کچھ دیا ہی مجھے
مہیا نہ دنیا مین کیا ہی مجھے

جو منظور ہی تجھکو موجود ہی
فلک کا عبث کچھ گلا ہی مجھے

مین سمجھون مگر فرش مخمل اُسے
یہ سر اگر بوریا ہی مجھے

قدمبوس ہو میرے اکر اجل
غم عشق پیدا ہوا ہی مجھے

کیا علت دو جہان سے بری
ترا درد پوری دوا ہی مجھے

کبھی مجھکو فکر معیشت نہین
توکل پہ تکیہ فدا ہی مجھے

۴۰۱

کیا مرتبہ فقر نے دیا ہی
دنیا سے مگر غنی کیا ہی

البتہ بلا فشار اکثر
کسنے مرے زخم کو سیا ہی

اس صدمۂ ہجر سے جہان مین
مر مر کے یہ ناتوان جیا ہی

دل کا مرے داغ گھر مین میرے
شعلہ ہی چراغ ہی دیا ہی

پر بھی کانیا و تج گیا ہی
بیری ترا ہی سکھی پیا ہی

ہی گرد ترے محل کی اکسیر
ہر باب کتاب کیمیا ہی

فوراً وہ ہوا فدا سرانجام
جس کام پہ نام حق لیا ہی

۴۰۲

پوچھو مجھسے کچھ درد درون کو کچھ افاقا ہی
مین گو زندہ ہون لیکن مرگ سے ہر دم علاقا ہی

۳۹۶
عبث رنج کا کچھ گلا تھا مجھے
یہ غم بہر مضمون ملا تھا مجھے
یہ روز ازل لکھدیا تھا الم
خدا نے جو پیدا کیا تھا مجھے
فدا عیش دنیا کی لی تھی قسم
قضا نے یہ جب غم دیا تھا مجھے

۳۹۷
خیال اجل دائما چاہیے
ہر انسان کو خوف خدا چاہیے
ملا ہی مجھے حوصلہ وہ فراخ
مگر مجھکو عالم جدا چاہیے
فدا مجھکو ہر وقت ہر کام مین
رضامندی کبریا چاہیے

۳۹۸
کہان تک بھلا صبر آئے مجھے
وہ کافر جو اتنا جلائے مجھے
نہ سرزد سخن مین ہو کوئی قصور
خدا ہر خطا سے بچائے مجھے
وہ سفاک گو بوسہ لب نہ دے
کسیدن لہو تو چٹائے مجھے
کہان ہی نصیب ایسے کمبخت کے
گھر اپنے جو وہ بت بلائے مجھے
۳۹۹
مین ایسا زخود رفتہ ہون ای فدا
اجل بھی جو ڈھونڈھے نہ پائے مجھے

خدایا تیرا باب فضل وا ہی
غنی تیرے کرم سے ہر گدا ہی
تصدق تیری شان مکرمت کے
یہ بندہ ہاتھ پھیلائے کھڑا ہی
مرے اس گڑگڑانے پر نظر کر
نہ پیرا ہو جو کچھ میری دعا ہی
یہ آدھی رات ہی اور وقت خلوت
تنزل رحمت بے انتہا ہی
ترے در سے مین اب جاؤن کدھر کو
مین بندہ تیرا تو میرا خدا ہی
الٰہی ہو بخیر انجام میرا
تری درگاہ مین یہ التجا ہی

۳۹۴

سب عمر اپنی وار پہ جو تو نے وار کی
کچھ بھی تجھے خبر نہین دریا کے پار کی

تہ کے لیے تلاش وہان ہی سنار کی
یان طوق کے لیے ہی ضرورت لوہار کی

قاتل نے کیا نگاہ کی مجھپر پیار کی
پر چھری سی گویا میرے کلیجے کے پار کی

صدقے جو دین پاک کے جان نزار کی
دنیا پہ منہے شہوت دنیا نثار کی

بیدست و پا کو نعمت دارین کی عطا
کیا ہی عجب کہ شان ہی پروردگار کی

بعد از فنا کھلا مرا راز مہو سی
اکسیر ہو گئی ہی جو مٹی مزار کی

کنج مزار اب چہ نخشب سے کم نہین
تھی جسمین میری چاہ جو اُس مہ غدار کی

تند سپید کا نہ مزا شور ہی فقط
بو ہی مرے مرے مین ابتک اچار کی

کوئی یہان سے خبر غم دماتم نہ لیگیا
یہ سرزمین ہی مرے دل کے غبار کی

دیوان مرا جواب بہار چمن ہی آج
ہر بحر شعر مین ہی ترے آبشار کی

کیا طاقت قلم ہی فدا کچھ جو لکھ سکے
طول ایسی داستان ہی مرے انتظار کی

۳۹۵

دود جگر سے روشنی ہی تیرہ ماہ کی
ہی آسمان پہ جب سے گذر میری آہ کی

کیا غم سہام جادۂ روزگار کا
موجود ہی سپر جو خدا کی پناہ کی

عاشق مین اُنکا اور وہ مشتاق غیر مین
دشوار میرے اُنکے ہی صورت نباہ کی

بسمل پہی نظر تری نذر فنا ہوا
پیکان ہی اجل تری تیر نگاہ کی

کیا عافیت بخیر ہوئی بت پرست کی
دُھن لگ گئی زبان کو مگر لا الٰہ کی

پوشاک کیا نہا کے بدلتے ہین وہ فدا
بجھرتی سی کر رہے ہین مقرر سیاہ کی

نادان جو تجھکو چشمۂ شیرین کا ہی گمان — دنیا تمام زہر ہلاہل کی جھیل ہی
کب تک نہوگی داد رسی داد خواہ کی — سب سے بڑی کچہری مین دائر اپیل ہی
مجھ ناتوان کی قدر وہان کیا کہ غیر کا — سبز اور سپید رنگ بڑا ڈول ڈیل ہی
انجام نیک و بد کی خدا کو ہی اطلاع — پیوستہ ذکر حق کی مجھے قال و قیل ہی
شان خدا ہی دیو و پری کا ہی ارتباط — بدشکل ہی رقیب وہ جتنا جمیل ہی
ہر احتیاج مین ہی ترے ساتھ التجا — ہر کام کام مرے تو ہی یارب کفیل ہی
دستور روزگار دگرگون ہی آج کل — بلبل ہی دشت مین چمنستان مین چیل ہی
بیج ہی حرامزادے کی رسّی دراز ہی — بد کے مواخذہ مین اُوھر سے بھی ڈھیل ہی
ہی پیش اُس کچہری مین میر امقدمہ — حاکم جہان خدا ہی پیمبر وکیل ہی

کیا فکر شعر ہو کہ فدا اندنون مری
روزی قلیل اور طبیعت علیل ہی

۲۹۳

مجھسا کوئی ماتم زدہ ناکام نہین ہی — رونے کے سوا تجھکو کوئی کام نہین ہی
میخانہ مین ہر رند ہی علامۂ دوران — وہ کون ہی جو مولوی جام نہین ہی
کب جور فلک ہی نہ مری پشت پر ہوا — کب ساتھ مرے گردش ایام نہین ہی
یہ دشت مگر آٹھون پہر تیرہ ہی مجھکو — غربت مین مری صبح بجز شام نہین ہی
ماتم کا نہین شور یہ ہی صدمۂ ہجران — ہنگامہ ہی غم کا مرے کہرام نہین ہی
ہی سادگی میری سبب جوع مرے پاس — چڑیان تو ہین موجود مگر دام نہین ہی

ہرگز نہ فدا ایسا ہو نومیدی سے نالان
کس بندہ پہ حق کا کرم عام نہین ہی

جھولی ہی جسکے ہاتھ مین سمجھو گدا اسے
جسکی بغل مین بستہ ہی جانو وکیل ہی

ہین بے تمیز محض مگر با تمیز ہین
جنکی قبا ہی بر مین سواری مین فیل ہی

ہی برخلاف حق جو زمانے کا فیصلہ
دربار حق تعالی مین میری اپیل ہی

پیری مین دم اکھڑنا علامت ہی موت کی
کھانسی نہین منادی کوس رحیل ہی

ہر خشک تر ہی میرے وفور سرشک سے
دریا اگر ہی دشت تو نمورہ جھیل ہی

تیری مرے کلام کی ہی نافع عوام
ہضم طعام خاصۂ زنجبیل ہی

ہی چارہ گر حکیم مرا شافی کریم
اندیشہ کچھ نہین جو طبیعت علیل ہی

ہرگز نہین ہی مجھکو تردد معاش کا
پروردگار رزق کا میرے کفیل ہی

وہ پاس سونپنے کو ترے آمادہ ہین فدا
کمبخت تیرے موقع عجلت مین ڈھیل ہی

۲۹۲

ہر شعر نرستایش رب جلیل ہی
گویا کلام پاک مرا سلسبیل ہی

توحید حق تمام ہی میرا مواد نطق
العاقبت بخیر کی گویا دلیل ہی

گو ہون گناہگار پہ خوف سزا نہین
میرے مقدمے کا خدا خود وکیل ہی

غربت ہی بیکسی ہی مصیبت مری نپوچھ
یہ مفلسی ہی اور طبیعت علیل ہی

ہین ایسے ایک فخر دو عالم کا ہون غلام
طالب خدا ہی جسکا اخی جبرئیل ہی

کیا شان بے نیازیے حاکم ہی جلوہ گر
کوئی یہان نخزیر ہی کوئی ذلیل ہی

نادیدہ جمال صنم ہون مین اسقدر
کیا علم ہی مربع ہی یا مستطیل ہی

پیدا ہوا ہون جب سے مین بھوکا نہین رہا
موجود ہر جگہ مجھے خوان خلیل ہی

ہرگز بہار باغ جہان کو نہین قیام
بیلا تھا جس چمن مین وہان اب کریل ہی

تھوڑی بہت تو حسرتِ دل کچھ نکال لون
تخلیہ مین جو صحبتِ جانان ذرا ملے

تو رے بغیر چھوڑ دون نہ سایا کچھ کا بند
تنہا کہین جو وہ بتِ رنگین قبا ملے

اشرار کا ہجوم ہی دنیا مین آج کل
اخیار کے وجود کا کیونکر پتا ملے

مجھسے زیادہ خوف خدا اُس صنم کو ہی
قسمت تو دیکھو بت بھی مجھے با رسا ملے

ناکامیون مین گو کہ جوانی گذر گئی
پیری مین میری اتبو کوئی التجا ملے

فکرِ سخن ہی ظلِ خدا میری اندنون
بہرِ قلم مجھے پرِ بالِ ہما ملے

جوشِ جنون مین قیدِ غمِ یار چاہیے
زنجیر کے لیے کوئی زلفِ دوتا ملے

ہنگامۂ نشور بپا میری جان پہ ہی
نجیرون سے وہ لگا کے جو عطرِ خطا ملے

مجھکو کسی نے داد دل بستہ کی ندی
اس عمر مین بہت شہِ کشور کشا ملے

اُس بت سے ملتے ہی کسی نے دعا ندی
خاصان حق تعالی سے ہم بارہا ملے

مین ہون وہ کم نصیب جہان خراب مین
کھامرنے کو مرے نہ کبھی سنکھیا ملے

محتاج یا کریم کسی کا نہ کیجیے
روزی بصد فراغ مجھے دائما ملے

یارب ملا دے خضر علیہ السلام سے
کچھ کچھ کبھی تو جی کا مرے مدعا ملے

کب تک کرون نہ طالعِ خوابیدہ کا گلہ
کب خواب رشکِ یقظہ مین خیرُ الورا ملے

ناکام و نامراد خدایا نہ چھوڑیے
مانگون جو ایسے وقت مین تجھسے دعا ملے

جینے کا تب مزا ہی فدائے حسین پاک
وہ بت ملے شتاب کہین یا خدا ملے

۳۹۱

تو دشمنون کے ساتھ جو ایسا بخیل ہی
دشمن ترے مزاج مین کتنا دخیل ہی

ان سفلون کچھ بھی قدر و کمال نہین رہی
کثرت ہے اب یہ پیشہ نہایت ذلیل ہی

مال حرام بود بجاے حرام رفت
دیکھا ہی لیم و دولت قارون کہان گئی

باقی پس از فنا ہی جہان مین کلام نحم
دنیا سے میرے درد کی کب دستان گئی

وہ ہون ستم رسیدہ زمین زیر مین تھی
جسوقت آہ میری سوے آسمان گئی

فضل کریم سے جو ہوئی عاقبت بخیر
قالب سے روح میری بہت شادمان گئی

سمجھے بوقت مرگ جو فضل خدا ہوا
جان میری سوے ملک عدم کامران گئی

دنیا کہ جسکے زعم مین بھولا ہوا تھا تو
غافل دم اجل وہ رفیقہ کہان گئی

پایا نہ کچھ نتیجہ ایام زندگی
دنیا مین میری عمر فدا رائگان گئی

۳۸۹

خدا کا کرم ابر مدرار ہی
گل تازہ تر ہر مرا خار ہی

یہ اندوہ محبت ہی اور بیکسی
نہ مونس ہی کوئی نہ غمخوار ہی

مجھے اپنے سودا سے فرصت نہین
کسے خواہش سیر بازار ہی

مری خستگی کا نہ کچھ حال پوچھ
جگر ریش ہی سینہ افگار ہی

مگر ہی مرا رشتہ جان زار
معنم تیرے بر مین جو زنار ہی

کف پا مین ہین سیکڑون آبلے
یہ غربت ہی اور دشت پر خار ہی

غرض دین سے ہی نہ دنیا سے کام
فدا تجھسے تیرا طلبگار ہی

۳۹۰

صحت ہو جس سے ایسی موثر دوا ملے
میرے مرض کو جلد الٰہی شفا ملے

اعدا کو میرے سیلی مشت قضا ملے
یارب بدون کو جلد بدی کی سزا ملے

حلوائے وصل ہو ترا کھانے کے واسطے
سونے کو میرے کوشک دولت سرا ملے

۳۸۶ نپوچھو کوئی کچھ حسرت فدا کی

غصہ وغم سے جہان مین ہر شخص مجبور ہی
کیا زمین ہی سخت تر چرخ برین بھی دور ہی

پوچھ کچھ مجھسے نہ میری فاقہ مستی کا مزا
جو بھبھولا ہی جگر مین دانۂ انگور ہی

کوئی مرتا ہی کوئی ہوتا ہی پیدا رات دن
روز پیدایش سے دنیا کا یہی دستور ہی

کم ہی استعداد فہم وفکر عالی اندنون
جو کلام پوچ ہی وہ بیشتر مشہور ہی

صدمۂ جور فلک سے مجھ فدا ے خستہ کا
شیشۂ خاطر شکستہ ساغر دل چور ہی

۳۸۷

شیب مین زندگی وبال ہوئی
سب نشاط جہان ملال ہوئی

ذات میری ہمین طبع رسا
جوہر معدن کمال ہوئی

میرے آگے نہ چپ ہین اہل سخن
طوطیون کی زبان بھی لال ہوئی

تنگدستی مین ساگ ہی قلیا
نان جو مجھکو شیر مال ہوئی

بیخودی سے عذر ہی عین حرام
میرے مذہب مین مے حلال ہوئی

اُنکے جانے سے مجھکو غش آیا
جان مضطر مری نڈھال ہوئی

میری تربت کا سائبان فدا
رحمت رب ذوالجلال ہوئی

۳۸۸

عقل جنون زدہ مری ناصح کہان گئی
مانند عمر رفتہ مگر بے نشان گئی

ہجر تبان مین محض نہ تاب وتوان گئی
انجام کار رنج فراوان مین جان گئی

ہمن سخن سے نام مرا ہونچا دور دور
شہرت ہماری ہندسے ماوزندران گئی

ہوتا بہار عقل کو اک طفل شوخ نے
مکتب مین چوری آج مری بوستان گئی

ارے پیر طریقت ڈال دیا مجھے تونے یہ کیسے بکھیڑے مین
ملے کوچہ جو اُنکا قریب کہین کوئی سیدھی سی راہ بتادے مجھے
وہ لٹاتے ہین روز جونان ونمک پہ نذر حسین فدا ے حسین
کبھی حسن ملیح کا اپنے نمک کہوانسے مگر جو چکھادے مجھے

۲۸۴

ظلمت مچل ہی زلف کے بالون کے سامنے
گل ہی چراغ شب ترے کالون کے سامنے
شب کا اداس رنگ ہی بالون کے سامنے
پھیکی ہی چاندنی ترے گالون کے سامنے
نادم ہی برق آہ شرر بار سے مری
آوازِ رعد پست ہی نالون کے سامنے
کیا نصل گل مین گرم ہی بکری شراب کی
ٹٹی ہی گاہکون کی کلالون کے سامنے
ہمسایگان بد کو خدا سمجھے اے فدا
بے سود مردی ہی زوالون کے سامنے

۲۸۵

مری جان خرین کسنے فنا کی
آئی سی چھوگئی کسکی ادا کی
اٹھے ہین مردے آوازِ قدم سے
تری رفتار نے محشر بپا کی
پوچھو کچھ بڑے صدمے کی ہی بات
حکایت میرے دردِ جانگزا کی
فلک کا کسقدر ہی نجل شیوہ
کوئی پوری نہ میری التجا کی
جسے فکرِ سخن سمجھے ہین احباب
کہانی ہی مرے رنج وعنا کی
نہان ہی کچھ تو غم خاطر مین میرے
عیان چہرے سے ہی جو درد نا کی
الٰہی قاضی الحاجات ہی تو
خبر ہی تجکو میرے مدعا کی
خدا کی ذات ہی وہ بندہ پرور
ہوئی مقبول جو مین نے دعا کی
بُرا غم لیگیا تیز زمین سا

کیا طفلی و بہ نائی و پیری فلک افسوس
فرصت نہ کبھی مجھکو ملی درد و الم سے

کچھ کافر و مومن کی نہ تخصیص ہی یارب
فرسند ہی عالم ترے الطاف اعم سے

بیرحمی قاتل سے جو نالان ہی زمانہ
آفاق پر آشوب ہی غوغائے ستم سے

۳۹۲
جینے تو فدا کچھ کبھی آرام نہ پایا
جس روز سے دنیا مین ہم آئے ہین عدم سے

شب مری بزم بتان مین کیا رسائی ہوگئی
دم کے دم مین کفر ساری پارسائی ہوگئی

دہر بد نے مجھکو دنیا مین یہ رکھا گر سنہ
چھاج میرے واسطے میٹھی ملائی ہوگئی

بیکسی نے عہد طفلی مین کیا ہی پرورش
حسرت آغوش مادر مجھکو دائی ہوگئی

جو گیا ہی کہنے کچھ تو دل مرا ٹوٹا ہوا
مجھکو فکر شعر گویا مومیائی ہوگئی

اے فدا از بسکہ نازکتر ہی کیا وقت اخیر
فضل یزدان سے مگر مشکلکشائی ہوگئی

۳۸۳
سہتے سہتے ظلم بیجا گو کہ ہم مرجائینگے
کیا ترے طرز جفا و جور سے ڈر جائینگے

اندماں ریش عاشق چارہ گر دشوار ہی
کب تری تدبیر سے زخم جگر بھر جائینگے

چند روزہ ہی یہ میلہ اک نہ اک دن غافلو
سب جوان و پیر دنیا سے سفر کر جائینگے

خشک کر دیگی تمازت آفتاب حشر کی
جو یہان سے زاہدا باد ہمن تر جائینگے

۳۸۴
بند مکر و ہات دنیا سے رہائی ہی محال
اک نہ اک دن ہم اسی غم مین فدا مرجائینگے

بت کافر بدین برائے خدا کوئی بوسہ دہن کا دلادے مجھے
اسی غم مین مواسا پڑا ہون مگر ذرا جنبش لب سے جلادے مجھے

کیا مزہ دہ جو چارہ ہی عمر روزی کا
چھین سکتا ہی کوئی باوے روئی تیری
وجہ کیا عاشق جانباز سے رکنا ایسا
نام چھوتا ہی نہین عمر تو چھوئی تیری

ای فدا سانپ مگر اسکی زبان کو دس جاے
تیری غیبت مین کہے بات جو کھوئی تیری

۳۷۹
کب مجھے فکر سخن مین نام کچھ منظور ہی
یہ وہ رستا ہی جگر مین میرے جو ناسور ہی
خلق مین یہ کمترین اک عاشق رنجور ہی
ورنہ مجنون قیس ہی اور کوہکن مزدور ہی
کچھ نہ کچھ میرا تعلق بھی ہی اس سرکار مین
جسکا ہر ادنی ملازم قیصر و فغفور ہی
کسکی قسمت ہی جو دنیا مین اسے جنت ملے
خلد ہی دولت سراے یار اور وہ حور ہی

وہ جوان تو پیر ای کمبخت ہی جاے سکوت
قربت جانان فدا مجھسے نہایت دور ہی

۳۸۰
کسی بت کو جو دیکھا تھا مین نے فدا مرے ہوش رہے نہ حواس رہے
کہین کفر مین جاے نہ جان حزین یہ خدا کے طرف کی ہراس رہے
ایا ساقی کوثر فیض رسان مرا دنیا مین دیکھ یہ جوش عطش
کوئی ایسی پلاوے شراب خنک کہ نہ حشر کے دن بھی پیاس رہے
کسی ایسے زمانہ غم مین مگر ہوے پیدا تھے شیخ فدا ے حسین
کہ وہ زندہ جہان مین جتنے رہے یہ غریب ہمیشہ اداس رہے

۳۸۱
تازہ ہی مری روح ترے صدمۂ غم سے
شاداب جگر بھی ہی مگر دیدۂ نم سے
تو بھوکا اٹھاتا ہی سولا تا نہین بھوکا
ہی سیر ہر آفاق ترے خوان کرم سے
کردون ابھی تحریر ہے سو داغ جگر مین
ڈرتے رہین حاسد مرے نیزہ کے قلم سے

۳۷۶

ایجان خبر لے حال فدا ے مریض کی
غفلت ہی کب درست مسیحا کے واسطے

کچھ ضرورت سقف کعبہ کو نہ تھی میزاب کی
بانگی ہی گویا جنس عالم اسباب کی

بیقراری دیکھ او کافر ذرا سیماب کی
ہو بہو تصویر ہی میرے دل بیتاب کی

جانبری مجھکو تبان ہند سے دشوار ہی
کب ہی حرص دیدہ حسن مردم پنجاب کی

مصحف سادہ ہی گویا روے سادہ یار کا
یہ وہ قرآن ہی جسے حاجت نہین اعراب کی

ذرہ ذرہ خاک کا ہی ہمفروغ مشتری
گنج مرقد مین ہی میرے روشنی مہتاب کی

نتشر ہی میری ناداری سے سرداری کی بو
ہی مری کملی مقرر رشک دہ کمخواب کی

۳۷۷

نکہت عطر حنا ہی تیری گدڑی مین فدا
شان ہی بے دولتی مین بیگم نواب کی

کیا سوز نصیبہ ہوا ہی دور فلک سے
سب جلگئی جان میری کلیجے کی بھبک سے

سو چلگئے آرے مرے سر پر ہون زندہ
فریاد حزین مر گیا تیشہ کی دھمک سے

ایجان ترے بالے سے ہی عالم تہ و بالا
حیران ہی فلک بالے کی بجلی کی چمک سے

ہی تجکو مے فہم سخن سے جو نصیبہ
ہر شعر مرا کم نہین ہی نقل گزک سے

ان سانولے گالون کے مین لوں بوسہ کانون کھو کا
منھ کر دے سلونا مرا چمپے کے نمک سے

۳۷۸

ہر خالص و ناقص کی فدا ہی یہان پہچان
کم سنگ در یار نہین سنگ محک سے

تو رکھائے نہ مجھے بھول کے بوٹی تیری
ما مجبور بس پشت ہی چوٹی تیری

خاک مین ملگئی سب آن اچھوتے پن کی
غیر مردود نے انگیا جو چھوٹی تیری

دوستون کو میرے فہمیدہ معانی ہی خیال
فکر عالی اندنون از بسکہ وقت کوش ہی

تجھکو بخشا ہی خدا نے وہ نہال لازوال
دولت دنیا فدا تیرے تہ پاپوش ہی

۳۷۵
کیا بیابان میری وحشت سے فقط آباد ہی
خاک اڑانے سے مرے سب شہر بھی برباد ہی

خام گر ہوتا نہوتی ایسی بے چینی کبھی
میرے پھوڑے مین مقرر چار ذو مراد ہی

اہی فدا دنیا مین ہر دم اک تماشا ہی نیا
سب تجمل عالم فانی کا بے بنیاد ہی

۳۷۶
بندہ دنیا ہی تو جو مبتلاے آز ہی
مین ہون بے پروا مجھے اپنے خدا پر ناز ہی

کیون کوئی مسدود سمجھے اپنی راہ مدعا
یا الٰہی تیرا دروازہ کرم کا باز ہی

گو فروتر ہی نگاہ ابلہان دہر مین
لیکن ارباب معانی مین فدا ممتاز ہی

۳۷۷
حسن اسنے جب دیا بت رعنا کے واسطے
پہلے بنایا سر مرا سودا کے واسطے

فکر رسا کو کیا مرے قد غن کی احتیاج
شانہ عبث ہی زلف چلیپا کے واسطے

آراستگی ہی حسن خداداد کو فضول
غازہ نہین نباتی زیبا کے واسطے

غرات فضول سیر جہان پر ضرور ہی
آنکھین خدا نے دی ہین تماشا کے واسطے

ہی ہر صنم مین جلوۂ حق کا مشاہدہ
البتہ ظرف دید ہو بینا کے واسطے

موجود کس صنم مین نہین جلوۂ خدا
کعبہ کنشت ہی دل دانا کے واسطے

روز نخست عشق بآدم نصیب شد
پیدا ہوا تھا حسن جو حوا کے واسطے

یہ اتفاق وہ سبب اعتبار ہی
کیا رتبہ ہی نصیب ثریا کے واسطے

۳۷۰ شیب مین اب چارہ حسرت کی کیا تدبیر ہی

ابر نیسان سخن میرا یم افکار ہی — دُر فشان ہی کیا زبان خامہ بھی گوہر بار ہی
ذات ہے میری ہی ملک شاعری کا اہتمام — مین ہون سلطان سخن دیوان مرا دربار ہی
ابتدا تا انتہا موج معانی ہی بجوش — میرا دیوان ہی کہ بحر قلزم اسرار ہی
حوصلہ کچھ چاہیے قرب خدا ہی کیا بعید — ہی بہت آسان ترے نزدیک جو دشوار ہی
تندرستی ہی بڑی نعمت نکر کوئی گلہ — ہیچ گویا عیش دنیا پیش ہر بیمار ہی
بخشدے بہر نبی سب عیب میرے دھانپ لے — یا الٰہی تو بڑا غفار اور ستار ہی
ہی بہت نامہربان فضل خدا ہے مہربان — طالع خوابیدہ میرا اندنون بیدار ہی
اُسکی چشم شوخ کا مارا ہوا بچتا نہین — ہر موے مژگان کافر خنجر خونخوار ہی
کفر باقی ہی ترے اسلام مین اے شیخ وقت — ورنہ کیونکر دانہ تسبیح مین زنار ہی

۳۷۱ حاسد کج فہم پہ نفرین عالم اے فدا
جسکو ناحق فن کامل سے مرے انکار ہی

آمد فصل بہاری ہی جنون کا جوش ہی — بچہ نیر رم مین آہو بچے کا ہمدوش ہی
توسن طبع رواں جولانگہ افکار مین — اضطراب عاشق مضطر سے ہم آغوش ہی
قطرہ مدہوشی مجاز یہ جہان کے ہی نصیب — مین ہون سالک ظرف میرا گویا دریا نوش ہی
میرے مضمون معلی کی سماعت کے لیے — گور مین خاقانی ہندی سراپا گوش ہی
پوچھ کچھ مجھسے نہ میری بدنصیبی کا بیان — بخت خوابیدہ بخواب غفلت خرگوش ہی
کیا تری تمکین و سطوت کا ہی رتبہ اے پری — جو تری محفل مین آیا دم بخود خاموش ہی
بیخودی طاری ہی مجھپر نشہ ہاے عشق مین — عقل کیا حیران ہی گل گویا چراغ ہوش ہی

اک وہ ہین جنکے آگے ہین جلوے چنے ہوئے
اک وہ ہین جنکے سامنے بچھوے کی بو رہی

بزم نشاط ہی کہین پیراستہ یہان
ہر پا کسی سرا مین فغان نشور ہی

دشنا ہی دیکھ لو رخ اغیار ہی سیاہ
جتنا کہ آج یار کے چہرہ پہ نور ہی

نزدیک تر ہی ہمت مردان کے روبرو
مکہ مدینہ ہند سے ہر چند دور ہی

ہم فن ہین ای فدا مرے سب مجھسے دور دور
کوئی ہی لکھنؤ مین کوئی کانپور ہی

۳۶۹

جب سے تیر عشق کا یہ ناتوان نخچیر ہی
زار ہی رنجور ہی بیمار ہی دلگیر ہی

پاک کر آلایش دنیا سے دامان پاک گیر
مرگ ای غافل یہان ہر دم گریبان گیر ہی

ہر موے تن غم مین تیرے ہی گیاہ کیمیا
خاک میرے جسم افسردہ کی سب اکسیر ہی

غافلو سمجھو جہان کا نام ہی کون و فساد
ہی خرابی سے بہم دنیا کی جو تعمیر ہی

بعد ہر مشکل کے آسانی ہی رب کے فضل سے
آج تو تیزاب ہی کل کو وہ جوے شیر ہی

داغ سوزان حاسدون کو دیتی ہی فکر سخن
میری کلک گوہر افشان گویا آتش گیر ہی

پیرہن لوہے کی پہنین کیون نہ دیوانے ترے
وہ جنون انگیز تیری سونے کی زنجیر ہی

دردمندون کا ستانا ہی مگر ظالم زبون
خاطر افسردہ گویا بر ہنہ شمشیر ہی

اس شباب چند روزہ پر نہین زیبا غرور
کل کمان ہی آج قد راست تیر اتیر ہی

سنگدل کو اہل دل کردے اگر سمجھے بغور
میرا ہر مضمون درد آمیز پر تاثیر ہی

حسن کا تیرے جو شہرہ ہی جہان مین آج کل
عشق کی میرے بھی کافر خلق مین تشہیر ہی

حوریان خلد نے کھینچا ہی گھونگھٹ شرم سے
کس پری پیکر کی میری گور مین تصویر ہی

ہان نشاط عمر باشد تا بسے سال ای فدا

تنہا مکان مین جو وہ سوتے ہوئے ملے
میرے نصیب دولت بیدار ہوگئی

کیا نیم جلوہ ماحیِ ظلمات ہوگیا
مجھکو سرائے تیرہ پُر انوار ہوگئی

ناکام رہگیا جو مین عہد شباب مین
مجھکو صباح عید شب تار ہوگئی

کیونکر ہو کوئی مجھسے رقیبہ فزو گذاشت
خاطر سخن مین خوب خبردار ہوگئی

کیون تجھسے ناخدا ایکے نہون صدقے یا خدا
منجدھار سے جو ناؤ مری پار ہوگئی

قسمانگانہ رکھا ہی جان نزار مین
ابرو تری مرے لیئے تلوار ہوگئی

مہندی لگائی تو نے شہیدون کے خون سے
سب خاک تیرے کوچے کی گلنار ہوگئی

ترک تعلقات سے دولت ہوئی کنیز
دنیا اگر فدا کی پرستار ہوگئی

۳۶۶

کیا قدرتِ خدا کا جہان مین ظہور ہی
غم ہی کسی کو اور کسی کو سرور ہی

خالی نہین ہی عالم و جاہل سے روزگار
کوئی ہی بیوقوف کوئی ذی شعور ہی

محتاج ہی کوئی یہان نان شبینہ سے
آسُودہ کوئی پھر کے بکا فرزان تنور ہی

کوئی ہی نوجوان کوئی پیر سخنی
کوئی ہی خاکسار کوئی پُر غرور ہی

ہی فاقہ مست کوئی نہ دست ہی کوئی
کوئی ہمیشہ نشہ دولت مین چور ہی

پھرتا ہی دور دھوپ مین کوئی برہنہ پا
سر پر کسی کسی کے کلاہ سمور ہی

کوئی ہی قید مین کوئی آزاد محض ہی
کوئی گنہگار کوئی بے قصور ہی

پاکیزگی کہین ہی کسی جا ہی گندگی
مطبخ کسی طرف ہی کہین جا ضرور ہی

کوئی ہی بامراد کوئی نامراد ہی
کوئی ہی بے حضور کوئی باحضور ہی

ہین بعض بعض امر و مرا یا صلاح و خیر
مد بلیغون کی ذات مین شر اور فتور ہی

کربلا کا ہی فسانہ مرا دیوان تمام
ہر مری فکر سخن مرثیہ خوانی میری

جلتی ہی خس کی طرح ذات حسود مردود
مشتعل ایسی ہو اب شعلہ زبانی میری

شیب مین راست روی ہی جو سراپا خم ہین
تیر سے کم نہین ہی پشت کمانی میری

تازہ مضمونون کا ملنا مجھے اشکال ہوا
ہو گئی انبوہ فکر پرانی میری

۳۶۷

گو رانی مجھکو مصر کا بازار ہو گئی
ہر حور خلد میری خریدار ہو گئی

کشتی مری بھنور سے مگر پار ہو گئی
رحمت رفیق حال گنہگار ہو گئی

قیس اپنا زیر خاک نہ دیوانہ بنگیا
لیلی بھی میری طالب دیدار ہو گئی

بعد از فنا جبین سے مری نشتر کھلا
آنکھ اپنی گویا نرگس بیمار ہو گئی

اُس زلف مشکفام کے صدقے کہ جس سے اجی
خاک مزار نافہ تاتار ہو گئی

کچھ ہو مری کدورت خاطر کی انتہا
مٹی مرے غبار کی انبار ہو گئی

اے بت بعہد تو ہمہ اسلام کفر شد
تسبیح شیخ وقت کی زنار ہو گئی

حاصل ہوا جو کوشش تن سے نکام دل
چولے سے اپنے جان مری بزار ہو گئی

ہضم طعام کب ہوا شغل سخن بغیر
گلقند مجھکو لذت اشعار ہو گئی

خاک آسمان نے ڈالی جو وقت نشاط مین
مُہر خی مری شباب کی زنگار ہو گئی

ہر شعر ما کلید کنوز تصوف ست
طبع بلند کاشف اسرار ہو گئی

پامال ہین حسود مری فکر شعر سے
کلک گہر فشان سم رہوار ہو گئی

جھوکا کوئی نسیم جنان کا جو آگیا
گرد مزار پا سنخ گلزار ہو گئی

مین پہونچکر وہان نہ پھر آیا پھر مرے لیے
ڈیوڑھی تمہاری قبقہ دیوار ہو گئی

کیا کیا رعایتین ہین خدا کو ہمارے ساتھ
ہمکو جو بتیسر ہی محبت نماز کی

آئے کبھی گور مین جو منکر و نکیر
عش دیکھتے ہی ہوگئے صورت نماز کی

تشکر خدا کہ دیکھا خدا اور رسول کو
کی مین نے خواب مین جو زیارت نماز کی

کمبخت تجھکو دولت دنیا کی حرص ہی
پائی نہین ہی تو نے جو دولت نماز کی

واحسرتا جو وقت تہجد قضا ہوا
کیا کیا نہ جیمین رہگئی حسرت نماز کی

سجدہ مین چین ہی نہ قیام و قعود مین
ہی جان جلد باز کو آفت نماز کی

ہم خواب اہرمن ہی تو خواب شباب مین
تجھکو کہان نصیب ہی صحبت نماز کی

نادان خدا کے واسطے سن لے بگوش ہوش
میرا ہی یہ کلام نصیحت نماز کی

لے چل خدا کے واسطے کچھ زاد آخرت
تیار جا بجا ہی جماعت نماز کی

آب وضو مرا سبب ابر و ہوا کام آئی باز پرس مین عزت نماز کی

دارین مین ہی جملہ بیات سے بری
تجھکو اگر گوارا ہی محنت نماز کی

ہی بت پرستیون کا مجھے تشغل رات دن
کب اہی خدا نصیب ہی فرصت نماز کی

۳۶۶

رقت انگیز ہی میری مین کہانی میری
ایسی حسرت مین کٹی عمر جوانی میری

کی جو درخواست کبھی کچھ وہ ہوئی نامنظور
کوئی بات اُس بت کافر نے نہ مانی میری

رکھا افسردہ سدا بستگی خاطر نے
اہل عالم پہ کھلی کب ہمہ دانی میری

ایسا اک کافر خودکام نے بدنام کیا
خاک مین ملگئی سب شان کیانی میری

نجد بستی مین ہی گو بامراد انہ مکان
بیستون دشت مین دیوڑھی ہی نشانی میری

دردمندون کو وظیفہ ہی مرے غم کا کلام
رہگئی ہی یہی دنیا مین نشانی میری

ناکام مجھسا کام طلب جو رہا یہان — یہ بھی تو ایک شان ہی اُس بے نیاز کی
پہونچا یا خاک سے مجھے چرخ بلند پر — ایسی کمند ہی تری زلف دراز کی
مجھ دل زدے کو گنج معانی عطا کیا — یہ کارسازیان ہین اُسی کارساز کی
پایا سلف سے کسنے ترا گنج معرفت — کنجی کسے ملی ہی ترے قفل راز کی
پورا نہین ہوا ابھی تزکیہ نفس کا — اے شیخ تیرے حلوے مین بو ہی پیاز کی
مرنے کے بعد فضل خدائے کریم نے — کھڑکی مرے مزار مین جنت سے باز کی
مشکل گذارہ ہی ترا اس کوہسار مین — تجھکو خبر نہین جو نشیب و فراز کی
دیکھی اگر نہین ہی بہار سرور سکر — پیر مغان نے کیون می گلگون جواز کی

اس دور مین جو خلق ہی آسودہ اے فدا
نیت ہی نیک شاہ رعیت نواز کی

۳۶۴

ہرچند میرے غم کا فسانہ دراز ہی — لیکن ہون مطمئن کہ خدا کارساز ہی
اے باد شرط فضل خدا ہی مدد کا وقت — منجدھار مین رکا ہوا میرا جہاز ہی
باقی ہنوز ہی اثر لقمۂ حرام — اے شیخ تیرے حلوے مین بو ہی پیاز ہی
آنکو غرور حسن مجھے انکا رقلب — ہی ناز جو ادھر سے ادھر سے نیاز ہی

از شام تا سحر ز سحر تا بوقت شام
ہر وقت اے فدا مجھے فکر نماز ہی

۳۶۵

پہلے تو تجھکو فرض ہی صحت نماز کی — تب ہی درست یہ تری نیت نماز کی
آرام جان ہی اپنا قیام و قعود سے — عہد صبی سے ہی مجھے عادت نماز کی
وقت زوال و قرب طلوع و غروب کے — ہی سخت تر مرے لیے فرقت نماز کی

۳۶۱

کوئی ہی نیک خلق کوئی بد مزاج ہی
کیا مختلف زمانہ کا رسم اور رواج ہی

کافی ہی فضل حق مرے ہر کام کے لیے
دارو دعا کی میرے مرض کا علاج ہی

بہکا دیا کسی نہ کسی نے انھین ضرور
کل تک جو گفتگو تھی وہ ہرگز نہ آج ہی

ناچار غم کا کھانا خوراک زمانہ ہی
ایام قحط مین جو گران تر اناج ہی

ہر طاق کعبہ میرا فدا انکسار قلب
گوشہ غریبخانہ کا مسجد کا تاج ہی

۳۶۲

آنکھ اپنی شب جو چشم فسونگر سے لڑ گئی
نیزہ کی بھال سی مرے سینے مین گڑ گئی

باغ جہان سے گو کہ مری جڑ اکھڑ گئی
لیکن نہ دل سے حسرت واماں کی جڑ گئی

رخصت کیا جو اُس بت بیمار چشم کو
مثل مریض میری طبیعت بگڑ گئی

بھلاتے ہی مرے اوبتان عشق مین
قبحی لگی ہی ایسی کہ چھڑی او دھڑ گئی

کافر ملاحت جگر افگار اب کہان
چٹنی ترے شباب کی پیری مین سڑ گئی

مشاطہ اُسکی سدرہ عاشقان ہوئی
گویا چوریل کوچہ جانان مین اڑ گئی

بھر آیا میرا دل کہ برسنے لگا ہی مینہ
رقت یہ مجھکو آئی کہ ندی اُمڈ گئی

مردود تجھکو خوف خدا کا نہین رہا
بدنیتی تری تہ دل کو پکڑ گئی

کیا زعم حسن قحبہ کو تا پشت خم رہا
مرنے کے بعد بھی تری دائی اکڑ گئی

خیرای پیری ہی پردہ ناموس کی مجال
آہ فدا کوئی جو ترے کان پڑ گئی

۳۶۳

ناپاکیان ہین دل مین جو بوں اور رازکی
کب ہی درست یہ تری نیت نماز کی

کافر کی انکھڑیون کی پلک بھی خدنگ ہین
نیزہ ہی جونگاہ بت محو ناز کی

ہوئی قصہ خوانون کو وجہ معاش
مرے دل کی حسرت سمر ہوگئی

چمکنے لگا تیرے جوبن کا رنگ
جو انگیا پسینے مین تر ہوگئی

طبیعت پہ ہی جملہ رد اور قبول
ادھر ہوگئی یا اُدھر ہوگئی

ہمارے زبان کی ہی گو با خطا
کہ جس سے دعا بے اثر ہوگئی

ہوا بیخبر مین ادھر سے فدا
اودھر کی جو مجھکو خبر ہوگئی

۳۵۹

سب مری چاہ سے کافر ہی کدورت تیری
خاک مین مجھکو ملا دیگی محبت تیری

ای پیر و تجھے خالق نے دیا ہی وہ جمال
زندگی حسن پرستون کی ہی صورت تیری

جلگئے ہین سخن گرم سے حساد فدا
گویا ہی برق عدو سوز طبیعت تیری

۳۶۰

اقبال کا مآل ہمیشہ وبال ہی
دنیا کے ہر کمال کو نادان زوال ہی

دنیا مین ہر کسی کا جدا گانہ حال ہی
بدبخت ہی کوئی کوئی فرخندہ فال ہی

کوئی ہی سال خورد کوئی خوردسال ہی
کوئی ہی بے نمک کوئی شیرین جمال ہی

کم فہم بعض بعض ہین اور بعض نکتہ فہم
کوئی ہی بے زبان کوئی رنگین مقال ہی

مصروف اک زمانہ ہی فسق و فجور مین
خاصان حق کو حق سے سدا اشتغال ہی

عیش جہان کے ساتھ ہی کھٹکا لگا ہوا
لکھی ہی شور بے مین تو حلوے مین بال ہی

ہر آشنا سے اپنے جو نا آشنا رہی
دنیا قدیم سے مگر ایسی چھنال ہی

مرتے ہوئے کو مارنا دیکھا بہت فدا
اس پیر سالخوردہ کی اک یہ بھی چال ہی

آثار بد صنم ہین تری بیحجاب بیان
اللہ رکھے شرم تری شرمگاہ کی

ہمخواب غیر آنکو جو دیکھا ہی خواب مین
تعبیر سچ ہی بات ہی کیا اشتباہ کی

کب غمزدون کو ساعت شادی نصیب ہی
مجھکو ندی زمانہ نے فرصت بیاد کی

یوسف گرے کوین مین زلیخا کے جذب ہے
تاثیر سخت تر ہی مگر دل کی چاہ کی

کیا لطف بود و باش ہی ایسے دیار مین
پرسش جہان نہین ہی ذرا داد خواہ کی

بے راہبر کسیکا وہان تک گذر نہین
ظلمات مین سرک ہی تری بارگاہ کی

چوکے ہین واقفان شد آمد بھی بارہا
ٹیڑھی بہت سڑک ہی ترے گھر کی راہ کی

وحشت ہی کارپرداز مرا ہے درینولا
کیا رنج ہجر نے مری حالت تباہ کی

دعوے کی اسی فدا ترے ڈگری محال ہی
بہکی ہوئی زبان ہی جو تیرے گواہ کی

۳۵۷

بے سبب کیون ہوے خفا مجھسے
کب ہوئی ہی کوئی خطا مجھسے

کیا کرون ہی اگر وہ بت ناراض
رہے راضی مرا خدا مجھسے

درد میرا ہی محض بے تاثیر
آشنا ہی نہ آشنا مجھسے

بسکہ ہی بندہ پروری تیری
شکر تیرا ہو کب ادا مجھسے

عیش دنیا ہو کب نصیب مرے
چرخ برگشتہ ہی فدا مجھسے

۳۵۸

غم ہجر مین شب مسہر ہو گئی
مجھے روتے روتے سحر ہو گئی

ہوا گو نہ عیش جوانی نصیب
مری بھی جہان مین گذر ہو گئی

بچایا سدا ہر بلا سے مجھے
دعا میری جان کو سپر ہو گئی

فضل خدا جو حال فدا کے شمول ہی

۳۵۵

حسرت کا میرے جیکو نہایت ملال ہی — اس رنج بیحساب مین جینا محال ہی
سچا تمام اُسکا یہان حال و قال ہی — جسکو جہان مین تیرا غم خد و خال ہی
ناحق مرے خیال مین عیش وصال ہی — جیکے لیے نصیب نہ دید جمال ہی
تنہا خیال خال نہ وجہ کلال ہی — زلف صنم بھی جان حزین کو وبال ہی
آزادگی اگر غم دنیا سے ہی نصیب — نان جوین بھی تیرے لیے شیر مال ہی
فرقت مین تیری فرصت کار و گر نہین — رونے کے ساتھ آٹھ پہر اشتغال ہی
اہل جہان ہین مختلف الحال کسقدر — شوریدہ حال ہی کوئی آسودہ حال ہی
کیا ہی عجب جو نخل مرا بھی ہو بارور — یارب ترے کرم سے زمانہ نہال ہی

دنیا مین اہی فدا ہو مری عاقبت نجیر
بس رات دن خدا سے مرا یہ سوال ہی

۳۵۶

یارب نہ حد ہی میری خطا و گناہ کی — بس شرم تیرے ہاتھ ہی مجھ روسیاہ کی
دنیا مین ان تبون کی محبت تو سہل ہی — مشکل مگر بہت ہی مصیبت نباہ کی
بہکے ہوئے ہین ہم جو وہان پہونچنے نہین — سیدھی سڑک بنی ہی مگر تیری راہ کی
آفات اندنون ہین جہان مین جہان جہان — ہر وقت ہی امید خدا کی پناہ کی
شبدیز عمر کشتۂ مہتاب ہی مرا — پرچھائین پڑ گئی ہی کسی تنگ راہ کی
مرنے کے بعد ہی اثر مردمی منہوز — کثرت ہی میری گور پہ مردم گیاہ کی
تقوی مین میرے حسن پرستی کا عیب ہی — دیوار گویا کج ہی مری خانقاہ کی
قرب و وصال یار سے اتنا رہا بعید — سب تصلب ہو گئی ہی جو قوت تجی راہ کی

فدا فقر کا رو کمالت نہین
یہ خدمت نئی ہی نیا کام ہی

۳۵۳

مدد میری وہ فضل یزدان کرے — کہ جیو نتی کی دعوت سلیمان کرے
مگر خاتمہ باصد ایمان کرے — خدا میری مشکل کو آسان کرے
خدا پھر کوئی ایسا سامان کرے — مرے گھر کا اس بت کو مہمان کرے
سناوے مجھے پھر وہ بانگ درا — پھر آباد میرا بیابان کرے
وہی ہی محبت کے لائق جو عیب — مین ظاہر کرون اور وہ پنہان کرے
مرے خار کو گل کرے رب پاک — خرابہ کو میرے گلستان کرے
خدا سن لے آہ شب تار کو — چراغ امید اب فروزان کرے
کرے دہر باد خزان کو بہار — پر از گل غریبون کا دامان کرے

کرے دور خاطر سے تشویش دہر
مرتب فدا اپنا دیوان کرے

۳۵۴

طول امل جہان مین سراپا فضول ہی — کسکی امید حسب تمنا حصول ہی
اس عمر کی دعا بھی دہان قبول ہی — پیری مین شوق حسن پرستی فضول ہی
دنیا کے رنج عام سے خالی نہین کوئی — اس غمکدہ مین ہر کس و ناکس ملول ہی
دشوار رستگاری روز جزا نہین — تجھکو اگر وسیلۂ آل رسول ہی
جسکو صداع عشق ہوای چارہ گر اسے — بواسطہ علاج ضماد و فطول ہی
جسنے کھجور بوئی تھی شیرین دہان ہو — کانٹے ہین تیرے آگے جو بویا ببول ہی

ہر روز روز عید ہی ہر شب شب برات

تو خاورِ سخن کا مگر آفتاب ہی

۳۵۱

جو آپ کا محو خال و خد ہی
حاصل اوسے نعمت ابد ہی

ہی میری زبان ثبوت تحقیق
جو میرا کلام ہی سند ہی

دنیا مین ہین اہل عقل کمیاب
اکثر جسے دیکھا بے خرد ہی

ہی طبع مری محیط اعظم
جو شعر ہی گویا جزر و مد ہی

دنیا نہ قبولیت کی جا ہی
البتہ یہ جاے جاے رد ہی

ہر شعر ہی یا دلیل قاطع
جو قول ہی میرا مستند ہی

صدقے تری شان پاک کے ہم
خالق ہی خدا ہی تو صمد ہی

ہی کاخ فراخ دور نادان
نزدیک تری مگر لحد ہی

مین نے تو فدا بہت سی کی
کمبخت ترا نصیب بد ہی

۳۵۲

دعا مانگنا تو مرا کام ہی
پذیرائی یارب ترا کام ہی

سپرد عدو جو ترا کام ہی
مرا پھر ترے گھر مین کیا کام ہی

کوئی دل لگانیکو سمجھے نہ سہل
یہ تھوڑا نہین ہی بڑا کام ہی

خدایا مری شرم ہی تیرے ہاتھ
یہ بندہ بڑا سخت ناکام ہی

بھنور سے نکالے جو کشتی مری
ترا ناخدایا خدا کام ہی

عجب کارخانہ ہی تقدیر کا
کہ ناکام ہی کوئی باکام ہی

غضب مین سنون وہ عدو سے کہے
مرے گھر چلو تم ذرا کام ہی

جو زندہ ہین راہ خدا مین فنا
انھین دین و دنیا سے کیا کام ہی

۳۴۹
تعجب ننگ صد ارمان کہان حائل نہوے
ہاتھ میرے کسی گردن کی حمائل نہوے

ہمت شرم رہی ایسی سدا دامنگیر
کسی بت سے کبھی اک بوسہ کے سائل نہوے

عمر پیوستہ مری گذری غزادارون مین
ہم کسی بزم طرب مین کبھی شامل نہوے

نقص روز ازلی مین ہی تصرف دشوار
محض بیجا ہی یہ افسوس کہ کامل نہوے

کشتی اپنی رہی گرداب تردد مین اسیر
ہم کسی وقت کبھی وارد ساحل نہوے

تو غنی ہی تجھے اسبات کی کیا پروا ہی
گو تری یاد سے بندے ترے غافل نہوے

تلخکامی مین سدا گذری ہی عمر شیرین
دین و دنیا کے مرے کچھ مجھے حاصل نہوے

قیس و فرہاد نے گو حوصلۂ عشق کیا
زحمت رنج سے لیکن متحمل نہوے

کوئی شوخی سے نہ ہاتھ آیا ہمارے لیکن
ہم یہان کس بت خوش چشم کے مائل نہوے

بہر ہر کار خدا کی ہی مہیا امداد
ہم جہان مین کبھی جویاے وسائل نہوے

زر در افسون سے کسی بت کو جو کرتے تسخیر
اے فدا انکو یہ حسرت ہی کہ عامل نہوے

۳۵۰
پیری مین شوق دید بت بے حجاب ہی
دنیا مین شیخ وقت کی مٹی خراب ہی

سینہ کو میرے سوختگی بیحساب ہی
اک نوجوان کے غم مین کلیجا کباب ہی

بے چشم اشکبار کوئی مس نکیجیو
دیوان مرا مگر مرے غم کی کتاب ہی

فرہاد جاہ اور ہین مجنون پناہ ہون
شیرین تاب اور وہ لیلی قباب ہی

لالہ اوگا ہوا ہی مرے اشک سرخ سے
کوچہ تمھارا رنگ چمن کا جواب ہی

دنیا مین مرگ بھی نہین مجھ کم نصیب کو
جو خوش نصیب ہین اجل انکو شتاب ہی

ذرے ہین اے فدا ترے سب مدعی مگر

یہ ابلق روزگار تجھسے بگڑے تو فلک لگاے کوڑے
وحشت سے جو تجھکو سخت بولے منھ اُسکا غضب خدا کا توڑے
اقبال رہے غلام تیرا دولت ترے آگے ہاتھ جوڑے
پوچھے کوئی مجھسے درد کا حال ٹوٹے نہین جسکے دل کے پھوڑے
ثابت نر ہا کوئی قضا سے رشتے تو بہت سے مین نے جوڑے
ہر فکر سخن کی ڈاک جاری کاغذ کے ہین میرے پاس گھوڑے

مین ہون وہ غنی فدا کہ میری
ہین ہیچ نظر مین زر کے توڑے

۳۴۰

یا الٰہی ترا بد خواہ جور بجور رہے دوست دل سوز ہمیشہ ترا مسرور رہے
تیرے بیت تیری خداوند کو منظور رہے گھر ترا دولت دارین سے معمور رہے
متصل تیرے رہے فضل خداوند کریم تیرے کاشانہ دولت سے بلا دور رہے
محو ہون نامہ اعمال سے تیرے سیئات نیکنامی مین ترا نام جو مشہور رہے
ہر معمار رہے تیرے در دولت کا آسمان کاخ حشم کا ترے مزدور رہے
ذات تیری رہے فیاض جہان دنیا مین سب زمانہ ترے احسان کا مشکور رہے
تیرا ہر دوست رہے مورد لطف شایان ہر مخالف ترا دارین مین مقہور رہے
ناز دولت کا رہے ذات سے تیری مرگرم حوصلے سے ترے اقبال بھی مغرور رہے
دل ترا شاد رہے لطف الٰہی سے مدام مسرت ترا بادہ عشرت سے جو مخمور رہے

اے فدا جھکو خدا بخشے نشاط ابدی
تیری آغوش کو موجود سدا حور رہے

وہ ہی فدا کے زندہ جسے ہی حلال ہی

۳۴۳
کم نکرنا صورت حسن فراوان چاہیے
تیرے دروازہ کو ای جانان نہ دربان چاہیے
چارہ گر میرے جنون کا جو نہ پہونچے دسترس
اُنکے دہن کا مگر مجھکو گریبان چاہیے
چاہتا ہی گر غم دارین سے آزادگی
ای فدا ہر وقت تجھکو ورد قرآن چاہیے

۳۴۴
کیون نبدہ دل کسی بت شنگ پر ہی گا ہی
غیر از خدائے پاک نہ کوئی کسیکا ہی
گل رخ کا ہی غلام بنفشہ کنیز زلف
سوسن ہزار جان ہے نہ بندہ مسی کا ہی
بیجا فدا ہین اختر بدکی شکایتین
رب میرا مشتری مری ہی بیکسی کا ہی

۳۴۵
نبدہ بانتظار سوال ایستادہ ہی
یارب دم سحر در رحمت کشادہ ہی
پیری مین وصل یار کی ہین کم نہین اُمید
نومید شباب سے مجھے حسرت زیادہ ہی
دیکھے فدا غریب کی جانکنی مین بیکسی
تنہا فدا ہی اور فدا کا لبادہ ہی

۳۴۶
دنیا کی محض اک کمائی گئی
تیرے غم مین سب پارسائی گئی
مجھے تیرے غم مین لگایا نہ ساتھ
اجل سینکڑون بار آئی گئی
جلائی فدا دور بدبہنے
مری جان جتنی جلائی گئی

۳۴۷
مردود ہی تجھسے منھ جو موڑے
نامرد ہی جو بھوین سکوڑے
دنیا مین سنے جو تیری غیبت
کان اُسکے مگر فلک مروڑے

تیرا بھولا پن ہی تیری کم نصیبی کا سبب
اے فدا دنیا ہی اُسکی جو پڑا چالاک ہی

۳۴۰

خالق تجھے کامیاب رکھے — دشمن کو ترے خراب رکھے
جون بخت جوان جہان مین قائم — صد سال ترا شباب رکھے
رکھے ترا نام جو خوش اقبال — ذی جاہ ترا خطاب رکھے
نیکی جو رہے شمول اوقات — ہر کام کو با صواب رکھے

احباب فدا کو خوش رکھے حق
اعدا کو تہ عذاب رکھے

۳۴۱

کیا خنجر نگہ ہے یہ مسہل حلال ہی — عالم کا خون تجھے بت قاتل حلال ہی
نیت ہی پاکتر جو تبون کی جناب مین — نظارہ تجھکو حسن کے مائل حلال ہی

ناہار توڑا تو فدا تا بکی ورع
مردار چند فاقہ پہ جاہل حلال ہی

۳۴۲

کیا محض مجھکو اک قدح مے حلال ہی — پیر مغان کے فیض سے ہر شے حلال ہی
کہتا ترے فراق مین بیچارہ ہی تباہ — مجنون کو زہر کھانا بت مے حلال ہی
ٹکڑے لگا کے تن کے جدا کر دے عضو عضو — قاتل کو میرے رگ رگ و پے حلال ہی
ہان گوش حق نیوش ہین تیرے جو زاہدا — تجھکو صدائے چنگ و دف و نے حلال ہی
ابن زیاد تو نے جو کی عاقبت خراب — تب سمجھا یہ کہ مملکت ری حلال ہی
دیکر صنم کو گوہر دل پھر ہی خواستگار — ناپاک گو یا تیرے لیے تو حلال ہی

اے شیخ تجھکو وسعت مشرب کہان نصیب

مطرب رہے روبرو غزلخوان ساقی ترا مے بجام رکھے
قایم رہے تو جہان مین باکام جب تک کہ فلک قیام رکھے
خالق ترے واسطے ہمیشہ مقبول مرا کلام رکھے
پیوستہ فدا تری دعا سے
گویا اثر التیام رکھے

۳۳۸

اے جان ترے فراق مین سونا حرام ہے ناچار ہون کہ جان کا کھونا حرام ہے
بت بگڑا تیرا غیر سے اور برہمن بچے اب بعد بیاہ کے تجھے گونا حرام ہے
اے شیخ اگر یہی ہے نماز ریا تری مسجد کا تیرے واسطے کونا حرام ہے
جس کھیت کا گنوار نے بیج نہین لیا ایسی زمین مین بیج کا بونا حرام ہے
ہر رنج و غم مین صبر و سکون ہے ضرور تر بیتاب و مضطرب تجھے ہونا حرام ہے
روے خدا کے غم مین پڑے خندہ ابد دنیا کے واسطے تجھے رونا حرام ہے
جس پر کہ فاتحہ ہو فدا ے حسین کی
اُس بت کو وہ مٹھائی کا دونا حرام ہے

۳۳۹

پیر و سنت حساب و جہان سے پاک ہے پیشوا جسکا امیر صاحب لولاک ہے
دولت عقبیٰ ہے جسکو حق نے بخشا نصیب ثروت دنیا مگر اُسکو بر نگ خاک ہے
دیکھو دیوانون کی اپنے اے پری آوارگی گرد آلودہ جو دامن ہے گریبان چاک ہے
کیا وہان ہو مجھسے صید ناتوان کی منفعت بال شاہین جسکا تانگ رشتہ فتراک ہے
تحفہ انگیز اُنکے سر کا جو ترا ہے بلا مشک و عنبر جسکے کوچے کا خس و خاشاک ہے
کیا خدا جانے تری آنکھون نے جادو کر دیا بلکہ دیوانہ ترا تجھسے بہت غمناک ہے

لطف پائینگے نہ وہ کچھ مرے دیوان مین کبھی

۳۳۶

یارب کریم مہر کردے ویرانہ کو میرے شہر کردے
دے سم کو مرے خواص تریاق تریاق عدو کو زہر کردے
دنیا ترے منہ مین خاک بھردے پامال تجھے سپہر کردے
حاسد تجھے بغض بے سبب سے مغلوب خدا کا قہر کردے

آجاے زمانہ موافق
آباد فدا کو دہر کردے

۳۳۷

خالق تجھے شادکام رکھے باعیش وطرب مدام رکھے
رکھے تجھے سرفراز دوران گردون کو ترے بکام رکھے
اقبال سکندری دے تجھکو زندہ بصد احتشام رکھے
دولت ہو حرم کی جو پرستار منصب کو ترا غلام رکھے
مالک تری ذات سے ہمیشہ صحت کا خود انتظام رکھے
ہر درد کو رکھے دور تجھسے آرام کو تیرا رام رکھے
جب تک ہے جہان جہان مین دائم خالق تجھے نیکنام رکھے
برباد کرے ترے عدو کو آباد تجھے دوام رکھے
پیوستہ ترے وجود کے ساتھ صد امن کا انضمام رکھے
بخشے ترے مرتبہ کو معراج برتر ترا ہر مقام رکھے
دلوادے مجھے صلہ دعا کا حاصل ترا رب مرام رکھے
ہو عیش ابد حلال تجھکو ہر نجم کو مگر حرام رکھے

گلبن رنگ رہے باغ جہان مین سرسبز
غنچۂ شرم سے زیبا تری دستار رہے

تیری ہر بات جہان مین ہے مانند نبات
بسکہ مقبول خلایق تری گفتار رہے

مطمئن ایسا خدا تجھکو جہان مین کردے
کوئی کھٹکا نہ کسی نیچ کا زنہار رہے

شادمانی رہے تیرے در دولت کی کنیز
کامرانی تری ڈیوڑھی کی پرستار رہے

ترے حاسد ترے گھوڑے کے جلو مین دوڑین
سر بسر اعدا کے ہمیشہ تری پیزار رہے

جا بجا تیری دعا مین رہین مصروف مدام
بیخبر تجھسے نہ کوئی کہین ہشیار رہے

ای فدا میری دعا ہے یہ خدا سے کہ ترا
یاور اقبال رہے بخت بھی بیدار رہے

۲۳۵

تیرے دیوانے ہین آوارہ بیابان مین کبھی
پا بزنجیر نظر بند ہین زندان مین کبھی

عمر بھر دشت جنون مین مین رہا آوارہ
گذرا اپنا نہوا کوچۂ جانان مین کبھی

اسی حسرت مین سدا ہونٹ چبایا اپنے
دانت میرا نہ لگا سیب زنخدان مین کبھی

مجھکو دنیا مین رہی خاک تیمم روزی
قدح مے نہ پیا بزم حریفان مین کبھی

مجھکو جلنے کے لیے حق نے کیا تھا پیدا
خشکی مین نے نہ پائی دل سوزان مین کبھی

دشت مین دیو جنون سے رہی صحبت میری
بھائے مجھکو نہ ملی مجلس پریان مین کبھی

اسی سودا مین رہا چاک گریبان اپنا
نقد مقصود نہ آیا مرے دامان مین کبھی

کسی بندہ کو نہ دکھلائے خدا روز سیاہ
دل دشمن نہ پھنسے زلف پریشان مین کبھی

داغ حسن دل مین نہین کلبۂ تیرہ ہے مگر
روشنی ہوتی نہین خانۂ ویران مین کبھی

دہن یار مگر حسن سے روشن پایا
روشنی دیکھی نہ تھی شمع شبستان مین کبھی

ای فدا جنکے نہ دل پر کوئی صدمہ ہوگا

لطف پائینگے نہ وہ کچھ مرے دیوان مین کبھی

۳۳۶

یارب کریم مہر کردے ویرانہ کو میرے شہر کردے
دے سم کو مرے خواص تریاق تریاق عدو کو زہر کردے
دنیا ترے منھ مین خاک بھردے پامال تجھے سپہر کردے
حاسد تجھے بغض بے سبب سے مغلوب خدا کا قہر کردے

آجاے زمانہ موافق
آباد فدا کو دہر کردے

۳۳۷

خالق تجھے شاد کام رکھے باعیش وطرب مدام رکھے
رکھے تجھے سرفراز دوران گردون کو ترے بکام رکھے
اقبال سکندری دے تجھکو زندہ بصد احتشام رکھے
دولت ہو حرم کی جو پرستار منصب کو ترا غلام رکھے
مالک تری ذات سے ہمیشہ صحت کا خود انتظام رکھے
ہر درد کو رکھے دور تجھسے آرام کو تیرا رام رکھے
جب تک ہو جہان جہان مین دائم خالق تجھے نیکنام رکھے
برباد کرے ترے عدو کو آباد تجھے دوام رکھے
پیوستہ ترے وجود کے ساتھ صد امن کا انتظام رکھے
بخشے ترے مرتبہ کو معراج برتر ترا ہر مقام رکھے
دلوادے مجھے صلہ دعا کا حاصل ترا رب مرام رکھے
ہو عیش ابد حلال تجھکو ہر غم کو مگر حرام رکھے

گلبن رنگ رہے باغ جہان مین سبز
غنچہ شرم سے زیبا تری دستار رہے

تیری ہر بات جہان مین رہے مانند نبات
بسکہ مقبول خلایق تری گفتار رہے

مطمئن ایسا خدا تجھکو جہان مین کردے
کوئی کھٹکا نہ کسی نہج کا زنہار رہے

شادمانی رہے تیرے در دولت کی کنیز
کامرانی تری ڈیوڑھی کی پرستار رہے

ترے حاسد ترے گھوڑے کے جلو مین دوڑین
سر بسر اعدا کے ہمیشہ تری پیزار رہے

جا بجا تیری دعا مین رہین مصروف مدام
بیخبر تجھسے نہ کوئی کہین ہشیار رہے

ای فدا میری دعا ہے یہ خدا سے کہ ترا
یار و اقبال رہے بخت بھی بیدار رہے

۲۳۵

تیرے دیوانے ہین آوارہ بیابان مین کبھی
پا بزنجیر نظر بند ہین زندان مین کبھی

عمر بھر دشت جنون مین مین رہا آوارہ
گذرا اپنا نہوا کوچہ جانان مین کبھی

اسی حسرت مین سدا ہونٹ چباتے اپنے
دانت میرا نہ لگا سیب زنخدان مین کبھی

مجھکو دنیا مین رہی خاک نیم روزی
قدح مے نہ پیا بزم حریفان مین کبھی

مجھکو جلنے کے لیے حق نے کیا تھا پیدا
خنکی مین نے نہ پائی دل سوزان مین کبھی

دشت مین دیو جنون سے رہی صحبت میری
بھائے مجھکو نہ ملی مجلس پریان مین کبھی

اسی سودا مین رہا چاک گریبان اپنا
نقد مقصود نہ آیا مرے دامان مین کبھی

کسی بندہ کو نہ دکھلائے خدا روز سیاہ
دل دشمن نہ پھنسے زلف پریشان مین کبھی

داغ جس دل مین نہین کلبہ تیرہ ہے مگر
روشنی ہوتی نہین خانہ ویران مین کبھی

دہن یار مگر حسن سے روشن پایا
روشنی دیکھی نہ تھی شمہ حیوان مین کبھی

ای فدا جسکے نہ دل پر کوئی صدمہ ہوگا

بسو دایت دل و دین رفته از دست — بیا وُ بین که مجنونم کجائی
مرا دوریست هر نگ حضوری — اگر از جان تو مقرونم کجائی
بجای شکوه شکرت برگزارم — بیا اے جان که ممنونم کجائی

فدا در هجر تو دم مے شمارد
بت صد ناز مشحونم کجائی

۳۲۳

نه بیکار آه سحر جائیگی — مگر اپنی تاثیر کر جائیگی
کسیدن مین جاسوز گا گور مین — مگر میری حسرت کدھر جائیگی
مین سودائی زلف ہون جانے خاک — مری گور عنبر سے بھر جائیگی
مری بات بگڑی ہوئی عنقریب — خدا کے کرم سے سنور جائیگی
ترا کھوٹا ہی نقد صوم و صلوة — نہ دل سے اگر جب نذر جائیگی
مگر نا امیدی مین انجام کار — تمنائے دل میری مر جائیگی
جوانی پہ ریا نہین ہی غرور — یہ ندی کسیدن اوتر جائیگی
لگا دیگی گھر مین رقیبون کے آگ — مری آہ کیا بے اثر جائیگی

مری عمر فرقت مین جون توں فدا
گذرتے گذرتے گذر جائیگی

۳۲۴

دور ایام ہمیشہ جو ترا یار رہے — آسمان بھی ترے منصب کا مددگار رہے
ہمہ عالم ترے سودے کا خریدار رہے — گرم دنیا مین ہمیشہ ترا بازار رہے
گل تازہ جو رہے تیرے مواخواہ کا دل — سینہ بدخواہ کا پیوستہ پر از خار رہے
تجھسے منھ موڑے جو دنیا مین برائے نخوت — اُسکو لقوہ کا مہیا سدا آزار رہے

۳۳۰

عرش و کرسی سے نمودار ہی عزت تیری
کب بیان بندہ سے ہو سکتی ہی عظمت تیری

کارساز ہمہ عالم ہی عنایت تیری
جملہ مخلوق ہی محتاج اعانت تیری

ہین ہون دیوانہ ترا کچھ نہین پروا کفن
ڈھانپ لیگی دم مردن مجھے رحمت تیری

آئنہ خانہ ترے جلوہ کا گویا ہی جہان
ہی جو آنکھون مین سمائی ہوئی صورت تیری

کونسی شی ہی نہین ہی جو مہیا مجھکو
سب مرے گھر مین ہی بخشی ہوئی دولت تیری

جان دی درد دیا دین دیا ایمان دیا
ایک سے ایک سوا گویا ہی نعمت تیری

تیرے نزدیک جو بہتر ہی وہی بہتر ہی
خالی از لطف نہین ہی کوئی حکمت تیری

یا الٰہی کسی مجرم کو نہو یاس و ہراس
بخشدینا ہی گنہگارون کا عادت تیری

گوشۂ گور کیا مجھکو کنار مادر
یہ سیہ کار فدا اور یہ شفقت تیری

۳۳۱

دنیا مین بیشتر غم و اندوہ و رنج ہی
ماتمکدہ مگر یہ سرائے سپنج ہی

طالب خدا کے خاص بہت کم ہین آجکل
ہر خرقہ پوش گرسنہ مال و گنج ہی

گویا ہی وہ حیات ابد سے نصیب ور
فکر بلند سے جو یہان نکتہ سنج ہی

کم شیر اور شکر سے نہین ہی معانقہ
ایجان حسن تیرا جو خوان برنج ہی

میرے نصیب بد مین کہان ہی فدا شراب
نایاب میری جان کے لیے جام بنج ہی

۲۳۲

فروغ چشم پرخونم کجائی
قرار جان محزونم کجائی

ز حالی من چنین غافل چرائی
نمی پرسی ز من چونم کجائی

بگرداب بلا بے تو اسیرم
کجائی در کمینونم کجائی

۳۲۷

یارب ترے کرم سے فدا کا نباہ ہی

فقط ثمرہ سے نہ چھاتی مری فگار ہوئی
نگاہ بھی تری کافر جگر کے پار ہوئی

غضب مین ڈالا مجھے تیری مانگ چوٹی نے
بلائے جان نہ فقط زلف تابدار ہوئی

جنون کا جوش سخن سے ہی ولولہ انگیز
ہماری فکر رسا موسم بہار ہوئی

تمام ریختہ کو ریختہ بنایا ہی
بنائے شعر مگر مجھسے پائدار ہوئی

سنگار کرکے جو نکلے وہ عید قربان کو
فدا ے خستہ کی جان حزین نثار ہوئی

۳۲۸

حق تعالی تجھے دنیا مین سلامت رکھے
عمر صد سالہ بصد عیش کرامت رکھے

تیری اوقات کو مشمول سعادت رکھے
شامل حال عدو نکبت و شامت رکھے

تیرے احباب رہین مورد تحسین زمان
تیرے اعدا پہ فلک طعن ملامت رکھے

تیرے خدام ہمیشہ رہین ارباب نشاط
بزم رنگین کو ترے گرم کلامت رکھے

دیندار ان جہان مین تجھے رکھے ممتاز
تیرے اسلام کو ہم جنب امامت رکھے

رکھے ہنگامہ شادی ترے گھر مین خالق
خانہ خصم مین برپا جو قیامت ہو رکھے

ہی فدا کی یہ دعا حکم خدا سے تیری
پاسبان امن کا ڈیوڑھی پہ اقامت رکھے

۳۲۹

تیرے احباب پہ حق چشم عنایت رکھے
سب عزیزون کو تہ ظل حمایت رکھے

تیرے اعدا کو رہے ذلت دارین نصیب
حاسدون کو ترے پامال ملامت رکھے

ای فدا جملہ اغراض ترے آباد رہین
حق دعا کو ترے مقرون اجابت رکھے

وصل جانان فدا نصیب ہوئی

۳۲۵

ذرہ ذرہ سے نمودار ہی صنعت تیری
کونسی شی ہی کہ جسمین نہین قدرت تیری

کفر و دین سے ہی کسیکے نہ تجھے کچھ پروا
عام احسان ہر آئینہ ہی عادت تیری

ہی نگہبان خلائق جو حفاظت تیری
ساتھ بندہ کے ہی ہر وقت حمایت تیری

ہمکو امید قوی ہی کہ یہان اور وہان
کبھی مایوس نہ چھوڑیگی عنایت تیری

کامیابان دو عالم مین لکھا جاؤنگا
ملگئی کاش کسی وقت جو صحبت تیری

اپنی آتش مین مگر آپ جلے گا دوزخ
گر اسی درجہ ہی مالک مرے رحمت تیری

چشم بینا ترے جلوہ سے اگر ہی معمور
رونما صورت کثرت سے ہی وحدت تیری

محض بے مرد طلبگار ہی منصب کا مگر
کچھ فدا سے تو نہ بن آئی ہی خدمت تیری

۳۲۶

جسکی تری نگاہ کرم پر نگاہ ہی
پابوس اوسکے حال کی شان رفاہ ہی

ایجان ترے فراق مین حالت تباہ ہی
کیا رات ہی دراز کہ دن بھی سیاہ ہی

سودا مین جسکے شیخ کا جبہ ہی چاک چاک
کیا آفت جہان وہ بت کج کلاہ ہی

ہر گام گام پر خطر جان ہی عشق مین
بیٹھر جو دشت ہی تو بہت ٹیڑھی راہ ہی

مین ہون جہان مین حسن کی دولت کا خواستگا
حرص حشم مجھے نہ تمنائے جاہ ہی

یارب خدنگ حادثۂ دہر سے امان
گویا سپر مرے لیے تیری پناہ ہی

دربار فیض گویا ہی دیوان بازپرس
حضرت وزیر اور خدا بادشاہ ہی

شادی ہی اسکو جسکے کہ وہ بت بغل مین ہی
میرے عدو کے گھر مین ہمیشہ بیاہ ہی

کوئی کسی طرح کی لیاقت نہین اسے

ذہن ناقص مین ہی تیرے کیا خیال خام عیش
اے فدا تیرے لیے رنج والم موجود ہی

۳۲۲

یہ درد و تپان سبھی بلا ہی — غم میرے جگر کو کھا گیا ہی
فانی ہی تمام کارخانہ — دنیا سبھی بے ثبات جا ہی

یعنی ہو فدا بخیر انجام
ہر وقت مری یہی دعا ہی

۳۲۳

اک دل سے فقط نہ داغ پائے — آنکھون نے ہزار دکھ دکھائے
پائون پہ سر نیاز رکھا — کافر ترے ناز بھی اٹھائے
لیکن نہ خدا کو تو نے مانا — مانا نہ بغیر دل دکھائے
میرے ہی جلانے کو خدا نے — دنیا مین یہ شعلہ رو بنائے
حیران رہے اولیا و اقطاب — یارب ترے راز کہنے پائے
یارب ترے نکتہ ہائے اسرار — جبریل کی فہم مین نہ آئے

ہر چند فدا بسے بگشتم
آسودگی یافتم نہ جائے

۳۲۴

فکر دنیا و دین مین جریب ہوئی — عقل میری مجھے ادیب ہوئی
گو یا ہر درد سے شفا بخشی — مرگ میرے لیے طبیب ہوئی
سخت ماتم کی جا ہی سالگرہ — زندگی سے اجل قریب ہوئی
ہوگی خندہ کی یہ دعا مقبول — مہر تیری جو یا مجیب ہوئی

مین وہ فرقت زدہ ہون کب مجھکو

ایسی قسمت مری کیا ہی جو ترا بوسہ لون
مغتنم ہی ترے منہ سے جو مین سُن لون گالی

امتحانًا مری کنجی کو ملا کر دیکھو
نہین ہی ساتھ جو تالے کے تمھارے تالی

ایسے جینے سے تو مرنا ہی بعد جان بہتر
کیون نہ مین نے کبھی اس غصہ پہ انگوٹھی چھالی

کسی حالت مین نہین چاہیے کچھ بیش و عراس
محض بیجا ہی تردد جو خدا ہی والی

کھیل لو بازی شطرنج جوانی مین کوئی
اتفاقًا ہی جو اغیار سے صحبت خالی

پیٹ بھر کے مجھے دشنام مغلظ دے لو
ہی سہالی مرے جان کو ترے منہ کی گالی

مرگ مسکین مجھے روز رہی ہو دنیا مین فدا
للہ الحمد کہ رو غم حسرت پالی

۳۲۱

کیون نہو مجمر سخن کف مین قلم موجود ہی
فکر مین مضمون تازہ دمبدم موجود ہی

تجھکو دنیا مین اگر ناز و نعم موجود ہی
میری جان کے بھی لیے رنج و الم موجود ہی

زندگی تلخ تر سے اسقدر آیا ہون تنگ
جیب مین ہاتھ ذرہ ہر وقت سم موجود ہی

ای صنم روز ازل جو لکھ گیا مٹتا نہین
عیش و راحت نہ تجھکو مجھکو رنج و غم موجود ہی

ایک ہم ہین جنکے پہلو مین جگر ہی پاش پاش
ایک وہ ہین جنکے بر مین وہ صنم موجود ہی

لیگیا دنیا سے کوئی کچھ نہ حسرت کے سوا
مر گیا شہ اور گلزار ارم موجود ہی

چار دن کی چاندنی تھی تیرا جانا یہان
پھر وہی مین اور مرا بخت ستم موجود ہی

ہی مگر کار نمایان باعث نام و نشان
مر گیا جمشید لیکن جام جم موجود ہی

ایکدن سونا ہی تنہا بیکسانہ زیر خاک
آج دنیا مین تجھے جاہ و حشم موجود ہی

تھا جوانی مین جنون پیری مین خود گم ہی
اک نہ اک میرے لیے ہر سنہ غم موجود ہی

کیون ہین یہ اہل زمین روئے زمین پر بیخطر
چرخ کا جنکے لیے جور و ستم موجود ہی

چارہ گر مرگ پہ موقوف ہی صحت میری — تپ کہنہ ہی مری جان کو کلفت میری
کردی اوس بت نے نجس گویا طہارت میری — کھل گئی عشق مجازی مین حقیقت میری
ہوگئی تلخ مگر جملہ غدو بت میری — چھین لی کس بت مینخوار نے نعمت میری
چاہ نے تیری صنم مجھکو کیا ہی رسوا — کر کری ہوگئی ہی شان مشیخت میری
حسن لیلی سے نہین کم ہی مرا جوش جنون — مجنون انسان کو بنا دیتی ہی صحبت میری
روبندہ ہون خرید ار خدا ہی میرا — پوچھیے بروز حق سے قیمت میری
آبرو سے مری آگاہ ہین خاصان خدا — پیش پاکان ازل گویا ہی غرت میری
تو ہی آگاہ مرے صدمۂ جان سے یارب — کسکو معلوم وگرنہ ہی یہ زحمت میری
یہ وہ افسانہ ہی جس سے دل سامع پھٹجائے — پوچھ کچھ مجھسے نہ حرمان کی حکایت میری
دور کر دور مری زحمت و بیماری کو — یا الٰہی ہی ترے ہاتھ مین صحت میری

چشم کوران جہان مین ہون فدا ہین ناچیز
قدر سب جانتے ہین اہل بصیرت میری

۳۲۰

اُس سے رہجاے صدا افسوس مے پیمانہ خالی — خالی از زر محبت نہین جسکی گالی
جان مری زر گر کافر نے بلا مین ڈالی — کیا بنا گوش مین اُس شوخ کے ڈالی بالی
ای پیر و ترے جوبن کی خدا خیر کرے — نوجوانی سے جو نیت ہی تری متوالی
نقد دل ہار گیا ہون مین تماشے مین ترے — ہولی ایجان تری مجھکو ہوئی دیوالی
جان عشاق کو ہی ماتم تازہ بر پا — تو نے پہنی ہی محرم مین جو انگیا کالی
مجھکو ہیرے کی کنی ہی ترے دانتونکی چمک — ٹکڑے کرتی ہی جگر کو جو لبون کی لالی
طائر جان ہی کہ انگیا مین ہی چھپا تیری — جال ہی جسکو کہ تم کہتے ہو ایجان جالی

کیا کیا نہ سوز دل سے نکلتے ہین شعر گرم
افسردگی مین شعلہ زبانی نہین گئی

یارب مرے قصور و خطا عفو کیجیے
کچھ بات تیری مجھسے تو مانی نہین گئی

پیری سے آبرو نہ تبون مین رہی ذرا
غربت گئی ہے میری جوانی نہین گئی

قائم ہے نوجوانی فلک کہن ہنوز
پیری مین میری شوخ بیانی نہین گئی

ہر چند دہر نے مجھے خستہ کیا فدا
لیکن مزاج سے ترے خانی نہین گئی

۳۱۷
اُس بت کے غم سے بد و جوانی مین لٹ گئے
پورے نہونے پائے ابھی ہم کہ گھٹ گئے

دل دیکے میری جان کی کیا خاک خیر ہو
اس غم مین یار لوگ بہتیرے پٹ گئے

اُس نوجوان کے عشق نے دیوانہ کردیا
مانند پیر ہم بھی جوانی مین لٹ گئے

معلوم جس سے ہو کہ سراپا حجاب ہین
کیا کیا نہ دیکھتے ہی مرے وہ سمٹ گئے

جو رنج تمھارے وطن مین وہی ہے فدا ہنوز
غربت مین کیا نصیب ہمارے پلٹ گئے

۳۱۸
عمر سب غم مین ترے گذر رہی ہے بیحیا میری
حاصل ایجان نہوئی کوئی تمنا میری

یاد کر کر اب اُس ایام کو سر دھنتا ہون
وہ ترا کہنا موے پھٹ گئی انگیا میری

مار کر دیکھیے شاید مرا اچھا ہو رے
دشمن جان ہے تری زلف چلیپا میری

انتہا درجہ پہ پہونچی ہے مری بے چینی
اب تو سن لینا کوئی آہ خدایا میری

کیا کسی جلوہ سے ہے خلوت تنہا روشن
رشک صد صبح فدا ہے شب یلدا میری

۳۱۹
زندگی مین نہ برآئی کوئی حسرت میری
تا دم مرگ نہ بدلی کبھی قسمت میری

۳۱۴

کب غمزدون کو بازی طفلان نصیب ہی — چھیڑی مری حوالہ بید ادیب ہی
دوری زدہ جہان مین ترا یہ غریب ہی — حسرت مرے قریب ہی حرمان نصیب ہی
روز حساب کون کسیکا ہی داورا — یا بیکسون کا تو ہی کہ تیرا حبیب ہی
دشوار کیا ہی میرے مرض کا معالجہ — تو چارہ گر ہی اور تری رحمت طبیب ہی
کیونکر پسند خاطر ادباش دہر ہو — میرا کلام قابل درس خطیب ہی
لایا ہی شوق دید ترا بہر سوختن — آتش کدہ مرے لیے بزم رقیب ہی

۳۱۵

ہر رشک گل کا ہی بدل جان فرنفیتہ — باغ جہان مین گویا فدا عندلیب ہی

اس درد کی خبر نہ کسی آشنا کو ہی — جو درد ہجر جان حزین فدا کو ہی
حسرت کو آشتی ہی مرے کام جان کے ساتھ — حرمان سے ارتباط جو ہر مدعا کو ہی
کیا ہی امید زندگی ایسے مریض کی — جسکے طبیب پاس نہ کوڑی دوا کو ہی
مین اور تمھارے وصل کی درخواست اے صنم — بندہ کی کیا مجال ہی قدرت خدا کو ہی
مین ہون غنی بہ نفس تو نگر ہی تو بیان — مسند پہ تیرے فوق مرے بوریا کو ہی
نزدیک ہی مدد سے تری منزل بعید — گو تاب نیم گام نہ بیدست و پا کو ہی

۳۱۶

ہی اے فدا عطش کو مہیا شراب درد
موجود تو یہان جو تری اشتہا کو ہی

۳۱۷

پیری مین میری بوے جوانی نہین گئی — اُس غیرت سمن کی کہانی نہین گئی
حسرت کا بوجھ دل سے موے پر نہ کم ہوا — لاش نزار سے جو گرانی نہین گئی
تازہ ہی داغ دل جو بدستور گور مین — بعد از فنا بھی غم کی نشانی نہین گئی
میری دکان عمر سے باوصف کہنگی — اب تک متاع سوختہ جانی نہین گئی

فکر سخن کا اب نہ فدا کو دماغ ہی

۳۱۲

زاہد نماز غیر حضوری حرام ہی
بیفائدہ ترا یہ قعود و قیام ہی

دل جمع ہی تو کچھ نہ جماعت سے کام ہی
مسجد ہی تیری ذات تری جان امام ہی

تجھکو حضور قلب جو حاصل دوام ہی
ہر فعل تیرا گویا قعود اور قیام ہی

دل کا بھی پاک کرنا رہا ہے ہی پر ضرور
واعظ تری زبان پہ خدا کا کلام ہی

ہجران مین ہر سحر ہی ورے روز مرگ سے
ظلمات گور سے جو پرے وقت شام ہی

کافر فسانۂ غم ہجران ہوا نہ ختم
انجام کار آپ مرا قصہ تمام ہی

کیفیت وصال ہی حاصل فراق مین
رنج مہاجرت نہ گلہ کا مقام ہی

ہی مایۂ خسارہ دارین انکی چاہ
اصنام بیوفا کو ہمارا سلام ہی

اقبال حسن نے تجھے محمود کر دیا
مثل ایاز تیرا زمانہ غلام ہی

مومن لکھا گیا ہون خدا کی کتاب مین
جب سے کہ بت پرست فدا میرا نام ہی

۳۱۳

کیا نوجوانی اپنی الم مین گذر گئی
سب عمر میری ماتم و غم مین گذر گئی

یارون سے وقت رنج و مصیبت نہ کٹ سکا
فرصت زمان عیش کی دم مین گذر گئی

بے مہر کو نہ خوف خدا کا ہوا کبھی
عمر سپہر مشق ستم مین گذر گئی

قیس غرین کے ساتھ نہ ایسی بسر ہوئی
اوقات عشق جیسی کہ ہم مین گذر گئی

بایانہ لطف خواب جوانی مین ایکدم
سب رات میری دیدۂ نم مین گذر گئی

اک ہم ہین اے فدا کہ گئی عمر ہجر مین
اک وہ ہین جنکی وصل صنم مین گذر گئی

ہرگز ندے ہاتھ سے فدا صبر
یہ غم ترا گویا امتحان ہی

۳۰۹

گویا ہی صور سرافیل کہانی میری — دن قیامت کے برابر ہی جوانی میری
ارث داداکی ملی ہی مجھے غم کی دولت — کچھ نئی تو نہین مایا ہی پرانی میری

آنکا چھلا تو مرے پاس فدا ہی لیکن
پاس آنکے نہی کوئی نشانی میری

۳۱۰

دنیا ہی محض ہیچ ہر اک چیز خام ہی — پکی ہی تیری یاد سدا تیرا نام ہی
کافر کو کسنے گھونگرو پہنائے رقص مین — بزم طرب مین آفت صد قتل عام ہی

حکام دنیوی کی خوشامد نکر فدا
مالک ہی تیرا کون تو کسکا غلام ہی

۳۱۱

کب مجھکو اپنے رنج درون سے فراغ ہی — دیکھو جگر مین درد ہی سینے مین داغ ہی
ویرانہ مین تمام جوانی گذر گئی — پیری مین کسکو سیر چمن کا دماغ ہی
قرطاغم فراق سے خون ہی مرا جگر — گلشن کدہ مرے لیے ہر رنگ زاغ ہی
آیا ہوا جو دام سے شاہین نکل گیا — اب ہنس بھی نظر مین مری مثل زاغ ہی
بزم سخن ہی میرے سخن سے فروغناک — جو شعر تر ہی گویا وہ روشن چراغ ہی
شیشہ گلاب پاس لحد ہی فراق مین — اے جان مجھے پیالۂ ماتم ایاغ ہی
قاتل تری جفا بھی سراپا ہی خوش ادا — رشک قد و تیری کمان کا کلاغ ہی
کس شعلہ رو کو دیکھا تھا مطبخ مین کل کی رات — مجھکو تو اب تمام زنانہ اوجاغ ہی

مارا غم فراق نے ایسا غریب کو

یہ شب ہی شبِ فراق نادان — کاٹے نہ کٹے گی سخت تر ہی

خالق وہ کریم ہی خدایا
جب تیری خطا سے درگذر ہی

۳۰۹

کب وہ بُت شوخ مہربان ہی — ناحق مرا نالہ و فغان ہی
لب خشک ہین چشم خون فشان ہی — ظاہر مری سوزشِ نہان ہی
ایجان مین یہان ہون زندہ در گور — معلوم نہین کہ تو کہان ہی
رکھا مجھے عمر بھر پریشان — دشمن مرا در آسمان ہی
کرتا ہی بپا ہزار کہرام — یہ عشق بھی مرگ ناگہان ہی
روزی نہ خدا کرے کسیکو — یہ درد بتان بلائے جان ہی
باقی رمق حیات ہی کچھ — ورنہ ترے غم مین جان کہان ہی
کیونکر ترے درد کو چھپاؤن — زردی مرے رنگ کی عیان ہی
مین گویا ہون عندلیب شیدا — کوچہ ترا مجھکو بوستان ہی
جب سے کسی زلف کا ہی سودا — سو پیچ مین جان ناتوان ہی
معذور رہون مین بیان غم سے — جو ظرف مین ہی مرے چکان ہی
سینے مین جو داغہائے غم ہین — مجھکو بھی سیر گلستان ہی
اک عمر جلا ہون سوز غم مین — دوزخ مری جان کو جہان ہی
مین سوختہ بخت ہون وہ بلبل — گلخن مری جائے آشیان ہی
کافر کی نگاہ ہی جو نیزہ — ہر موی مژہ مگر سنان ہی
مشاطہ ہی اوس پری سے ظالم — صیاد ہے سخت باغبان ہی

ہیچ ترا ہی خدا نظر آئی
سب یہ دنیا کی کائنات مجھے

۳۰۷

مجروح مرا دل و جگر ہی — کسکو مرے حال سے خبر ہی
ناحق ہی سپہر کی خرابی — کب آہ مین تیرے کچھ اثر ہی
ظاہر ہی مرا غم نہانی — لب خشک ہین اور چشم تر ہی
آرے غم یار کھا مرا خون — موجود یہان بھی ماحضر ہی
قدمون سے جو یار کے جدا ہی — اک بار ہی دوش پر نہ سر ہی
ہی میرے کنار دست محتاج — زر گویا وہ شوخ سیمبر ہی
کر توشۂ راحلہ کا سامان — در پیش بہت بڑا سفر ہی
تنہا مین یہان سے چلدیا ہون — سامان سفر خدا کے گھر ہی
جو تو بھی خبر نہ لے تو کیا ہو — بندہ ترا تجھسے بیخبر ہی
خاوند سے اپنے موڑ کر منھ — سرگشتہ غلام دربدر ہی
مالک کوئی کیا نہین ہی گھر کا — گھر مین ترے جو یہ شور و شر ہی
کیون کاخ بلند پر ہی نازان — نادان ترا زیر خاک گھر ہی
کیون رات مین ہو رہا ہی اندھا — بینا ہو لہ آمد سحر ہی
غافل نہو اہی غریب تنہا — آگے ترے راہ پر خطر ہی
مجھسے بھی سیاہ رو کو یارب — ہر دم تری مہر پر نظر ہی
کس بت پہ فریفتہ ہوا دل — جسکو کہ خدا کا کچھ نہ ڈر ہی
آسان نہین ہی دل لگانا — یہ باب مقام الحذر ہی

پکڑا نہ گیا چور مرے زخم جگر کا
جراح نے گو کام کیا فن عمس سے

ای جان فدا دور کا ملنا تو نہ چھوڑو
در گذر اغلام آپ کے بوسہ کی ہوس سے

۳۰۳
طالب ترا غم مین مبتلا ہی
پر وردہ ناز صد بلا ہی
در پردہ ہی درد دل کا اظہار
حیلہ مجھے فکر شعر کا ہی

حاصل ہو بحرمت پیمبر
یارب جو فدا کی التجا ہی

۳۰۴
غم مین ترے بیتاب و سراسیمہ فدا ہی
بے مہر مرے حال پہ اب رحم کی جا ہی
کیونکر نہ بنت کافر ترا بیمار ہو جان بر
کھانے کو غذا کچھ ہی نہ پینے کو دوا ہی

مولد ہی دبائی مرا مسکن ہی علی گڈھ
مدفن جو خدا چاہے مدینہ مین فدا ہی

۳۰۵
مجھے یہ شکوہ حرمان بجا ہی
ترے پیچے گذری ہی سب عمر میری
مری قسمت مین غم کھانا لکھا ہی
مرے اس حال کا دانا خدا ہی

خدا سے لو لگا کر ترک دنیا
فدا یہ کارخانہ سب فنا ہی

۳۰۶
ہوش نہین آتی کوئی بات مجھے
اپنے غم سے نہین نجات مجھے
اٹھ گیا پردہ دوئی جب سے
خبر دکل سب ہی ایک ذات مجھے
بوسہ لطف سے بہرہ یاب کرو
حسن کی اپنے دو زکات مجھے
کردے دشنام ہی سے شیرین کام
تیری ہر بات ہی نبات مجھے

۲۹۹
ہر روز نقشے نئے ہین اس گھر کے — اب وہ عالم نہین جو تھا ہر کے
خوش نہو اور حرام خوار اصلا — ظلم کا مال جمع کر کر کے
ہی بُرے کام کا مآل بُرا — ڈوبتا ہی سدا اگھر ابھر کے
ظلمت گور ہی زفاف کی رات — وصل حاصل ہوا مجھے مر کے

قیس و فرہاد اور فدا یارب
بندۂ خاص ہین ترے در کے

۳۰۰
شان سفاکی مین کیا نسبت اسے چنگیز سے — ہی بلا کو منفعل اس قاتل خونریز سے
داغ یہ کسکے انار سینہ کے سینہ مین ہین — میری آہ آتشین بھی کم نہین گلریز سے
مر گیا ہون مین تری چوٹی کو کافر دیکھکر — کردے زندہ نکہت گیسوے عنبر بیز سے
اصل کیا شمشیر بُران کی ہی اوسکے روبرو — برق کٹ کٹ جاتی ہی تیری نگاہ تیز سے

میری اس بیتابی دل کو ہر آئینہ فدا
کچھ تشفی ہوتی ہی اشعار درد آمیز سے

۳۰۱
ملک اموت کی اب حسرت پابوسی ہی — ہاے کس درجہ مری جان کو ہایوسی ہی
ڈھونڈھتا پھرتا ہون جو نقش قدم کو اونکے — بدگمانی مری کیا عہدۂ جاسوسی ہی

مشک و افغر کی سیاہی سے لکھا ہی دیوان
ہر ورق مین جو فدا یار ترے خوشبو سی ہی

۳۰۲
باہر ہی مرا چارہ مسیحا ترے بس سے — دل مین مرے اک درد ہی چالیس برس سے
دانہ کی نہ پانی کی خبر ہی — آزاد ہی کردے مجھے صیاد قفس سے
صادق ہی مگر قیس و لیلی کا محوا — نالہ جو ترا کم نہین کچھ بانگ جرس سے

جان اپنی نواے فدا دیدے

۲۹۶

سوز جگر کی شیب مین مئی خراب ہی — ناحق تبون کے غم مین کلیجا کباب ہی
جسکی ہی جو طلب وہ مہیا شتاب ہی — بندون پہ رحم عام ترا بے حساب ہی
سب کچھ دیا ہی سبکو علی قدر حوصلہ — کیا بندگان نواز خدا کی جناب مین
ہر شعر مین بہار نصیحت ہی جلوہ گر — جو ہی غزل مری وہ گلستان کا باب ہی

گویا ہی جوش گریہ جو فکر رسا مری
دیوان فدا مرا مرے غم کی کتاب ہی

۲۹۷

دل مین ہین سوز شین نفس زار سرد ہی — سینے مین گھاؤ ہین تو کلیجے مین درد ہی
درد درون ہی صاف مری شکل سے عیان — لب خشک اور چہرۂ پژمردہ زرد ہی
تکیہ ہی تیرا پایۂ کرسی کا زیب و زین — مہتاب عرش بھی ترے مسند کی گرد ہی
نعت نبیؐ ہین کان زر سرد ہی ہر غزل — جوہر ہی گویا جو مرے دیوان کی فرد ہی

پیری مین کام دل کا زمانہ نہین رہا
ناحق نصیب کم سے فدا اب نبرد ہی

۲۹۸

دنیاے دون سے بجھکو تمنا وفا کی ہی — ہان ایسے بدعقیدہ پہ لعنت خدا کی ہی
دنیا کبھی نہ دوست کسی آشنا کی ہی — خو محبگی قدیم سے اس بیوفا کی ہی
جعد سیہ کا بار بھی ہی راہزن مرا — اک مار مجھپہ زلف دوتا کی ہی
داڑھی بڑھانے سے کہین کچھ عیب چھپ گئے — دنیا مین دھوم شیخ کے مکر و ریا کی ہی

غوغاے جعد عنبرین خاموش ہی فدا
یہ دھوم خلق مین تری فکر رسا کی ہی

وہی کچھ نعمت دارین سے ہو الامال
یاد سے تیرے نہین جسکا کوئی دم خالی
رحم سے شافع محشر کا جو دل بھر آیا
ہوگیا اہل جہنم سے جہنم خالی

ہو فدا ذات مین میری نہ کوئی نام کی بات
ہو نگینہ سے مقرر مری خاتم خالی

۲۹۴

گوشہ البتہ ہو اک میری بغل کا خالی
ورنہ جانان سے نہین کوئی کہین جا خالی
رہ گئی میری بغل کیسی خدایا خالی
نہین ہیں پیمبرون سے تری دنیا خالی
باقی ہو مجھکو ابھی خون جگر کا پینا
جانے کب تک ہو مری عمر کا کاسا خالی
اس نگر مین نہوے ہم کسی بت سے دوچار
گویا اصنام سے ہو شہر ہمارا خالی
آسمان اتنی بھی فرصت نہین دیتا مجھکو
روکے کرلون کبھی اپنا جو کلیجا خالی
کیا تردد ہو مجھے اپنی تہی دستی کا
یا الٰہی نہین تیرا تو خزانا خالی

کیون مری طبع مین تقلیل مضامین ہو فدا
نہوا آب روان سے کبھی دریا خالی

۲۹۵

بوسۂ لب پہ خندا دیدے
یا صنم مجھکو سنکھیا دیدے
تلخ ہو زندگانی شیرین
ہون مین بیمار کچھ دوا دیدے
یا خدا تو حکیم شافی ہو
مرے آزار کو شفا دیدے
صاف صورت تری نظر آوے
مرأت دل کو وہ جلا دیدے
مدحت اہل روزگار نکر
کون ایسا ہو جو صلا دیدے
سائین جس سے مرا ہو بیڑا پار
ایسی مجھکو کوئی دعا دیدے

مال کیا چیز ہو رہ حق مین

رسم اسکی ہی غیرت سے مقرر — بد وضع ہی کیسی تیری دائی
واقف ہی تو یا کریم ستار — ہین ذات مین میری جو برائی
کیونکر مری نبض کو ہی آرام — کب پکڑی تھی یار کی کلائی
ہی چارہ خاطر شکستہ — بوسہ کی تمہارے مومیائی
خوش گو یا ہین خاص و عام دونون — شہرت مرے تب سخن نے پائی

راضی رہ فدا گر خدا نے
حسرت ترے واسطے بنائی

۲۹۱

کیا محض جان زار سراپا خراش ہی — سینہ ہی ریش ریش جگر پاش پاش ہی
دور غنا مین اپنے مین ناکام رہگیا — خاک سیاہ مجھکو فراغ معاش ہی
قاتل ہی جاے شرم سر راہ عام مین — افتادہ برہنہ ترے کشتے کی لاش ہی
کندہ کرا لو جوشن زرین پر اپنے شعر — جوہر مرے سخن کا صنم خوش قماش ہی
مسکن مرا ہی وادی حرمان قدیم سے — ویرانۂ فلق مین مری بود و باش ہی
ایجان ہی جاے شرم وہ ہی آشنا ترا — معروف سارے شہر مین جو بدمعاش ہی
دنیا کی جستجو مین جوانی گذر گئی — پیری مین شیخ جی کو خدا کی تلاش ہی
کیا دیدہ ہی پری کہ سنی بھی نہین گئی — ایسی تری قباے ادا کی تراش ہی

کوئی مرض نہین مرض دل کے ماسوا
اچھا بھلا فدا گر اہل فراش ہی

۲۹۳

گویا شادی سے دلا ہی ہمہ عالم خالی — غم سے پایا کسی انسان کو بہت کم خالی
کسی ساعت کسی لحظہ کسی لمحہ کسی دم — اشک سے میرے نہین دیدۂ پرنم خالی

چشم گریان جسم عریان جان بریان سلیقہ بیشہ
ہم کسی کے غم مین دنیا سے بصورت لیچلے

آرزوی وصل شوق بوسہ رشک اختلاط
اے فدا دنیا سے ہم کیا کیا نہ کلفت لیچلے

۲۸۹

غم کھاتے کھاتے خاطر افسردہ مرگئی
حسرت مین ساری عمر ہماری گذر گئی

فی الفور تیغ برہنہ کا کام کر گئی
قاتل جدھر مگر تری کافر نظر گئی

کس منھ سے شکر فضل الٰہی ادا کرین
بگڑی ہوئی جو بات ہماری سنور گئی

آج اُنکے آگے خوف سے آنسو نہین پیگیا
کیسی گھٹا اُٹھی تھی پہ سوکھی اُتر گئی

اے عمر رفتہ تیرا نہین ملتا کچھ سراغ
میری طرح تو آپ سے جانے کدھر گئی

مانند زخم خوردہ زمین پر مین گر گیا
قاتل تری نگاہ وہ تاثیر کر گئی

دوری کی انتہا ہی کچھ انجام کار آج
مرنے کی اُنکے پاس ہماری خبر گئی

دنیا سے بچ کے چل کہ فدا پائے خانہ ہی
گدڑی کسی گدا کی یہان گوہ مین بھر گئی

۲۹۰

حسرت نے جو تنگدل کیا ہی
غم نے مجھے مضمحل کیا ہی

اے محبت تری دوستی نے مجھکو
اللہ سے منفعل کیا ہی

اے ہمت پست بر تو نفرین
کیا مجھے پا بگل کیا ہی

صد حیف ترے رحم کے کہ تو نے
ہر جسم مرا بجل کیا ہی

۲۹۱ کیا جانے فدا وہ ذوق ہستی
پیدا جسے مردہ دل کیا ہی

گاہے نہوئی وہان رسائی
ناکارہ ہی میری پارسائی

پاتے رہین وصل یار سب دوست
دشمن کو خدا نہ دے جدائی

ہر چند نا امیدی سے پہونچا قریب مرگ
چھوڑا نہ تیرے گھر کا مگر آسرا کبھی

آسودگان خاک سے مل لین جہان مین
رفتار یار سے ہو جو محشر بپا کبھی

کافر نے مجھکو رنج مین رکھا سدا مگر
کچھ بخت بد نے میرے بنائی سزا کبھی

گو دور دھوپ مین ہے مرے ٹوٹے ہین دونون پانون
لیکن لگی نہ ہاتھ وہ زلف رسا کبھی

اس بت کے درد ہجر مین ایسا ہون جان بلب
یارب کبھی زبان پہ ہو یا خدا کبھی

شور ائہ سر شک ملا ہی بجاے آب
خبر خون دل ملا نہ مجھے شور با کبھی

شور جنون سے میرے کرے ذائقہ درست
کھائے جو ہمدیان مری آکر ہما کبھی

کم کم موا موا تو مین گو چند مرتبہ
چھٹ جاتا ہر بلا سے نہ یون مر گیا کبھی

دنیا مین اندنون ہی محبت غرض کا نام
غیر از غرض نہین ہی کوئی آشنا کبھی

جب دن سے مین نے ہوش سنبھالا ہی خلق مین
خبر رنج روی عیش نہ دیکھا فدا کبھی

۲۸۸

ایک وہ ہین جو بہان سے سو کرامت لیچلے
ایک ہم کمبخت ہین کیا کیا ندامت لیچلے

دے چلے راہ خدا مین جان و مال اپنا جو درست
آئے تھے مفلس مگر دنیا سے دولت لیچلے

خاتمہ بالخیر جنکا حق تعالی نے کیا
گویا وہ دارین کی دنیا سے نعمت لیچلے

حکمت حق مین نہ کچھ دم مارنے کی جاے ہی
جانے کیون پیدا ہوئے تھے ہم جو حسرت لیچلے

ایک وہ ہین جو بہان عیش و طرب مین زندہ ہین
ایک ہم ہین مر سے اور پاک کدورت لیچلے

زندگی مین اچھے قاتل سے پڑا تھا واسطہ
بعد مردن خاک مین بھی ہم جراحت لیچلے

کیا حصول مدعا یہ بھی غنیمت ہی بہت
کوے قاتل سے اگر جان بھی سلامت لیچلے

آج کل دنیا مین ہی ذلت کا وہ بازار گرم
اہل زر ہے فرخندہ طالع وہ جو غربت لیچلے

سگ دوربان کی شکایت تو صنم بیجا ہی — بدگمان ہو ترے کوچے کی گلہری ہم سے

تینون پن گذرے فدا کلفت و ناکامی مین
بسکہ برگشتہ ہین اوروار سبھی ہم سے

۲۸۶

رہگئے وا کیسے ہم محو نظارا ہو گئے — دیدۂ تر گویا ہین در کا کنارا ہو گئے
ہمرے بخت سیہ سے کیا چراغ حسن گل — سب جدا مجھسے جہان کے ماہ پارا ہو گئے
چشم بیمار صنم کا تھا جو رونے مین خیال — دانۂ اشک رواں آلو بخارا ہو گئے
کشور دل پر چڑھائی ہی جو اُنکی جابجا — کیا بتان جنگ جو ہم شان وارا ہو گئے

مین رہا ناکام جو طفلی سے تا پیری فدا
سنج حسرت میری خاطر کو گوارا ہو گئے

۲۸۷

یا ہی زندگی کا نہ مین نے مزا کبھی — بوسہ کسی کے لب کا نہ مجھکو ملا کبھی
درمان وصل کا مجھے شکوہ ہی نارروا — دیدار یار بھی نہ میسر ہوا کبھی
ہر چند کوچہ ہاے اطبا کی چھانی خاک — مجھکو ملی نہ میرے مرض کی دوا کبھی
کیا خاک زندگی ہی کہ مرتے ہین جن پہ ہم — جی تو کہان کہا نہ اُنھون نے موا کبھی
ہر چند مہربان ہین اطباے روزگار — لیکن مرے مرض نے نہ پائی شفا کبھی
ایام سازگار ہین اغیار یار ہین — دیکھا نہ وقت بد مین کوئی آشنا کبھی
کیا زور درد عشق کو مین نے کیا ہی ضبط — غمّاز تک نہ پہونچا مرا ماجرا کبھی
ہر چند بال و پر بھی اُکھاڑے مرے مگر — صیاد نے کیا نہ قفس سے رہا کبھی
ہی ذات میری نامۂ مہمل حقیقتاً — حاصل ہوا نہ مجھسے مرا مدعا کبھی
ہر چند مین مصلّی خانہ بدوش ہون — دامانہین بغل مین مگر بوریا کبھی

نسبت ہی تری مانگ کو کیا راہ طلب سے
منھ موڑ گئے اس جادہ مین ستو سنگ دہر کے

مرغان اولی الاجنحہ سے رہتے تھے بالا
طفلی مین جو اوڑتے تھے کبوتر ترے پر کے

مسند مین ترے عرش کے پردے کا ہی کیرا
جبریل کے پر ہین ترے نکیہ مین کمر کے

پاکان ازل ہین ترے پابوس کو حاضر
مامور ملایک ہین ہلانے پہ چنور کے

شاہا ہی ترے قصر معلی کی وہ رفعت
ہین پست جہان حوصلے جنات و بشر کے

اس فکر سخن مین مجھے حاصل ہی وہ رتبہ
حاسد بھی ہین قائل مری تکمیل ہنر کے

اس روز کے قضیہ سے مین باز آیا ستمگر
پیچھا مرا چھوڑو کہین تم قتل ہی کر کے

اک عمر جوانی یہی ارمان رہا ہمکو
شاکی نہوئے ہم کبھی مرغان سحر کے

آب دم شمشیر ہو ہر عطر کے بدلے
پھولون مین مرے پھول ہون قاتل کی کمر کے

پایا ہی کوئی کم طمع سیم سے خالی
دنیا کے ہین جو لوگ وہ سب بندہ ہین زر کے

زندہ ترا مردہ ہی یہ جادو ہی تمھارا
ورنہ کبھی کوئی کہین زندہ ہوا مر کے

بے نامہ و پیغام بھی کیونکر ادھر آتا
چھوڑا ہی کبوتر کو جو پر تونے کتر کے

سب ڈوبے ہین منجدھار مین اس بحر فنا کے
کم ہین جو وہ پہونچے ہین کنارہ پر اتر کے

کافر کرے وہ چاہ ترے ناف و شکم کی
غوطے جو لگائے کسی دریا کے بھنور کے

پتھر تو ہوا موم وہ سمجھے کہ نہ سمجھے
قائل ہین فدا ہم ترے ناون کے اثر کے

۲۰۵

نہوا غم مین ترے کار کچہری ہم سے
کیسی وحشت مین کٹی آج دوپہری ہم سے

وحشت عشق مین کیا جانیے کیا دشت ہی
ہین گریزان ہمہ صحرائی و شہری ہم سے

تجھسے بدمہر سے کب چشم ہم آغوشی ہی
چین جبین ہی ترے کمرے کی مسہری ہم سے

۲۹۳

جو وصل اوس نوجوان کا ہو میسر
خدا بخت جوان لاوے کہان سے

داغ دل آئنہ ہی دیدۂ حیران سے مرے
ہی جنون میرا عیان حال پریشان سے مرے

کیا جدا کیجیے ہین عالم وحشت کے رفیق
خار بیچارہ ہین وابستہ جو دامان سے مرے

باغ عالم مین ہو کیا تازہ مرا نخل مراد
ربط ہی باد خزان کو چمنستان سے مرے

غم کی میرے تجھے کچھ حاجت دریافت نہین
واہی سب رنج مرا حال پریشان سے مرے

رخ روشن جو ترا جلوۂ کاشانہ نہین
نور کو ہوش نہین شمع شبستان سے مرے

خواب مین حضرت یوسف نے زلیخا سے کہا
ظلمت چاہ بھی شرمندہ ہی زندان سے مرے

سارق زخم جگر کا مین لکھون کیونکر حال
لیگیا دزد قلم بھی تو قلمدان سے مرے

نیند کے بدلے عجب کیا ہی جو رحم آجائے
کہدو قصہ مرا جاکر کوئی جانان سے مرے

کامل جملہ مہمات ہی شغل اوراد
جتنے مقصد ہین وہ حاصل ہوے قرآن سے مرے

ہی یہ طفلی مین مرا رونا جنون عربدہ جو
لڑکے سب بھاگتے ہین قرب بیابان سے مرے

ایسے اک وادی وحشت مین گذر ہی اپنا
قیس دیوانہ بھی لرزان ہی بیابان سے مرے

مغفرت پاکے خدا کیا کہین جھٹکی پائی
ہین بہت کام ابھی حضرت یزدان سے مرے

۲۹۴

وہ کوچہ اغیار سے جب تک کہ نہ مرکے
ٹکڑے کیے دیوارون سے مین نے وہان سر کے

کس منھ سے بیان کیجیے رتبے ترے گھر کے
آہوے حرم گویا ہین کتے ترے در کے

ہر بل مین ہین سو جلوۂ انوار معانی
پاسکتا ہی کوئی ترے اسرار کمر کے

تادم مرے گریہ سے نہ تنہا ہوے بادل
محتاج ہین دریا بھی مرے دیدۂ تر کے

قسمت مین تری ہے جو کچھ لکھا ہی

۲۹۱

مواہی جو یہان پیدا ہوا ہی — جہان کا کارخانہ سب فنا ہی
زمانہ ہی جو میرے بر سر کین — فلک آمادۂ جور و جفا ہی
نہین اندیشہ باد مخالف — خدا کشتی کا میری ناخدا ہی
غبار خاطر غمگین ہی اکسیر — وجود درد مندان کیمیا ہی
ہوا ہی انکو سب پردے مین ظاہر — مرا سوز نہان کیا کچھ چھپا ہی
مگر ہی خواب شب عمر آدمی کی — یہ دنیا گویا اک مہمان سرا ہی

خداوندا ترے باب کرم کا
فدا بھی اک گدائے بے نوا ہی

۲۹۲

کسے ہی امن آفات جہان سے — بری ہین خضر عمر جاودان سے
یہ چرخ پیر ہی برہم زن عیش — عداوت ہی اسے بخت جوان سے
ستارے نے مرے دی مجھکو وحشت — ملی ہین گردشین سب آسمان سے
کیا ظاہر جو تو نے نام اپنا — یہی حکمت تھی تخلیق زبان سے
مین دیوانہ ہون اس رشک پری کا — غرض کیا مجھکو غیر قلمبان سے
کریما خواہش باب اعظم ہی — نہین ہی کام مجھکو بوستان سے
ترا ہاتھی پہ چڑھنا ہی قیامت — مجھے ہی بدگمانی فیلبان سے
سخن سنجی ہی حق میرے قلم کا — مگر معذور ہون نطق و بیان سے
کرے کیا شکوۂ صیاد بلبل — بھرے ہین خار دل مین باغبان سے
نہین ہی طاقت پرواز نا گل — چمن ہی دور میرے آشیان سے

وحشی ہون مین بھی وادی وحشت کا ہی پری
تو دشت دلبری کا جو اپنے غزالہ ہی

وہ حسن کا کلون سے ہی چہرہ پہ یار کے
گویا بگرد ماہ فلک خط ہالہ ہی

ای شیخ جو کیا ہی زن نوجوان سے عقد
ابلیس کا گلے مین تمھارا حبالہ ہی

غم کھانا ہر بشر کو نہ آسان کام ہی
نادان ثقیل و سخت بہت یہ نوالہ ہی

افسردگی دل مرے رونے سے ہی عیان
جو دانۂ سرشک ہی مانند ژالہ ہی

کس رشک گل کے رنگ حنا کا ہون تشنہ
ہر داغ تازہ میرا جو ہمرنگ لالہ ہی

تہذیب نفس سے نہین خالی کوئی کلام
دیوان ہمارا علم ادب کا رسالہ ہی

کسکو ہی جام عیش میسر یہان مدام
موجود سبکو خون جگر کا پیالہ ہی

شاید کبھی تو پرسش حال تباہ ہو
ہر وقت میرے لب پہ فدا آہ و نالہ ہی

۲۸۰

تخصیص گنشت و کعبہ کیا ہی
تیرا ہی کرشمہ جابجا ہی

پچھوا ہی کبھی کبھی ہی پُروا
ہر دم بہان مختلف ہوا ہی

ہی ہیچ جہان کا کارخانہ
ہر شادی و غم مگر فنا ہی

مالک مرا روبرو ہی میرے
ہر وقت تصور خدا ہی

مجھسا نا چیز اور یہ دوست
کیا شان جناب کبریا ہی

قربان تری پرورش کے یارب
جو بندہ کو چاہیے ملا ہی

انجام بخیر ہو الٰہی
ہر وقت مری یہی دعا ہی

پیوستہ بدولت توکل
حاصل مجھے دولت غنا ہی

موجود فدا ہی بے تردد

کیون نہ اغیار کو دے جام مقاصد پیہم
چرخ نادم ہی بہت ہی مرے غم حرمان سے

کوفتے میرے لیے کوفتگی جان ہوئے
کام بریانی کی جا ہی جگر بریان سے

یون تو دیکھے ہین بہت نسخہ فرہنگ فدا
بیشتر فیض اٹھایا ہی مگر برہان سے

۲۷۸

خوشرنگ تر ہی رنج ترا گلبرگ ورد سے
صد برگ جو خجل ہی مرے رنگ زرد سے

پامال ہی جہان مری ٹھوکر کی گرد سے
یہ شور ہی فلک کا زبان نورد سے

کاری لگا ہی زخم جو تیر نگاہ کا
دشوار جان بری ہی کلیجے کے درد سے

ہی سیستان دہر مین عشق اسا پہلوان
رستم کا زیرہ آب ہی جسکی نبرد سے

اُس سنگدل کے دل مین اثر ہی نہ کچھ ذرا
لرزہ ہی گو فلک کو مری آہ سرد سے

موجود ہی وصال جسے بوتے ہین مرگ
بچنا مرا محال ہی ہجران کے درد سے

جوہر جو میری ذات مین دلبستگی کا ہی
ہارا پڑا ہون انکی رضائی کی فرد سے

ہر صفحہ ہی بیاض کا میری زمرد ین
سبت ورق کو ہی ورق لاجورد سے

اُس بت کے رنج عشق مین کیا کیا ہین حسرتین
آگاہ ہی خدا مرے حالات درد سے

کیا شیخ جی کی شان مشیخت ہی کر گری
اچھا نہین ہی ربط بت کوچہ گرد سے

ای چرخ تیرے کھیل سے ہارا ہی ہر بشر
چوپٹ جہان ہی تری چوسر کی نرد سے

تم ای فدا جو شاکی اہل زمانہ ہو
شاید ملے نہین ہو کسی نیک مرد سے

۲۷۹

گورے کی فوج کیا ترا رنگین دوشالہ ہی
پاجامہ سیاہ بھی کالا رسالہ ہی

مجھکو نہین ہی صندل دعود و اگر سے کام
جانان مرا مگر بت مشکین کلالہ ہی

۲۶۶

دہن تنگ ہی خوشتر صدف نیسان سے — تیرا ہر دانت گران ہی گہر غلطان سے
جذبۂ عشق زلیخا کا تردد دیکھو — مصر مین لایا ہی یوسف کو چہ کنعان سے
کرے پیدا تو مگر مرہم بخیش پہلے — کونسی شی ہی جو مخفی ہی کسی انسان سے
گوہر گوش کا تیرے ہی جو موتی بندہ — خادم دست نگارین ہین بہت مرجان سے
خط و پیغام کی جا فاصد دانا انکو — ایک دو شعر سنا دینا مرے دیوان سے
فکر آراستگی خانہ تاریک کرو — خاک حاصل نہین دنیا کے سپید ایوان سے
صدمۂ رنج ملے موج صبا کے بدلے — جاے گل لے گئے ہم گل چمن دوران سے
میزبان جان ہی مری حضرت غم کو موجود — سخت ممسک ہی جو آزردہ ہوا مہمان سے
وہ ہی نسبت ہی ترے تیر کو سینے سے مرے — وصل حاصل ہی ترے تیر کو جو پیکان سے
کب ہوئی ہی مجھے سیر گل گلزار نصیب — مین رہا دور سدا قرب در جانان سے
بطن ماہی سے وہ یونس کو سلامت لایا — کہین یوسف کو بچایا دہن گرگان سے

اہی فدا در پے ہر رنج ہی راحت موجود
قوت نادان نہ توقع کرم یزدان سے

۲۶۷

نسبت اے شاہ ہی کیا اسکو ترے دربان سے — جسکے دروازہ کے چاکر ہین کئی رضوان سے
نہ قضا ہو تو ہر آئینہ بچے پیکان سے — کون بچ سکتا ہی قاتل پہ تری مژگان سے
غم مین تیرے جو برابر ہی مری مرگ و حیات — جان کیا خاک برآمد ہو تن بیجان سے
دوڑتے دوڑتے کیا کیا نہ تھکے پاے تلاش — خاک بھی ہات نہ آیا فلک گردان سے
جادہ بر جادہ ہی ہر چاک جنون سے ناصح — دامن دشت ہی محجوب مرے دامان سے
سب تکلف ہین ہو وصل تو قسمت مین نہیں — فائدہ کیا مجھے آراستگی ایوان سے

رونا وہ رویئے کہ ملے خندۂ ابد
چشم پُرآب مجھکو نہ بیجا ڈبویئے

ہر تجھکو اپنی جوہر ذاتی کی جو تلاش
خرمہرہ انا کو تو کیسہ سے کھویئے

مضمون ہیچکارہ کو اے طبع دور کر
جو شعر لکھیے فکر مین موتی پرویئے

غافل خدا کے واسطے کچھ جاگ لے یہان
پیوستہ زیر خاک بآرام سویئے

سرمایۂ ابد ہی تری زندگی کا مول
عمر عزیز کو نہ فدا مفت کھویئے

۲۷۴

یون آگے میرے غیر کے آگے نہ آیئے
در پردہ جتنا چاہیے مجھکو جلایئے

طاقت زبان کو جو نہی اُسکی یاد کی
اے مرگ نزع مین مجھے ہچکی لگایئے

جو شعر ہی فدا وہ شکر پارہ ہی مگر
شیرین کلام پر ترے قربان جایئے

۲۷۵

اس میکدے مین آنا ہی جسکو وہ آیئے
خون جگر بجاے مے ناب کھایئے

غیرون کو میرے آگے نہ بر مین سولایئے
اتنا نہ مجھکو خاک فنا مین ملایئے

موقع نہین جو وصل کا بوسہ تو دیجیے
شربت اگر نہین ہی تو پانی پلایئے

رخسار آتشین کا نہ بوسہ دو غیر کو
مجھ سوختہ کو اب نہ زیادہ جلایئے

کیا فائدہ ہی درد درونی کے کشف سے
اے دل زبان پہ شکوۂ حسرت نہ لایئے

سُھنداموے پہ کچھ دل محزور کو کرو
آکر مرے مزار پہ آنسو بہایئے

شادی کا روز تمکو دکھایا خدا نے آج
مجھ تلخکام کو بھی مٹھائی کھلایئے

اصنام سمع روسے بنجر سوز کیا ملا
کچھ اے فدا خدا کی طرف لو لگایئے

کرتا ہون مین رقم جو مضامین پاک پاک
تائید حق پاک ہی میرے قلم کے ساتھ

مجھکو کہان یہ طالع بیدار ہی نصیب
سوؤن مین عمر گذرے جو کبھی اُس صنم کے ساتھ

مت پوچھ کچھ ہجوم وفور سرشک کا
دریاے بیکران ہی مری چشم نم کے ساتھ

گھبرا دلانہ رنج و غم و غصہ سے کبھی
جھگڑا لگا ہوا ہی یہ سب تیرے دم کے ساتھ

کب تک فدا نہ صحت الفاظ ہو نصیب
گذر رہی ہی میری عمر بہار عجم کے ساتھ

۲۷۲

ہی اُس بت کو میری خبر کچھ نہ کچھ
دعا مین ہی میری اثر کچھ نہ کچھ

نرا سرد ہی بار در کچھ نہ کچھ
لگے ہین کہین تو ثمر کچھ نہ کچھ

نہ مارا تو کافر کریگا ضرور
کریگا وہ ہندو پسر کچھ نہ کچھ

نہ دل کا لگانا ہی آسان کام
مقرر ہی جان کا ضرر کچھ نہ کچھ

مین ایجان ہون جان بلب ہجر مین
مرے حال پر رحم کر کچھ نہ کچھ

بجاے وفا ہی جفا کا ظہور
مری آہ مین ہی اثر کچھ نہ کچھ

مگر پانؤن یارون کا پڑتا نہین
تری راہ مین ہی خطر کچھ نہ کچھ

مگر انکے رنگین کمر بند سے
عیان ہی وجود کمر کچھ نہ کچھ

یہ کھجلانا تلوے کا بیجا نہین
فدا بیتی ہی اب سفر کچھ نہ کچھ

ردیف یاے تحتانی

۲۷۳

کچھ اے جنون کدورت خاطر کو دھوئیے
جی بھر کے آج خوب بیابان مین روئیے

دہقان جو کل تجھے بر شیرین نصیب ہو
سہر خدا یہان کوئی تخم اچھا بوئیے

ہر شعر ہے بہار تصوف ہی جلوہ گر
گلزار ہی بیاض پُر انوار شیفتہ

جلوہ کچھ اور ہی مری آنکھون مین اہی فدا
دیکھے ہین مین نے دیدۂ بیدار شیفتہ

۲۶۸

کیا نام عشق ہی صنم بیوفا کے ساتھ
اخلاص تجھکو چاہیے نادان خدا کے ساتھ

کیون بے گناہ قتل ہوا مین ہر آئنہ
قانون مین سزا ہی مقرر خطا کے ساتھ

تشویش کج ادائی ایام ہی عبث
رب کریم کی ہی حمایت خدا کے ساتھ

۲۶۹

ہم نفس میرا بیان زخم کاری کچھ نپوچھ
میں مسبل ہون حساب بیقراری کچھ نپوچھ

قطرۂ مے گویا ہی آب بقا میرے لیے
صدمۂ حسرت مرا باد بہاری کچھ نپوچھ

وادی غربت ہی اور پا مین نگار آبلہ
مرگ ہی پابوس از حال سواری کچھ نپوچھ

انتہا افضال و انعام الٰہی کی نہین
مشکلین آسان ہین شان کردگاری کچھ نپوچھ

زیر فرمان ہی بت معشوقہ خو عزیز ختن
آج کل جو ہی فدا یہ فضل باری کچھ نپوچھ

۲۷۰

رہا دنیا مین ارباب سخن کو یہ بُرا قصہ
مرے غم کی کہانی اور خون قیس کا قصہ

تمام اہل قیامت سرنگون تیغ ستم کے ہین
خدا کے سامنے عیبون کا میرے جب کھلا قصہ

خدا کے واسطے چپ رہ نہین تاب شنیدن ہی
جگر کرتا ہی پارہ پارہ تیرا اہی فدا قصہ

۲۷۱

سو سو بلا جہان مین ہین ہر قدم کے ساتھ
یارب مگر گذارہ ہی تیرے کرم کے ساتھ

کیونکر کسیکو خوف و رجا سے ہو مخلصی
نار جحیم بھی ہی بہار ارم کے ساتھ

۲۶۵

عمر فدا گذر گئی تعطیل مین تمام
ناکام ہیچکارہ کو کچھ کام بھیجدو

خدا کی شان اور قدرت کو دیکھو
تبون کی شکل اور صورت کو دیکھو

ہوائی ساری ناکامی مین گذری
بہ پیری اور اس حسرت کو دیکھو

عیان ہی ذرہ ذرہ سے تجلی
خدا کے جلوۂ عظمت کو دیکھو

وہی ہی پرورش تا بندگی مین
خدا کی مہر اور شفقت کو دیکھو

کیا دنیا مین دین پاک حاصل
فدا کی ہمت و طاقت کو دیکھو

۲۶۶

یارب دعاے بندۂ عاصی قبول ہو
مطلب دل شکستہ کا میرے حصول ہو

اب سوے آسمان جو مین پھیلاے ہاتھ ہون
تاثیر استجابہ دعا مین شمول ہو

یارب شتاب حاجت محتاج ہو روا
تعویق مین نہ بندہ زیادہ ملول ہو

سب مشکلین شتاب ہون آسان یا کریم
قصہ تردوات کا میرے نہ طول ہو

دنیا مین تیرا ظل حمایت رہے نصیب
عقبیٰ مین جاے زیر لواے رسول ہو

سرہنگ آرزو کا تقاضاے سخت ہی
نقد مراد جلد خدایا وصول ہو

نامرد کو نصیب ہو شان مذکری
نام فدا بھی درج کتاب فحول ہو

۲۶۷

ردیف ہاے ہوز

جی چاہتا ہی لذت گفتار شیفتہ
ہین موج جوے انگبین اشعار شیفتہ

سلک گہر ہے چشم مبصر مین کم نہین
جو شعر ہی نتیجۂ افکار شیفتہ

چاہتا ہی کم نظر مین مرے کوئی آدمی
پائی ہی مین نے صحبت لبسیار شیفتہ

سجدہ مگر گیا ہی مزار رسول کا — داغ جبین چرخ نہ کیون آفتاب ہو
ہندوستان مین اب مری مٹی خراب ہی — حکم طلب غلام کا نافذ شتاب ہو
ہر دوست کی مرے ہو شہا عاقبت بخیر — دشمن دم وداع بشکل کلاب ہو

۲۶۲ دیوان باز پرس مین شاہاز ہے نصیب
دیوانہ نبی جو فدا کا خطاب ہو

ایسے کہان نصیب ہین جو خوان بھیجدو — ہی منتظم مرے لیے جو پان بھیجدو
کافی کلام در و سفارش کے ہی لیے — پاس اُنکے میرا نسخۂ دیوان بھیجدو

۲۶۳ بیچین ہی فدا قلق و اضطراب مین
آرام و عیش کا اُسے سامان بھیجدو

بہر غریب توشۂ ایمان بھیجدو — العاقبت بخیر کا سامان بھیجدو
اس بیکسی مین مونس تجرید چاہیے — خالی غریب خانہ ہی مہمان بھیجدو

۲۶۴ صادق ہی اشتہاے فدائے حسین پاک
خوان کرم سے تازہ کوئی نان بھیجدو

صحت کا ہر مریض کو انجام بھیجدو — ارباب اضطراب کو آرام بھیجدو
بہر رسولؐ ساقی کوثر غلام کو — شربت کا تشنگی مین کوئی جام بھیجدو
مرتا ہون شوق طوف حریم شریف مین — مجھکو مدینہ حضرت پیغام بھیجدو
یا حضرت حبیب خدا اس غلام کو — تھوڑا سا اپنے کوچے سے اسلام بھیجدو
پہونچا دو اب شتاب بغرض خاک پاک مین — یا صبح بھیجدو مجھے یا شام بھیجدو
شان تغرغویش نما یا معز ما — بر شخ ذلیل و خوار کو اکرام بھیجدو

افضال کردگار جو حامی نہو فدا
اس دور بد مین کیسے کسی کا نباہ ہو

۲۶۰

حلقۂ زلف بند ہی مجھکو
تار گیسو کمند ہی مجھکو
بے نیازی نہ کیون ہو خو اسکی
ناز جانان پسند ہی مجھکو

جوش وحشت فدا جوانی مین
شیب مین اب دو چند ہی مجھکو

۲۶۱

ساقی ادھر عطا گر ایسی شراب ہو
جس سے نجات امت عاصی تتاب ہو
نعت رسولؐ مین غزل لاجواب ہو
جو شعر ہو فدا وہ پر از انتخاب ہو
روح القدس ہین فکر مین ہم شورۂ سخن
ای خامہ ہر روش یہان پابند واب ہو
داغ غم حبیب خدا سے ہی یہ امید
چہرہ بوقت مرگ مرا ماہتاب ہو
لکھی ہی مین نے نعت نبیؐ مین جو یہ غزل
مقبول یا خدا مری ساری کتاب ہو
محروم ہون ہنوز جو غرم مدینہ سے
آب و خور وطن ترا خانہ خراب ہو
خونریز بے محل ہے یہ تب کچھ ہو دست کش
مریخ چرخ پر جو تمھارا عتاب ہو
کیون عرش فرش ہو نہ تہ پاے جبرئیل
حضرت کی ہاتھ مین جو تمھارے رکاب ہو
کیا ہند مین یہ بندۂ سنت خراب ہی
مین ہون اور آستان رسالت تاب ہو
جو مانگتا ہی مانگ تو روضہ کے سامنے
کیونکر کوئی دعا نہ یہان مستجاب ہو
درخواست بندگان کا خدا خود ہی منتظر
ہان ہان دعا کے واسطے ایسی جناب ہو
سوز محبت نبوی تب ہی کچھ مرا
بریان جو سینہ ہو تو کلیجا کباب ہو
کافی ذرا ہی چشم نمائی حضور کی
ہرگز زمانہ کو نہ کبھی انقلاب ہو

ظلمت گور بھی ہی سایۂ سنبل مجھکو
یاد آتے ہین پس از مرگ جو اکثر گیسو

بے تکلف جنھین سمجھا ہون غلاف کعبہ
کسقدر زیبا ہین کافر ترے زنجیر گیسو

اہل اسلام کے جانون کی خدا خیر کرے
اہی پیر و ترے پردہ سے ہین باہر گیسو

قد قیامت ہی ترا زلف بلاے جان ہی
گونج بالی کی جو عقرب ہی تو اژدر گیسو

ابر نیسان کی ہی بارش جو نہاتا ہی تو
خاک پر بیٹھے رہے ہین دُر و گوہر گیسو

دلبری کے ہمہ اسباب فراہم ہین وہان
خال و خط چشم و بنا گوش معنبر گیسو

سنبل باغ جنان بھی ہی مگر شرمندہ
کتنے اُس رشک پری کے ہین معطر گیسو

لاکھ زنجیر طلائی سے ہی بھاری ہر ہو
مکتفی ہی تجھے پیرایۂ زیور گیسو

تیرگی مین جو برابر ہی نہ طولانی مین
کب ہی میری شب ہجران کے برابر گیسو

اہی فدا اُس بت گلرو کے بقول اُستاد
سنبل باغ جہان سے بھی ہین بہتر گیسو

۲۵۹

رنج فراق یار کی حالت تباہ ہو
اہی حسرت وصال ترا روسیاہ ہو

خسرو کو فوق عشق مین فرہاد پر نہین
اس کوچے مین ہین ایک گدا ہو کہ شاہ ہو

یارب تری جناب سے طالب ہون مین ترا
مردود دہون جو کچھ ہوس مال و جاہ ہو

قاتل کسے پناہ ملے زیر آسمان
تلوار کے جو قبضہ مین تیرے پناہ ہو

کیا مردے زندہ ہون اگر آجاے روح مسیح
سب گھاس میرے تکیہ کی مردم گیاہ ہو

کچھ حد ہی تیرے جود و عطا و نوال کی
ہو مہر اگر تری تو گدا بادشاہ ہو

بخشی ہی خدا نے تمھین پاکدامنی
چاہو اگر تو آپ کا یوسف گواہ ہو

آزردگان دہر مین اکثر خطا سے پاک
افسردہ خاطرون سے نہ سرزد گناہ ہو

یاس و حرمان ہی مرے پیکر خاکی مین تمام
گویا حسرت کا بنایا ہی ہیولا مجھکو

ہے بلا ہی جوش جنون بادیہ گردی تیری
کر دیا وادی وحشت کا بگولا مجھکو

روز شادی نہ فلک سامنے میرے لایا
نہ بنایا کبھی ایام نے دولا مجھکو

پرورش یافتہ خاک مصیبت ہون مین
کب لگین مین میسر ہوا جھولا مجھکو

ہیزم خشک کے مانند سدا جلتا ہون
گھر کا جوگی نا ہی گویا ہی وہ چولا مجھکو

غیرت تیشہ فرہاد فدا ہی گویا
کاوش غم نے دیا ہی وہ بسولا مجھکو

۲۵۷

خوش نہین آتی ہی دنیا کی کوئی شی مجھکو
طالع بد نے غم ایسا دیا ہی ہی مجھکو

داغ حسرت کا مرے سینے سے مٹنا ہی محال
بخش بھی دے جو خدا سلطنت گی مجھکو

ساقی دہر نے غم مین ترے چوئی کے مدام
سانپ کا زہر پلایا عوض مے مجھکو

فکر اشعار جو پیری مین چلی جاتی ہی
درد کچھ عشق جوانی کا ابھی ہی مجھکو

نہ سمجھ سخت تگاپوے جہان فانی
ابھی کرنا ہی فدا ملک عدم طی مجھکو

۲۵۸

آفت جان ہین ترے اے بت دلبر گیسو
مجھکو رکھتے ہین شب و روز جو مضطر گیسو

شب ہجران سے مین ڈرتا ہون خدا خیر کرے
نظر آتے ہین مجھے خواب مین اکثر گیسو

تو مقرر ہی پری اے بت دارستہ مزاج
ہی ترے حسن خداداد کو شہپر گیسو

گور مین بھی نہ مری جان سے یہ چھوٹا جنجال
بعد مردن نظر آتے ہین برابر گیسو

تیرگی شب دیجور سے نسبت کیا ہی
ہی مرے نامہ اعمال کا دفتر گیسو

داغ سودا ہی مرا نافہ مشک اذفر
بس رہے ہین مرے سر مین جو سراسر گیسو

داغ غم سے ترے وہ وجد ہی ایجان مجھکو
مثل طاؤس جہان مین کیا رقصان مجھکو

مہد راحت ہی مگر گردش دوران مجھکو
ہی مہیا جو یہان شفقت یزدان مجھکو

پاک ہی خار خلش سے چمنستان میرا
شیخ سے کم نہین ہی سیر گلستان مجھکو

ہات ڈالے جو کمر مین ہوا انجام بخیر
لیگیا خلد مین وصل بت جانان مجھکو

ہوئی بالیدہ مگر پیر ہین جسم مین روح
پڑ گئی ہاتھ جو سوتے مین وہ پستان مجھکو

اہی فدا ضبط تلاوت ہی جو معمول قدیم
گویا کہ الحفظ ہی ہر سورۂ قرآن مجھکو

۲۵۵

اب نہ دامان ہی میسر نہ گریبان مجھکو
کر دیا دست جنون نے ہمہ عریان مجھکو

بت پرستی مین مری عمر ہوئی ہی آخر
اہل اسلام سمجھتے ہین مسلمان مجھکو

اہی تبو لوٹ لی سب تمنے خدا خیر کرے
حق نے بخشی تھی جو کچھ دولت ایمان مجھکو

جستجو مین تری راحت ہی بیابان گردی
خواب مخمل ہوئے ہین خار مغیلان مجھکو

لعل و گوہر ہین ترے دست کرم مین موجود
کم نصیبی سے میسر نہین دامان مجھکو

ضعف نے جوش جنون مین وہ دیا ہی رتبہ
ہر گلو لاہی مگر تخت سلیمان مجھکو

روتے روتے ہوئی کشتی کی ضرورت گھر مین
ہوگیا کلبۂ احزان یم عمان مجھکو

دولت جوش جنون سے وہ غنا حاصل ہی
گویا اکسیر ہی اب ریگ بیابان مجھکو

تیر مژگان سے نہین کم مرا شور شہرت
وادی فکر سخن ہی جو نیستان مجھکو

ہین فدا ہیچمدانی سے ہون اپنی نادم
ناحق احباب سمجھتے ہین سخندان مجھکو

۲۵۶

خط کوئی جانب محبوب سے تو لا مجھکو
شادمان بہر خدا کردے رسولا مجھکو

تجھسے بہت غریب ملائے ہین خاک مین

۲۵۳

خدا سے ملنے کی بندہ کو آرزو تو نہین — ملے وہ جلد مگر اُسکی جستجو تو نہین
جو غنچہ ہاے چمن ہو گئے ہین عطر آگین — نسیم صبح مین شاید تمھاری بو تو نہین
بت خیال گلہ ہی بغیر گفت و شنود — کسیطرح کی ابھی اُنسے گفتگو تو نہین
خدا نے پاک کیا منت مسیحا سے — ہمارے زخم کو کچھ حاجت رفو تو نہین
ٹپک رہا ہی جوانی سے تیری کیا جوبن — مرے کلیجے کا شاید کہین لہو تو نہین
ابھی تلک نہین نبٹا جو قضیہ کابل — کسیطرف وہ بت شوخ جنگ جو تو نہین
خدا کے گھر مین مرے مکرمت ہو کیا اے شیخ — نصیب میرے تمھاری سی آبرو تو نہین
کلام سنتے ہی رخصت ہوئے ہین ہوش و حواس — ابھی وہ پردہ سے آئے ہین روبرو تو نہین
کسی سے دل کا لگانا نہین ہی طرز کا کام — فقط ہی جام محبت کوئی سبو تو نہین
تمھاری چشم ہی جادو نگاہ ہی جادو — تمھارا حسن کوئی ملک کا مرو تو نہین
تردد جہان سے ذرا نہین فرصت — کروں جو فکر سخن خاطر ایک سو تو نہین
تمھارا ناز گران خلق سے نرالا ہی — غرور جتنا ہی تم اتنے خوبرو تو نہین
خدا کی شان ہی بت بندہ برہمن ہی — مرا عدو ہی مگر اُنکا وہ گرو تو نہین
جہان ہی قند لب شکرین سے متمتع — برائے خوردن حلوا ہمارا رو تو نہین
تمھارے سامنے کیا وقعت غزلخوان ہو — ہمارے آگے صداہاے طرقو تو نہین

بطرح ولولہ انگیز کہنے کی ایجاد — فدا حسین مگر آگرہ مین تو تو نہین

ردیف واو

۲۵۴

بارہ جوش جوانی ہین دو پسند مجھکو — فائدہ دینگے دوا کے نہ سپستان مجھکو

جانا ہی تیرا میرے لیے آنا مرگ کا
ایجان جو تو نہین تو مری زندگی نہین

موجود جو یہان ہی وہ معدوم ہی ضرور
ہرگز کسیکو خلق مین پایندگی نہین

بیباک کمسن ربت عیار ہی جسے
مجھسے تو کیا خدا سے بھی شرمندگی نہین

ہنس لے کوئی سفیہ مگر روزگار مین
جز زہر خندگی کہ شکر خندگی نہین

واجب ہر آدمی کو ہی تزکیہ نفس کا
ناپاک زاید اس سے کوئی گندگی نہین

لکھنا غزل کا صحبت ناقہم مین ہی عار
فکر سخن مین گو مجھے درماندگی نہین

عیش عدو عدو کو مبارک رہے فدا
میرے نصیب شادی و فرخندگی نہین

۲۵۱

معروف بندگان خدا بندگی مین ہین
جو نیکمرد ہین وہ پرستندگی مین ہین

ناظورۂ مراد سے جو ہمکنار ہین
وہ خوش نصیب شادی و فرخندگی مین ہین

ہر وقت ہی تعفن بیت الخلا نصیب
دنیا کے لوگ گویا بڑی گندگی مین ہین

مرتے ہین جب سے اُس بت جان جہان پر
کچھ پورے مُردگی مین نہ ہم زندگی مین ہین

اک وہ ہین سرخرو جو یہان سے چلے گئے
ہم اے فدا ندامت و شرمندگی مین ہین

۲۵۲

قاتل تری نگاہ سے جان ہی ہلاک مین
رخنے ہزار ہین دل صد چاک چاک مین

بانوے جان کو جان مگر قصر خاک مین
گویا ہی نور پاک تری جان پاک مین

روزن ہوا جو تمکے لیے تیری ناک مین
سوراخ سو ہوئے ہین دل دردناک مین

تنخواہ ہی جو درہم داغ جنون مری
خون دل و جگر ہی مقرر خوراک مین

لطف بہار باد خزان نے لٹا دیا
سبزی نہ باغ مین ہی نہ خوشہ ہی تاک مین

اس عاشقی خانہ برانداز نے فدا

لکھ لکھ کے اس غزل مین مضامین گرم گرم
آتش لگادی مین نے دل شیخ و شاب مین

حاضر ہو دست بستہ و رع گو یار روبرو
تائید حق شمول ہو میرے شباب مین

طالب کی اُسکے دولت دنیا غلام ہو
موجود سو خزانے ہین نام وہاب مین

ڈھلتی ہوئی ہو رات فدا وقت خاص ہو
کمبخت گر گرائے خدا کی جناب مین

۲۴۹

مین پھنس گیا ہون زلف پریشان کے جال مین
جان عزیز گویا ہو دام و بال مین

مضمون غیر آیا نہ گاہے خیال مین
جو شعر ہو مرا وہی ہو اپنے حال مین

نوک مژہ سے تیری دل شیخ ہو فگار
تیرا وچھا تیرا گھس گیا گینڈے کی کھال مین

ای جان تیرا سرو سہی بار ور ہوا
گویا کمال حسن اب آیا زوال مین

میرا سوال کچھ تھا اودھر سے جواب کچھ
گذری شب وصال اسی قیل و قال مین

فلت نہین ہو خوان پر الوان مین ترے
حصہ مرا نہین ہو مگر شیر مال مین

کس منھ سے نام انکی ضیافت کا لیجیے
کیا گھی نمک بھی ٹھیک نہین میری دال مین

کیا لکھتے لکھتے بال مرے ہو گئے سپید
دفتر سیاہ ہو گیا حال ملال مین

پیری مین بھی نہ ترک ستم چرخ نے کیا
اب تک وہی کجی ہو سنگمر کی چال مین

ہمخوان اونکے کل سے نہین غیر روسیاہ
آخر تو کچھ نہ کچھ وہان کالا ہو دال مین

ہر چند اب بھی اہل سخن مین مگر فدا
پورا نہ پایا مین نے کسیکو کمال مین

۱۵۰

بندہ نہین ہو جسکو سر بندگی نہین
کافر ہو جسکو ضبط پرستندگی نہین

حاضر ترے حضور مین یا سب ہو روسیاہ
کچھ میرے پاس غیر سر افگندگی نہین

فکر سخن محال ہی حال خراب مین
اک جان زار ہی مری سو پیچ و تاب مین

مین نے جو قصد ملک عدم سے کیا ادھر
حسرت کا رخت ساتھ ہوا پا تراب مین

زاہد نظر نہ کر مرے رندانہ طور پر
دامن گناہگار کا تر ہی گلاب مین

مکتب مین ذہن خوش نے تو نگر کیا مجھے
پایا خزانہ مین نے گلستان کے باب مین

کیا حوصلہ کسیکا جو نعت نبی لکھے
قرآن ہی مدیح رسالت مآب مین

آباد ہین جو دولت ناپایدار سے
گویا خراب تر ہین جہان خراب مین

پیوستہ ہجر یار مین ماتم رہا نصیب
پایا نہ مینے لطف نشاط شباب مین

کیونکر نہ حرص پیر جوان تر ہو شیب مین
تندی زیادہ ہوتی ہی کہنہ شراب مین

کھولے جو تمنے بال زمانہ مہک گیا
سارا جہان بس گیا ہی مشکناب مین

موجود گویا دولت دارین ہی فدا
جو ڈھونڈھتا ہون پاتا ہون فوراً کتاب مین

۱۴۲

سرکہ کی تر شی ہی مرے جام شراب مین
جاے نشاط و عیش ہی حسرت شباب مین

کیفیت دگر ہی مرے اضطراب مین
فضل خدا شمول ہی حال خراب مین

رنگ خصوصیت ہی مرے انتہاب مین
جلوہ خدا کا ہی مری چشم پر آب مین

مرشد فقیر کا ہی کلام خدائے پاک
پایا خدا کو مین نے تلاوت کیے داب مین

سیراب جلد تشنۂ صادق ہوا یہان
بہکا پھرے ہی طالب ناقص شراب مین

محروم تیرے در سے پھرا ہی نہین کوئی
حاضر ہون مین بھی دست کشادہ جناب مین

امید مغفرت ہی قوی تیری ذات سے
حاجت ہی کیا جواب کی میرے حساب مین

قرات مین گویا جلوۂ دیدار ہی نصیب
حاصل ہی نور حق مجھے روشن کتاب مین

دنیا و دین کا کام فدا کچھ نہ ہو سکا
مصروف شغل فکر سخن مین سدا ہو نہین

۲۴۶

آج افسوس ہین کل کی خبر کچھ بھی نہین
پیش ہی غم سفر نا دسفر کچھ بھی نہین

دم مین لوہے کو گلاتا ہی مری کھال کا پھونک
تجھ مین اہی نالہ جانکاہ اثر کچھ بھی نہین

منزل عشق ہی نا تجربہ تجھکو دشوار
ورنہ اس راہ مین یکذرہ خطر کچھ بھی نہین

خواب غفلت کا نا شاہی ہمہ عیش شباب
شب کو سب لطف مہیا ہی سحر کچھ بھی نہین

اونچی دکان تری اور ہی پھیکا پکوان
بارہ انے کے سوا شیخ شکر کچھ بھی نہین

بجلی گرتی ہی وہان ہی جہان کانسی موجود
جنکے گھر خاک نہین انکو ضرر کچھ بھی نہین

حسن ظن سے مجھے احباب سمجھتے ہین حکیم
ورنہ اس ننگ خلائق مین ہنر کچھ بھی نہین

سرو ممتاز چمن ہی فقط آزادی سے
ورنہ اس نخل گلستان مین ثمر کچھ بھی نہین

عیش و آرام نہین مجھکو جوانی مین نصیب
عید کا دن ہی مگر شیر و شکر کچھ بھی نہین

کیا کوئی لکھے سراپا ترا اہی جان جہان
تنگ تر ہی دہن تنگ کمر کچھ بھی نہین

محض بیجان ہون زندہ ترے غم مین ابجان
مرے قالب مین نہ جان و جگر کچھ بھی نہین

سیم خالص کی عبث تجھکو خریداری ہی
سرہ و نا سرہ کی تجھکو خبر کچھ بھی نہین

کیون مجھے سمجھے ہین احباب سپاہی پیشہ
اہی فدا پاس مرے تیغ و سپر کچھ بھی نہین

۲۴۷

مینوار نے جو لطف اٹھایا شراب مین
مجھکو وہی ملا ہی مزا اجتناب مین

فورًا دعا قبول ہوئی اضطراب مین
کام آیا کر کرا نا خدا کی جناب مین

جو بن ہی یار کا مری چشم پر آب مین
رنگ حنا ہی گویا بپ اضطراب مین

۲۴۴
کسکو مجال دخل ہی کچھ تیری شان مین — تو بادشاہ کردے گدا گر کو آن مین
کب تھا یہ مرتبہ مرے وہم و گمان مین — جو در و شیب مین ہی نہ تھا عنفوان مین
کان جواہر آج بت خود فروش ہی — ہیرا جو ناک مین ہی تو موتی ہی کان مین
ہر ہر کنیز تیری ہی گویا پری جمال — کافر ہی ایسا حسن ترے خاندان مین
مجھکو فراق یار نے تحلیل کر دیا — طاقت ہی جسم مین نہ حلاوت ہی جان مین
او بت خدا کے واسطے ناہار تو روے — ہی جان گرسنہ ترے حلوا و نان مین
نادیدہ کا مشاہدہ ہی اہل قال سے — ایسی خدا نے دی ہی بلاغت بیان مین
غافل خراب عالم آباد ہی تمام — ویرانگی شریک ہی کون و مکان مین
مرقد مین آشیانہ ہما نے بنا لیا — پایا منا کچھ ایسا مرے استخوان مین
پاجی جو خبث سے مجھے کہتے ہین شیخ جی — کیونکر مین انکو سونپون خدا کی امان مین
بحر عدن ہی گویا قلمدان مین دوات — ہی کلک درفشان مرے موتی کی کان مین

۱ اکثر وہ ہو گیا ہی جو منہ سے نکل گیا
آخر تو کچھ اثر ہی خدا کی زبان مین

۲۴۵
تشکل غریب دشت محن مین رہا ہون مین — عمر دراز گو کہ وطن مین رہا ہون مین
ہرگز شگفتگی سے نہ بہرہ ہوا نصیب — ہمرنگ غنچہ گو کہ چمن مین رہا ہون مین
موج نسیم زلف ہی آسیگی مری — آوارہ آہوان ختن مین رہا ہون مین
مجھکو زمین پہ بستر گل کب ہوا نصیب — غلطان مدام خار و خشن مین رہا ہون مین
عمر انپی خیر خواہی دندان مین کی بسر — تشکل زبان گویا دہن مین رہا ہون مین
غیر از سرشک دانہ گوہر نہین ملا — گو مدت مدید عدن مین رہا ہون مین

فکر رسا نے گویا کبوتر بنا دیے
کویل ہے پہونچے شعر مرے سہسرام مین

پرہیز فعل بد سے جوانی مین چاہیے
روغن سے احتراز ہی واجب زکام مین

ایسے ہے کیا معاملہ تو نے کیا فدا
کب ہی اثر وفا کا نہاد غلام مین

۲۴۲

حیران ہی عقل دور زمانہ کے حال مین
ہوتا ہی وہ کہ جو نہین ہوتا خیال مین

روے نشاط دیکھا نہ خواب و خیال مین
عمر اپنی سب گذر گئی رنج و ملال مین

یارون کے ہاتھ آئے شکار کلان کلان
چڑیا بھی اک نہ آئی کبھی میرے جال مین

قسمت تو دیکھ اُترا جو کھانا مرے لیے
تھا بال شوربے مین تو کھی تھی دال مین

اُس بت کی چاہ نے مجھے گویا ڈبو دیا
نقصان آگیا مرے فضل و کمال مین

دیوان سمجھے ہین جسے احباب نکتہ ور
وہ فرد و چند ہین مرے حال ملال مین

وہ دانہ ہاے مشک مین اصلا نہین شمیم
خوشبو ہی تیرے جوتہ گیسو کے خال مین

کیا کیا نہ زعم غیر کو عیش جہان پہ تھا
مردود آخر آگیا فورا وبال مین

جان سوز ش فراق مین بھبھٹی سے کم نہین
کیا لطف میکشی کا ہی مجھکو کلال مین

دن دونا اور رات سوا یار رہا مدام
برکت خدا کے نام کی ہی میرے مال مین

بیکار محض بندگی شیب ہی تری
گویا ادا ے سجدہ ہی نادان زوال مین

مدت مین آسمان نے لیا میرا انتقام
بھروایا بھوسہ کھینچکے غیرون کی کھال مین

کچھ بندگان حق کو نہین فکر احتیاج
حصہ ہی سب کا گنج در ذوالجلال مین

یہ دولت وصال فدا کسکے ہی نصیب
موتی پروے یار نے جو بال بال مین

داغ مہی سے پھل ترا اب پھول بن گیا
سیب زنخ بھی نیچۂ سوسن سے کم نہین

عصمت ٹپکتی ہی تری پوشاک سے تمام
رومال بھی ترا مرے دامن سے کم نہین

لنکا سے پھر اجودھیا آنا نہین محال
سیتا کا جوگ قوت راون سے کم نہین

ہمسر ہی تیرے حسن فراوان کا درد عشق
جوش جنون مرا ترے جوبن سے کم نہین

زور آزماہین مجھسے مگر رنج نو بنو
ہین رستمان غم مین تہمتن سے کم نہین

سنبل فراق یار مین درد سیاہ ہی
گلشن کدہ مرے لیے گلخن سے کم نہین

تجھکو نہ رحم آیا خدایا ترا رہے
کافر ترا جگر بھی تو آہن سے کم نہین

۲۴۲

کیا رنگ باداد نمایان ہی شام مین
ہی لطف فارسی مرے ہندی کلام مین

افراط جذب سے غم ہجران نہین رہا
حاصل مرا ہی وصل کا اب تیرے نام مین

چھوڑا نہ مجھکو رحمت یزدان نے زیر خاک
فوراً زمین سے لگی دار السلام مین

پاتا ہون در پہ تیرے مضامین سر بلند
آویختہ ہی فکر مری تیرے بام مین

صحبت رقیب و یار کی اور میری ہی محال
تلوار دو سماتی ہین کب اک نیام مین

گنگا نہانے کے واسطے بنا بگلا بھگت ہی تو
کیرے پڑین لعین ترے اس رام رام مین

شرطین جو درمیان تھین ادا ہوچکین تمام
کیا دیر اب ہی میرے حصول مرام مین

ناگاہ کس ادا سے کیا تو نے جان من
تسلیم جان بجز ہوا بندہ سلام مین

پھنسنے ہما کے واسطے پھیلا یا جال تھا
تقدیر حق سے زاغ پھنسا آکے دام مین

بعد از گناہ توبہ نصوحا ہی چاہیے
واجب ہوا ہی غسل مگر احتلام مین

میرے سخن مین رنگ عقیق یمن کا ہی
یہ بخشگی کہان ہی مضامین خام مین

وارے اے دست جنون اب مین کھسوٹون کیا خاک
ایک بھی تار مرے جیب و گریبان مین نہین

گویا طومار معطل ہو مری عمر دراز
کچھ بھی تعبیر مرے خواب پریشان مین نہین

آج کل جامۂ شیطان مین ہین انسان اکثر
گو ہین انسان مگر جامۂ انسان مین نہین

ای فدا انجھکو ہی اندیشۂ فردا بیجا
جبکہ تقلیل نہ کچھ رحمت یزدان مین نہین

۲۳۹

سوز غم تبان سے تہ صد عذاب ہون
مین آتش جگر سے سراپا کباب ہون

دنیا کی تین پانچ سے ہون مین جو بیخبر
لطف خدائے پاک سے پاک از حساب ہون

روشن ہو میرا نام نہ کیون روزگار مین
مین خاور سخن کا مگر آفتاب ہون

گویا بری ہون زخم زبان جہان سے
مین صحبت انام سے پر اجتناب ہون

تشویش دہر سے مجھے بختے خدا نجات
دنیا مین ای فدا مین نہایت خراب ہون

۲۴۰

نگجا نا دل کا حادثۂ نشتر سے کم نہین
رنج فراق صدمۂ محشر سے کم نہین

مضمون ہر مشکبار سواد حروف مین
ہر شعر میرا زلف معنبر سے کم نہین

گویا بیاض غیر مرتب ہی ای فدا
کچھ حال بھی مرا مرے دفتر سے کم نہین

۲۴۱

چوٹی جو ای پری تری ناگن سے کم نہین
کنگھی بھی آبنوس کی کچھ پھن سے کم نہین

ابجان بہت ہین تیرے فریفتہ رہتے خوشنگا
قصہ ترا بھی قصۂ مرون سے کم نہین

کیا لالہ ہائے داغ درون ہین کھلے ہوئے
سینہ مرا بھی تختۂ گلشن سے کم نہین

کب نفس کو نظر مرے سود و ضرر پہ ہی
جو آشنا ہی اپنا وہ دشمن سے کم نہین

مجھکو کبھی نہ داد مرے درد کی ملی
مین مبتلا ہوا ہون غم خواہ نخواہ مین

لے چل شراب خانہ کو پیر مغان مجھے
لگتا نہین ہی جی مرا اب خانقاہ مین

گورون سے ہین سوا تری کالی پلک مگر
مرے کا میگجین ہی تیری سپاہ مین

ہوا اوس صنم کی سنگدلی کا گلہ عبث
رکھا نہین خدا نے اثر میری آہ مین

انجام خیر پر ملک الموت ہین گواہ
دم نکلا میرا اندکرہ لا الٰہ مین

مفلس کی حق رسی ترے گھر مین محال ہی
کوڑی نہین کوئی گرہ داد خواہ مین

پیری مین زور عشق جوانی نہین گیا
رنگ مسا تمام ہی میری پگاہ مین

ای آسمان کچھ بھی ہی خوف خدا تجھے
شامل کیا مجھے جو عدو کی پناہ مین

کتنا جہان مین ظل حمایت وسیع ہی
ہر وقت ہر بشر ہی خدا کی پناہ مین

محفوظ ہر مواخذہ سے رکھنا تو مجھے
پکڑا نہ جاؤن مین کسی یارب گناہ مین

۲۳۷
جو یا تو راحتون کا عبث ہی یہان فدا
لکھی ہین زحمتین ترے بخت سیاہ مین

خدا کے کرم کی نہایت نہین
یہان اوسکی کس پر عنایت نہین

خدا مہربان ہی توکل مہربان
مجھے آسمان کی شکایت نہین

۲۳۸
فدا تیری مجلس مین جز ذکر یار
کبھی اور کوئی حکایت نہین

شان عشاق نوازی ہت جانان مین نہین
جلوہ مہر مگر یار کے ایوان مین نہین

بیوفائی تری صورت سے عیان ہی کافر
قطرہ آب ترے چاہ زنخدان مین نہین

کام حاصل ہی نہ موت آتی ہی ناکامی مین
کوئی تاثیر مرے درد نہایان مین نہین

قسمت تو دیکھ مین بھی فدا اتفاق سے
شامل ہوا رقیب کی بزم نکاح مین

۲۲۵
ویرانگی ہی گویا ازل سے نصیب مین
آباد یان عیش ہین خیال غریب مین

پیوستگی خالص و ناقص ہی ناگوار
مکروہ طبع کیون نہو دانہ زہیب مین

دل کے دکھانے کا ہی نتیجہ بہت برا
ظالم صدا نہین ہی خدا کی حریب مین

دکھلائے منہ خدا نہ ترا ای شب فراق
نقشہ اجل کا ہی تری شکل مہیب مین

مجھکو حساب حشر سے نورا بری کیے
کیا کیا ہین رحم ذات خدائے حسیب مین

طوطی ہون مین سخن ہی مرا گویا آئنہ
حیران ہین یار لوگ کلام عجیب مین

شیدائے رنگ جلوۂ قدرت ہی سر بسر
سودائے گل نہین ہی سر عندلیب مین

پاینده مال مفت سے مال ریاض ہی
جو ہی خلف مین انس نہین ہی ربیب مین

ناقوس کی سدا سے مجھے حال آگیا
پایا نہ لطف شیخ نے صوت خطیب مین

محمود خان کے پاس بھی مین ای فدا گیا
کچھ درد میرا آیا نہ ذہن طبیب مین

۲۲۶
کانٹے جگر کے فرش ہین اتنا رہ مین
کیونکر گذر ہو آنکا مری خوابگا مین

کیا قدرت خدا ہی کہ اس بت کی چاہ مین
پکڑا گیا ہی غیر مرے اشتباہ مین

دیدار مین ترے جو مہیا ہی زندگی
موجود ہی اجل تری کافر نگاہ مین

عاقل خدا سے طالب خیر مآل ہی
نادان ہی مبتلا ہوس مال و جاہ مین

اچھون کے واسطے ہین برے دن یہان نصیب
یوسف وگرنہ کیون رہے زندان و چاہ مین

انسان نیکے کاہ سے ناچیز تر ہون مین
مجھسے زیادہ وصف ہین مردم گیاہ مین

اردو مین بے نظیر ہی دیوان شیفتہ
آگاہ میرے گویا نظیری نظیر ہین

ظاہر ہین راز ہاے نہان اُنکے روبرو
ارباب فکر جتنے ہین روشن ضمیر ہین

خطرہ نہین ہی مجھکو مقامات سخت کا
بندے خدا کے گھر کے مرے دستگیر ہین

خواب نجستہ مین مجھے بیعت ہوئی نصیب
حضرت نظام دین خدا میرے پیر ہین

ہم کبک وار کھاتے ہین انگارے خاک پر
وہ آسمان حسن کے بدر منیر ہین

ادنی ترین کو رتبۂ اعلی نصیب ہی
جتنے گدا ہین در کے ترے سب امیر ہین

پیوستگی سے تیری جدائی محال ہی
آئے مین تو نمک ہی تو ہم بھی خمیر ہین

فکر سخن مین حق نے دیا ہی وہ مرتبہ
گویا فدا حسین غزل کے دبیر ہین

پی لے زاہد شراب دنیا مین
ننگے رند خراب دنیا مین

آتش غم یہ بھون ڈال جگر
کرلے دلکو کباب دنیا مین

کارہاے زبون ہے اے غافل
چاہیے اجتناب دنیا مین

گویا ہی زاد آخرت تجھکو
خوف روز حساب دنیا مین

کچھ جو خوف عذاب عقبی ہی
کرلے حاصل ثواب دنیا مین

زندگی کا کچھ اعتبار نہین
کر گذر کچھ شتاب دنیا مین

گذری مانند روز حشر فدا
میری عمر شباب دنیا مین

گذریگی عمر فضل خدا سے فلاح مین
تم اذ ضمم رہے جو ہماری صلاح مین

کچھ حسن رہگذر ہے تمتع حصول کا
اندیشہ مواخذہ کیا ہی مباح مین

سو عیب تیرے نحم ہین مری ذات کو لگے — مجھسا کوئی زمانے مین بدنام تر نہین
شوخی نے اے پری ترے پارہ بنا دیا — صبر و قرار کا مرے دل مین اثر نہین
ارباب زور کا ہی زمانہ درین و لا — دنیا مین راست بازون کی مطلق گذر نہین
طاری ہی ہجر یار مین اک حال بیخودی — غفلت مین کچھ خبر مجھے دو دو پہر نہین
اوقات غفلسانہ گذرتی ہی دیر مین — بر کو مرے جو کوئی بت سیمبر نہین
کل جنکے آستان پہ تھا اقبال کا ہجوم — کتا بھی آج اُنکی کوئی گور پر نہین
کچھ حد بھی ہی تغافل بسیار کی ترے — تجھپر جو مرتے ہین تجھے اُنکی خبر نہین
ہستی سے تا عدم ہین ہزارون مخاطرے — اس سے زیادہ کوئی گران تر سفر نہین
طفلی سے تا بشیب وہی ہی منغصی — اتبک مرا مزاج بحال دگر نہین
اصنام سیمبر کی طلب مین خراب ہون — دنیا مین مجھکو کچھ ہوس مال و زر نہین
ہی بوستان دہر مین ثمر ہر اک درخت — نخل امید میرا مگر بار ور نہین
عالم تھا جسکے طنطنۂ جور سے خراب — اب زیر خاک خاک بھی کچھ شور و شر نہین
افسردہ ہی طبیعت ناساز فکر مین — مضمون جو ہن غزل مین کوئی تازہ تر نہین
سب عمر اپنی گذری ہی شبہاے تار مین — عالم مین اپنے گویا نشان سحر نہین

ہر دم تری زبان پہ فدا ہی کلام یاس
کمبخت تجھکو مہر خدا پر نظر نہین

۲۳۲

تشویش روزگار سے سب ناگزیر ہین — اہل جہان عذاب جہان مین اسیر ہین
سرکار سے تری ہمہ عالم ہی فیض یاب — سب شاہ اور گدا ترے در کے فقیر ہین
کرتے ہین قتل اور چھپاتے ہین خون کو — اصنام روزگار وہ شوخ اور شریر ہین

غنچے نہ کھلنے پائے کہ اڑے پر سے فدا
کیا دیکھا مین نے اپنی بہار شباب مین

۲۲۹

حاصل حضور قلب ہی کمتر نماز مین — وسواس دلکو رہتے ہین اکثر نماز مین
رگڑی جو ناک پیش خدا مین نے خاک پر — کیا کیا مشام جان ہی معطر نماز مین
جاری ہین چشم تر سے مری اشک متصل — ہاتھ آیا میرے کیسہ گوہر نماز مین
آمین گویا مدحساب عتاب ہی — دنیا کا تو نے کھولا جو دفتر نماز مین
آئینہ کسکی شکل کا ہی میرے روبرو — ہمشکل آئنہ ہون جو شش در نماز مین
کیف حضور مین ہی تجمل عروس کا — پہنا وضو کا مین نے جو زیور نماز مین

صراف امتیاز قبول کریم نے
پرکھا ہی اے فدا مرا جوہر نماز مین

۲۳۰

مین از خود رفتہ ہون یا رب کسی بت کی جدائی مین — مگر بوئے مزہ کاری ہی میری پارسائی مین
برائی کے سوا حاصل نہین ہی کچھ برائی مین — بھلائی کر بھلائی ہی بھلائی مین
بری غیرت کی جا ہی غیر مین ہم سایہ میرے — نہین اس بت کا سا جامہ میری دنیا کی کمائی مین
نہین ہی قلت اصنام دنیا مین مگر یارب — مری قسمت کا کوئی بت نہ تھا میری خدائی مین
مگر دیوسیہ کی اس پری سے ہوگئی صحبت — کہ بوے جانگداز آتی ہی عطر آگین رعنائی مین
نہین ہی بارھ برے کی مگر ہی بارہ خنجر کی — جگر دوزی کا عالم ہی جو سرے کی سلائی مین

نہ پوچھو کچھ بیان حال غمگینی بیچارہ
تمام اندوہ ہی ذات فدا کربلائی مین

۲۳۱

لطف حیات سے مین ذرا بہرہ ور نہین — ورود دران سے میرے کسیکو خبر نہین

بجا ہی مجھکو رشک نشاط رقیب پر
وہ عیش پر بلا ہے ہی بول اور ہر از مین

اک دیکھیون دھون چھاتیان کیا ہے پاؤن تک
جوبن بھرا ہوا ہی بت محو ناز مین

پردے مین شاعری کے دکھاتا ہون داغ دل
راگ اپنا مین سناتا ہون آہنگ ساز مین

دنیا مین ہی یہ شیخ کہ دنیا ہی شیخ مین
دریا مین ہی جہاز کہ دریا جہاز مین

نازیت گو با قید بلا مین رہا اسیر
کافر جو پھنس گیا تری زلف دراز مین

عیب کراہیت سے مبرا ہی پختگی
جب تک ہی خام باقی ہی ہر پیاز مین

دنیا کا ہر معاملہ طوفان سے کم نہین
کیا کیا ہی زور موج نشیب و فراز مین

کیا شکر کا مقام فدا ہی کہ آج کل
کمیاب ہی نظیر ترا امتیاز مین

۲۲۵

آباد تو سدا رہے دیر خراب مین
میری یہ التجا ہی خدا کی جناب مین

روزانہ رنگ نو ہی جہان خراب مین
چرخ کہن سدا ہی مگر انقلاب مین

ایسے بھنور مین پھنس گئی کشتی غریب کی
ہی جس سے ناخدا بھی بڑے اضطراب مین

کیا ہی عجب کہ فضل خدا پھر اچھال دے
ڈوبا ہوا جہاز ہی سو نیزہ آب مین

نقاش نے تمام کیا بوستان کو ختم
گلکاریون سے تیری گلستان کے باب مین

روز ازل نہ کاتب تقدیر نے لکھا
حرف نشاط میری کتاب شباب مین

ممکن قدم مین ہی کہ قدم ممکنات مین
دریا مین ہی حباب کہ دریا حباب مین

بحث مناظرت ہی میان رقیب و یار
گویا محاولہ ہی ہما و عقاب مین

لطف زبان فرس مرے رخشہ مین ہی
نکہت ہی زعفران کی گیاہ شداب مین

وہ بت نہین ہی مجلس انجا مین بیکسر
آہو گھرا ہوا ہی ہجوم گلاب مین

ترے غم مین ایسا ہوا ناتوان — مرے جسم مین اب ذرا دم نہین
مصیبت کی جا ہی یہ شادی تری — ترے گھر مین جو شور ماتم نہین
نظر مین مری مال دنیا ہی ہیچ — کم از داغ دینار و در ہم نہین
جوانی سے پیری مین نادم ہو آج — مرا سچ خاطر ذرا کم نہین

فدا اس شفاخانہ دہر مین
مرے زخم کا کوئی مرہم نہین

۲۲۶

مین خستہ جان ستم زدہ روزگار ہون — محتاج ہون غریب ہون عاجز ہون خوار ہون
مین خاکسار خستہ چشم نگار ہون — خستہ ہون خستہ جان ہون سراپا نگار ہون
مین ہمسر سپہر ہون گو خاکسار ہون — گرد نقاب یار ہون گو مین غبار ہون
رنگ بہار گو یا مرا تازیانہ ہی — مین باد پاے زور جنون پر سوار ہون
یارب ذو المنن ہو مری شرم تیرے ہاتھ — عاصی ہون رو سیاہ ہون عصیان شعار ہون
صحت نصیب جلد ہو یارب مریض کو — اب رحمت مرض سے بہت بیقرار ہون
لاتقربوا الصلوٰۃ کا یارب نہو حساب — میخانہ کرم کا ترے بادہ خوار ہون
کیا ہی عجب کہ رحمت حق مجھکو ڈھانپ لے — گو ہون سیاہ کار مگر شرمسار ہون

مور ضعیف بھی ہی قوی مجھسے خلق مین
مین اے فدا بدرجۂ غایت نزار ہون

۲۲۷

ہی لطف زندگی جو ترے حسن و ناز مین — کیف ممات ہی مرے سوز و گداز مین
ہی بے نمک جو کام و دہان غیر معرفت — کچھ لطف روزے مین نہ مرا ہی نماز مین
آزار مختفی کی ہی کس سے کچھ دوا — ناحق ہوا ذلیل مین قضا سے ایاز مین

اُنمین سے فدا سمجھو ہم ہین

۲۲۲

ایسا ترے غم مین مضطرب ہون — اے جان مین گویا جان بلب ہون
شوریدہ سر رہ طلب ہون — گستاخ روش ہون بے ادب ہون
ہر چند ترا کرم ہے مجھپر — آزردہ مگر بلا سبب ہون
کب مجھسے خطا ہوئی ہے کوئی — ناحق ترا مورد غضب ہون
مجھسا کوئی کامران نہو گا — محروم مرام خود مین کب ہون
کسکی ہے تلاش جو مین ایسا — آوارۂ وادی طلب ہون

کیا لطف وصال یار پاؤن
کب مین فدا زندہ دار شب ہون

۲۲۳

مرگ سے مجھکو کچھ گزند نہین — مجھسا دنیا مین دردمند نہین
میری ہمت کے روبرو نادان — رتبۂ آسمان بلند نہین

اے فدا کوئی سنگدل ہوگا
شعر تیرا جسے پسند نہین

۲۲۴

مین ہون بعید اُس سے کہ جس سے قریب ہون — گویا مین اِس جہان مین بُرا بد نصیب ہون
رنگ گل قلق کی مری ذات سے ہے آب — گویا بہار داغ کا مین عندلیب ہون

کیا زندگی مری کہ مین دنیا مین اے فدا
محروم وصل یار ہون دور از حبیب ہون

۲۲۵

کسیوقت مین خالی از غم نہین — بجز غم مرا کوئی ہمدم نہین
مری آنکھ کسوقت پرنم نہین — مری آنکھ کسوقت پرنم نہین

آزردہ خاطرون کو اسیری ہی سیر گل — صحن چمن جو تنگی زندان سے کم نہین
کس بوالہوس کے ہاتھ سے اے جان ہی چاک چاک — چولی تری جو میرے گریبان سے کم نہین
اے روز سیاہ جو شب یلدا سے تیرہ ہی — حال نہانا تیری زلف پریشان سے کم نہین
ایسا ڈبو دیا مرے طغیان اشک نے — گھر میرا مجھکو خطۂ یونان سے کم نہین

عیش ابد ملا ہی فدا کیا ہے یمن عشق
گور اپنی مجھکو خلوت جانان سے کم نہین

۲۲۰

گو یا حیات ہی مری عشق صنم نہین — جس دن یہ غم نہو گا وہی روز غم نہین
ہین وادی جنون معانی کا قیس ہون — ہر شعر میرا محمل لیلی سے کم نہین
اعجاز عشق سے مرا قائم وجود ہی — ورنہ غم صنم سے ذرا مجھ مین دم نہین
مجھسے امیدوار کو نومید جو کرے — ایسی تو یا خدا تری شان کرم نہین
کیا حال اپنے عالم افلاس کا لکھون — کاغذ نہین دوات نہین ہی قلم نہین
ہین ہون خدیو ملک سخن گو کہ میرے پاس — خیمہ نہین سپاہ نہین ہی علم نہین

کیا فکر شعر ذوق ہو کچھ مجھسے اے فدا
نغمہ نہین شراب نہین ہی صنم نہین

۲۲۱

گنتی کے مرے جسد مین دم ہین — اک دلکو مرے ہزار غم ہین
ہمکو نہین مال و زر کی پروا — ہم طالب صورت صنم ہین
کیونکر ہو ادائے شکر انکا — جو جو مرے حال پر کرم ہین
کس شی کی کمی ہی گھر مین تیرے — البتہ مرے نصیب کم ہین

ناکام گئے جہان سے جو لوگ

لکھو ڈالون فدا ہزار مضمون
فرصت دے اگر زمانہ دون

۲۱۷

عصیان سے جو اپنے مین خجل ہون
اعمال زبون سے منفعل ہون

دانا ہی تو یا خدا کہ ہر دم
حاضر ترے روبرو بدل ہون

خوشبو ہی فدا جو خاکساری
گویا مین تسمیم عطر گل ہون

۲۱۸

گو ہون مین بے سر و سامان پہ جہانیان ہونمین
گو گدا ہون پہ گدائے در جانان ہونمین

زار و رنجور و تپان مضطر و گریان ہونمین
میرا کچھ حال نہ پوچھو کہ پریشان ہونمین

نہ تو دنیا کی لیاقت ہی نہ دین کی ہمت
محض یارب ترے افضال پہ نازان ہونمین

واقف اس فن سے نہ شیدی و نوائی کچھ تھے
لغو دعوی ہی مرا یہ کہ غزلخوان ہونمین

باغ فناک کا آداب مگر بانع ہی
کس طرح کوئی کہے صاحب عرفان ہونمین

مجھسا ناکام خدایا ہو نہ دنیا مین کوئی
کشتۂ غمزۂ بے مہری دوران ہون مین

نہ خدا مجھکو ملا اور نہ بت ہاتھ آیا
کفر و دین دونون سے گویا کہ پشیمان ہونمین

ہی تردد مین مجھے مایۂ اندیشہ حاصل
بیقراری سے مگر گوہر غلطان ہون مین

موم پتھر تری قدرت سے الٰہی ہو جائے
کسی بت سے فقط اک بوسہ کا خواہان ہونمین

حسرت دل کے موافق نہوا شعر کوئی
گو کہ ہر چند فدا صاحب دیوان ہونمین

۲۱۹

بستی فراق مین جو بیابان سے کم نہین
صبح وطن بھی شام غریبان سے کم نہین

کفر اپنا زاہد ترے ایمان سے کم نہین
مین بت پرست تجھسے مسلمان سے کم نہین

جلوۂ ابر جواہر لعل لب سے ہی مخجل
گویا موتی سے برستے ہین تری تقریر مین

میری ہر تدبیر کا گویا نتیجہ ہی فسوس
ہی خرابی کا تصرف ہر سخن تعمیر مین

ہی وصال یار مین عیش جوانی کا مزا
گویا خاطر خواہ ہی قند مکرر کھیر مین

۱۱۵
ای فدا کمبخت نے اپنا سا مجھکو کر لیا
خار تھی میری جوانی چشم چرخ پیر مین

تری زلف پیچان کا خواہان ہونمین
شب و روز کافر پریشان ہونمین

خدایا مرے حال پر رحم کر
گناہون سے اپنے پشیمان ہونمین

الٰہی ترا فضل درکار ہی
عذاب زمین سے ہراسان ہونمین

نکرنا سوا اپنے محتاج غیر
ترے در کا درویش مہمان ہونمین

۱۱۶
فدا ہی سخن سنج معجز نگار
نظیری کا شیدائے دیوان ہونمین

ساقی دے مجھے شراب گلگون
ہو جس سے نہاد عقل کا خون

مستی مین رہے نہ ہوش مطلق
موزون ہو مجھے خطاب مجنون

دنیا مین جو بادہ لا ہون مشہور
مستانہ بروز حشر اٹھون

قدرت کر ایسا مجھکو مخمور
جو شیشۂ نام و ننگ توڑون

ایسا لگے مجھکو ذوق مستی
پیچھا ترا مین کبھی نہ چھوڑون

غواص محیط فکر ہون مین
ہر شعر ہی میرا دُرِّ مکنون

ای چرخ کہن ہزار فریاد
کب تک غم تو تنہا مین کھاؤن

کیون ہو گئے سرخ دیدۂ تر
یاد آگئے کس کے لعل میگون

۲۱۲ خدا جلد کر کام دل کچھ حصول
مگر زندگانی دوبارا نہین

غم ہجر کا مجھکو یارا نہین
بغیر اُس صنم کے گذارا نہین

کھڑے کان دستک سے کیون ہو گئے
کسی نے جو تمکو پکارا نہین

نہ گستاخ ہو ایسے اسرار عشق
نہان ہین ابھی آشکارا نہین

مرے دلکو کیون کر دیا چاک چاک
تری مانگ چتی جو آرا نہین

تری بیوفائی کا شکوہ ہی کیا
یہ دل بھی ہمارا ہمارا نہین

یہ پردہ سے باہر کفن ہی مرا
گور نمد کا کافر غبارا نہین

رہین کیون نہ کشتہ ناز یان
مگر دام تیرا کرارا نہین

خدا مجھکو دنیا مین اور دین مین
خدا کے سوا کچھ سہارا نہین

۲۱۳ دن حک ہی عیش میرے صفحہ ایام مین
غم ہر آئینہ لکھا ہی بخت نافرجام مین

کیا تعجب ہی جو لکھتا ہون مضامین بلند
آشیانہ فکر کا ہی عقل کل کے بام مین

عشق نے کیسا کیا ہی خوار اور بے آبرو
دل رہا ہی اپنا وہ جو فخر دو عالم مین

غیر کی صحبت مین ادنی بات کر سکتا نہین
ورنہ حاجی ہی کوئی ابلیس میرے کام مین

گویا داب رسالت سے مجھکو خود بہ نہین
ورنہ کیا تقلیل ہی مولا ترے انعام مین

مجھکو تقصیر اطاعت مین نہین جدتمام
مطلقاً قلت نہین لیکن ترے اکرام مین

بت پرستی سے خدا سب دین تیرا ہیچ ہی
کفر کی بو آتی ہی کافر ترے اسلام مین

۲۱۴ محو ہی ہر شخص اپنے کام کی تدبیر مین
پر وہی ہوتا ہی لکھا ہی جو کچھ تقدیر مین

خود مجھ مین نہین ہی قابلیت — کیا شکوہ بخت منھ پہ لاؤن
دل کا کوئی قدردان نپایا — کیا خاک کسی سے جی لگاؤن
ہی نام سے میرے جسکو وحشت — کیونکر اُسے اپنے گھر بلاؤن
قسمت مین لکھا ہی رنج ہجران — کیونکر مین وصال یار پاؤن
اغیار ترے جو ہمنشین ہین — کیونکر تری بزم مین آؤن
ای چرخ ہی کچھ نہایت جور — کب تک تری ٹھوکرین مین کھاؤن
ایسا مرا کیا ہی بخت بیدار — اُس بت کو بغل مین جو سلاؤن
سب چاک ہین دامن اور گریبان — اک جیب کا چاک کیا سلاؤن
خنجر دو کہ جان جان ہی میرا — ہی کون جسے گلے لگاؤن
کافی ہی گدا کو بستر خاک — کسکے لیے فرش گل بچھاؤن
ظاہر ہی مری حرارت عشق — کسطرح مین سوز دل چھپاؤن
تو نے مجھے کسقدر جلایا — مین بھی تجھے اتبو کچھ جلاؤن
ڈالون تری چاہ پر مگر خاک — اب اور کسی سے دل لگاؤن

میرا بھی فدا گذر ہوا تھا
پاکیزہ ہی حصہ مداؤن

بغل مین جو وہ ماہ پارا نہین — مگر میرا روشن ستارا نہین
نہ تو را ہی صنم اسکو بہر خدا — یہ دل ہی مرا سنگ خارا نہین
پھوی مجھسے چتون تری کس لیے — وہ چشمک نہین وہ اشارا نہین
پھر اُس بت کو ہی کیون لڑائی کا رنگ — سکندر نہین کوئی دارا نہین

۲۱۸

وہ عطا اپنا گذر کیون نہو مے خوارون مین — نام لکھا ہی مگر میرا گنہگارون مین
شیب سے گویا ہی اصنام مین اوقات خراب — جنس ناقص کی طرح مین ہون خریدارون مین
ہی مری بہر خدا پرسش احوال ضرور — مین بھی کافر ہون ترے غم کے گرفتارون مین
کون ہی اس شب غم مین مرا ہمدم یارب — تو ہی محبوب ترا لطف ہی غمخوارون مین
درد مونس ہی مرا رنج رفیق جان ہی — چار ناچار گذر ہی انھین دو چارون مین
ابروؤن سے جو بچا مارا نگاہون نے ضرور — کوئی رہ سکتا ہی زندہ تری تلوارون مین
مرتبہ ہی مجھے دنیا مین کچھ ایسا حاصل — مین نہ خوابیدون مین شامل ہون نہ بیدارون مین
بے گمانی سے مگر اپنی مین ہون شرمندہ — نام مشہور سخن سنج ہی کیون یارون مین

ہی عجب حال فدا کا مرض مخفی سے
تندرستون مین ہی بیچارہ نہ بیمارون مین

۲۱۹

جی لگے میرا کسکی شادی مین — عمر گذری ہی نامرادی مین
ہی جہان مین جو غمزدہ اُسکو — لطف گیا جشن کیقبادی مین
جوش گریہ ہی گویا آب حیات — شور ہی رعد کی منادی مین
کر شعار اپنا بندگی صاحب — دخل کر خاصہ عبادی مین
ہی غضب تیری زلف کا چھونا — زہر ایسا کہان جفادی مین
کیون نہو عشق سے ترقی حسن — ربط ہی آتشی و بادی مین

اہی فدا رہ ببدان خلق سے دور
شر ہی طینت فسادی مین

۲۲۰

یارب جو سوال ہی وہ پاؤن — اب در سے ترے کہان مین جاؤن

۲۰۶

اب وہ فدا حسین نہین وہ فدا نہین

تو عرض مدعا سے مگر آشنا نہین
کہنا خدا مگر کسی بت کو روا نہین
تو ہے ہوشیون سے کمر بند آپ کا
حصہ ہے کس نسیم کا تیری بہار مین
دکھلا دو جوبن اپنا ذرا دور سے مجھے
مارا ہے اس غریب کو فکر معاش نے
کیا جلد اس سرا سے مرا کوچ ہو گیا
بہر خدا ہو اوبت شیرین ادا نہ ترش

کیسی قبول گھر مین خدا کے دعا نہین
کیا بت کہ بت پرست خدا سے جدا نہین
دست گناہگار کی اے جان خطا نہین
اب تک جو تیرے باغ کا غنچہ کھلا نہین
گو نوان نخجش غیر مین حصہ مرا نہین
فکر سخن کا مجھکو ذرا حوصلا نہین
کھانا تو کیا کہ پانی بھی مین نے پیا نہین
مین نے ترے انارون کو اب تک چھوا نہین

دنیا مین ہر مرض کی شفا کے لیے فدا
بہتر خدا کے نام سے کوئی دوا نہین

۲۰۷

کیا شک بت قاتل ہے کچھ اب میری اجل مین
حسرت نے دیے ہین مجھے زہر آب مین غوطے
قسمت کے سوا پایا نہ اک دانۂ روزی
طباخ غم عشق نے ایسا مجھے بھونا
بدمہری ایام کا کب تک لکھون شکوہ
ہر صاحب جوہر کو ہمیشہ سے فلک نے

خنجر ہے ترے ہاتھ مین تلوار بغل مین
ڈوبا ہوا ہی غیر مگر جوے عسل مین
حارص رہا آوارہ سدا دشت و جبل مین
کب ہے اثر بوے کباب میری مصیل مین
اب طاقت تحریر نہین ہے بدشکل مین
موتی کی طرح پیسا ہے تیھر کی کدل مین

چالاکی و چستی ہے فدا موجب راحت
ہے رنج مگر عادت سستی و کسل مین

۲۰۴
معرفت ربک بایزید نہین — شیخ صنعان کی زر خرید نہین
جسکو چاہے خدا کرے مقبول — رحمت حق نا پدید نہین
کاروارین کر درست شتاب — زندگانی کی کچھ امید نہین
ہین وجود اور عدم قریب قریب — اُنمین کچھ فاصلہ بعید نہین
مال ناپاک سے ترے قارون — کوئی دنیا مین مستفید نہین
عالم یقظہ کا گلہ کیا ہی — خواب مین بھی نصیب دید نہین
پاک ہی تیرا ظاہر اور باطن — نفس ناقص اگر پلید نہین
ہی مری عمر سے بعید نشاط — میرے روزون مین روز عید نہین

خنجر عشق سے فدائے حسین
ہی وہ نامرد جو شہید نہین

۲۰۵
کب مہربان بندہ پر اپنے خدا نہین — لیکن وہ بت کسیکا ذرا آشنا نہین
حسرت ہی میرے طالع ناسازگار مین — مین بدنصیب ہون مجھے تیرا گلا نہین
مانا یہ ہمنے ناصحا وہ سبز فام ہی — ایسا کوئی جہان مین پر رنگیلا نہین
کیا اور نکلے اُس سے کوئی دلکی آرزو — جو کھول کر بغل کبھی تجھسے ملا نہین
انگیا کے بند کھلنے سے اے محرم نیاز — حاصل مرا تمام ابھی مدعا نہین
کس جا ترا قیام نہ آشوب دہر ہی — کس رہ مین تیری چال سے محشر بپا نہین
قاتل نے قتل مین مرے مکرے اُڑا دیے — لیکن جھکا کے سر سر مو مین ہلا نہین
دیوانہ ہی جہان تری بیرہگ کا تمام — کوئی بھی ایسا ہی جو ترا مبتلا نہین

بیچارہ رنج حسرت و حرمان مین غل کیا

حضرت حق کا نمک خوردۂ انعام ہون مین

۲۰۱

زمانے مین دولت کی قلت نہین — تری اہی تہیدست قسمت نہین
کسیکو خدا رنج فرقت ندے — کوئی اس سے بڑھکر مصیبت نہین
تجرد مناسب ہی دنیا مین آج — محبت نہین ہی مروت نہین
نہین اُسکو فکر سخن کا دماغ — جسے فکر دنیا سے فرصت نہین

فدا ساغر زہر پی دم نہ مار
ترے واسطے جام شربت نہین

۲۰۲

سب مناسب ہی سر فکر سخن آوردن — سیکھ لے پہلے غم ہجر مین نادان مردن
چارہ فرمائی دلجوئی و تسکین کافر — تجھکو کچھ اور بھی آتا ہی بجز دل بردن
باغ آفاق مین جسدن سے ہوا ہون پیدا — غنچۂ دل کو نہ وا شد ہی بجز ثبہ مردن
درس ایجاد مین استاد ازل نے مجھکو — کوئی مصدر نہ پڑھایا ہی بجز افسردن

اہی فدا شکر خدا کا ہی بہر حال ضرور
گو کہ دنیا مین ترا رزق ہوا خون خوردن

۲۰۳

ظالم خدا سے ڈر مین جوان غریب ہون — دوری سے تیری گویا اجل کے قریب ہون
اس بعد و قرب کی مجھے حسرت ہی رات دن — نزدیک ہی حبیب مین دور از حبیب ہون
سننا سمجھنا چاہیے میرے کلام کو — مین ممبر بلند سخن کا خطیب ہون
باغ سخن کی زیب ہی میرے کلام سے — گلزار نکتہ سنجی کا مین عندلیب ہون

کھاتی کے در پہ ٹوٹی ہی گاڑی مری فدا
گو ہون مریض پیش نگاہ طبیب ہون

پیری مین کیا ہی چشم شکر چرخ پیر سے
عمر طفولیت سے مین تلخی چشیدہ ہون

اس عاجزی سے زینت دوش فلک ہون مین
مثل کمان جو خلق مین قامت خمیدہ ہون

سودا ہی میرا روشنی چشم روزگار
مین مثل صبح گویا گریبان دریدہ ہون

گلچین کا ہاتھ کیا کہ ہوا بھی نہین لگی
مین باغ دہر مین وہ گل نو دمیدہ ہون

مرنے کے بعد پائی ہی راحت ہر آئینہ
مین زیر خاک آج فدا آرمیدہ ہون

۱۹۹

گوش کر ہین تری آواز سے کچھ کام نہین
سوز سے کام ہی اب ساز سے کچھ کام نہین

مر گئے ہم ترے اب ناز سے کچھ کام نہین
شوخی و غمزہ و انداز سے کچھ کام نہین

فکر پوشاک ہے سودا نے کیا ہی آزاد
ہمکو اب درزی و درزاز سے کچھ کام نہین

بید ٹھرک کھولدے سب شیب مین احوال شباب
اتبو پوشیدگی راز سے کچھ کام نہین

ہی توکل جو تری ذات پر ای بار کریم
ہمکو دنیا مین تگ و تاز سے کچھ کام نہین

نہین عیسیٰ کا مریض غم جانان محتاج
کشتۂ ناز کو اعجاز سے کچھ کام نہین

قید نیرنگ سے آزاد ہین اہل بینش
مردم چشم کو شہباز سے کچھ کام نہین

پست ہمت کو نہین رفعت رتبہ حاصل
مرغ بے بال کو پرواز سے کچھ کام نہین

اپنی ذلت سے مین خرسند ہون دنیا مین فدا
غیر کی وقعت و اعزاز سے کچھ کام نہین

۲۰۰

میری وقعت نہین ہمچشمون مین ناکام ہون مین
خوار ہون خستہ ہون شرمندہ ہون بدنام ہون مین

عاقبت میری ہوئی فضل الٰہی سے بخیر
مرحبا طالع فرخ کہ خوش انجام ہون مین

کیا فدا مجھکو ہی شاہان جہان کی پروا

بے یار دو دل ہی مرے پیچوان مین
حقہ مین کچھ مزا ہی نہ لذت ہی پان مین

بد و شباب مین ہون مین رشک ہزار پیر
دیکھی تھی کیسی آن کسی نوجوان مین

آب سرشک تر اگر آب نصیب ہی
خون جگر خوراک ہی میری جہان مین

کافر ادا کے ساتھ ہین جانین لگی ہوئین
آویختہ ہین دل تری ہر آن آن مین

جب سے تمھاری زلف کا سودا ہی اے پری
کیا کیا نہ لوگ کہتے ہین کچھ میری شان مین

مین بادشاہ لشکر گریہ ہون اے فدا
رومال تر پھریرہ ہی میرے نشان مین

۱۹۷

جز رنج کچھ نپایا ترے اشتیاق مین
عمر اپنی سب گذر گئی درد فراق مین

میرے لیے تو پان لگانے مین شرم ہی
غیرون کے ساتھ کھایا پلاؤ اک طباق مین

کمیاب کوئی مومن خالص ہی آج کل
ہر شخص متبلا ہی بلاے نفاق مین

ادبت خدا سے ڈر مرے احوال رشک پر
ہی دخل غیر کا تری رنگین رواق مین

ہی سجدہ گاہ جملہ خلائق جو تا ابد
تصویر کس صنم کی ہی کعبہ کے طاق مین

کیا ایک لونگ آفت جان جہان ہی
عالم اسیر ہی ترے جوف بلاق مین

اس دلربا کے ساتھ میسر ہوا اختلاط
عمر اپنی سب گذر گئی اس اشتیاق مین

ہان شمار مجھکو فلک سے نصیب ہی
یکتاے وقت گو ہون حساب سیاق مین

جو یاے وصل یار فدا عمر بھر رہا
بیچارہ آخرش مواریج فراق مین

۱۹۸

رنج فراق یار کا آفت رسیدہ ہون
مین غمزدہ ہزار مصیبت کشیدہ ہون

ہر بات میری قابل تسلیم ہی تجھے
مین مرد سال خردہ آفاق دیدہ ہون

خامہ نہین دوات نہین ہی ورق نہین

۱۹۴

اک اور راہ صعب کا مین ذی ارادہ ہون
دنیا مین پست ہمت و از پا فتادہ ہون

محروم جو وصال بتان سے ہین رہگیا
اک مرد بیوقوف ہون احمق ہون سادہ ہون

تم نوجوان اگر ہو تو مین پیر ناتوان
ہم شان تیر تم ہو تو مین بھی کبادہ ہون

مین دانش و خرد مین فلاطون سے کم نہین
دیوانگی مین قیس خرین سے زیادہ ہون

غیرون سے کہدو میرا ستانا نچاہیے
مین ناتوان نزار دل از دست دادہ ہون

اس درجہ بیخودی ہی مجھے اپنی ذات سے
اتنی خبر نہین کہ مین نر ہون کہ مادہ ہون

پامالی جہان سے مرا حال کچھ نہ پوچھ
اس وادی خراب مین مانند جادہ ہون

کون ایسے حال مین ہی رفیق اپنا جز خدا
یہ خارزار اور مین فدا پا پیادہ ہون

۱۹۵

ہین خار رنج میرے بیابان عمر مین
معدوم نقش عیش ہی ایوان عمر مین

وقف بیان ہجر نہ کیون عمر ہو مری
مضمون نہین وصال کا دیوان عمر مین

ایام زندگانی کا غصہ شریک ہی
شامل ہی رنج حال پریشان عمر مین

کیا ضبط گریہ ہی پے حفظان آبرو
موتی کمر نہین مرے عمان عمر مین

بوسیدہ ضعف سے ہی مری جیب زندگی
ہی چاک زخم دل سے گریبان عمر مین

غم کھاتے کھاتے مر گیا لیکن کبھی مجھے
لقمہ نشاط کا نہ ملا خوان عمر مین

شاہین ہی تو اوج متانت کا اے فدا
سنجیدگی ہی چوتری میدان عمر مین

۱۹۶

خاور ہی کاخ دوست ہمارے گمان مین
کیا کیا ہی حسن جلوہ نما تا بدان مین

۱۹۱

اوقات ساری گذری ہی صد گونہ رنج مین — اب ہین سنین عمر مرے چہل و پنج مین
چشم محال دوست اگر ہین ادا شناس — ہی حسن یوسفی کا تماشا ترنج مین
باوصف قرب چرخ نے رکھا ہمیشہ دور — مین کول مین رہا وہ رہے کاس کنج مین
کم ظرف ہی جو نشہ دولت ہی غیر کو — باہر ہی اپنے جامے سے اک جام نہج مین
کر ترک سوق دہر مین یہ خود فروشیان — نقصان سربسر ہی تجھے ایسے سنج مین
کان گہر ہین گوش جو میرے کلام سے — موتی بھرے ہین کیا قلم نکتہ سنج مین
اک دم کی بود باش ہی اور کیا کیا انتظام — سمجھا ہی تو قیام سرائے سپنج مین
نوروز عید ہی جو غم زلف مین سیاہ — دود زہر سانپ کا مجھے شیر اور برنج مین
سرمایہ حیات ابد زلف ہی تری — آب بقا کی موج ہی ہر ہر شکنج مین
نیرنگ آسمان نے مزے کو بدل دیا — شکر ہی نیشکر مین نہ ترشی ترنج مین

مجھکو فدا وہ گنج معانی نصیب ہی
مین آگ دیدون دولت دنیا کے گنج مین

۱۹۲

کس وقت انتشار سے رنگ اتفاق نہین — کسوقت میرے جی کو ہجوم قلق نہین
مسطر مرے بیاض کا ہی خط کہکشان — دیوان کی میرے سرخی ہی رنگ شفق نہین
ہر روز تیرہ ہی مرے ایام عمر کا — میری بیاض مین کوئی سادہ ورق نہین
مین ایسے مدرسہ کا ہون تحصیل یافتہ — برسون جہان سبق نہین خوان اور طبق نہین
ای عشق قتل قتیل و مقتول و قاتلا — اس بحث سے کوئی ترا خالی سبق نہین
وحشت تری ہر آئنہ ابتک ہی ناتمام — ای قیس دشت نجد مگر تق و دق نہین

کیا قلت معاش مین دیوان لکھون فدا

اسقدر کھائین ہین گل داغ جنون کے مین نے
گلشن دہر مین انمونہ گلزار ہون مین

خبر از خود نہین اے ساقی گلفام مجھے
آج کچھ نشۂ غم مین ترے سرشار ہون مین

آئینہ خانہ مجھے کوچۂ محبوب ہوا
حیرت دید صنم پیکر دیوار ہون مین

ایسا کچھ صدمۂ غم سے ہی فدا اضمحلال
تندرستون مین ہون ان روزون نہ بیمار ہون مین

191

کیا زلف سیہ کا ہی ترے جال بغل مین
گویا ہی مرا نامۂ اعمال بغل مین

ہر دم ہی تری زلف پریشان کا تصور
پہلو مین مرے دل ہی کہ جنجال بغل مین

ہمدم دل مجروح مین ہین سینکڑون سوراخ
سینہ مین مرے دل ہی کہ غربال بغل مین

کیا داغ جگر موسم گل مین ہین شگفتہ
پھولی ہی مگر باغ کی کچنال بغل مین

کیون نیند نہو شور جنون سے مرے باہر
سودا ہی مرے سر مین کہ ہر تال بغل مین

جاتے ہین جو گھر غیر کے وہ کوچے سے میرے
پاؤن کی دبا لیتے ہین خلخال بغل مین

ہی وصل کی شب آخر شب دل مرا نالان
بجتا ہی مگر صبح کا گھریال بغل مین

آیا ہی غم ہجر مین لوا در مصیبت
طنبور دبائے ہوئے قوال بغل مین

اس پیٹ کے دھندے نے مجھے خوار کیا ہی
آتا ہی مرے ہاتھ مین اور دال بغل مین

ہی شور جنون سر مین تو ہاتھون مین دراری
چکر ہی مرے پانؤن مین پھونچال بغل مین

آسیمہ سر آیا ہون ترے ملنے کو ایسا
چسکن ہی مرے ہاتھ مین رومال بغل مین

جسوقت وہ ملتا ہی مجھے عید ہی گویا
اس بت کے مگر ہی مہ شوال بغل مین

ہی علم قیافہ سے فدا مجھکو نصیبہ
کیا آئے وہ دشمن ہی ترا خال بغل مین

کس شعلہ رو کے غم مین ترے لب پہ ای فدا
ہر وقت آہ سرد ہی عہد شباب مین

۱۸۸
حقیقت ہی ای پری جو مرے دل کے ریش مین
یہ سوز شین نہین ہین عقارب کے نیش مین

جان پر اضطرار مین ہی کچھ عجیب لطف
کیفیت دگر ہی جو حال پریش مین

سمجھے ہوئے ہون مین بھی شہادت کو عین فرض
خونریزیان روا ہین اگر تیرے کیش مین

افسان بدنہاد کی خو مین ہی وہ اثر
تاثیر ہی جو کژدم موذی کے نیش مین

تو اپنی ذات پاک کا کچھ وصف کر بیان
جوہر تو کچھ نہ کچھ ہی ترے گا وپیش مین

ابجد تمام شاہد توحید حق ہی
معنی یہی ہین زیر و زبر اور پیش مین

دلچسپ تر فدا ہی ترا ہر کلام درد
تر ہی قلم بجاے سیاہی سرشک مین

۱۸۹
خواب مین مجھکو پیر مغان شب لیگیا کسکی محفل مین
لطف توسل پایا جسکے تصدیعہ کے حاصل مین

پارہ پارہ دل ہی میرا ریزہ ریزہ جان و جگر
جو بار گران ہی محبت مین وہ بوجھ ہی بھاری کس سل مین

یا آج ترے ملنے مین فدا وہ لطف حقیقت بایا ہی
یہ بات کبھی دیکھی تھی نہ سنے ذات فقیر کامل مین

۱۹۰
کبھی کافر ہون کبھی مومن و دیندار ہون مین
محتسب ہون مین کبھی اور کبھی میخوار ہون مین

کبھی مجنون سے علاقہ ہی ارسطو سے کبھی
کبھی دیوانہ ہون مین اور کبھی ہشیار ہون مین

ہی کہین لطف فدا سے کہین بت سے نسبت
کہین غافل ہون سراسر کہین بیدار ہون مین

دامان غیر ہین گل تر سے بھرے ہوئے
مجھکو ملے ہین خار مغیلان بہار مین

گلچین بقدر حوصلہ ہر شخص ہی یہان
مین چھانتا ہون خاک بیابان بہار مین

مانند غنچہ جیب و گریبان ہی چاک چاک
تر اشک تر سے ہی مراد امان بہار مین

مجھکو یہ لطف باغ جوانی نصیب ہی
تازہ ہین داغ حسرت و حرمان بہار مین

تقوی نے شیخ وقت جوانی مین کر دیا
مجھکو ہی شغل سیر گلستان بہار مین

گل ہی کہین سمن ہی کہین دیکھئے فدا
گلہاے رنگ رنگ کا سامان بہار مین

۱۸۶

بریان ہی سوز غم سے مرا دل شباب مین
کیا کیا جگر کو کوفت ہی حاصل شباب مین

مستسقیون کا نفس نے پیدا کیا خواص
دریا کا جو ملا تجھے ساحل شباب مین

دور شباب حلقہ ماتم ہی ہجر سے
بزم عزا ہی عیش کی محفل شباب مین

اب تھک کے نقش پا کی طرح جانشین ہوا
طی کر چکا ہون جملہ مراحل شباب مین

ہر گل کو دیکھکر تھین ترنم سرایان
حاصل تھا مجھکو رنگ عنادل شباب مین

عقد نکاح نوشہ کو قید فرنگ ہی
پہنائی آسمان نے سلاسل شباب مین

کیا حسن یار کو ہین فدا یا ترقیان
چہرہ ہی آنکا اب مہ کامل شباب مین

۱۸۷

کیا کیا نہ مجھکو درد ہی عہد شباب مین
لطف حیات گرد ہی عہد شباب مین

صد برگ بنگیا جو گل ارغوان مرا
کیون رنگ سرخ زرد ہی عہد شباب مین

کم ہمتون کا وقت غنا ہیچکا رہ ہی
نامرد کون مرد ہی عہد شباب مین

بھولا ہوا ہی زور جوانی مین حال شیب
تجھکو سر نبرد ہی عہد شباب مین

۱۸۲

نہ کر بندہ کو مستمند انام — نہ محتاج دنیا ہو تیرا غلام
الٰہی مرا نفس سرکش ہو رام — نہ معرو ئے یہ توسن بد لجام
کٹیزک رہے عیش دنیا تمام — موے پر ملے مجھکو دار السلام
دعا ہی مری جملہ فکر سخن — مناجات ہی میرا سارا کلام

فدا مجھکو آباد رکھے خدا
جہان کا کہ جب تک خرابہ ہی نام

۱۸۳

الٰہی ہو مرا بخیر انجام — مگر رہ جاے میری شرم اسلام
گئے مجھسے زیادہ یار ناکام — ملا اس غمکدہ مین کسکو آرام
کسی طالب نے داد دل پائی — مگر ہی بیوفائی خوے اصنام
نکرنا بندہ کو محتاج مخلوق — مجھے کافی ہی تیرا فضل انعام

یہ مسکین ہی غنی الحمد للہ
فدا تیرا ہی جو عبد الغنی نام

۱۸۴

رشک ہزار رفتہ محشر ہی گر خرام — ہنگامہ انشور ہی کافر ترا قیام
یہ دشت پر خطر ہی نہ غفلت کا کچھ مقام — بختی کی اپنے ہاتھ ہے نادان ندے زمام
ناکام مین جو عشق مجازی مین رہگیا — اصنام بیوفا سے مرا کہدو اب سلام
گویا ہی فال نیک جہان مین مآل نیک — نادان زبان پاک سے نکلے نہ بد کلام

مجھسا تو بت پرست جہان مین نہین کوئی
اسلام کا بعث ہی فدا مجھپر اتہام

ردیف نون

۱۸۵

کیا جوشش جنون کو ہی طغیان بہار مین — ہی چاک چاک جیب و گریبان بہار مین

بادشاہون کا بادشاہ ہی تو ۔۔۔ ہی تری ذات احکم الحکام
کردے اب بت پرست کو مومن ۔۔۔ کردے کافر کو صاحب اسلام
دین ہوجاے میری بیدینی ۔۔۔ عین عرفان بنے غم اصنام

محض بیجا فدا ہی فکر معاش
رازق اپنا ہی ابر و منعام

۱۸۰

شب قدر ہی اور ماہ صیام ۔۔۔ گشادہ ہی تیرا در فیض عام
نہ تقسیم مین بھول جانا مجھے ۔۔۔ سوے چپ ہی ہر چند میرا مقام
زلال مقاصد سے سیراب کر ۔۔۔ نہ جاؤن مین اس دشت سے تشنہ کام
پس از مرگ زیر زمین یا کریم ۔۔۔ خبر لین مری آکے خیر الانام
بیامرزیارب گناہان ما ۔۔۔ بحق نبی علیہ السلام
وصال بتان کو بھی کردے حلال ۔۔۔ عذاب صنم کو کیا جو حرام

فدا تجھکو رکھے خداوند رست
جہان کی یہ تجھکو دعا ہی دوام

۱۸۱

خدایا تری شان ہی کیا عظیم ۔۔۔ کہ سقف فلک بے ستون ہی مقیم
الٰہی ترا ہی وہ فضل عمیم ۔۔۔ کہ خرسند ہی ہر اسیر و یتیم
فلک تیرے سجدہ مین ہی سرنگون ۔۔۔ زمین ہی فتادہ باہید و بیم
مجھے بھی ملے نعمت بے زوال ۔۔۔ کہ دا ہی ترا باب رحم ای کریم

کرم نے ترے کردیا تندرست
فدا کو جو تھا ناتوان اور سقیم

مالک ہی تو قبول کرے یا کہ رد کرے — محتاج ہون مین مجھکو سدا ہی دعا سے کام
وحشت نے ہر بشر سے جدا کر دیا مجھے — دشت جنون مین گویا ہی مردم گیا سے کام

بیگانہ وش بنا دیا غیرون نے کسقدر
تم سے غرض فدا کو نہ تمکو فدا سے کام

۱۷۸

کاغذ ہی پارہ پارہ سراسیمہ ہی قلم — کیا تمکو اپنا حال خرابی کرون رقم
صد گونہ درد ہین دل بیتاب کو مرے — اک جان ناتوان کو ہین گویا ہزار غم
شاید عدو سے انکو علاقہ نہین رہا — ورنہ کبھی نہ کھاتے مری جان کی قسم
بیجا ہی زعم دولت دنیا پر اے خسیس — ہی معرض فنا مین ترا جاہ اور حشم
ہی بت پرستیون کا نتیجہ ہزار حیف — مجھکو تمام عمر نہ ہاتھ آیا اک صنم
مرنے کا جسکو سوچ ہی نادان محض ہی — دنیا مین ہر وجود کو موجود ہی عدم

کیا غم ہی اے فدا کہ زمانہ بدل گیا
رب کارمے جہان مین بدستور ہی کرم

۱۷۹

ہون طلبگار مہر خاص مدام — گو مین ہون شامل عنایت عام
مین نہ جاؤن جہان سے ناکام — یا الٰہی بخیر ہو انجام
شرم رکھ لینا میری روز حساب — جانتا ہی نہ تین پانچ غلام
عمر گذری بہ زشتی اعمال — کوئی مین نے کیا نہ اچھا کام
سیکھے دنیا کے فن بہت لیکن — مجھے لینا نہ آیا تیرا نام
بہ طفیل حبیب پاک مجھے — بخش یا ذوالجلال والاکرام
کون در سے ترے پھرا محروم — عام ہی تیری دولت انعام

۱۷۵ بندہ ہون مین خدا کا محمدؐ کا ہون غلام

غم مین مرتا ہی عبث عاشق ناکام مدام
تجھکو ہر وقت رقیبون سے ہی پیغام وسلام

دولت حسن سے تجھکو ہی خلافت حاصل
جملہ آفاق تری آن واداکا ہی غلام

اس جبین سے ترے بندہ بھی ہی بیزار صنم
مجھسے کچھ کام ہی تجھکو نہ مجھے تجھسے کام

کس طرح کیجیے اوقات بسر دنیا مین
چرخ ہی درپی آزار مخالف ایام

زائچے مین ترے اکثر ہین نجوم ناقص
تجھکو دشوار فدا ہی مگر ادراک مرام

۱۷۶ دنیا مین ہی یہ غریب ناکام
گویا مری بامداد ہی شام

دنیا سے چلا ہون مین جو ناکام
برپا ہی جہان مین کیا نہ کہرام

ہی خون جگر غذاے معتاد
کیا مجھکو مے نشاط سے کام

ہی دین مرا پرستش خال
اور زلف کی بندگی ہی اسلام

ہر شخص گیا یہان سے شاکی
دنیا مین کہان موافق ایام

اے شوق لکھون تجھے کہان تک
نامہ جو کرون مین انکو ارقام

آخر تو مراد دل یلیسکی
ہوگا جو فدا بخیر انجام

۱۷۷ اک وہ ہین جنکو آٹھہ پہر ہی خدا سے کام
مجھکو ہمیشہ ہی بت ناآشنا سے کام

دنیا مین عیش تو ہی بہت کم ہر آئنہ
اکثر ہر آدمی کو ہی رنج وعنا سے کام

رنج فراق مین ترے ہم ایسے مرتے
اب تجھسے کچھ غرض ہی نہ تیری ادا سے کام

مجھکو یہ فکر ہی کہ مس اپنا طلا بنے
اکسیر سے غرض ہی نہ کچھ کیمیا سے کام

بحر محیط عالم رقت ہون مین فدا
دنیا مین ذات ہی مری گویا جہان غم

۱۷۲

کچھ بھی ہی فلک نہایت غم
کب تک کرون مین شکایت غم
مجھکو کسی زلف کا ہی سودا
ہی طول مری حکایت غم

مجھکو نہین احتیاج شادی
کافی ہی فدا عنایت غم

۱۷۳

بسکہ دنیا سے وہ گیا مغموم
جو ترے وصل سے رہا محروم
جملہ ارباب فکر مین میرے
قبلہ و کعبہ محسن و مخدوم
کیون نہو شور عشق عالم مین
ہی ترے حسن کی جہان مین دھوم
کوئی ادنی ہی اور کوئی اعلی
ہر بشر کا ہی مختلف مقسوم
ہی کمر تیری معنی باریک
ہی دہان تیرا نکتۂ موہوم
صاعقہ ہی تمھارا حسن کمر
کبھی موجود ہی کبھی معدوم

نہین جو لوگ عاقبت اندیش
اہی فدا اُنکی عاقبت معلوم

۱۷۴

جھوٹے ہین سب مقدمے سچا ہی تیرا نام
کچے ہین سب معاملے پکا ہی تیرا کام
یا رب بگڑنے پائے نہ بندہ کا کوئی کام
دنیا و دین کا سب ہی ترے ہاتھ انتظام
یا سامع الدعاے مساکین و انبیا
پوری شتاب تر ہو تمناے مستہام
اصرار عرض سے تجھے آزردگی نہین
وہ رحم و حلم ہی ترا یا خالق الانام

اب اہی فدا ہی کیا مری بخشش مین کچھ کلام

آسان نہ سمجھے کوئی مگر تجھسا بیوقوف
یہ فن فکر شعر خدا جد بہت محال

۱۷۰

رہے دنیا مین الٰہی ترا یار اقبال
کردے منزل کو ترے کان جواہر اقبال

خس وخاشاک رہے کوچہ کا تیرے اموال
مثل دربان تعین رہے در پر اقبال

سایہ کش تیرا رہے بال ہما کا سایہ
ہمرکابی مین رہے تیرے برابر اقبال

تیرے بدخواہ رہین جو ترے پائے ادبار
ہر ہوا خواہ کا ہو وقت سراسر اقبال

حق تعالی دے ترے طالع فرخ کو فروغ
کوکب بخت کو کردے جو منور اقبال

پیر گردون جو رہے بخت جوان کا منقاد
تری سرکار کا گویا رہے چاکر اقبال

تہ پاپوش رہے دولت دنیا تیرے
رکھے ارباب جہان مین تجھے افسر اقبال

حکمرانی کے مناصب ترے تفویض رہین
کھولے دولت کا ترے آگے جو دفتر اقبال

یہ خدا کی ہی دعا تیرے لیے پیوستہ
رکھے تابندہ جہان مین ترا اختر اقبال

ردیف میم

۱۷۱

جسم نزار ہی مرا گویا نشان غم
مین ہون غبار لشکر کشور ستان غم

ہی کم نہ الف لیلہ سے میرا بیان غم
گویا دراز تر ہی مری داستان غم

ہی نبط راز سوز درون کسقدر مجھے
کب ہمنشین کو ہی مرے مجھپر گمان غم

ارباب دل کو خال سویدا سے کم نہین
سینے مین جانشین ہی جو داغ نہان غم

چلتی ہی اب زمین ترے گشتے کے زیر پا
ٹوٹا سر غریب پہ ہی آسمان غم

دشوار تر ہی زخم جگر کا معالجہ
اے چارہ گر ہی سینے مین میرے سنان غم

نہ کچھ پوچھ شب ہاے ہجران کا حال — مرا قصۂ غم ہی بسیار طول
مدینے کے آداب دشوار ہین — نہ آسان ہی شہر نبی کا دخول
عجب کیا ہی با وصف تا بندگی — مجھے اپنے بندون مین کرلے شمول
مری جان و دل ہی غم اہل بیت — مرا دین و ایمان ہی حب رسول
ترے غم مین گلشن ہی صحرا مجھے — درختان سرو سہی ہین ببول
ہر اک امر مین دل لگانا ہی شرط — نہو مدعا جی کا کب تک حصول

فدا تجھکو روزی ہین دو پھول
نصیب مخالف ہون جنگل کے سول

۱۶۹

خون سے مرے تمام تری انجمن ہی لال — اخفاے قتل ہی بت قاتل مرا محال
یہ بندۂ نزار نہایت ہی خستہ حال — کردے غریب کو کرم عام سے نہال
یون موتھری چھری سے نہ ہر روز کر حلال — کافر جو مارنا ہی تو یکبار مار ڈال
شرم خطا سے فق ہی رنگ روے طلب — کس منھ سے مین کرون ترے آگے کوئی سوال
یارب ملادے اُس صنم جان جان سے — یا جان زار کو مرے قالب سے اب نکال
ہر چند عیش خلد بھی مجھکو ہوا نصیب — دشوار ہی کہ دور ہو دل کا مرے ملال
دنیا و دین ہمہ ہی تصدق بر وے یار — ہی اندکے جمال پہ از صد ہزار مال
ایسی بھی تجھکو کیا ہی زخود رفتگی دلا — ایام شیب مین تو ذرا مجھکو کچھ سنبھال
خاطر کو ہاے فکر سخن بھی ہی ناگوار — کچھ ایسا اندنون مرے جیکو ہی اختلال
کیونکر بری ہو کوئی غم عشق سے ترے — عالم سے ہی زیادہ ترا حسن اور جمال
بس مین خدا کسیکے کسیکو نہ ڈالیو — اُس بت کے روبرو نہین بندہ کی کچھ مجال

۱۶۷ طریق عشق مین ہی رہنما دل

سدا سینہ مین جو تڑپا کیا دل — متعرر نیم بسمل ہی مرا دل
سوے بیت الصنم شد رہنما دل — رہا نید از غم ہجران مرا دل
نہین بیجا یہ میری خاک بیزی — ترے کوچے مین میرا کھو گیا دل
جسے ہی خانۂ کعبہ سے نسبت — خدا نے بندہ کو ایسا دیا دل
شباب و شیب سب کلفت مین گذرے — کسی پن مین نہ میرا خوش ہوا دل
مس ناقص طلا ہی جس سے اپنا — مگر میرا ہی جز و کیمیا دل
آہی وہ صنم سینہ سے لگ جائے — یہی کرتا ہی سینے مین دعا دل
پیام درد کی ہی جان مخاطب — کلام عشق کا ہی مدعا دل
امام درد کی جان مقتدی ہی — طریق عشق کا ہی پیشوا دل
تعلق ہی جو گیسوے تبان سے — بلا مین ہی ہمارا مبتلا دل
نبی کو مانا اور پہچانا حق کو — خدا نے ہمکو وہ دانا دیا دل
جو دنیا مین طلب زر کی ہی تجھکو — نکر نادان ہی تیرا بیسوا دل
ستانا بے سبب اچھا نہین ہی — کسیکا دے نہ تمکو بد دعا دل
چمن ہی ای گل تر حسن تیرا — سخنور ہین ترے گویا غلا دل

۱۶۸ فدا یہ آشنا ہی آشنا کا
نہین میرا ہی میرا آشنا دل

بگوای فدا انچہ گردد قبول — خموشی بہ است از کلام فضول
میا پیش با این ادا ہاے کج — مکن جان من خاطرم را ملول

کر پاک دل کو خواہش نقش بلید سے
حجرے سے اپنے گہ کا بھرا بوریا نکال

اے چارہ گر جو فکر ہے میرے علاج کی
بوسہ ہو جسکا خیر کوئی ایسی دوا نکال

کافر مین نیمجان ہون ترے ناز حسن سے
ہو جاؤن جس سے سرخ اب ایسی ادا نکال

جان تن سے اور حسرت جان نکلی جان سے
جان کندنی مین جی کا مرے مدعا نکال

ہے صرف زر مین نعمت دارین کا مزا
دولت جو تیرے گھر مین ہے اے بیحیا نکال

تو مانگے ہے انکے دانت مین تنکا خلال کا
اے خنجر دل کچھ اب اثر کھر بانکال

اے صبح امید وصل مین گذری شب وصال
پیری مین اتو میرا مگر آسرا نکال

تنہا جو میرے خواب مین آج آگئے ہین وہ
حسرت کا ساری عمر کی ایدل گلا نکال

ہے وقت اشتہا سفر دور دست مین
باندھا ہوا بغل مین جو ہو ناشتا نکال

ہر چند ہیجر غیر مین موقوف ہے سنگار
ہے عید تو بھی تو کوئی جوڑا نیا نکال

اہل جہان مگر ہین اسی وجہ سے تباہ
بدنیتی کی خلق سے یارب بلا نکال

یارب نکالا تو نے عدم سے وجود کو
کچھ میرے جی کا بھی تو ذرا مدعا نکال

گھر تیرے اس پری کا پھرانا محال ہے
ارمان دل کا جلد مگر اے فدا نکال

۱۹۶

زہے حسن بت شیرین شمائل
خدا خود جسکی صورت کا ہے مائل

از سطوا ای پری ہے شکل مجنون
ترے سودا مین دیوانے ہین عاقل

جہان پر ہے نہاد ناقصان سے
مگر عنقا ہے ذات مرد کامل

پئے تسخیر آن شوخ پریوش
بجان دارم تلاش مرد عامل

فدا نا دوست پہونچا دیگا مجھکو

مجبور رہون شباب مین اس دور دو جا سے
ناصح نہین ہی ہاتھ مین میرے عنان شوق

ناصح کے ہی شکم مین جو غصہ سے درد آج
پلوا دو کھینچکر عرق بادیان شوق

مجھکو نہین ہی مسجد و محراب سے غرض
پیوستہ ہی جبین مری آستان شوق

مشتاق تر نہین کوئی مجھسا جہان مین
میرے لیے ملا ہی مخلد مکان شوق

پانی کے بدلے آگ برستی رہی مدام
سرسبز کب ہوا ہی مرا بوستان شوق

پہلے تو چوڑا چکلا نہ تھا ایسا آسمان
پھیلا ہوا ہی کچھ مرا گو بادخان شوق

شائق جو مجھسا ہو گیا پیدا جہان مین
بے اعتبار اب نرہا دود مان شوق

ہجر بتان مین کب مجھے سونا ہوا نصیب
چبھتی سدا رہی ہی جگر مین سنان شوق

ہر خندہ ہی سکوت مجھے فکر شعر سے
گونگی مگر نہین ہی مری کچھ زبان شوق

کامل عیار اوتر ے فدا بام عرش سے
حضرت کا جو خدا نے کیا امتحان شوق

ردیف لام

۱۶۴

کعبہ سے اپنے جلد تو نکو نکال ڈال
پھر تجھکو کچھ خدا کی خلیلی نہین محال

دیدار سے ترے ہی سر مرگ پائمال
سرمایہ حیات ہی ایجان ترا جمال

میرا سنبھالنا تو دشوار اے پری
تو پہلے اپنا بھاری دوپٹہ تو کچھ سنبھال

سب کام رفتہ رفتہ ترے ہو گئے درست
ہی کارساز ذات خداوند ذوالجلال

ناکامی شباب کا لکھدے تمام حال
پیری مین کچھ تو حسرت دل اے فدا نکال

۱۶۵

مضمون لہو مین درد کے ڈوبا ہوا نکال
فکر سخن مین خار جگر اے فدا نکال

۱۶۱ کیون دم واپسین خدا ہی ہراس

حافظ ہی مرا خدا چپ و راس — ہر وقت ہی ورد سورۂ ناس
ہون عہد صبا سے مین تو ناکام — پیری مین عبث ہی شکوۂ یاس
غم مین مری کٹ گئی جوانی — بھٹکی نہ مراد دل مرے پاس
ہر حال کا ہی آل یکسان — دنیا مین غنا ہی یا ہی افلاس
ماہر ہین سخن کے مستعد لوگ — کیا جانے گدا بہاے الماس

ہر وقت خدا سے لو لگی ہی
ہرگز نہین کچھ خدا کو وسواس

ردیف قاف

۱۶۲ ہی ذات میری عارف راز دنیاے عشق — ہر وقت ہی بغل مین مرے جانماز عشق
اکنون مرا ز کوہ و بیابان علاقہ نیست — طی کردہ ام تمام نشیب و فراز عشق

دو دون جہان مین ہیچ نظر مین تری فدا
پہچان اتبو مرتبۂ امتیاز عشق

۱۶۳ افسانہ دراز ہی میرا بیان شوق — گویا حساب حشر ہی ہر داستان شوق
کیا ربط و ضبط شوق کو ہی میری ذات سے — ہی شوق جان زار مری مین ہو جان شوق
رقت گواہ ہی مرے افراط شوق کی — ہر قطرۂ سرشک ہی گویا زبان شوق
بعد از حصول وصل ہی افسردہ خاطری — گندا ہی کیا کیا لطف مین میرا زبان شوق
ملاح و ناخدا کی نہین مجھکو احتیاج — کافی مرے جہاز کو ہی بادبان شوق
کچھ عشق سے زیادہ دہان پایا مرتبہ — تھا ربط غیر مین مجھے اپنا گمان شوق

مجنون کے انتقال مین پیدا ہوا تھا مین
گرتا سیا گیا تھا مرا بھی کفن کے پاس

سیراب تشنگی مین کبھی مین نہین ہوا
آب نصیب ہی مرا چاہ ذقن کے پاس

شیرین یہ وقت ہی کہ چلو دیکھو جوے شیر
جاری ہی جوے خون بھی نگر کوہکن کے پاس

سوہان سخ کی تری چوٹی مین گانٹھ ہی
یا لال من ہی کفچہ ماکہن کے پاس

کچھ ایسے رنج مین ہی بہت روز سے فدا
جسکا گذر نہین ہی حریم سخن کے پاس

۱۵۹

کیا ہی تجھے جان زار افسوس
کرتی ہی جو بار بار افسوس

اک پہلوے خستہ اور وہ صد داغ
اک جان مری اور ہزار افسوس

یہ عمر کم اور کثرت یاس
کیونکر نہو بے شمار افسوس

افسردہ ہی گور مین مری خاک
کرتا ہی مگر غبار افسوس

ہی خام فدا جو تو ہی دلگیر
کرتے نہین پختہ کار افسوس

۱۶۰

ہین جہان مین جو مرد حق شناس
نہین شاکی بجز ادائے سپاس

ضعف نے اسقدر کیا مجبور
دور انسے ہون مین وہ گو ہین پاس

بسکہ محو خیال جانان ہون
ہی نظر مین مرے وہی چپ و راس

ایک جلوہ ہی سب چہ شاہ و غلام
کون محمود اور کون ایاس

کیا سخن کا بگڑ گیا بازار
نرخ واحد مین ہی حریر و پلاس

گل و بلبل کا فیصلہ ہی آج
ہی چمن مین جو آپ کا اجلاس

وقت امید رستگاری ہی

اے ناصح شفیق سمجھنے کی بات ہے
کیا کام عقل کا مرے دیوانے پن کے پاس

کی حب اہل بیت مین جو زندگی بسر
حاضر ہون بعد مرنے کے اب پنجتن کے پاس

ماتم مین کسنے کھولے ہین گیسوے مشکفام
ہے نکہت تتار جو میرے کفن کے پاس

پوشاک سبز جسم بت سیم تن مین ہے
یا ارغوان کھلا ہے گل نسترن کے پاس

ہجران مین بے فروغ زمان شباب ہے
ماہ دو ہفتہ ہے مرا گویا گہن کے پاس

اندیشہ اسکو کیا سفر آخرت مین ہے
ڈیرہ خدا کا ہے کرم ذوالمنن کے پاس

۱۵۸

دوری مین یار رہے ہون مین رنج و محن کے پاس
انبوہ درد و غم ہے مری جان و تن کے پاس

طوفان ہے میرے گریہ سے گویا وطن کے پاس
شور فغان سے حشر ہے بیت الحزن کے پاس

جسکو نہین ہے طاقت پرواز تا بہ گل
مین ہون وہ مرغ بال شکستہ چمن کے پاس

رخسار آتشین ہین ترے لعل شب چراغ
کیا کام شمع کا ہے تری انجمن کے پاس

کوثر کے متصل ہے عدو وصل یار مین
منھ مین اگر نہین یہ زبان ہے دہن کے پاس

مین ہون شہید نکہت گیسوے یار کا
لینا مرے مزار کو تکیہ ختن کے پاس

خیر الامور وسط ہے دورہ شباب کا
کیفیت نشاط ہے ہر مرد و زن کے پاس

زاغ کبود بھی ہے چمن مین چھپا ہوا
اک خال انکے ہے کسی عضو بدن کے پاس

ناکام ہون مین عین فروغ شباب مین
اختر ہے میرے بخت کا سورج گہن کے پاس

جوبن ٹپک رہا ہے ترے روے پاک سے
کیا کیا ہے رنگ حسن و بہان و ذقن کے پاس

اک ہم ہین وہ جو دور ہین اس بت سے کالے گورے
اک وہ ہین خوش نصیب جو ہین انجمن کے پاس

صیاد کا نہ صید اسے کرنا محال تھا
چوٹی مگر تری نہین اے جان ہرن کے پاس

مرا شور ہی نغمۂ شکرین — مری آہ سوزان ہی آہنگ ساز
خدایا مری مشکل آسان کر — مگر ذات ہی تیری عاجز نواز
مری پختگی مین کچھ اب شک نہین — نہین میرے قبضے مین بوے پیاز

خدا اپنی رحمت سے کرلے قبول
خدا میری کس کام کی ہی نماز

۱۵۶

خدایا تری ذات ہی بے نیاز — الٰہی تری شان ہی کارساز
تو ہی خالق آسمان و زمین — تو ہی صانع ہر نشیب و فراز
ملائک اسی جستجو مین رہے — نپایا کسی نے کوئی تیرا راز
الٰہی نہ روزہ ہی روزہ مرا — نہ میری نماز ریا ہی نماز
مگر مجھکو کچھ ناامیدی نہین — ترا باب رحمت ہی ہر وقت باز

یہ قدرت ہی تیری کہ عارف کیا
خدا کو نہین ورنہ کچھ امتیاز

ردیف سین مہملہ

۱۵۷

ویرانگی ہی یہ مری بیت الحزن کے پاس — گویا ہی دشت نجد سواد وطن کے پاس
طفلی مین مجھکو قیس کی صحبت رہی نصیب — مکتب سے اٹھا مین تو گیا کوہکن کے پاس
کون آج نوجوان ترے کوچے مین مرگیا — جوڑا ہی نیلگون جو سپہر کہن کے پاس
مین بدنصیب اور تری محفل ہی جاے عیش — مشکل مرا گذر ہی تری انجمن کے پاس
یہ حسن خوب اور یہ تری دشت خوبیان — کانٹون کا ڈھیر بھی ہی بہار چمن کے پاس
معلوم انکو کچھ تو مرے درد کا ہی حال — دیوان کو میرے رکھا ہی جو لمدمن کے پاس

نکر خوش قند مسروقہ کھلا کر

۱۵۳ مجھے مارا ہی کیا سرمہ لگا کر — کیا ہی خونِ عالم پان کھا کر
نماز پار سایان بھی قضا کر — کوئی ایسی ادا کافر ادا کر
کر شمہ کچھ مسیحائی کا دکھلا — مرے آزار کی ایجان دوا کر
مٹا دے زعم سوسن کا چمن مین — لبون پر ای پری مستی جما کر
چبا ؤن ہونٹ اس حسرت مین کب تک — کوئی بوسہ مجھے ای جان عطا کر

خدا کے واسطے اوبت کسیدن
فدا کی بھی کوئی حاجت روا کر

۱۵۴ جان ہی مری فدا ترے حسن و جمال پر — دل ہی فریفتہ رخ روشن کے خال پر
اس بت کو میری حسرت و حرمان کا ہی خیال — رحم خدا ہی آج مگر میرے حال پر
ہر نغمہ سخن پہ ہی مرغ چمن فدا — گلشن نثار ہی مرے رنگین خیال پر
آزردگی کا میری نہ احباب کو ہی رنج — افسوس دشمنون کو ہی میرے ملال پر
ربط عدو سے آبرو کر وہ ہی تری — دھبّا ہی پیک کا تری گلرنگ شال پر
شوہر کی آبرو کا نہو جسکو کچھ خیال — لعنت خدا کی ہی مگر ایسی چھنال پر
تیرا کلام فرس ہی ای غیر بے نمک — کب فوق گوشت کو ہی ترے میری دال پر
رنگین ہین لفظ مصرعۂ برجستہ ہین مرے — یا پھول کھل رہے ہین چمن مین نہال پر

دنیا مین پھونک پھونک کے رکھتا ہون میں قدم — چلنا محال تر ہی فدا میری چال پر

ردیف زا معجمہ

۱۵۵ صد آشوب ہی نرگس نیم باز — بلائے سیہ ہی وہ زلف دراز

تجھے ہر وقت بیداری ہی لازم — نہ وقت ہوشیاری کو قضا کر
حضوری کا جو کچھ ہی شوق تجھکو — تقرر ترک حب ماسوا کر
اگر چہرے کو اپنے سرخ کرلے — براہ دیدہ خون دل بہا کر

بہت اس بحر مین نادان بھنور ہین
فدا مت رہیو کشتی ڈوبا کر

۱۵۲

نکر پامال مئی مین ملا کر — خدا کا خوف اے نا آشنا کر
وہ بولے شب غنیمت جان مجھکو — جو کرنا ہی حصول مدعا کر
لپٹ جا مجھسے اے کمبخت ازلی — نہ کچھ اندیشۂ روز جزا کر
نشاط زندگی سے کامران ہو — مزا کچھ لوٹ لے زانو دبا کر
شب تاریک ہی اور خلوت خاص — نہ ایسے وقت کو نادان قضا کر
دہان تلخ کو کچھ کرلے شیرین — مرے منھ سے ذرا منھ کو لگا کر
در توبہ ہی باز اے زاہد خشک — نہ ایسے وقت مین خون خدا کر
مین تیری جان تو ہی جان میری — نہ میرے پاس اب پاس حیا کر
مقرر دولت بیدار ہون مین — مین آیا گھر ترے فرصت کو پا کر
رسولؐ پاک کی تجھکو قسم ہی — نہ میری بیوفائی کا گلا کر
نہین قسمت مین تیری عیش دنیا — ہمیشہ شکوۂ حرمان کیا کر
فدا نے سنکے یہ تقریر شیرین — کیا شکر الٰہی مسکرا کر
نچھوڑی لیکن آن کم نصیبی — رہا حیران ہونٹ اپنے چبا کر

کہا کچھ تلخ کامی مین مزا ہی

غم دنیا سے تنگ آیا ہون یارب
مرا اب دور سب رنج و عنا کر

خداوندا تو ہی شافی مرحق
عطا آزار کو میرے شفا کر

مگر امشب ہو وا باب اجابت
قبول اس بندہ کی یارب دعا کر

بنا دے خاک کو اکسیر میری
مجسم مجھکو جز و کیمیا کر

بہت حرص طلا ہین خاک چھانی
مری خاک جسد کو اب طلا کر

الٰہی قاضی الحاجات ہی تو
مگر پوری مری ہر التجا کر

ہزارون کر دیے بیمار اچھے
مرے آزار کی بھی اب دوا کر

خداوندا مری فریاد سن لے
نہون شرمندہ مین آہ و بکا کر

بچاے آفت دوران سے مجھکو
نہ زیر مشق چرخ کج ادا کر

فلک کیا اور مریخ و زحل کیا
تری سرکار کے ہین سب یہ چاکر

فراوان بخش ہی یارب تری ذات
عطا میری غزل کا کچھ صلا کر

عفو ہو جرم کفران نعم کا
کیا کب شکر کس نعمت کو پاکر

وسیع ہو جاے ناپرہیزگاری
خرابانی کو رشک پارسا کر

مگر حسرت مری معدوم ہو جاے
خدایا کامیاب مدعا کر

بہت عمر اسکی ناکامی مین گذری
فدا کو کامران اب یا خدا کر

۱۵۱

فدا وقت سحر ہی اٹھ دعا کر
خدا سے مانگ لے کچھ گڑگڑا کر

تغافل کیون ہی مثل خواب خرگوش
خطاب اشرف المخلوق پاکر

مگر باب اجابت وا ہی ہاون
خدا سے اپنے عرض مدعا کر

کردے افضال و عنایت سے مجھے مالا مال
گذرے ہر صبح بآرام تو ہر شام بخیر

کوئی ایسا عمل نیک خدایا ہو جاے
رہے دنیا مین جو پیوستہ مرا نام بخیر

صدقے افضال کے تیرے مجھے اے بار کریم
تونے کیا کیا ندیا غرت و اکرام بخیر

اے فدا ہی یہ خداوند جہان کو منظور
کہ رہے نام ترا خلق مین تا دام بخیر

۱۲۹

جب تلک ہو نہ خواہش تقدیر
کام آتی نہین کوئی تدبیر

ہر کوئی ہی بحال خود خرسند
ہی ترا فضل عام عالمگیر

دل بدستور ہی جوان میرا
گو بظاہر مین ہو گیا ہون پیر

کچھ کسی سے غرض نہین میری
مجھکو یکسان ہین سب عیب و امیر

ہی تری زلف بھی شب تاریک
روے روشن اگر ہی بدر منیر

پڑ گئی جسپہ ہو گیا وہ شہید
گویا اسکی نگاہ ہی شمشیر

عمر میری گذر گئی غم مین
کوئی مجھسا جہان مین ہی دلگیر

کسی باد صبا سے جو نہ کھلا
دل ہی میرا کہ غنچۂ تصویر

گو کہ مین ہو گیا فدا ناکام
ہارے تقوی کی رہ گئی توقیر

۱۳۰

الٰہی درد و غم اپنا عطا کر
غم دارین سے مجھکو رہا کر

مرض کو ذات سے میری جدا کر
خداوندا مجھے صحت عطا کر

عروس مدعا ہو ہم سواری
مگر یہ بیل مجھے دولھہ بنا کر

رہے پاس طلب ہنگام دربار
نہ کیجو منفعل یارب بلا کر

صورت نہین نجات کی کوئی سوا تیرے
تکیہ ہی مجھکو تیرے کلام و کتاب پر

مجھکو بھی کوئی قطرہ عنایت ہو ساقیا
کوثر نثار ہی ترے جام شراب پر

ناپائدار شوخیِ رنگ بہار ہی
بیجا ترا غرور ہی حسنِ شباب پر

خالق ہی مہربان ترا ہر آن اے فدا
غصہ ہی کیون عدو کے عناد و عتاب پر

۱۴۷

گو باحالِ جزع ہی طاری مگر بیمار پر
ایسے کچھ صدمے ہین غم کے میری جان بار پر

روبرو غیرون کے رونا غم سی ہی کردہ تر
گویا شبنم کی ہی بارش وادی پر خار پر

میرے آہنگ قلم پر بلبلون کو رشک ہی
طوطیون کو حسرتین ہین شکرین گفتار پر

ایسے مردان خدا گذرے جنھون نے غافل
کام تو سن کا لیا ہی بیٹھ کر دیوار پر

آفتِ جانِ مسلمانان جنیو ہی ترا
مر گئے مجھسے بہت کافر تری زنار پر

ہی ترا گانا کہ نفخ صور اسرافیل ہی
صدمۂ محشر ہی جانِ عاشقانِ زار پر

لب ہلائے تمنے گویا خانۂ جنگی ہو گئی
کٹ گئے ہین سیکڑون سر آپکی گفتار پر

قدر دان میرے سخن کے ہین گر فتلان لفظ
عاشقون کی جان ہی مجنون لیلیٰ اشعار پر

جو مرا ہی شعر تر وہ سلک مروارید ہی
ابر نیسان ہی تصدق کلک گوہر بار پر

چھوڑ ہر دروازہ نادان دور کر سب دوڑ دھوپ
بیٹھ رہ چلکر فدا اب آستانِ یار پر

۱۴۸

گذرین دنیا مین مری عمر کے ایام بخیر
مرتے دم بھی ہو ترے فضل سے انجام بخیر

شر و آفات زمانے کے سدا دور رہین
پورا پورا ہو جہان مین مرا ہر کام بخیر

عافیت مین مری کچھ دخل حوادث کو نہو
پہونچے سرکار کا تیری مجھے انعام بخیر

۱۴۴

زیست دشوار ہی ایجان ترے بیمارون پر
رحم کر رحم مصیبت کے گرفتارون پر

فرش خجلت ہین گویا کرۂ نار ہوا
لوٹتے ہین تری فرقت مین ہم انگارون پر

جلوۂ بام صنم سے ہون مین ایسا محروم
چاندنی تک نہین آتی مری دیوارون پر

بیگناہون کو برا رشک کا صدمہ ہی مگر
ہی تری چشم عنایت جو گنہگارون پر

نقد دین کے لیے اُس بت کی ہی جاری تحصیل
گویا باقی کا تقاضا ہی زمیندارون پر

ملک الموت بہت سخت تقاضا نہ کرو
وقت قرقے کا ہی دنیا کے خریدارون پر

آب و دانہ کا ہمارے جو سرو برگ نہین
کیون نہو رحمت حق ہم سے گنہگارون پر

زیر پا ہین ترے سر ہاے عزیزان خدا
جان فدا ہون مین نہ تنہا تری تیمارون پر

۱۴۵

اے فدا عشق مین ہی شکوہ حسرت بیجا
رنج کیا کیا نہین گذرے ہین مگر یارون پر

۱۴۶

ہی ناز مجھے ترے کرم پر
یارب مرا مدعا عطا کر

یہ ناز و کرشمہ ہاے ہنگام
ہین دشمن عاشقان سراسر

ہی آب و ہوا جہان کی ناقص
اب کوچ مقام سے ہی بہتر

اِس بندہ کے حال پر کرم ہو
حاضر ہون شبانہ روز در پر

غم کی مرے داستان بڑی ہی
دیوان مرا مختصر ہو کیونکر

کندن ترے رنگ سے خجل ہی
کیا تجھکو ہی احتیاج زیور

دیوان کو فدا حسین کم کر
کمبخت سیاہ کر نہ دفتر

۱۴۷

آشوب سخت ہی دل پر اضطراب پر
موقع ہی رحم کا مرے حال خراب پر

ہر دم خدا کے فضل کا ہو نمین امیدوار

۱۴۲

حق تعالی کرے اے جان تری جان کی خیر
جان کی خیر رہے اور رہو ایمان کی خیر

اے بت پردہ نشین رکھے ہمیشہ مالک
تیرے دامان کی اور میرے گریبان کی خیر

اے فدا جس سے ہے کچھ درد کو میرے آرام
رہے دنیا مین ہمیشہ ترے دیوان کی خیر

۱۴۳

ہو جاے تنگ وسعت صحرا ابھی کچھ اور
پھیلاے پانوں اگر مرا سودا ابھی کچھ اور

دیکھے مرے جنون کا تماشا ابھی کچھ اور
سمجھاے مجھکو ناصح دانا ابھی کچھ اور

از فرق تا بناف رقم کر چکا ہون مین
باقی رہا ہے وصف سراپا ابھی کچھ اور

جان لیکے پیچھا چھوڑوگے دل لے لیا تو کیا
دعوی ہے عاشقون سے تمھارا ابھی کچھ اور

کیا سرنگون ہو قاضی محشر کے روبرو
پاؤگے میرے خون کا نتیجا ابھی کچھ اور

کیا ترکش اے فلک ترا خالی سا ہو گیا
پھینکنے سے رہ گیا ہے کلیجا ابھی کچھ اور

بند قبا جو وا کیے دل کھول کر ملو
اے جان ہے میرے جی کا معما ابھی کچھ اور

اے جان شب وصال نہ ملنے کا نام ہے
اس کم نصیب کی ہے تمنا ابھی کچھ اور

پیری مین ہے شباب سے زاید غم بتان
رسوا کریگا مجھکو بڑھاپا ابھی کچھ اور

طی کر کے گویا منزل جذب اور سلوک کو
پلٹیگا پانوں تیرا شناسا ابھی کچھ اور

بیمار چشم یار ہے سکرات مرگ مین
ہے چارہ گر کو فکر مداوا ابھی کچھ اور

اب کیا ہے میرے گھر مین بجز خاک مفلسی
ناحق ہے مال وزر کا بکھڑا نبا ابھی کچھ اور

تب نام فکر شعر ہے لینا روا فدا
پیدا کرو سخن مین سلیقا ابھی کچھ اور

نخل مراد میرا نہ پھولا پھلا کبھی
ناکامیون نے دلکو دکھایا ہزار بار

شادی مری چھٹی کی مگر ہوئی کس طرح
پیدا ہوا ہین ماہ محرم مین سوگوار

یارب نصیب ہو مجھے آرام آخرت
دنیا مین مین نے رنج اُٹھائے ہین بے شمار

پہونچے ذرا نہ باد مخالف سے کچھ ضرر
اس بحر مے سفینہ ہو میرا بخیر بار

آگاہ ہی تو معنی سلیم سے فدا
ہرگز نہ دل پہ آئے کبھی رنج سے غبار

۱۴۱

عمر دراز سے ہون اسی غم مین بیقرار
اب سخت تر ہی مجھکو زمان فراق یار

سینہ ہی ریشناک طبیعت پہ اضطرار
دل ہی مراد و نیم جگر ہی مرا فگار

محروم ہون جہان مین حصول مرام سے
حسرت کا رنگ ہی مرے چہرہ سے آشکار

عشق بتان مین عمر گرامی گذر گئی
کیسا خدا سے اپنے یہ بندہ ہی شرمسار

جی مین جو شوق حسن بتان ہی بھرا ہوا
گویا مین باوجود ورع ہون گناہگار

آگاہ جو نہین وہ سوا اس بطون سے
احباب جانتے ہین مجھے مرد دیندار

قابو سے دل مین نفس کو لایا شباب مین
طی کر لیا ہی مسئلہ جبر و اختیار

بلبے ہجوم یاس تری ژالہ باریان
کیا گلشن شباب کی برباد ہی بہار

مین اسی جنون غم زدہ روزگار ہون
داماں ہی میرا تر تو گریبان ہی تار تار

مالا کی دوڑ پیچ ہی مثل ہی سبحہ تک
تب شیخ رہگیا ہی بہم قرب حق سے دور

تا آخر تھا گو کہ مین اس جوئبار مین
لیکن خدا کے فضل سے بیڑا ہی میرا پار

صحبت ہی تیری میرے لیے ساز زندگی
اہی جان ہی جان نواز ترا نغمہ ستار

اب یہ دعا فدا ہی کہ انجام ہو بخیر

ہی جاے خشت و گل مری دیوار و در مین درد

۱۳۸

نہین کیون بت بیوفا کو پسند — مری عاجزی ہی خدا کو پسند
یہ ناکامیون کا مین خوگر ہوا — نہین کرتا اب مدعا کو پسند
مین نادان ہون جو طالب رحم ہون — وہ کرتا ہی ظالم جفا کو پسند
فلک اتنا بھی شیوہ جور کیا — کیا کسنے تیری ادا کو پسند
نجات اپنی اندوہ سے ہی محال — مری جان ہی رنج و عنا کو پسند
جو حاصل ہی گنج قناعت مجھے — مین کرتا ہون کب کیمیا کو پسند

شب و روز ہی مشغلہ شعر کا
یہ فن اسقدر ہی فدا کو پسند

۱۳۹

ردیف را مہملہ

فدا ہی جان شیرین کیا لب جان بخش جانان پر — دل فرہاد بھی قربان ہی چاہ زنخدان پر
مری کوتاہ دستی نے مجھے محروم رکھا ہی — نہ پہونچا ہاتھ اس شمشاد قد کے نارپستان پر

تڑپ جائین فدا ارباب بینش دیکھکر جسکو
چڑھا دے رنگ ایسا جدول اوراق دیوان پر

۱۴۰

مجھکو نہین زمانے سے چشم کشود کار — کیونکر مری نظر مین نہو تیرہ روزگار
کچھ دن مین مجھکو چین نہ آرام رات کو — یکسان ہین دونون میرے لیے لیل و نہار
کیا بیکسی مین میرا اثر کہین گذر گیا — رنگ شباب و شہد عنا کا رہا غبار
ناکامیون مین میری جوانی گذر گئی — بدنامیون مین کب نہ رہا مجھکو اشتہار
مجھکو نہ آسمان نے کبھی بہرہ ور کیا — حسرت مین کٹ گئی مری سب عمر مستعار

دنیا کے وسوسے ہین جو عقد نماز مین — ہو من کو کچھ نہین ہی کلیسا کی احتیاج
میرا نہین وہ زخم جو امید دوخت ہو — مجھکو نہین ہی سوزن عیسا کی احتیاج
ہی انتہا مین میری وہی ابتدا کا رنگ — اتبک ہی مجھکو درس کریا کی احتیاج
کوئی نہین تردد پوشاک سے بری — ہی بادیون کو دامن صحرا کی احتیاج
جو خوش نصیب ہین مگر اُنکے نصیب ہی — کسکو یہان نہین مئی و مینا کی احتیاج

کچھ کام خشک و تر سے نہین اے فدا مجھے
صحرا سے واسطہ ہی نہ دریا کی احتیاج

۱۳۶

ہی فصل گل مین دشت کے دامان کی احتیاج — پروائے جیب ہی نہ گریبان کی احتیاج
سخت ہی غم ترا بت بیمار چشم آج — بیمار کو ترے نہین درمان کی احتیاج
ہم جنس کو ہی صحبت ہم جنس کی تلاش — زیبا ہی مجھکو زلف پریشان کی احتیاج
ناپائدار محض ہی بنیاد زندگی — ناحق ہی تجھکو کوشک و ایوان کی احتیاج

لطف کلام فرس فدا رنجتی مین ہی
ایرانیون کو ہی ترے دیوان کی احتیاج

۱۳۷ ردیف دال مہملہ

زنار زرد سے ہی فقط کیا جگر مین درد — تشنے سے تیری اے بت کافر ہی مین درد
ویرانے سے بتر ہی ترا قصر رنگا رنگ — اے سنگدل نہین ہی اگر تیرے گھر مین درد
کچھ پوچھ ماجرا نہ مرے دل کے درد کا — جوش گریستین ہی مرا اب چشم تر مین درد
کیا سخت بدگمانی کا صدمہ جگر پہ ہی — کسنے یہ کہدیا کہ اُنکی کمر مین درد

ایسے ہی گھر کو کہتے ہین بیت الحزن فدا

کامرانی مین بسر کرتے ہین رندی باز لوگ
جوتی اور پیزار سے حاصل ہی انکو تخت و تاج

یہ زمین قسم اعلی کیون بلا محصول ہی
چاہیے قوم طوائف پہ بھی سرکاری خراج

اہی فدا فکر سخن عشق بتان ہے کم نہین
تجھسے اس سودا مین ہو سکتا نہین کچھ کام کاج

۱۳۳

ہمراہ جان جاے تو کچھ جاے اختلاج
دشوار ہی مرے دل پُر درد کا علاج

کس مرد کو نہین ہی کسی زن کی احتیاج
کوئی بشر نہین کہ نہ کھاتا ہو جو اناج

کم ہی جہان مین مادۂ فہم آج کل
دشوار ہی معانی دشوار کا رواج

دنیا ذکوٰۃ مال تو ہمت کا کام ہی
کوڑی ہی جنکے پاس وہ لینے لگے بیاج

ہی تخت سلطنت جو فدا سنگ آستان
نعلین پاے دوست بھی ہین میرے سر کو تاج

۱۳۴

مجھکو نہین کسی سر و سامان کی احتیاج
یارب ہی تیرے فضل فراوان کی احتیاج

طالب ہون اک تری نظر مہر خاص کا
مجھکو نہین ہی ملک سلیمان کی احتیاج

کی جنے التجا تری درگاہ پاک مین
فورًا روا ہی گبر و مسلمان کی احتیاج

بس چشم نم کے غم مین تری چشم پا داشت ہی
یارب ہی مجھکو گوہر غلطان کی احتیاج

خوف سقر فدا کو نہ امید خلد ہی
ہان ہان ہی بار کو چۂ جانان کی احتیاج

۱۳۵

یارب ہی تیرے مایۂ سودا کی احتیاج
مجھکو نہین ہی دولت دنیا کی احتیاج

انسان کو چاہیے دل دانا کی احتیاج
حق دے بشر کو دیدۂ بینا کی احتیاج

خالی نہین ہی سر کوئی سوداے یار سے
کسکو نہین ہی اُس بت رعنا کی احتیاج

ناکامیون مین میری جوانی گذر گئی
بدخوابیون مین کٹ گئی عمر تمام رات

لافلاس اور غنا کا نہین ہی کچھ اعتبار
دنیا کے کارخانے کو ہرگز نہین ثبات

ذکر خدا مین وقف ہی فکر سخن تمام
گویا فقیر کا یہی صدقہ ہی اور زکوٰت

گائین نہ گائین وہ غزل تازہ فدا
میرے کلام سے ہی پر آوازہ شش جہات

۱۳۱

آرام لینے دیتا نہین غم تمام رات
کرتا ہون درد ہجر مین ماتم تمام رات

گویا بخار سینۂ تفتہ کا ہی صعود
گرتی ہی آسمان سے جو شبنم تمام رات

بے چینیان جہان کی میری نصیب ہین
سوتا ہی چین سے ہمہ عالم تمام رات

اس بیکسی مین اپنے خدا ہی شریک حال
کرتے ہین کس مزے سے بسر ہم تمام رات

افسانۂ سوانح عمری کے شغل مین
سوتا ہون اہی فدا مین بہت کم تمام رات

ردیف جیم

۱۳۲

کیا زمانے مین زناکاری نے پایا ہی رواج
آتشک کا ہر شفاخانہ مین ہوتا ہی علاج

خالی اس علت سے کم آسودگان دہر ہین
جسکے قشونیتی کو البتہ نہین کچھ احتیاج

ہین جو اہل شرم کچھ فکر تامل ہی انھین
گم کسیکو ورنہ ہی آج احتیاج ازدواج

رندیون کی قدر کھوئی خانگیون نے مگر
نسخ فرچی کا ہوا ہی گویا دو مٹھی اناج

رندیون کو وسعت رزق فراوان ہی حصول
کیا محل تیار چکلون مین ہین جو رہے چکلے آج

مدعی عشق ہین اکثر تماشا بین بھی لوگ
ایک کے دلکو ندیکھا جنسے درد اور اختلاج

رشک روز فروزان ہی رخ خوبان دہر
گیسوے مہ پارگان ہی غیرت شبہاے داج

مجھکو خبر ہی کچھی ہین رہین پانچون انگلیان
کیا خوب تمنے دودھ جمایا تمام رات
اس گدگدی کا تجھکو خدا دے جزائے خیر
روتے ہوئے کو تمنے ہنسایا تمام رات

قاضی فدا رہے جو ہمہ شب عروس پاس
کیا خطبۂ نکاح پڑھایا تمام رات

۱۲۸

ہی گرم دوڑ دھوپ سے میری سواد دشت
کیا ٹھہرے خاک پر قدم گرد باد دشت
مجھسے بھی اے جنون وہی اب ربط و ضبط ہی
قیس حزین کے ساتھ تھا جو اتحاد دشت
کیا رتبہ حق نے بخشا ہی صحرا کو واقعی
ارض و سما مین دونون تہا انتقاد دشت
ڈالا مجھے جو دامن صحرا مین بعد قیس
بر لایا مدتون مین خدا پھر مراد دشت
اے قیس بن مین ٹھہرے تھے اول ابو البشر
ملک قدیم آپ کی ہی جائداد دشت
دیکھ اے جنون کہ لالہ ہی ہر سو کھلا ہوا
پھولا ہوا ہی موسم گل مین مواد دشت
سر مایہ جو احنگر سوزندہ ہی مرا
بن جاے کیون نہ بھاڑ کی بالو یا دشت
جو لطف نجد مین تھا نہین ہی بہشت مین
بھولا ہی قیس باغ جنان مین نہ یاد دشت

غربت کی شام کٹ نہ سکی جو تمام عمر
دیکھی نہین فدا نے کبھی بامداد دشت

۱۲۹

دکھ مرا جو زمانہ سے زیادہ ہی بہت
حال پر غم مرا آرام سے سادہ ہی بہت
ننگ و ناموس کی کچھ مجھکو نہین ہی پروا
سر مین میرے فقط اک نشۂ بادہ ہی بہت

کم نصیبی ہی جو اب تک نہین پہونچا ہون فدا
دل سے مجھکو تو مدینہ کا ارادہ ہی بہت

۱۳۰

بیکار محض ہی مرا سب صوم اور صلوۃ
یا رب ہی تیرے فضل و کرم سے مگر نجات

جب یہ سُنا کہ آج وہ بیدار ہین ابھی
مجھکو حرام ہوگیا سونا تمام رات

کیا تیرہ بختیون مین جوانی گذر گئی
کچھ بھی بجز سواد نہ دیکھا تمام رات

ہم بستری کا ذوق ملا کب شب وصال
دل میرا رعب حسن سے ڈھڑکا تمام رات

اے جان مین نازگر سنگی مین جلا گیا
کھایا عدو نے گھر ترے حلوا تمام رات

جسوقت مین نے ہات چلایا پکڑ لیا
سونے دیا مجھے نہ وہ سویا تمام رات

ٹھہرو ذرا ابھی صبر کرو جی شب وصال
ہمدم غرض یہی رہا جھگڑا تمام رات

اُس شوخ شعلہ رو کے غم ہجر مین فدا
جون برق بیقرار مین تڑپا تمام رات

۱۲۷

فرقت مین وقت خواب نہ پایا تمام رات
خون مین نے فکر وصل مین کھایا تمام رات

جوش شباب مجھکو عذاب زمین ہوا
وہ ماہ رو جو بر مین نہ آیا تمام رات

عنبر کا عطر ملکے جو وہ سوئے غیر پاس
مانند عود مجھکو جلایا تمام رات

کیون خاک میری جلوۂ رنگ بہار ہے
سینہ پہ مجھکو کسنے سولایا تمام رات

کیا حال تھا زبون ترے بیمار ہجر کا
گریان تھا جسپر اپنا پرایا تمام رات

عقدہ پر اُنکے بند قبا کا نہ وا ہوا
ہر چند مین نے زور جمایا تمام رات

اُس بُت کے غم مین شام سے ہونٹون پہ جان ہے
کیونکر کٹے گی میری خدایا تمام رات

رکھکر عدو جو سو گیا سینہ پہ دست شر
موذی نے تمکو کیا کیا دُرایا تمام رات

مین اُنکے جھوٹے وعدہ سے شام ایسا خوش ہوا
پھولا نہ پیرہن مین سمایا تمام رات

چھپ چھپ کے آہ کرتا ہون مین جسکے واسطے ترے
نالون نے میرے کسکو جگایا تمام رات

کس کوچے مین بسر ہوئی میری شب مراد
سر پر کسی پری کا تھا سایا تمام رات

اُس زلف کے سایہ مین بسر کرتا ہون اوقات — ہی قبض و تصرف مین مرے ملک فنا اب
دیکھین جو مری شوخی و وحشت کی ادائین — سب بھول گئے چوکڑی جنگل کے ہرن اب
برسائے فدا اس طرح سر دنے اوسے — کیا گرم ہوئی کول مین یہ بزم سخن اب

ردیف تا ر فوقانی

۱۲۴

بر مین رقیب کے جو وہ سویا تمام رات — مین رنج رشک سے یہان رویا تمام رات
کیا کیا نہ دقتون سے شب غم مری کٹی — کم روز حشر سے نہ تھی گویا تمام رات
کس بوالہوس کو آج مری جان بلا کے ساتھ — جو بن تمام عمر کا کھویا تمام رات
کیون دامن نسیم سحر تر ہی سر بسر — کون آج دل زدہ کہین رویا تمام رات
گم گشتہ سراغ جو اپنا رہا فدا
کس رشک ماہ کا تھا وہ جویا تمام رات

۱۲۵

دھوکے مین آکے تیرے نہ سویا تمام رات — آنکھون مین کٹ گئی مری گویا تمام رات
بے چین خواب خوش سے عدو بھی تو ہو گیا — ایسا مین درد ہجر مین رویا تمام رات
ہر دم یہان جگر مین تھین سو بار برچھیان — اک در وہان عدو نے پرویا تمام رات
اے بخت شور کوئی بھی دانا ہر اہوا — رو رو کے تو نے کھیت جو بویا تمام رات
کب داغ رشک کا دل پر داغ سے مٹا — گو داغ لب کو آپنے دھویا تمام رات
روزی کی ہی تلاش اگر مجھکو روز مین — رہتا ہون اک صنم کا مین جویا تمام رات
کس کوچے مین پڑے ہوے روتے رہے فدا
کیون خانمان تنگ دبویا تمام رات

۱۲۶

تاج انکا بزم غیر مین تھا کیا تمام رات — بھونچال کا یہان تھا نہ کا تمام رات

نیکی سے درگذر نہین اُنکو کسیکے ساتھ
جنکو جہان مین کچھ شرف ذات ہی نصیب

جس سے کبھی کبھی مرا کچھ غم غلط رہے
ایسی فدا مجھے نہ کوئی بات ہی نصیب

۱۲۲

ملنا نصیب اور نہ دیدار ہی نصیب
مجھکو فقط نہ ہجرت یار ہی نصیب

در ہی نصیب اور نہ دیوار ہی نصیب
دنیا مین مجھکو چشم گہربار ہی نصیب

پاک از خطر خریدۂ افکار ہی نصیب
مجھکو مگر دغدغۂ بے مار ہی نصیب

دلدار ہی نصیب نہ غمخوار ہی نصیب
جان حزین کو آہ دل افگار ہی نصیب

خاصان حق سدا ہین تہ امتحان حق
منصور کے لیے جو یہان دار ہی نصیب

خالی نہ بزم یار ہی اغیار سے کہین
کس کو جہان مین گل بے خار ہی نصیب

عنقا صفت مرے لیے آزادگی ہوئی
مجھکو جہان مین جان گرفتار ہی نصیب

دیکھا نہین ذرا رخ شادی جہان مین
مجھکو مگر یہان غم بسیار ہی نصیب

صدر شتۂ خصوص ہین تیرے لیے فدا
اک برہمن کو رشتۂ زنار ہی نصیب

۱۲۳

آرام سے سویا ہون مگر زیر کفن اب
باقی نہ موے پر رہا کچھ رنج و محن اب

ہم مائدہ ہی میرے بت سیب ذقن اب
مدت مین گئی ہی مری تلخی دہن اب

عشق بت نوخیز نے پیری مین ستایا
جاری ہوا ہی پھر مرا ناسور کہن اب

خون جان و جگر کو جو کیا مشق سخن مین
ہر صفحۂ دیوان ہی مرا رشک چمن اب

ہی موسم گل گویا تری عمر جوانی
شرمندہ ہین آگے ترے سب سرو و سمن اب

غم مین ترے احباب و اقارب سے ہی نفرت
ہی وادی وحشت مرا گویا کہ وطن اب

۱۱۸
پنہان مگر نہین ہی کوئی مجھسے حال غیب
موجود ہین حضور مین میرے رجال غیب

کب حسن ظاہری کا ہوا وہ فریفتہ
دیکھا ہی جس نے جہان مین جمال غیب

کیونکر نہو مرا سخن شکرین لذیذ
اُستاد کون ہی مرا شیرین مقال غیب

ناکام مین جو مقصد باطن سے رہگیا
کیا بار ور کبھی نہین ہوتا نہال غیب

۱۱۹
ظاہر مین گو بصورت درویش ہی فدا
لیکن بطون مین ہی تونگر بمال غیب

۱۲۰
یارب دعاے بندۂ مسکین ہو مستجاب
روے جہان پہ واہی تری مرحمت کا باب

بندون سے تیری شکر گزاری محال ہی
کیا کیا مہیا ہین نہین نعماے بیحساب

دوری مین آہ عمر ہماری گذر گئی
اک وہ ہین جو حضوری مین ہین تیری باریاب

ڈیوڑھی پہ کب تلک تری دستک دیا کرین
دروازہ سے محل مین بُلا لو مگر شتاب

۱۲۰
ہان ہو گئے ضعیف سب اعضا فدا مگر
پیری مین بھی ہوا نہ مرا کچھ اضطراب

لطف نشاط و عیش نہ کچھ خاک ہی نصیب
دنیا مین ہمکو سینۂ صد چاک ہی نصیب

کار و گزر کا شغل نہین جز گریستن
مجھکو ازل سے دیدۂ نمناک ہی نصیب

۱۲۱
کیا شکر کا مقام ہی دنیا مین اے فدا
مجھسے نجس ترین کو دل پاک ہی نصیب

کچھ ذکر حق نہ شغل مناجات ہی نصیب
فکر سخن مین مجھکو خرافات ہی نصیب

صحبت کسیکی اور نہ ملاقات ہی نصیب
ہجران مین مجھکو روز بروز آفات ہی نصیب

نسبت ہی مجھکو فکر سخن مین خدا کے ساتھ
فیض سخنوری سے کرامات ہی نصیب

بحر ہجران مین اگر گذری ہی سب عمر رواں
میرے دریا کا نمایان کہین ساحل نہوا

سب تری بزم سے احباب ہوئے متمتع
مین وہ کمبخت ہون جو شامل محفل نہوا

کس سخنور نے ندی داد غزل کی میری
قائل البتہ مگر حاسد جاہل نہوا

اُس پہ پیرو کو عزیمت سے جو کرتا تسخیر
سخت حسرت ہی مجھے یہ کہ مین عامل نہوا

امتحان بارہا یاران زمانہ کا کیا
میرا کچھ کام کسی سے کبھی حاصل نہوا

عمر گذری ہی فدا مشق سخن مین میری
لیکن آسان مجھے یہ فن مشکل نہوا

ردیف بائے موحدہ

۱۱۷

کب نہین تجھپر کشادہ پردۂ اسرار غیب
ہی تری خاک جسد مین جوہر انوار غیب

مردم بینا کو کچھ چشم تماشا چاہیے
دیکھنا مشکل نہین ہی جلوۂ استار غیب

بخشا حق نے مجھکو اب گلگشت گلشن سے فراغ
ہی مرے پیش نظر کیفیت گلزار غیب

کیون نہ دنیا مین رہین محروم لطف دید سے
گویا حائل درمیان ہی پردۂ دیوار غیب

فعل بد کا مرتکب ہی بخیطر دنیا مین تو
کیا نہ تجھکو دیکھتا ہی حاکم دربار غیب

کسکو عالم مین نہ کشف راز کا سودا رہا
گرم گویا ہی ازل سے رونق بازار غیب

کونسا محمل نشین طور سینا ہی چھپا
سب مرے دیکھے ہوئے ہین وادی کہسار غیب

پہونچنا مشکل نہین ہی منزل لاہوت تک
تجھکو اے کاہل اگر کچھ یاد ہی رفتار غیب

جاے دیگر ہی مری بزم سخن آراستہ
قدسیان عرش سے سنتا ہون مین اشعار غیب

کفر باطن سے بری ہوا ہی فدا دین نہاد
توڑ دے بہر خدا آئینہ سے زنار غیب

منھ شیخ کے لگا ہی جو کھانا حرام کا
بکرا حلال کرتے ہین میران کے نام کا

گنگا جلی کو انکی جو شب مین نے چھو لیا
بچ بچ کے کیا نہ شور کیا رام رام کا

نبدش سے کچھ غرض ہی نہ مضمون سے کام ہی
اظہار درد ہی مرے مطلب کلام کا

مارا مجھے صنم نے خدا نے بچا لیا
کوئی بھی آخرش تو یہان ہی غلام کا

کس سے فراز کاخ کو منسوب کیجیے
عرش برین بھی کنگرہ ہی تیرے بام کا

منظور کب فلک کو ہی نام آوری مری
کھویا گیا شتاب نگین میرے نام کا

ای نو سوار خیریت ذات ہی محال
گھوڑا ترا نہین جو مقید لجام کا

حرص آدمی کو باعث صد ننگ و عار ہی
چشم جہان مین خوار ہی جو یا طعام کا

عمر عزیز بے ادبی مین گذر گئی
حاصل ہوا نہ مجھکو سلیقہ سلام کا

غافل نہ راہزن سے ہو بیدل بلوغ مین
نازک ہی ای غریب بہت وقت شام کا

کمبخت تجھکو آرزوی صید ہی عبث
ہر رشتہ ہی گسستہ فدا تیرے دام کا

۱۱۶

مثل فرہاد کوئی عاشق بیدل نہوا
جان کھونا بھی جسے عشق مین مشکل نہوا

قیس بیچارہ کبھی وارد منزل نہوا
ہاے بیچارہ کا طی دشت مراحل نہوا

نامرادون مین تو شامل ہون نہین کچھ پر وا
کامیابون مین مرا نام جو شامل نہوا

ای بت پردہ نشین مر گیا غم مین تیرے
وا ترے در کا کبھی پردہ حائل نہوا

ہوتی ہی عمر ستمگار کی کوتاہ وے
فلک پیر جوان مرگ مین شامل نہوا

بوسہ لینے مین مقرر مین اسے کھا جاتا
ہاے افسوس ہتھیلی مین تری تل نہوا

ایسی ساعت کی ولادت ہی کہ دنیا مین کبھی
مطمئن فکر و تردد سے مرا دل نہوا

کم نظر آیا بہت ہمکو وجود دانا
بیشتر جسکو یہان دیکھا وہ نادان دیکھا

محض تا یک شب تیرہ ہی قیام دنیا
صبح ہوتے ہی یہان کوچ کا سامان دیکھا

آہ و نالہ کے سوا پایا نہ مضمون نشاط
اے فدا ہمنے جس استاد کا دیوان دیکھا

۱۱۳

بت کافر ٹھکانا ہی مہین اس بیوفائی کا
نہ لے کوئی مسلمان نام تیری آشنائی کا

جہان مین شور ہی کافر تری شیرین ادائی کا
ہر اک حرکت تری گویا پرستار ہی مٹھائی کا

سلامت تیری چوکھٹ سے گیا ہی کوئی اے قاتل
ترا بازو ہی در عاشق کو کھونٹا ہی قصائی کا

مین کب آرام سے گہوارۂ آغوش مین سویا
مگر مدت سے تھا بازو شکستہ میری دائی کا

بہت کم پاک دامن ہی کسیکا لوث عصیان سے
جہان مین رہگیا ہی نام باقی پارسائی کا

مرے داغ جبین سے چاندنی ہی گور تیرہ مین
پس از مردن ہوا روشن نتیجہ جبہہ سائی کا

مری بیچارگی مین زحمت حال شکستہ کو
اثر بخشا ہی فضل ایزدی نے مومیائی کا

غرور حسن نے نمرود کا بچہ کیا اسکو
بت گمراہ کو ان روزون دعوی ہی خدائی کا

عجب کیا جو ترا جذب محبت کھینچ لے اسکو
فدا کو گو نہین رتبہ ترے گھر مین رسائی کا

۱۱۴

تکبیر جو پیام طلب ہی نگار کا
نیت مگر تہیہ ہی دیدار یار کا

کیا رحمت خدا نے سبکدوش کر دیا
انبار تھا جو سر پہ گناہون کے بار کا

نیکون سے ہو معاملہ دنیا مین اے فدا
دکھلائے منہ خدا نہ کسی بدشعار کا

۱۱۵

مالک کی ذات پر ہی توکل غلام کا
حق آپ کارساز ہی بندہ کے کام کا

زیر خنجر مجھے قاتل نے تڑپتا چھوڑا
سخت بے مہر ہی بیرحم ستمگر اپنا

کیا خدا کی ہی فدا مہر فراوان مین کمی
ہم جو ناکام رہے یہ ہی مقدر اپنا

۱۱۱

شادی جاوید مجھکو میرا رونا ہوگیا
خواب شیرین میری بدخوابی کا سونا ہوگیا

بخت بد نے کر دیا ماتم مرا عیش شباب
گویا لوہا میری انگشتر کا سونا ہوگیا

ہوگیا زہر ہلاہل شربت لطف حیات
سم قاتل مجھکو شیرینی کا دونا ہوگیا

استراحت کو مری گردون نے زحمت کر دیا
خار خارا میرا پھولون کا بچھونا ہوگیا

بعد مردن بھی نہ میری اشکباری کم ہوئی
رشک صد آب روان کفنی کا جھونا ہوگیا

مل گیا خاک فنا مین ٹوٹ کر فوراً فدا
جام عیش غیر مٹی کا کھلونا ہوگیا

۱۱۲

جمع خاطر تو بہت کم کوئی انسان دیکھا
جس بشر کو یہان دیکھا ہی پریشان دیکھا

گویا مردہ رہے جب تک کہ رہے تجھسے جدا
ہوگئے زندہ جو ہمنے تجھے ایجان دیکھا

کوئی اُس کوچے مین جانبر نہوا ہی ہمنے
در پہ قاتل کے سدا گنج شہیدان دیکھا

جب سے دیکھی ہی کسی بت کی بہار پوشاک
ثابت اپنا نہ کبھی جیب و گریبان دیکھا

رخ ترا ہی مگر آئینۂ حیرت افزا
جسکو دیکھا ہی ترے روبرو حیران دیکھا

مرض الموت ہی گویا مرض عشق بتان
کہین ہمنے نہ اس آزار کا درمان دیکھا

وہ ہی ویرانہ دنیا مین ہی گویا آباد
جس نے اس دیر خرابات کو ویران دیکھا

آج پژمردہ ہی ہمرنگ گل دو روزہ
کل جسے ہمنے یہان تازہ و خندان دیکھا

فضل حق ساتھ ہی بندہ کے ہوئے پر ہمنے
گور مین بھی گذر رحمت یزدان دیکھا

اٹھا ہون حشر کے دن ساتھ اویس قرنی کے
جو شیفتہ ہون مین اک شاہد مجازی کا

امام اہل سخن کیون نہو فدا ے حسین
کہ علم شعر مین رتبہ ہی مخمر رازی کا

۱۰۹

دل مین کسی نگاہ کا جو تیر رہگیا
دنیا مین تا حیات مین دلگیر رہگیا

قاتل نے ظلم مین بھی کمی کی مرے لیے
مین نیمجان پتان تہ شمشیر رہگیا

مجبور ہون جو کام نہ حاصل ہوا مرا
باقی کوئی دقیقۂ تدبیر رہگیا

کام آیا کیا شباب مرا رو برو ے زر
گھر مین مسن کے وہ بت بے پیر رہگیا

خط تو چلا گیا مگر افسوس سہو سے
جو مدعا تھا وہ دم تحریر رہگیا

سب ہو گئے مدارج کوشش ادا مگر
باقی مرا نتیجۂ تدبیر رہگیا

کیا دل کی چشم باز پہ زلف ہی فدا
دیوانہ گویا بستۂ زنجیر رہگیا

۱۱۰

چین لینے نہین دیتا دل مضطر اپنا
ہجر مین حال ہی پارہ کے برابر اپنا

کوئی آگاہ نہین شان لیاقت سے مری
خاک افلاس مین پوشیدہ ہی جوہر اپنا

میرا دنیا مین جو معمورہ حسرت ہی وطن
گویا مطمورۂ حرمان ہی مگر گھر اپنا

رستگاری کی مجھے کیون نہو امید قوی
خالق اپنا ہی مگر حشر مین داور اپنا

رائگان ہو گئی دنیا مین مری عمر عزیز
غرق دریاے معاصی ہوا دفتر اپنا

جب سے ہم اوس بت نوعمر سے دوچار ہوے
حال آئینہ کے مانند ہی ششدر اپنا

لوبہ پایا بت قاتل سے جواب نامہ
آج مارا گیا گولی سے کبوتر اپنا

جاے آرام مجھے روے زمین پر نہ ملی
عمر بھر گویا بغل مین رہا بستر اپنا

اے نفس خیرگی سے خرابی ہوئی نصیب
دھوبی کا کتا ہے تو نہ گھر کا نہ گھاٹ کا

فکر سخن کو آہن منکوک ہے عروض
کیا اعتبار وزن ہے تیشہ کے باٹ کا

تعبیر کس سے کیجے فدا وسط بحر کو
منجدھار نام ہے مرے دریا کے گھاٹ کا

۱۰۷

نہ تنہا معتقد عالم ہے شان بے نیازی کا
جہان مرہون منت ہے خدا کی کارسازی کا

زمین خونریزی سے دریائے احمر کا جزیرہ ہے
غضب ہے گھاٹ اے قاتل تری تیغ جہازی کا

صنم سے لگگیا مجھکو صنم آہستہ آہستہ
مگر ہے مرتبہ عالی غم عشق مجازی کا

شہادت گاہ ہے دنیا تصرف ہائے مژگان سے
مگر مجروح ہے عالم تیون کی تیزہ بازی کا

خدا منزل پہ پہونچا دیگا تجھکو بھی بآسانی
تعاقب اے فدا کر لے کسی مرد نمازی کا

۱۰۸

تری نگاہ مین عالم ہے ترکتازی کا
قترہ قترہ مین ہے انداز نیزہ بازی کا

نہین ہے کام وکالت مین راست بازی کا
یہ پیشہ گویا ہے زور زبان درازی کا

تمھارا دزد حنا بد معاش ہے پورا
تمھاری زلف کا شیوہ ہے جعلسازی کا

بحال خستہ مرے التفات ہے شایان
مین گویا بندہ ہون اُس بت کی دلنوازی کا

ملا دیا ہے تیون نے خدا سے آخر کار
نتیجہ مل گیا مجھکو غم مجازی کا

نہ زنج کفر سے مجھکو نہ دین کی پروا
مین معتقد ہون تری شان بے نیازی کا

بنا دیا مرے بگڑے ہوئے زمانہ کو
ادائے تسکر ہو کیا اُسکی کارسازی کا

کسی نے گور مین دیکھا تھا کسکی بت کو
سیاہ چہرہ تھا نامرد بے نمازی کا

جو ہمنے مار لیا اپنے نفس کافر کو
مجاہدین مین پایا خطاب غازی کا

کیا میرے اُنکے ربط کے بجھنے کی شکل ہی
نازک مزاج کے وہ ہین نازک دماغ کا

رضوان ہی باغبان مرے دادا کے وقت کا
فردوس نام ہی مرے دیرینہ باغ کا

اِس جستجو مین عمر فدا سب گذر گئی
پایا پتا نہ وصل صنم کے سراغ کا

۱۰۵

ملا کسے تری ڈیوڑھی سے نان کا ٹکڑا
زہے نصیب ملے جسکو پان کا ٹکڑا

زمین ہی خاطر ناشاد کا غبار تمام
فلک ہی میرے دخان فغان کا ٹکڑا

عزیز تر ہی زمانہ کو کیا بدولت حسن
وہ بت ہی ساری خدائی کی جان کا ٹکڑا

قماش عمدہ ہی جنس برہنگی میری
ہمارا سودا ہی اطلس کے تھان کا ٹکڑا

یہ بے ستون ہی مرا سائبان افتادہ
یہ دشت نجد ہی میرے مکان کا ٹکڑا

وہ بت جو حسن برشتہ سے ماہ پارہ ہی
ستمگری مین بھی ہی آسمان کا ٹکڑا

الٰہی بارش باران کو حکم فرمادے
یہ ابر گویا ہی اہل جہان کا ٹکڑا

کبھی ہی برق کا خطرہ کبھی ہی خوف تگرگ
تہ بلا ہی زمین پر کسان کا ٹکڑا

خزان رہے ترے گلزار تازہ تر سے دور
لگائے رکھے خدا باغبان کا ٹکڑا

نہ پوچھ ماجرا درد درون کا کچھ میرے
مرے جگر مین فدا ہی سنان کا ٹکڑا

۱۰۶

حیران جہان ہی مجلس رندان کے ٹھاٹ کا
ٹکڑا ہی آسمان مری بوتل کی ڈاٹ کا

یہ جذب خاک ہی کہ مواچا لگام مین
باشندہ تھا غریب نواح کھاٹ کا

مخمل کے فرش پر جنھین کم خواب آتا تھا
زیر زمین نہین ہی بچھونا بھی ٹاٹ کا

اُٹھے جو روز حشر بھی میرے لباس مین
دو قیس کو کفن مرے جامے کے پاٹ کا

اب بعد پختگی وہ فساد بصل گیا

۱۰۳

رونق بزم امیران ہی جو آنا تیرا
قوت ارواح فقیران بھی ہی گانا تیرا

ناچنے سے ترے کافر ہی جہان مین ہل چل
گویا ہی حادثہ ٹھوکر کا لگانا تیرا

گویا آمادہ پرواز میان مٹھو ہین
پنجرا ہوگیا ہی اتبو پرانا تیرا

غسل و پوشاک وحنا سے تری بازآیم
روز آتے ہین یہان کے ہی بہانا تیرا

ہین بھی اک دن تھا ترا مورد لطف شایان
یاد ہی مجھکو فدا کہکے بلانا تیرا

۱۰۴

اُس بت کے ساتھ لطف نہین اتحاد کا
جھگڑا بہت بُرا ہی عدو کے عناد کا

بھولا ہوا ہون کام معاش اور معاد کا
آٹھون پہر ہی شغل مجھے تیری یاد کا

مت پوچھ میری شام غریبی کا ماجرا
شام سفر ہی نام مری بامداد کا

پیرون کی ہی معاش جوانون سے خوبتر
کیا فیض لطف عام ہی رب العباد کا

گھر آگیا قریب فدا خیر ہو نصیب
ویرانگی نشان ہی وطن کے سواد کا

۱۰۵

موقع محال تری اجل سے فراغ کا
آزار جان گسل ہی مگر دل کے داغ کا

جسوقت مین نے سیکھا تھا بلبل کا چہچہا
طالع نے میرے رنگ اوڑایا کلاغ کا

رعشہ نہوتا کیون مرے دست دست مین
اوندھا ہوا لکھا تھا جو ہونا ایاغ کا

موہوم ہشت پر ہے امید جواب ہی
ضامن حمامہ ہی میرے خط کے بلاغ کا

ہمسایہ پلید سے بخشی مجھے نجات
بارے خدا نے کالا کیا منہ اولاغ کا

وہ روشنی صبح سے کچھ بہرہ ور ہوا
کھایا دھوان ہی راتون کو جسنے چراغ کا

عدم کے ساتھ تو امان ہستی موہوم — نہین جہانمین کچھ لطف زندگانی کا

فدا ہنوز بہ ہین کمال فکر سلیم
جہان مین مردہ دیرینہ زندہ ہین گویا

مری نگاہ مین عالم ہی عالم صحرا — تری نظر مین ہی گلشن خرابہ دنیا
امیدوار عنایات ایزدی ہون مین — نہ مجھکو کچھ غم امروز نہ غم فردا
شناخت حسن تبان یا خدا نہ ملتی کاش — مبصری نے مری مجھکو کر دیا رسوا
مین گر سنہ ہون ترے خوان حسن کے صدقے — کھلا دے مجھکو کوئی شیر مال کا ٹکڑا

خدا کے فضل سے حسنات مین شمار ہوے
فدا حسین کے اعمال زشت و نازیبا

فوارہ کے دہن سے گل تر اوچھل گیا — یادم وفور گریہ مین میرا نکل گیا
کیا سحر میرے جذب محبت کا چل گیا — دشمن سا دیو بزم سے جو ٹل گیا
پہلا سا ربط و ضبط نہ ناز اور نیاز ہی — کچھ تم بدل گئے ہو کہ یا مین بدل گیا
بیخ درخت مہر و وفا خشک ہو گئی — نخل حیا جو گلشن گیتی مین جل گیا
ناقص مآل خندۂ دندان نما کا ہی — اوچھا تھا غنچہ جامہ سے باہر نکل گیا
ہجر تبان مین زندگی دشوار سخت تھی — جی میرا ذکر و شغل خدا مین بہل گیا
کم ظرف چاہیے نعمت کے ضبط کو — بر تن تھا اوچھا جس سے ترا دودھ ابل گیا
بدعت کو چھوڑ کر سوے سنت ہو گرم رو — فتنون کا وقت آگیا دن اتبو کا ڈھل گیا
یہ مرگ وہ بلا ہی کہ جس سے بزیر خاک — سب گرشت و پوست زال و زیمان کا گل گیا

گویا پیاز خام تھی خامی تری فدا

سُنے دلی مین جو دربار کا میلا دیکھا
گویا یکجا ہمہ دینا کا جمیلا دیکھا

پایا کیا اس چمن دہر کو فرصت گویا
شعبدہ باز کا سرسبز وہ کیلا دیکھا

سر پہ مغز نظر آیا کم اکثر لیکن
دیکھی مندیل کہین اور کہین سیلا دیکھا

اپنی قسمت کا ہی رونا کہ جو ایسے بن مین
کیا گروجی کہ نہ اُنکا کوئی چیلا دیکھا

اک زمانہ تھا فدا باخدم وجاہ وسپاہ
مین نے غیر اپنے کسیکو نہ اکیلا دیکھا

۹۸

مرے شور مغنی مین ہو کیا مزا
مگر تلخکامی کا ہی ماجرا

مرے مُنہ مین ہین راگ پیر آپ کا
میانے سے باہر ہی کیا پانچا

کہان اُسکو ہی فرش تحمل نصیب
لکھا جسکی قسمت مین ہو بوریا

بھلا مجھکو بھی میٹھے چاول کبھی
کہ عمدہ ہی تیرا نیا دیگچا

فدا نان وحلوا پہ جی مت چلا
کہ خون جگر ہی ترا ناشتا

۹۹

بُرا بکھیڑا ہی پیچھے مرے ترے غم کا
نہین ہی مجھکو وداع محبت دنیا

نہین ہی سیر و تماشے کی کچھ مجھے پروا
مری نظر مین برابر ہی شہر اور صحرا

جہان کا واسطہ اتحاد ہی جھوٹا
نہ تو کسیکا یہان ہی نہ کوئی ہی تیرا

نہ عقل میری ٹھکانے نہ ہوش ہین برجا
جنون عشق سے ہی سر مین شورش سودا

کہان ہی اب وہ ضم اور کہان شباب مرا
عبث ہی شیب مین حرمان کا شور واویلا

گدا وشاہ نظر مین مری برابر ہین
خدا نے خلق سے مجھکو دیا ہی استغنا

بری ہی ذات تری فکر دین ودنیا سے
خدا کے ساتھ اگر ہی معاملہ تیرا

۹۵

اُسنے غم غیر مین وہ کوٹا

شب بزم غیر مین جو تو شامل نہین رہا
فکر شمول ہونے سے غافل نہین رہا

دینے نہ دینے کا ہی تو مختار یا خدا
کب اُس صنم کا تجھسے مین سائل نہین رہا

کچھ ایسا دور قرب قیامت کا آیا ہی
کوئی جہان مین عارف و کامل نہین رہا

کیسا خودی حسن نے مغرور کر دیا
جامہ مین اپنے وہ بت قاتل نہین رہا

اب مجکو فکر شعر و سخن کا نہین دماغ
وہ مین نہین رہا وہ مرا دل نہین رہا

انگیا کے بند وا جو ہوئے وصل یار مین
اب آگے کوئی عقدہ مشکل نہین رہا

لیلاے شرم وادی دوران سے چل بسی
ثابت کہین جو پردہ محمل نہین رہا

ہی معرفت عنایت یزدان پہ منحصر
مجذوب کوئی ذاکر و شاغل نہین رہا

رنگ گل سمن ہی او واسی اہی فدا مگر
پہلا سا اب وہ شور عنادل نہین رہا

۹۶

کیا ذلتین نہ عشق بتان سے اُٹھا چلا
مین آبرو کو خاک فنا مین ملا چلا

رشک رقیب ہی صنم حسرت بال
کیا کیا نہ داغ دل مین دنیا سے کھا چلا

مارا کسیکے روے عرقناک نے مجھے
یارب مرے نصیب سے ٹھنڈی ہوا چلا

ناز گران ترا مری وحشت کا ہی سبب
ہاتی ترا چلا تو مرا باد پا چلا

موجود ہی نتیجہ بد بہر کار بد
ہر گز نہ سوے فعل زبون جی ذرا چلا

وصل صنم نہین ہی تو بوسہ تو ہو نصیب
کچھ کام اس غریب کا یارب چلا چلا

ماتم ہی سخت میرا کہ ناکام مر گیا
دنیا مین اہی فدا مین ترسا ہوا چلا

فکر و تدبیر کا درجہ کوئی باقی نہ رہا | کار دشوار ترین میرا یہ آسان نہوا

ہوگیا خاتمہ بالخیر فدا کا لیکن
ختم دیوانہ کے اندوہ کا دیوان نہوا

۹۳

پیری مین مجھکو غم ہی جو حسن شباب کا | کیا بے نمک مزا ہی جگر کے کباب کا
ہمدم مثال برق تپان ہون شبانہ روز | کچھ پوچھیے نہ حال مرے اضطراب کا
خونناب اشک سے ہی مری ریش لالہ گون | کافر نہین ہی رنگ حنا کے خضاب کا
گوشہ مزار کا ہی پس از مرگ چشمہ سار | عالم منوز ہی وہ ہی چشم پر آب کا
کب سبز کر سکا مرے بخت سیاہ کو | بدلا فلک نے رنگ بہت انقلاب کا
مین بے نصیب رہگیا ورنہ ہر آئنہ | اس میکدے مین کون ہی تشنہ شراب کا
تا وقت مرگ وصل بتان کی امید ہی | تو رو نگا آسرا نہ خدا کی جناب کا
روز سیہ کو میرے جو روشن نہ کر سکا | یہ وجہ ہی جو رنگ ہی زرد آفتاب کا
یکبارگی تجھکو جو عدم روزگار نے | خمیازہ ہی یہ فعل بد و ناصواب کا

مرنے کے متصل تو تو آپہونچا ای فدا
کب ہوگا خاتمہ ترے غم کی کتاب کا

۹۴

عاشق کا ترے نصیب جھوٹا | دشمن نے جو عیش وصل لوٹا
دی مرگ نے جو صدائے ہیہات | مین تید غم جہان سے چھوٹا
دے غیر یہ عیش چند روزہ | کیا تری فرد کا ہی بوٹا
دیوان کو آگ مین جلا دون | میرا ہو جو کوئی شعر جھوٹا

جس سینہ پہ ای فدا موے ہم

کچھ فدا کو نہین اس راہ خطرناک مین خوف
ساتھ میرے ہی حمایت کا رسالا تیرا

۸۹

مقبل ہی حسن یار جو عاشق کی چاہ کا
کام اس مقدمہ مین نہین ہی گواہ کا
کیا تاب آفتاب قیامت کا غم کرون
سر پر ہی سایہ حضرت رب کی پناہ کا

ہرگز نہ اے فدا مین کسی کام کا رہا
ہوں منتظر ہوا مقدمہ مجھ داد خواہ کا

۹۰

کیا جور زمانہ ہی جگر کا مرے بھوکا
گشنہ ہی فلک بھی تو بہت دن سے نہوکا
آباد جسے سمجھے ہو تم گویا ہی ویران
یہ دشت جہان غافلو میدان ہی ہوکا

بیکار فدا ہی یہ ترا نالہ جانکاہ
ہی کان مین کسکے اثر اس شور و غلو کا

۹۱

ای پری دائرہ مہر ہی بالا تیرا
تو اگر چاند ہی تو نتھ بھی ہی بالا تیرا
ای تو نگر ہی تری عزت دنیا ہمہ ہیچ
پشم انعام ہی مغرور و دشالا تیرا
اپنی بدذاتی سے ای غیر نہ باز آئے تو
منھ اگر ساتھ تو دن سے بھی ہوکالا تیرا
ہمہ ستان زمانہ ہین ترے حلقہ بگوش
سب سے ای پیر مغان رتبہ ہی بالا تیرا
لشکر حسن کا سردار بہادر ہی تو
غمزہ و ناز کرشمہ ہی رسالا تیرا
رخ ترا شمع فروزان ہی تو فانوس حجاب
ای پری پردہ سے باہر ہی اجالا تیرا

نکتہ سنجی مین فدا مستند وقت ہی تو
بزم ارباب سخن مین ہی حوالا تیرا

۹۲

کرکے مجروح بھی مجھکو وہ پشیمان نہوا
کب مرے زخم جگر پر نمک افشان نہوا

بود نابود جو نابود تھا وہ بود ہوا

۵۷

بیکسی سے ہی فدا تیری جو صولت پیدا
مفلسی سے ہی تری شان ریاست پیدا

ہین تری فکر سے آثار بلاغت پیدا
ہین سخن سے ترے انوار فصاحت پیدا

گویا پیدا کیا ہی تیری طبیعت کے لیے
ورنہ دنیا مین نہوتی کبھی جودت پیدا

تیری نعلین سے مضمون غنا روشن ہی
نقش پا سے ہین ترے معنیِ ثروت پیدا

تیری تفرید مین کیا دبدبۂ کثرت ہی
تری تجرید سے ہی عالم سطوت پیدا

خاکساری ہی تری گویا یہ سرداری ہی
ہی گدائی مین تری رنگ خلافت پیدا

دوستون کو ترے حق نے جو بنائی عزت
تیرے اعدا کے لیے کی ہمہ ذلت پیدا

ہی ترے طالع بیدار کا اقبال غلام
تیری لونڈی کے شکم سے ہوئی دولت پیدا

تیرے قدمون سے ہی جو دولت دنیا کی نمود
تیرے چہرہ سے ہی عقبیٰ کی سعادت پیدا

کون ہی جسکا ہی تو طالب دیدار فدا
تیری مورت ہے مگر کسکی ہی صورت پیدا

۵۸

ہو گیا پاک پیا جنے پیالا تیرا
مست بیباک ہی ہر چاہنے والا تیرا

جملہ امکان ہی ترے نور قدم سے معمور
پرتو افگن ہی ہمہ سمت اجالا تیرا

شان زاتی کے تبری نہون کیون صدقے ہم
کلِ عالم کے دہن مین ہی نوالا تیرا

سخت دشوار ستایش ہی تری عظمت کی
فہم انسان سے بہت رتبہ ہی بالا تیرا

ذکر سے تیرے تغافل ہی مجھے عین حرام
رستگاری ہی مری گویا مقالا تیرا

کیون نہون عرش معلی کے ملایک حیران
ای شہنشاہ ہی وہ مرتبہ والا تیرا

گو جہان مین ہی جہان سے ہی مگر بے پروا
دیکھنے والا ہی دنیا سے نرالا تیرا

دنیا پکارتی ہی لب بام شادیان — کچھ لطف ہی زمانہ کو تھوڑا بیاہ کا
ہم لوگ گویا دولھا دولھن کے ہین خیرخواہ — دے ڈالو ہمکو جوڑا جبکو ہی بیاہ کا
اعلان تہنیت مین خزانے لٹا دئے — کوئی دقیقہ تمنے نہ چھوڑا بیاہ کا
جو بھرتا ٹوٹتا ہوا رہتا ہی عمر بھر — ہی ذات آدمی مین وہ پھوڑا بیاہ کا

نوشہ فدا کو بھی صلۂ تہنیت ملے
رنگ انجمن مین جسنے نچوڑا بیاہ کا

۸۵
خوف عذاب گور سے بے باک کردیا — ناپاکیون سے حق نے مجھے پاک کردیا
کیا خاک مجھسے کار جہان کچھ درست ہو — دنیا مین آسمان نے مجھے خاک کردیا

کیا قدرت خدا ہی فدا اے حسین پاک
جسنے کہ میری زہر کو تریاک کردیا

۸۶
جسکی قسمت مین جو لکھا تھا وہ موجود ہوا — کوئی مقبول ہوا اور کوئی مردود ہوا
کم نصیبی کا مری گویا تھا دنیا مین سگون — شیر مادر دم تولید جو مفقود ہوا
عمر باطل گئی لیکن ہوا انجام بخیر — سود سب میرا زیان اور زیان سود ہوا
نہ چلا پر نہ چلا تیر اسراغ مقصود — نہ کشادہ نہ کشادہ در مسدود ہوا
کس زبان سے مین کرون شکر گزاری تیری یارب — یعنی دنیا مین مین حاسد نہین محسود ہوا
ڈھونڈتے ڈھونڈتے خود خاک مین احباب ملے — دشت گیتی مین گم ایسا در مقصود ہوا
حیف کی جا ہی کہ پھر بندۂ شیطان ہو جاے — یہ وہ انسان ہی ملائک کا جو مسجود ہوا
نفس ناپاک خدا کو تو یہان بھول گیا — دین ترا انجل ہوا ور ترا معبود ہوا

ہی فدا عہد سلف سے یہی دنیا کا رواج

ہوتے ہی چار چشم ذرا دم نکل گیا
اُس بت نے کیا نگاہ کی گویا ستم کیا

چرخ بریں ہی تیغ بکف بہر سرکشان
جسنے اُٹھایا سر یہان فوراً قلم کیا

او بت خدا دے عمر تجھے خواجہ خضر کی
آب حیات بوسہ سے جو تازہ دم کیا

لکھ لکھ کے اپنے داغون کے مضمون پر بہار
دیوان کو مین نے غیرت باغ ارم کیا

دل مین ترے بسا ہی فدا برہمن بچہ
کمبخت تو نے کعبہ کو بیت الصنم کیا

۸۲

جوبن تھا اسی پری کہین تھوڑا بیاہ کا
پہنا جو سرخ آپنے جوڑا بیاہ کا

کرتا ہی شوخیان ترا گھوڑا بیاہ کا
کھایا ابھی نہین ہی جو کوڑا بیاہ کا

شادی کے بعد اُنکا وہ جوبن نہین رہا
اس عشق نے تمام نچوڑا بیاہ کا

بہر رفاہ ہر دو جہان کچھ تو سمجھے تو
تھوڑا نہین ہی تجھکو بہوڑا بیاہ کا

ناپاک رخت خواب کو کر دیگا ریم سے
توڑا ابھی نہین ترا پھوڑا بیاہ کا

اب تک مآل شادی سے آگاہ جو نہین
کیا بادلا ہی مرد نگوڑا بیاہ کا

جوبن برس رہا ہی تمام انجمن مین آج
نوشہ کے ہی گلے مین جو توڑا بیاہ کا

جوش نشاط شیب مین جب ہو گیا فنا
ناچار رہنے تذکرہ چھوڑا بیاہ کا

رکھا اسی امید مین لیکن مجھے کبھی
پہنایا آسمان نے نہ جوڑا بیاہ کا

اے چرخ مہر کر کہ فدائے نزار نے
اب تک تو آسرا نہین توڑا بیاہ کا

۸۳

فرخندہ زیر ران ہو گھوڑا بیاہ کا
یارب ہو خوشنما ترا جوڑا بیاہ کا

توڑا نہین ہی دولت و زر کا جہان مین آج
پہنا گلے مین تمنے جو توڑا بیاہ کا

پامال ہین حوادث ایام روزگار
سایہ ہی میرے سر پہ خدا کی پناہ کا

کیا لکھون تیرگی مسائے سفر کا حال
شام غریب نام ہی میرے پگاہ کا

ایام عیش میرے تڑپتے گذر گئے
بسمل ہین نوجوان ہون کسی صید گاہ کا

نظارہ عرشیون کا زمین پر نصیب ہی
رتبہ بہت بلند ہی میری نگاہ کا

انجام پر نظر نہین ہی جنکو اہی فدا
کرتے ہین وہ پسند بھیڑ ابیاہ کا

۱۱۱

غیر بھی اب غلام ہی میرا
بت گمراہ رام ہی میرا

نہین خلق خدا سے کچھ مطلب
حق تعالی سے کام ہی میرا

پڑھنے والون کے لب نہین کھلتے
بسکہ شیرین کلام ہی میرا

جب سے مجنون نکل گیا بن سے
دشت مین انتظام ہی میرا

مستی عشق ہی شراب مجھے
بیخودی گویا جام ہی میرا

کفر توڑا مگر بدولت عشق
برہمن زادہ رام ہی میرا

آہ و نالہ و گریہ و زاری
کام ہر صبح و شام ہی میرا

یا الٰہی بخیر ہو انجام
یہ وظیفہ مدام ہی میرا

درد ہجران سے جان بلب ہون مین
گویا قصہ تمام ہی میرا

نہ سہی کاملون مین نام فدا
ناقصون مین تو نام ہی میرا

۱۱۲

اے مرگ ہجر جان کو وصال صنم کیا
ایسا دم وصال خدا نے کرم کیا

حق نے جنون کو میرے دیا حج کا مرتبہ
صحرا نوردیون کو طواف حرم کیا

خدا کا جو مجھپر کرم ہوگیا
مرا مہربان وہ صنم ہوگیا

الٰہی ترا فضل ہی متصل
مرا دور سب رنج و غم ہوگیا

صنم مین ہی شان صمد کا ظہور
مرا تبکدہ بھی حرم ہوگیا

صنم یہ جوانی کا جو بن ترا
ستم ہوگیا ہی ستم ہوگیا

فنا ہوگیا ہون مین زندہ فدا
جہان مجھکو ملک عدم ہوگیا

در رحمت حق جو وا ہوگیا
گدھا میرا جنت سرا ہوگیا

شفا دی ہر آزار سے عشق نے
مجھے زہر قاتل دوا ہوگیا

جہانمین جو پیدا ہوا ہی بشر
فنا ہوگیا ہی فنا ہوگیا

غم زلف اُس بت کا میرے لیے
بلا ہوگیا ہی بلا ہوگیا

وطن مین بھی میرا نہین اعتبار
مین گویا کہ از شہر وا ہوگیا

گلہ اُسنے مجھکو جو خط مین لکھا
حصول اب مرا مدعا ہوگیا

رہ منزل معرفت مین فدا
خدا خود مرا پیشوا ہوگیا

فوراً بنادے مہر کو ہمداغ ماہ کا
پہونچے اگر فلک پہ دھوان میری آہ کا

ہی عکس میرے اختر بخت سیاہ کا
سمجھے ہین داغ اہل زمین جسکو ماہ کا

عنقا کا ہی حریف مرا نالۂ بلند
معدوم کیون اثر نہو پھر میری آہ کا

محرومیِ ازل ہی لقب شوق کا مرے
یاسِ ابد ہی نام مرے دل کی چاہ کا

گویا زمین ہی دشت خطا کا مرے غبار
گردون حباب ہی مرے بحر گناہ کا

ای بخت بد نماز جنازہ بھی ہو گئی — نکلا نہ میرے دل سے ہوا ارمان نماز کا
جاتا ہون نامراد خدا رکھلے میری شرم — ہین غمزدہ ہون کشتۂ حرمان نماز کا
اب مجھکو فکر شعر و سخن سے غرض نہین — ترتیب کر رہا ہون مین دیوان نماز کا

پڑھنا نہ پڑھنا تیرا برابر ہنوز ہے
پڑھنا فدا نہین ہے کچھ آسان نماز کا

ہین اچھا بھلا جان بلب ہو گیا — ترا دیکھنا کیا غضب ہو گیا
ترا منھہ لگانا غضب ہو گیا — کہ دشمن ہر بے ادب ہو گیا
ترے فضل و احسان کا پایان نہین — کہ مقبول مین بے سبب ہو گیا
دیا مجھکو جو میرے منھہ سے سوا — زمانے کو کیا عجب ہو گیا

گدا کو جہان مین غنی کر دیا
فدا پر وہ احسان رب ہو گیا

غنی جہان بینوا ہو گیا — گدا پر جو فضل خدا ہو گیا
وہ بند گران سے رہا ہو گیا — خودی سے جو اپنے جدا ہو گیا
امان مین ہون اب اعتق جرم سے — مجھے ضعف پیری عصا ہو گیا
غم زلف مین فکر کو ہے فروغ — مرا ذہن ناقص رسا ہو گیا
دم گریہ لکھا جو خط یار کو — ورق کاغذ توتیا ہو گیا
نمک مین مرے مرچ بھی ہے فدا — سخن ورنہ کیون چٹپٹا ہو گیا

جو تھا طالب پاک انجام کار — فدا راہ حق مین فنا ہو گیا
جو مضمون کاکل رقم ہو گیا — مگر شاخ سنبل قلم ہو گیا

ہی مزا خون جگر مین گویا شیر گرم کا
غم مجھے دنیا مین شیرینی کا دونا ہوگیا

توڑ ڈالے محبا تو نے جو ہی قفل شوخ
کعبہ دل تجھکو مٹی کا کھلونا ہوگیا

جو مزا تجرید مین ہی وہ نہین تزویج مین
منھ سلونا میرا اشکر سے الونا ہوگیا

رنج ناکامی مجھے اب محض بیجا ہی فدا
تیرے بارہ مین جو کچھ تھا حکم ہونا ہوگیا

شب جو شانہ سے موے زلف صنم ٹوٹ گیا
دل تو کیا صد مہ غم سے مرا دم ٹوٹ گیا

کچھ تو تخفیف مری حسرت و غم مین ہوتی
لکھتے لکھتے مری قسمت کا قلم ٹوٹ گیا

بے شک آئینہ سکندر کا فدا مول گیا
دل مرا ٹوٹا ہی یا ساغر جم ٹوٹ گیا

اب میرے ہاتھ مین ہی گریبان نماز کا
تھا دست سابقین مین دامان نماز کا

تاخیر کس لیے ہی ادا ے نماز مین
موجود تیرے گھر مین ہی سامان نماز کا

وحشت سراے دہر مین واشد نہین مجھے
دیکھا نہین جو تو نے بیابان نماز کا

دل بستگی نہین ہی جو تجکو نماز مین
آگے نہین ترے کوے جانان نماز کا

نیت تو پیچھے باندھیے اے حضرت امام
پہلے تو ٹھیک کیجیے ایمان نماز کا

قابل کو حکمرانی عالم ہی سہل تر
ہی پاس نقش مہر سلیمان نماز کا

عمر دراز ہے ہون اسی دشت مین تباہ
مجھکو ملا نہین کہین پایان نماز کا

ہر موی تن نماز مین میرا قبلہ ہی
مین سوختہ ہون سرو چراغان نماز کا

کیا خط راب ہی یہ قیام و قعود مین
ہی خانہ خدا مجھے زندان نماز کا

قرأت تو تو نے سیکھی براے نماز ہی
اے شیخ ہی کچھ اور ہی قرآن نماز کا

پھر ایسے ہاتھ مین تجھے آنا محال ہی — لے چل یہان سے باولے سودا نماز کا
گھبرا گیا ہی تو ابھی دس بیس شعر سے — ناداں بہت بڑا ہی قصیدہ نماز کا
اس بحر بیکران مین چہل سال ہو گئے — مجھکو ملا ابھی نہ کنارا نماز کا
یارب ہی ہار جیت مری تیرے ہات مین — مین خالی ہات اور ہی جو انحاز کا
یا نور رشک مہ ہو کہ داغ سیاہ ہو — پیشانی پر ہی تیرے جو ٹیکا نماز کا
فضل کریم پر ہی نظر مجھ غریب کی — زاہد تجھے بڑا ہی وسیلا نماز کا
مین یاد وقت مرگ سے خوف و رجا مین ہون — تو یاد کر رہا ہی وظیفا نماز کا
خواب عدم مین گویا ہی آرام کی دلیل — ہنگام خواب خوش ہی جو کھٹکا نماز کا
کیا خوف غرق ہی جو خدا کی مدد ہوئی — کافی نمازیون کو ہی بیڑا نماز کا
کار معاش مین نہ قضا کر معاد کو — موجود تجھکو ہی من و سلوی نماز کا
مومن کی بعد مرگ نماز جنازہ ہی — یہ رہگیا ہی اور تمانا نماز کا
تحفہ برائے بارگہ ذوالجلال ہی — ہی میرے جیب مین جو خریطا نماز کا
انسان کو ایسے وقت مین سونا حرام ہی — گویا اذان صبح ہی غوغا نماز کا
دریافت پنجگانہ کرو اختلاج قلب — آٹھون پہر جو دل کو ہی دھڑکا نماز کا

بحث زیادہ تر فدا اس باب مین نکر
ہی بعض راز واجب الاخفا نماز کا

غیرت کبریت احمر مجھکو رونا ہو گیا — جو نس ناقص تھا میرا اب وہ سونا ہو گیا
رنج بدخوابی مرا راحت کا سونا ہو گیا — درد کا کھٹکا مجھے شادی کا ٹونا ہو گیا
گوشہ چشم عنایت تھا جو بندہ پر ترا — گوشہ تربت مرا جنت کا کونا ہو گیا

ہر خال ترا ناؤہ مشکین سے ہر افضل
عالم ہمہ شوخی مین ہی ای شوخ ہرن کا

ہین سحر وہ آنکھین تو جہان سحر زدہ ہی
دیوانہ ہی عالم صنم سامری فن کا

ہو زیر زمین رحمت حق کی جو حفاظت
تا حشر نہ میلا ہو فدا رنگ کفن کا

ہر چند تو نے سیکھا ہی پڑھنا نماز کا
لیکن کھلا نہ تجھپہ معما نماز کا

پورا پڑھا ابھی نہ کریما نماز کا
ای شیخ تجکو لغو ہی دعوی نماز کا

شور جہان سے گویا زبان ودہان ہی
مُنھ مین ترے مزا ہی جو سیٹھا نماز کا

آلودگی دھر سے جان تیری پاک ہی
جاری ہی تیرے گھر مین جو دریا نماز کا

عمر اپنی ساری ناک رگڑتے گذر گئی
حاصل ہوا ہی آج نتیجا نماز کا

ای شیخ مجھکو ناز ہی فضل کریم پر
نادان ہی تجھکو ہی جو بھروسا نماز کا

روز حساب نامۂ عصیان سے بڑھگیا
کھولا گیا مرا جو پولندا نماز کا

غافل اسی سبب سے ہی سب خیر جان ومال
جبتک ہی پیچھے تیرے یہ پھندھا نماز کا

بازار روزگار مین کچھ ہو لے سرخرو
کھل جا بجا رہا ہی دریا نماز کا

گویا وہ ہی دریچۂ دار السلام تھا
دن حشر کے جو باب ہوا وا نماز کا

روز حساب قاضی محشر کے روبرو
پیش اولا مقدمہ ہوگا نماز کا

کیا شغل پاک مجھکو خدا نے عطا کیا
ہر وقت میرے لب پہ ہی قصہ نماز کا

حاصل ہی مجھکو نعمت دارین کا مزا
ایسا خدا نے بخشا ہی حلوا نماز کا

گویا وہ سیر نعمت دارین سے ہوا
بندہ جو اس سرا مین ہی بھوکا نماز کا

مکار کچھ بھی تجھکو خیال آل ہی
دیتا ہی تو خدا کو جو دھوکا نماز کا

پیری مین حق نے مجھکو جوانمرد کردیا
گویا کہ بدنصیب خوش اقبال ہوگیا

اُس بت کے غم مین گھر کا اثاثہ لٹا دیا
واعظ مین مالدار تھا کنگال ہوگیا

دیکھا ہی فدا خدا کی مگر شان مرحمت
یہ روسیاہ مورد افضال ہوگیا

مشہد ہی لقب میری طبیعت کے چمن کا
خون ناب ہی جلوہ مرے آہنگ سخن کا

خاک جسد زار ہی انوار محبت
لاشہ مرا محتاج نہین گور وکفن کا

ہر وقت ہین سوریج مری جان کو موجود
پایان نہین دنیا مین مرے درد وحزن کا

تھے گرگ پئے یوسف جان جملہ برادر
پردیس مین کیا رنج کرون ہجر وطن کا

جان اپنی ہی جو بت وہ ہم آغوش مگر ہی
کچھ حال نپوچھو مرے سینے کی جلن کا

تصویر دم صور ہی گر طرز ادا کی
ہنگامہ محشر ترا خاکہ ہی چلن کا

بستر اج بنا دے مرے ناسور کو پٹی
جھوٹا کوئی کپڑا جو ملے اُنکے بدن کا

بھادون کی مگر دھوپ ہی سینے کی حرارت
آنکھون مین سمان ہی مری ساونون کی بھرن کا

دشت بھی تو میری ہی مگر رحمت یزدان
فردوس برین نام اگر ہی مرے بن کا

کیون گور مجھے تنگ نہ آغوش مین کھینچے
کشتہ تھا مین دنیا مین کسی بت کے دہن کا

آنکھون کو ہرن سمجھو تو ہر خال ہی نافہ
کافر کا ہمہ حسن محاصل ہی ختن کا

چوٹی ہی تری مارین ہون مار گزیدہ
نقشہ تری کنگھی مین ہی سانپ کے پھن کا

چالیس برس سے ہین یہ سو راخ جگر مین
دشوار ہی چارہ مرے ناسور کہن کا

رکھ چھوڑے کفن کے لیے مجنون سے یہ کہدے
ملجائے جو اترا ہوا وصلا مرے تن کا

ہر شعر مرا وہ در یکدانہ ہی گویا
سو راخ جگر جس سے ہی پروین پرن کا

جب سے الگ ہی وہ بت آرام جان زار
آرام میری جان کے شامل نہین رہا
اُس بت سے جو ملا مرے دادِ درد دل
کوئی اب ایسا حاکم عادل نہین رہا
دون کس کے دست پاک مین دست نیاز کو
دنیا مین اے فدا کوئی کامل نہین رہا

۶۸

صد قے تری شان کے خدایا
کیا مرتبہ عشق کا بنایا
دنیا کی ہزارون آفتون سے
مجھکو غم عشق نے بچایا
دونون لیے اُسنے جان و ایمان
جس بت سے کہ مین نے دل لگایا
قائم رہے میرے سر پہ مادام
یارب تری مرحمت کا سایا
جس سے ہو ترا بخیر انجام
ایسا کوئی کام کر فدا یا

۶۹

شب خیزیون نے مجھکو خوش اقبال کر دیا
درد سحر نے صاحب اموال کر دیا
کل تک جو مارے پھرتے تھے در در برہنہ پا
آج اُنکو حق نے مالک اقبال کر دیا
قدرت نے تیری دم مین خداوندا بے نیاز
کیسا جہان کو مختلف الحال کر دیا
چوری مین رات گنج تو نکرا و کھڑ گیا
مالی کی خاک دشت کو سب مال کر دیا
وصل صنم ہوا جو نہ دنیا مین دستیاب
حسرت نے اے فدا مجھے پامال کر دیا

۷۰

فکر سخن کا شغل مجھے فال ہو گیا
سب قال رفتہ رفتہ مرا حال ہو گیا
روز سیاہ مجھکو غم خال ہو گیا
سودائے زلف جان کو جنجال ہو گیا
مانند نقش پا ہون فتادہ بخاک راہ
ایسا فراق یار مین پامال ہو گیا

قید جہان سے عشق نے آزاد کر دیا
اُس بت نے میری خاک کو برباد کر دیا

شیریں بنایا تجھکو جو پروردگار نے
مجھ تلخکام دہر کو فرہاد کر دیا

ہر شعر تر ہی خون روان دردنے مگر
خامہ کو میرے نشتر فصاد کر دیا

لطف کریم دیکھ کہ پھر روزگار مین
مجھسے خراب و خستہ کو آباد کر دیا

فن سخن مین چشم فسون ساز نے تری
شاگرد تھا فدا مگر اُستاد کر دیا

۶۶

جسکو مین کفر سمجھتا تھا وہ ایمان نکلا
رخت پوشاک مرا جامۂ قرآن نکلا

پیر آتش کا گمان تھا مجھے تھا دیدۂ غول
جسکو معمورہ مین سمجھا تھا بیابان نکلا

حق تعالی نے کیا میرا جو انجام بخیر
بعد مردن دل مایوس کا ارمان نکلا

روبرو قاضی محشر کے جنون کام آیا
ترکہان ہوتا جو در اصل نہ دامان نکلا

مین ملاحت کو تری سمجھا تھا راحت لیکن
حسن تیرا مرے زخمون کو نمکدان نکلا

ہم تو سمجھے تھے سیہ کار فدا کو لیکن
مورد مرحمت حضرت یزدان نکلا

۶۷

پیری مین اب مین عشق کے قابل نہین رہا
اُس نوجوان کی قابل محفل نہین رہا

وحشت سرای دہر ہی سنسان آجکل
لیلی نہین رہی کوئی محمل نہین رہا

قیس حزین تھا نجد مین سو وہ بھی مر گیا
دنیا مین میرا کوئی مقابل نہین رہا

تنگ ایسا ہجر یار مین آیا ہون جان سے
مرنا بھی اب مرے لیے مشکل نہین رہا

پیری مین ذوق و شوق کی مٹی خراب ہی
وہ عمر اب نہین رہی وہ دل نہین رہا

ہر چند عمر اپنی بسر ہجر مین ہوئی
لیکن تمھاری یاد سے غافل نہین رہا

۶۲ خوف انقلاب دہر سے کھائے گزند کا — چاؤش ہی فلک مرے بختِ بلند کا
پیری مین اب جو عشق جوانی نہین رہا — مضمون مری غزل مین ہی انداز پند کا
سودائیان زلف کی ہی جانبری محال — ہر پیچ ہی بلا تری کافر کمند کا
غیرون کے عشقِ خام پہ بھولے ہوئے ہو تم — دیکھا نہین ہی جذب کسی دردمند کا

کم طالعان دہر مین سرنام ہی فدا
چرچا ہی جا بجا مرے بختِ بلند کا

۶۳ مگر درد مین ہی سخن کا مزا — مین گویا قلق مین ہون ڈوبا ہوا
جو خود تمنے کچھ داد دل کی نہ دی — کرون پھر مین کس سے تمہارا گلا
رہے اتنی مدت مرے پاس تم — نہ منھ سے کبھی بولے بوسہ تو کیا
بلا دین کافر مرا خاک مین — تری زلف کا فر نے کافر کیا

فدا کیا ترے غم مین ہر اہل دل
سسکتا ہی کوئی کوئی مرگیا

۶۴ کس قدر غیر سیہ روپردہ مفتون ہوگیا — یا تو لیلی تھا مگر لیلی سے مجنون ہوگیا
اے پری مجھکو نہ تھا فکر سخن کا کچھ خیال — شوق تیرا شیب مین خلاق مضمون ہوگیا
وہ بت قاتل مرے گھر آگیا جو ناگہان — محض ناحق بیگنا محض کا خون ہوگیا
گویا ہی فکر سامیری تری ہر ہر ادا — جب تجھے دیکھا ہی فوراً شعر موزون ہوگیا

پہلے اس سے اور عالم تھا اور اب کچھ اور ہی
دور گردون اے فدا کیسا دگرگون ہوگیا

۶۵ ایسا خدا نے بندہ کو اب شاد کر دیا — دونون جہان کی فکر سے آزاد کر دیا

کہتہ ہی گاؤ خر سے وہ مشکل آدمی
جسکو نہین تمیز حرام و حلال کا

جز شاخ سدرہ کوئی نشیمن نہین پسند
کیا حوصلہ بلند ہی میرے خیال کا

صدقے تری جناب کے اے پاک بے نیاز
پہونچا یا خوان گھر مین مرے شیر مال کا

ہرگز کسیکے سامنے کچھ تذکرہ نہ کر
آگاہ اسی فدا ہی خدا تیرے حال کا

۶۰

بت بد عہد شب با وصف وعدہ جو نہ تو آیا
نرشتہ موت کا سو بار میرے روبرو آیا

نہ ڈھونڈھا مین نے اسکو یکین بھی یکیا غافل کو
عدم سے مین یہان جسکی برائے جستجو آیا

فدا جس قطرہ مے کے لیے ہم عمر بھر بھٹکے
بحمد اللہ بوقت مرگ اُس مے کا سبو آیا

۶۱

کیا حوصلہ ہی اُسکو کسی کے گزند کا
بندہ ہی آسمان تری شان بلند کا

اس خاکسار کی بھی دعا مستجاب ہو
حامی ہی یا کریم تو ہر مستمند کا

اے شوخ دیکھتے ہی مرے ہوش اُڑ گئے
کیا شوخ رنگ ہی ترے چینی پرند کا

موزون پڑ غزل ہین مضامین خد و خال
دیوان کوئی سفینہ نہین وعظ و پند کا

تلوار دور کر دو کہ مین ہون قریب مرگ
قائل ہی میرے بارے مین کام اب کلند کا

اے جان اسی ہوس مین بہت یار مر گئے
مشکل ہی کھولنا تری انگیا کے بند کا

بدلا ہی رنگ سایۂ زلف سیاہ سے
شبدیز نام چاہیے تیرے سمند کا

نادان تجھکو بہرۂ فہم سخن نہین
لاؤن کہان سے شعر مین تیری پسند کا

بندے ہو نہ بت کے خدا کے لیے فدا
مہمان حسن شوخ ہی ایام چند کا

فضل ہی صحت آزار کو کافی تیرا — یا خداوند جہان نام ہی شافی تیرا
نعمت عفو سے عاصی ہین ترے شیرین کام — پہن ہی روز پکارا خوان معافی تیرا

مورد لطف و عنایت نہ فدا ہی تنہا
عام احسان ہی ہر بندہ پہ دافی تیرا

۵۸

دیوانے دان کہان ہی ارادہ وصال کا — پاسخ ہی لاقبول جہان ہر سوال کا
عمر اپنی ساری ہونٹ چباتے گذر گئی — بوسہ ملا کبھی نہ کسی خوش جمال کا
دیدون بہا مین رشتۂ جان نزار کو — ہاتھ آئے تار جو ترے گیسو کے بال کا
اصنام کے جو دست تصرف سے بچ رہا — چھونا روا نہین ہی کبھی ایسے مال کا
ناکامی میری الٰہی مسخ سے ہوئی — نادان نہ سمجھا مرتبہ میرے کمال کا
تکسیر نفس میرے وظیفہ کا نام ہی — توہین خویشتن ہی لقب اشتغال کا
شورابۂ سرشک نصیبہ رہا مدام — مین تشنہ کام رہگیا آب زلال کا
حسرت مین میری ساری جوانی گذر گئی — پیری مین کیا علاج ہی ایسے ملال کا
کچھ ایسا اپنا کوکب طالع سیاہ ہی — بوسہ ملا کبھی نہ کسی بت کے خال کا
کردے بجل گناہ مرے یا خدائے پاک — وقت دعا ہی منھ پہ عرق انفعال کا
ہی تیرا خاکدان جو تجلی کدہ مجھے — عالم مری نظر مین ہی کسکے جمال کا
فکر رسا نسیم ختن سے جو کم نہین — گویا ہی ہر غزل مری نافہ غزال کا

درد درون فدا مرا اب ہوگیا سرور
پایا نتیجہ زحمت پنجاہ سال کا

۵۹

دنیا مین تو جو بندہ ہی تحصیل مال کا — کچھ بھی تجھے خیال ہی نادان مال کا

ہو مستفید نعمت دارین سے فدا
جس بندے کو ہو ورد خدا کے کلام کا

۵۴

عرس مین میرے جو اس شوخ کا آنا ہوتا
فاتحہ کے لیے موجود زمانا ہوتا

آج کر دیتا نثار قدم یار تمام
ہاتھ مین میرے جو قارون کا خزانا ہوتا

الٰہی نے مجھے مقصود سے رکھا ناکام
بہرہ ور وصل سے ہوتا جو مین دانا ہوتا

بھاری پنہیں ہین نہ موزون ہو سواری تیری
تو ہو نازک تجھے ہلکا سا میانا ہوتا

تو ہو پیرا ور وہ جوان کیسے بنے بات فدا
یار بھی تیرے لیے کوئی پرانا ہوتا

۵۵

نظر مہر اگر چرخ ستمگر کرتا
تشنہ چشمہ حیوان نہ سکندر مرتا

گرم پہلو جو کبھی ہوتا مرا اس بت سے
تا لب گور نہ یہ سانس مین ٹھنڈی بھرتا

اے فدا زیر فلک تھا مراد شوار نباہ
پھونک کر پانوں زمین پر جو نہ اتنا دھرتا

۵۶

ماہ فلک جو پایہ ہو خندا یا تیرا
کسی ذی پایہ نے کچھ راز نہ پایا تیرا

اسی سودا مین ہو صد چاک گریبان میرا
دامن وصل مگر ہاتھ نہ آیا تیرا

تبکدے مین بھی فدا کعبہ ہو جمال کعبہ
جلوہ جب سے مری آنکھون مین سمایا تیرا

۵۶

دنیا جگر کو داغ غم سینہ سوز کا
یہ عام شیوہ ہو فلک کینہ توز کا

ایام غم کا میرے نہ کچھ پوچھ ماجرا
ہو نام روز غم مری شادی کے روز کا

آئینہ تیرے ذہن ہمایون کا اے فدا
ہو آفتاب نور معانی فروز کا

۵۰
اندیشہ ناروا ہی کسی اختلال کا — حافظ مگر خدا ہی تری جان و مال کا
دولت تری حباب ہی بحر زوال کا — نقشہ بر آب ہی ہمہ جاہ و جلال کا
مین ایسے محو ناز عطا کا ہون شبفتہ — تسلیم ہی جواب جہان ہر سوال کا
کر دو مشام تر قلم بید مشک سے — ہی پانون ہاتھ مین مرے مشکین غزال کا

ہر شعر میرا نکتہ عرفان ہی اے فدا
دیوان تمام ترجمہ ہی حال و قال کا

۵۱
امید کا محل ہی نہ موقع ہی بیم کا — ہی سر پہ اپنے فضل خدائے کریم کا
کنجی سقر کی گر گئی مالک کے ہاتھ سے — آیا جو دھیان شان غفور الرحیم کا
کیا شیب مین بھی حرص جوانی نہین گئی — سیکھا ہی شیخ جی نے جو کھانا افیم کا
فکر معاش جسکو نہ پیر ہنیر کا خیال — بچنا مگر محال ہی ایسے سقیم کا
ہی کون مستعد جو سخن کا ہو مشتری — آسان نہین خریدنا در ثمین کا

دنیا سے قدر دان سخن اٹھ گئے فدا
یکسان ہوا ہی نرخ جو شال اور گلیم کا

۵۲
یارب خیال ہی تجھے فکر غلام کا — انجام سہل ہی مرے دشوار کام کا
سر دانہ سبحہ کا نہین دانہ امام کا — ہر شیخ کو نہ مرتبہ ہی شیخ جام کا
کیونکر نہ مشکلین مری آسان ہون غیب سے — یارب بھروسا ہی ترے افضال عام کا
افتادگان خاک جو غش مین ہین ہیچ — دیکھا ہی جلوہ کیا صنم زیب بام کا
کیا ناز حسن نے تجھے مغرور کر دیا — کافر نہین جواب کسیکے سلام کا
یارب مرے کلام کا انجام ہو بخیر — شہرہ جہان مین ہی سخن ناتمام کا

۴۸

ناکامیون کا تجھکو مناسب نہین گلا
راضی رضاے حق تعالی پہ رہ دلا

سب کچھ ملا ہی مجھکو جہان خراب مین
لیکن جو مدعا ہی ابھی وہ نہین ملا

پیری مین داغ عشق ہرا ہوگیا ہی کیون
فصل خریف مین یہ گل تازہ ترکھلا

محتاج داد غیر نہین مین جہان مین
حاصل ہی میری فکر کا مجھسے مجھے صلا

سنتے رہے کہ سوزن عیسی ہی کارگر
لیکن کسی کا زخم جگر تو نہین سلا

ایسا بھی کیا ہی بخل برائے خداے پاک
ساقی نہین ہی مے تو ذرا درد ہی پلا

کچھ چیز ہی مکدر خاطر ہر آئنہ
حاصل ہی جس سے آئنہ قلب کو جلا

کوچہ ہی اُس صنم کا نہ وہ راہ میکدہ
مین خاک مین ملا بھی تو یارب کہان ملا

واماندگی کی جاے ہی میدان معرفت
اے توسن قیاس یہان کان مت ہلا

گھٹ جائیگی نہ بوسہ مین شان جہان کچھ
کافر کبھی تو داد مری درد کی دلا

کونین کا جو حسرت و افسوس محو ہو
ساقی شراب ایسی فدا کو مگر ملا

۴۹

کب تک ترا غم بیان نہوگا
یہ راز کبھی نہان نہوگا

کافر ترے دیکھکر چلن کو
کب تک کوئی بدگمان نہوگا

مرتا ہون کسی پہ اور نہین موت
مجھسا کوئی سخت جان نہوگا

اس آہ و بکا مین ہم نہونگے
ہم ہونگے تو یہ جہان نہوگا

خود اپنی خبر نہین ہی مجھکو
مجھسا کوئی بے نشان نہوگا

نادان نہ شباب مین ہو سرکش
کیا تیر ترا گمان نہوگا

جب تجھکو فدا کچھ آرام
سر پر جو یہ آسمان نہوگا

ہر نفس مین ہی ترے غم کی حرارت موجود
مین کسیوقت تری یاد سے غافل نہوا

پایا اُس کام کا آغاز اور انجام خراب
نام تیرا جو کسی کام مین شامل نہوا

بزم احباب مری حلقۂ ماتم ہی مجھے
آج وہ بت جو مرا رونق محفل نہوا

اے فدا مین نے ہمیشہ تجھے غمگین پایا
شاد کمبخت کسیوقت ترا دل نہوا

۴۶

بچنا مشکل ہی مگر ایسے پُر آزار ونکا
دم ہی آنکھون مین مری چشم کے بیمار ونکا

زیست کی اے بت صیاد کچھ امید نہین
حال بد ہی تری زلفون کے گرفتار ونکا

ہی ترا فضل جو امکان سے فزاون یارب
تجھپہ بیجا نہین کچھ ناز گنہگار ونکا

کاروان کاردان ہین بعمتین جنکو موجود
ہی وہ رتبہ ترے سودا کے خریدار ونکا

سر کو اوسکے نہین دہیم شہی کی پروا
جسنے پایا ہی مزا یار کی پیزار ونکا

سرد ہنگامہ ہی حقبازون کا جتنا اتنا
گرم بازار ہی دنیا مین ریاکار ونکا

تیری کوشش سے فدا ملنا ہی دنیا کا محال
آج کل وقت ہی نادان بُرے عیار ونکا

۴۷

قصہ ہی تازہ ترے افسردہ حال کا
افسانۂ جدید ہی کہنہ ملال کا

ممکن نہین جو ہاتھ سے دون اب انقیاد
رتبہ نظر مین ہی ترے جاہ وجلال کا

نادان ہی تو جو سمجھا ہی ظرف زر مرا دین
دنیا مگر ہی کاس شکستہ سفال کا

بھکایا مجھکو قطرۂ مے کے لیے مدام
کیا محتسب تھا علم حرام وحلال کا

تحریص نفس دون سے مبرا ہوا ہی فدا
کافر تجھے خیال نہین کچھ مآل کا

۴۴

ترے حسن جنر نمک نے مزا مرگ کا چکھایا — ترے رنگ سبزہ گون نے مجھے خاک مین ملایا
ترے لعل شکرین نے مجھے سنکھیا کھلایا — تری چشم پرفسون نے مجھے باولا بنایا
مجھے قتل کیون کیا ہے مری کیا خطا تھی کافر — تو نے مجھسے ناتوان کا لہو بے سبب بہایا
ترے خنجر نگہ سے مین تپان ہون نیم بسمل — تو نے سینے سے ستمگر نہ کبھی مجھے لگایا
مری کیون نظر پڑا تھا تری چھاتیون کا عالم — مجھے سینہ کوبیون سے نہ جہانمین چین آیا
تو نے خاک مین ملائی مری ساری پارسائی — تو نے بت پرست مجھکو بت فتنہ گر بنایا
مجھے پورا دکھ دیا ہے تری نیم پردگی نے — تری شرم بے محل نے مجھے جان سے گنوایا
مرے واسطے اجل ہے ترا خفیہ خفیہ ہنسنا — تری نیچی اس نظر نے مجھے خلق سے اٹھایا
مجھے اے بت پرستو تری سادگی نے مارا — ترے بکھرے بال کیا ہین مجھے دیو کا ہے سایا
مرے آگے دشمنون سے کیے برملا کرشمے — مرے دکھ سے تجھکو کافر نہ خدا کا خوف آیا
تری جعد عنبرین نے مجھے سو بلا مین ڈالا — تری مانگ نے نہ آرام مرے سر پر اک چھایا
مجھے پھونک ڈالا کافر مرے سوز ہاے غم نے — ترے حسن شعلہ وش نے مجھے خاک مین ملایا

کسی بندہ خدا کو نہ نصیب ہو یہ ماتم
مجھے اے خدا فلک نے ہمہ عمر خون رولایا

۴۵

کس لیے تہر خدا درج پہ نازل نہوا — جانب مہر یہ ظالم کبھی مائل نہوا
عمر ساری مری ناکامی و حرمان مین گئی — کوئی مطلب مرے دل کا کبھی حاصل نہوا
کچھ نہ کچھ تو مری دیکھی تھی خطا یا تقصیر — قتل سے میرے پشیمان جو وہ قاتل نہوا
ایسا فرخندہ جہان سے مین یہ حسرت ہراہ — ہمکنار اپنے کوئی حور شمائل نہوا
دین و دنیا کا مری ذات مین نقصان ہوا — ہون وہ کمبخت کسی بات مین کامل نہوا

۴۰ کیون ترک آج کل ہوا کھانا اناج کا — کیا چارہ گر ہی وہم ہمارے علاج کا
مخلوق سے سوال ہی معیوب مردی — خالق کو خود خیال ہی ہر احتیاج کا
کیا کیا نہ حسرتون مین جوانی گذر گئی — پیری مین پوچھ حال نہ میرے مزاج کا
داغ جگر شفق جو مری شام غم کا ہی — بخت سیاہ پارہ ہی شبہاے داج کا

کمبخت کون بہرہ در کام یان ہوا
واقف نہین فدا تو جہان کے رواج کا

۴۱ پھر جدا کیون مین کم نصیب رہا — نہ جدا مجھسے وہ حبیب رہا
مین وہ کمبخت ہون کہ دنیا مین — وصل جانان سے بے نصیب رہا
زیر دیوار ہم رہے مضطر — ہمکنار اُنکے شب رقیب رہا
تب یہ شایستگی ہوئی ہی نصیب — پیر گردون مرا ادیب رہا

بیکسی مین گذر گئی اوقات
مین ہمیشہ فدا غریب رہا

۴۲ ای مرگ ہماری جان لیجا — اب پک گیا درد سے کلیجا
اب لکھ گیا یان جواب نامہ — پر اُسنے جواب خط نہ بھیجا

یہ غم ہی مگر مقام تسلیم
شکوہ ترا ای فدا ہی بیجا

۴۳ اضطراب غم فرقت نے سدا تڑپایا — چین مین نے نہ کسیو قت جہان مین پایا
ایسے آنے سے نہ آنا تھا مقرر بہتر — غیر کے ساتھ مرے گھر جو وہ جانان آیا
ای فدا مجھکو نہین ظل ہما کی پروا — میرے سر پر ہی خداوند جہان کا سایا

کیا کیا نہ پیچ و تاب مین جان نزار ہی — دل میرا کسکی زلف چلیپا مین رہگیا

واحسرتا فدا تو بڑا کم نصیب ہی
بھوکا جو ایسے مطبخ نیما مین رہگیا

۳۸

مین زندہ کب تپ غم ہجران مین رہگیا — البتہ داغ سینۂ سوزان مین رہگیا
سر چشمۂ مراد پہ جا پہونچا قافلہ — مین تشنہ کام وادیِ حرمان مین رہگیا
یاران ہم سخن ہوئے عرفیِ روزگار — دیوان مرا دریچۂ نسیان مین رہگیا
دنیا سے اے اجل مین تڑپتا ہوا چلا — ارمان دید یار مری جان مین رہگیا
لیلی نصیب غیر ہوئی اور مین بے نوا — سرگشتہ مثل قیس بیابان مین رہگیا
اغیار وصل یار سے سب بہرہ ور ہوئے — مین آرزوے بوسۂ جانان مین رہگیا
شاباش تیری دست درازی کو اے جنون — باقی نہ ایک تار گریبان مین رہگیا

دیکھا فدا نے منزل مقصود کو جو دور
بیچارہ تھک کے گوشۂ غریبان مین رہگیا

۳۹

ہیولاے حسرت ہی ذات فدا — غم و غصہ ہی جو صفات فدا
زخود رفتگی ہی زکات فدا — سکوت فدا ہی صلوٰۃ فدا
غم ہجر مین زندگی تلخ ہی — ممات فدا ہی حیات فدا
کھلین اُسکو راز فروع و اصول — اگر کوئی سمجھے نکات فدا
زبان فدا ہی رگ نیشکر — کلام فدا ہی نبات فدا
خودی سے بری تیرے غم نے کیا — مگر سہل ہی اب نجات فدا
فطانت کی ہی روشنائی مداد — فلاطون کا خم ہی دوات فدا

شکر خدا کہ جی مین ہوا کچھ تو منفعل
جب روبروی یار مین با چشمِ تر گیا

اے جان ترے فراق مین بیچین ہون ہنوز
بعد از فنا بھی کب مرا دردِ جگر گیا

اک مین نحیف و ناتوان تنہا پڑا رہا
منزل سے ورنہ قافلہ سب کوچ کر گیا

ہر چند اتقا سے معالج رہا مدام
بیماریِ بتان کا نہ دل سے اثر گیا

سہراب سے مجادلہ رستم نے کیون کیا
ایسا سر پہ رہے خیالِ پسر گیا

دھوکے مین آ کے غیر کے بیگانہ وش بنا
کیسی ہوا مین وہ بت بے باک بھر گیا

۳۶
دیکھ اُسکی شانِ فضل و کریمی کو اے فدا
بگڑا ہوا جو کام ہمارا سنور گیا

پیری مین میرا رنج جوانی نہین گیا
اس پشتِ غم سے دردِ نہانی نہین گیا

سودا ہے سر مین اور سر فکر ہے ہنوز
دیوانگی مین ذوقِ معانی نہین گیا

فاقے پہ فاقہ ہے ترے ایامِ ہجر مین
کیا دانہ میرے حلق مین پانی نہین گیا

پیری نے مضمحل کیا لیکن ابھی مرا
دعوائے زورِ سحر بیانی نہین گیا

۳۰
ماتم زدہ تھا ایسا فدائے حسینِ پاک
تا زیست شغلِ مرثیہ خوانی نہین گیا

مین نامراد بیمِ تمنا مین رہ گیا
کعبہ کا عزم تھا پہ کلیسا مین رہ گیا

ناکام مین کسی کے جو سودا مین رہ گیا
داغِ الم مرے دلِ شیدا مین رہ گیا

کس بندے کا ہوا نہ یہان کام دل حصول
ناشاد و نامراد مین دنیا مین رہ گیا

سب منزلِ مراد پہ جا پہونچا قافلہ
آوارہ جون بگولہ مین صحرا مین رہ گیا

یاران ہم سفینہ ہوئے وا رہِ کنار
مین نیم غرق ورطۂ دریا مین رہ گیا

۳۳
سلف سے شوق ہی اہل سخن کو نکتہ دانی کا
کنارا کس نے پایا ہی مگر بحر معانی کا

ترکپن میرا ایام حوادث کے مقابل تھا
اگر روز قیامت ہی تو شعبہ ہی جوانی کا

مرے داغ درون اور زخمہائے دل کا شاید تم
تری جالی کی انگیا اور کرتا جامدانی کا

چھپائی اسقدر ہی آتش عشق تپان مین نے
خدا البتہ واقف ہی مرے سوز نہانی کا

خدا زندہ ہی تیری ذات سے نام سخن ورنہ
سلیقہ آج کل کم ہی جہانمین نکتہ دانی کا

۳۴
ایمان ہمارا وہ بت بے باک لیگیا
کیا پاک شے کو دشمن دین پاک لیگیا

جو لیگیا ہی داغ غم زلف عنبرین
ماران گور کے لیے تریاک لیگیا

اوڑتی ہی خاک کون نہا کر چلا گیا
دریا کی ساری آب وہ تیراک لیگیا

قارون بخیل مرگیا زر جوڑ جوڑ کر
کمبخت بد خزانے سے کیا خاک لیگیا

رشک رقیب صدمۂ فرقت غم وصال
کیا کیا یہان سے رنج مین غمناک لیگیا

توبہ جو مین نے توڑی تو نایاب ہی شراب
باغ جہان سے گویا کوئی تاک لیگیا

کب بہرہ ور ہوا مین حصول مرام سے
حسرت کو اپنے ساتھ تہ خاک لیگیا

آیا ہی جو عدم سے لباس وجود مین
کیا کیا نہ جور گردش افلاک لیگیا

آیا ہی جو عدم سے جہان خراب مین
جان رخنہ رخنہ سینہ پر از چاک لیگیا

اتبک تو دل مرا مرے سینے مین تھا فدا
کیا اوڑا کے جلد وہ چالاک لیگیا

۳۵
واحسرتا کہ دور جوانی گذر گیا
وہ دن کہان گئے وہ زمانہ کدھر گیا

امید وصل یار مین زندہ رہا بہت
انجام کار مین غم ہجران مین مرگیا

پھندے بہت ہین کار وکالت مین اندرون
دانہ تو کم رہا ہی مگر دام رہگیا

جاکی ہی ذات مین تری نفس پلید نے
کعبہ مین کیون شقی بد انجام رہگیا

دنیا سے بندگان خدا کوچ کر گئے
جو رہگیا وہ بندۂ اصنام رہگیا

دنیا مین کس صنم سے ہم آغوش مین ہوا
ناحق کو مجھپہ عشق کا الزام رہگیا

دل مین نے جو بتون کو دیا جان خدا کو ہی
ذمہ مرے کسیکا نہ کچھ دام رہگیا

بخت عدو مین بوسہ لعل نگار ہی
میرے نصیب جوہر صمصام رہگیا

اک وہ ہین کامیاب وصال صنم ہوئے
اک ہم ہین داغ عشق کا ابرام رہگیا

آسیمہ سر کچھ ایسا مین آیا جہان مین
ملک عدم مین سب مرا آرام رہگیا

دنیا مین اب کہان ہی فدائے سخن سرا
باقی مگر کلام سے کچھ نام رہگیا

۳۲

سوز فراق نے مری جان کو جلا دیا
حسرت نے سار الطف جوانی مٹا دیا

مانند سایہ مجھکو زمین پر گرا دیا
کس بت نے اپنے چہرہ سے گھونگھٹ اٹھا دیا

جوش جنون نے خاک مین مجھکو ملا دیا
شکل غبار زار ہوا مین اوڑا دیا

اے حسرت وصال کلیجا پکا دیا
اے سوز ہجر تو نے سراپا جلا دیا

ٹھوکر نے تیری شور قیامت مچا دیا
خوابیدگان خاک لحد کو جگا دیا

ہمدم نے میرا حال جو اسکو سنا دیا
تھا دوست خام دشمن پختہ بنا دیا

در زیر زمین بھی ہی کسی جلوہ کا کچھ ظہور
مردون کو جو عذاب زمین سے بچا دیا

مو بر بدن ہین راست مری زلف دیکھکر
طول شب فراق نے ایسا ڈرا دیا

گر اس بت رسیدہ کو کہنا جو رام تھا
کیون غیر نے فدا کا فسانہ سنا دیا

۱۲ گویا دیوان فدائی کا قرابہ ہوگیا

یہ وادی پر خار بھی دامن ہی ہمارا — ہر کانٹے سے محفوظ جو دامن ہی ہمارا
بخشی ہی خدا نے ہمین وہ ہمت پرواز — سدرہ کی ہر اک شاخ نشیمن ہی ہمارا
ظاہر ہی موئے پر بھی مری رفعت رتبہ — ہر برج فلک گنبد مدفن ہی ہمارا
دالان مرے گھر کا ہی بتونجد سے بہتر — ہی قیس کی جنگاہ جو آنگن ہی ہمارا
ہر آہ حزین اپنی نسیم سحری ہی — ہر داغ دل تفتہ جو گلشن ہی ہمارا
سرمایۂ صد مرگ ہی جو زیست ہی اپنی — حاصل ہی جو بجلی کا وہ خرمن ہی ہمارا
کیا ظرف فلاطون کو مرے ظرف سے نسبت — گویا خم حکمت ہی جو برتن ہی ہمارا

ہم اور کسی فکر مین مصروف فدا ہین
یہ فکر سخن گویا تزکین ہی ہمارا

۱۳

زندہ ہی جسکا خلق مین کچھ نام رہگیا — حاتم کا شہرۂ کرم عام رہگیا
فرہاد و قیس بھی گئے دنیا سے نامراد — تنہا نہ مین جنون زدہ ناکام رہگیا
حسرت نے وہ فرا دیا بدو بلوغ مین — سر پیٹتا ہوا مین سر شام رہگیا
اکسیر کب ہوا مرا سیماب آگ سے — سو بار مین جلا ہون مگر خام رہگیا
کسکو نہ دور چرخ نے دی مے یہان مگر — خالی اس انجمن مین مرا جام رہگیا
عمر شباب چون تون کٹی ہجر مین ولے — حسرت کا میرے سینے مین کہرام رہگیا
کافر جہان ہی خال خط و زلف کا تری — دنیا مین خال خال اب اسلام رہگیا
قاصد نے کھو دیا خط مرا آشنای راہ مین — قسمت تو دیکھ نامہ سے پیغام رہگیا
گدڑی مین گویا نکہت عطر حنا بسی — شب گھر مرے جو وہ بت گلفام رہگیا

۲۷ مین صدمہ خوردہ ہون کسی گنوکھٹ کی اوٹ کا
کچھ پوچھیے نہ حال مرے دلکی چوٹ کا
کافر تمام اب تہ و بالا جہان ہی
عالم ہی زلزلہ تری کرتی کی گوٹ کا

کیا ہی فدا رواج سخن مین مرے کلام
کاغذ مری بیاض کا پرچہ ہی نوٹ کا

۲۷ پڑا ہی تجھسے جو قاتل معاملہ میرا
اجل کے ساتھ ہی ہر دم مقابلہ میرا
مین وہ جنون زدہ ہون زرمگاہ وحشت مین
رہا ہی قیس سے برسون مجادلہ میرا
کہان پتا ہی متاع وصال جانان کا
لٹا ہی وادی حرمان مین قافلہ میرا
بنے گا لالہ نعمان لہو سے ہر کانٹا
جو ٹوٹا کوئی بیابان مین آبلہ میرا

رہا مین وصل بتان سے جہان مین کیون محروم
فدا خدا سے ہی محشر مین یہ گلہ میرا

۲۸
ملک عدم کی راہ بھی طے کو مین کر گیا
لیکن نہ دل سے میرے خیال گر گیا
تنہا نہ مین فلک زدہ ہجران مین مر گیا
عالم ترے فراق مین جان سے گذر گیا
رخصت ہوا ہی یار کہ رخصت ہوئی ہی جان
دنیا سے مین گیا ہون کہ وہ اپنے گھر گیا
کیونکر اس آشنا کا الٰہی پتا ملے
پیری مین میرا عہد جوانی کدھر گیا

قارون فدا بخیل تھا بدنام مر گیا
تحت الثری کے واسطے سب گنج دھر گیا

۲۹
میری آنکھون سے دوا بہ چار آبہ ہو گیا
ہند کا معمورہ گریہ سے خرابہ ہو گیا
تمنے منھ دھونیکو منگوایا جو طاس زنگار
آفتاب چرخ چارم آفتابہ ہو گیا

مست ہر نکتہ فہم ہی شعر پڑھ پڑھ کر اسے

خدا کی شان مجھکو دیدی ہی حرص گلچینی
وہان مشاطہ کو بخشا ہی منصب باغبانی کا

خدا کو علم ہی اے بت تری تدبیر ملنے مین
ہوا ہی حوصلہ سب پست میری کاروانی کا

جو تنہائی ملی ہی صحبت ارباب دنیا سے
مزا تب خضر نے پایا ہی عمر جاودانی کا

فدا تو نکتہ فہمی مین تو ممتاز دیگانہ ہی
ہر آئینہ ہی ذہب کم یاد تجھکو شعر خوانی کا

۲۴

قیس کچھ سوز محبت مین نہ تنہا جل گیا
مین بھی تو اس آتش غم مین سراپا جل گیا

ناصحا کیون تجکو میری سوختگی کا رنج ہی
ہان اسی آتش مین میرا پیر دانا جل گیا

وہ بت کافر نہ ہات آیا نہ ہات آیا مگر
آہ سوزان سے مری کاخ کلیسا جل گیا

سوز حسرت سے نہ تنہا ہی دل بریان کباب
آتش غم مین مرا سارا کلیجا جل گیا

نور عرفان الٰہی بھی ہی نار مشتعل
جس سے عارف کا ہمہ اسباب دنیا جل گیا

مشت خاکستر حقیقت مین ہی میرا جسم زار
اے فدا سوز درون سے مین سراپا جل گیا

۲۵

کیا فقط سوز درون سے دل ہمارا جل گیا
مین نحیف خستہ جان سارے کا سارا جل گیا

آگ تلوون سے لگی ہی فرقت اغیار مین
اوس پری کے زیر جامہ کا غرارا جل گیا

کسکی برق آہ نے یہ تجھکو متنبہ کیا
ناگہان جو توشی خانے کا پٹارا جل گیا

بعد مردن بھی ہی گیا تیشہ شرر افشان منیر
کیون مزار کوہکن کا سنگ خارا جل گیا

کیمیا ہی گویا جل، جانا دل بیتاب کا
ہوگیا اکسیر جب آتش مین پارا جل گیا

شمع کے مانند میرا حال روشن ہی فدا
گویا مین سوز نہان سے آشکارا جل گیا

غیر کے ساتھہ جو ہنستا ہوا دیکھا اُسکو
آئنہ مین مری تصویر نے منھہ پھیر لیا
ذبح کرکے بھی نہ اُس سے تری تیوری بدلی
تجھسے آخر ترے نخچیر نے منھہ پھیر لیا

کوئی تدبیر خدا راست نہ آئی میری
ایسا کمبخت سے تقدیر نے منھہ پھیر لیا

۲۲

بڑا اک مرثیہ ہی میرے حال نوجوانی کا
غم عاشورہ نوحہ ہی زمان زندگانی کا
ہمہ یاران صحبت چل بسے خود رہ گئے تنہا
مزا کیا خضر نے پایا حیات جاودانی کا
سراپا ناز ہی تو اور ہمہ حسن و کرشمہ ہی
تری تصویر جو کھینچے نہین یارا یہ مانی کا
گمان ہی مردم آبی کا ہر انسان خاکی پر
مرے گریہ سے عالم مین مگر عالم ہی پانی کا
بناتے ہی ارم کے گذرا جو شداد پر گذرا
ہوا ہی کون یان گلچین بہار کامرانی کا
نہین آسان ہی فکر شعر گویا علم باطن ہی
خدا کے ساتھہ ہی اک راز ارباب معانی کا
غضب ہی چشم بد دور اے بت گلپیر مین تیرا
یہ ململ کا انگھرکھہ اور کرتہ جامدانی کا
پیا خون جگر پیوستہ رنج تلخکامی مین
مزا کب مین نے چکھا ہی شراب ارغوانی کا

کیا پایاب بندون کے لیے دریائے مشکل کو
خدایا یان نہین ہی کچھ خدا کی مہربانی کا

۲۳

خدا تو کو بکن ہی جو ہے نخچیر نکتہ دانی کا
جہان مین کیون نہو شہرہ تری شیرین بیانی کا
عذاب گور افسانہ ہی جو سوز نہانی کا
حساب حشر قصہ ہی مرے غم کی کہانی کا
بھروسا دار فانی مین نہین کچھ زندگانی کا
زلیخا کو ہی ناحق ذوق پیری مین جوانی کا
فلک اقبال مندون سے بھی باہم سا پیش آیا
سکندر کو نہ حیوان مین دیا اک قطرہ پانی کا
فشان میرا شاد نیا نے جہتہا ے دوری مین
مگر موجہ دا تک ہی ترا چھلا نشانی کا

پیری مین جوانی سے مری حرص ہی افزون
حافظ ہی خدا آبروے پشت دوتا کا

آمادہ پرواز مرا طائر جان ہی
شوریدہ ہون قاتل مین تری رنگ حنا کا

ہی جوش جنون سے جو گریبان مرا پارہ
صد چاک ہی گویا ترا دامان حیا کا

خورشید قیامت کا نمونہ ہی مرا داغ
نقشہ ہی مری عمر روان روز جزا کا

چشم فلک پیر کی گویا ہی سلائی
وہ رتبہ فدا ہی تری پیری کے عصا کا

۲۰

انبار مرے پہ ہی مرے عصیان کے بار کا
پایان نہین مرے گنہ بے شمار کا

کیا ہی عجب جو بخشدے مجھ روسیاہ کو
غفار نام ہی مرے پروردگار کا

پابند امر حق ہی ہر آسیب سے بری
حصن حصین خط ہی عمل کے حصار کا

ممکن نہین جو وصل تبان ہو مجھے نصیب
خال سیاہ نحس ہی میرے کنار کا

کیا جانے بعد مرگ کے کیا رویداد ہی
دیکھا ہی کس نے حال سمندر کے پار کا

اب تک کھلا نہین ہی نسیم شباب سے
اُس گل کے باغ مین ہی جو غنچہ انار کا

مرتا ہون مین عبث ترے جوبن پہ اے پری
گلچین ہی غیر تیرے چمن کی بہار کا

اے عشق ناوکیارون کی منجدھار مین رہی
ایسا بڑا ہی پاٹ تری جو بیار کا

از رنگ بے فروغ ہی دیوان کے رو برو
مانی ہی محو تیرے قلم کی نگار کا

افسوس اس غریب کے ہر گز نہ دن پھرے
شاکی رہا ہمیشہ فدا روزگار کا

۲۱

مجھسے ایسا فلک پیر نے منھ پھیر لیا
میرے ہر نالے نے تاثیر سے منھ پھیر لیا

مرگ بھی مجھسے مکر پاؤن دبا کر بھاگی
محض مقتل مین تہ شمشیر نے منھ پھیر لیا

مجمر ہی سوز میرا ترے حسن کے لیے
ہر دانہ سرشک ہی دانہ سپند کا

مانوس ہو رہا ہون مین زلف سیاہ سے
ماران دشت سے نہین کھٹکا گزند کا

فکر رسا سے سایہ سدرہ نصیب ہی
سر بام آسمان پہ ہی میری کمند کا

جی بھی لگایا ہی تو خدا سے لگایا ہی
کیا حوصلہ ہی ہمت دقت پسند کا

تنگ شکر غزل کو نہ کیونکر لکھون فدا
جو شعر ہی مراوہ ہی کوزہ ہی قند کا

۱۸

کیونکر نہ فلک کو ہو گوارا
مین غمزدہ اور وصل تیرا

حرمان کے خمیر سے بناہون
حسرت کا ہی میری جان ہیولا

مین آتش عشق ہون مجسم
تو شعلۂ حسن ہی سراپا

غیرون کا کبھی کچھ امتحان ہو
کب تک مین سہون یہ ناز بیجا

اک دلمین ہین کیا ہزار سوراخ
زنبور کا لانہ ہی کلیجا

قاتل جو رہا مین نیم بسمل
کیون ہاتھ لگا ہی میرے اوچھا

یہ پا مرے اور تیرا کوچہ
دامن ترا اور ہاتھ میرا

معمور ہی قدرت الٰہی
کچھ رنگ بدل گیا فلک کا

اور جاتا ہی جس سے اے فدا خواب
افسانہ ہی میرے غم کا ایسا

۱۹

اے بت یہ ترا حسن تو جلوہ ہی خدا کا
سایہ ہی تری زلف مگر بال ہما کا

سب عمر مری کٹ گئی ارمان والم مین
قصہ ہی بہت طول مرے رنج وعنا کا

ننگے ہین ترے پاؤن تھا یا مروحہ میرے
خمیازہ ہی او جی یہ ترے زعم غنا کا

بارے محیط غم سے مین جون توں اوتر گیا

۱۵

غنچہ ہی داغ دل مرے گلزار بخت کا — حرمان و یاس بار ہی میرے درخت کا
کیا شور رہزنان سفر آخرت مین ہی — فضل خدا ہی بدرقہ اس راہ سخت کا
نا اہل سیکھے بولنے کے کب ہین آشنا — کوّا کمینون کو ہی کلام کرخت کا
ہر مور تیرے در کا ہی سرتاج عرشیان — پایہ بلند کیا ہی سلیمان کے تخت کا
کیا نار شوق گرم ہی بدہ بلوغ مین — حافظ خدا ہی تیری جوانی کے رخت کا

ہان پارۂ جگر جو فدا نام شعر ہی
مصرعہ بھی ہی خطاب مرے دلکے لخت کا

۱۶

چھوڑو نہ میرے ساتھ طریقہ سلوک کا — کرو دو عفو قصور مری بھول چوک کا
پھیلا دے خوان نعمت بوس و کنار کا — کھانا بہت ہی پاس ترے میری بھوک کا
مخفی نہین ہی مجھسے کوئی راز معرفت — واقف ہو نہین دقیقہ جذب اور سلوک کا
ہین نامراد اور کسی بت سے واسطہ — حافظ خدا مگر ہی تمھارے شکوک کا
ایسے جو بل نکالے مرے چرخ پیر نے — عالم تھا مجھ مین کیا کسی بڈھیا کے دوک کا
لعنت خدا کی پڑنے لگی نابکار پر — غیر اُنسے مرتکب جو ہوا روک ٹوک کا
غیر پلید کا نہ مرے گھر مین نام لو — کیا کام جاے پاک مین ہمزاد خوک کا

آسان نہین ہی وقعت دربار اے فدا
دشوار تر ہی کام حضور ملوک کا

۱۷

ہی مدعی سفیہ جو بخت نژند کا — کیا پست حوصلہ ہی سپہر بلند کا
بدلا ہی رنگ سایۂ زلف سیاہ سے — شبدیز نام کیون نہو تیرے سمند کا

جلوہ بنالے نور کا خاک نہاد کو — کچھ فہم ہی جو معنی حبل الورید کا
ہی خلعت حبیب خدا میری جان پاک — کیا خوف مجھکو سختی مرگ شدید کا

رنگ حنا ہی ناخن سفاک پر فدا
یا جلوہ ریز رنگ ہی خون شہید کا

۱۳

ہر چند خاک مین بھی پس از مرگ مل گیا — لیکن نہ دل سے میرے مرا درد دل گیا
کیا اب تمھاری سیر چمن سے مجھے حصول — غنچہ جو کھلنے والا تھا ایجان وہ کھل گیا
کپڑے جو تنمے بدلے دو چند اضطراب ہی — پوشاک نو سے اور مرا زخم چھل گیا
قابو مین غیر کے ہی جو زلف سیہ تری — بر دے کے منتروں سے مگر سانپ کل گیا

ہر چند کارکن تھی فدا سوزن مسیح
کب چاک میری جیب دریدہ کا سل گیا

۱۴

تیر نگہ وہ دل مین مرے کام کر گیا — مین ناگہان بغیر اجل گویا مر گیا
ملک عدم بھی ہی کوئی دیوار و در تھا — آیا نہ پھر ادھر جو مسافر ادھر گیا
باقی بگڑنے مین نہ دقیقہ رہا کوئی — فضل خدا سے کام مرا پھر سنور گیا
انکی طرف سے آج ہوئے طالب جواب — بدلے جواب خط کے کبوتر کا پر گیا
اللہ رے نصیب عدو انکے گھر سے آج — آیا بوقت شام تھا وقت سحر گیا
ہرگز رہی کسیکی نہ کچھ اطلاع حال — مین ایسا سوے ملک عدم بیخبر گیا
کس چشم سبزہ رنگ کا مین تھا فریفتہ — آکر ہرن جو سبزۂ تربت بھی چر گیا
ہر چند ہم یہان سے عدم کو چلے گئے — لیکن نہ اُس صنم کا خیال کمر گیا

کیا شک تھا دُوبنے مین مری ناؤ کے فدا

کام آیا نہ کچھ یوسف و یعقوب کا اعجاز
محتاج ہی ہر پیر و جوان تیری مدد کا

کیا خوف کریں مرگ کا ارباب معانی
پاس اُنکے وثیقہ ہی مگر عمر ابد کا

طغیان جنون موسم گل مین ہی کچھ ایسا
حافظ ہی خدا محمل ناموس خرد کا

نائم کا محل ہی کہ رضا نامۂ مالک
ہی نام فدا کار وکالت کی سند کا

بطلا

دیکھا نتیجہ اوس بت بیدین کی دید کا
دُیرا ہی آج دہر مین شیخ اور مرید کا

نازل آیا مین نظارۂ جانان سے دوستو
دکھلائے مُنھ خدا نہ رقیب پلید کا

کیا فیض عام جلوۂ حسن نگار ہی
یکسان ہی درجہ دید قریب و بعید کا

افطار صوم مین ہین جو فاقے کی سختیان
شور فغان ہی نغمہ مرے جشن عید کا

پیوستہ تشنہ رکھا زلال مرام سے
دکھلایا مجھکو ظلم فلک نے یزید کا

مکتب مین مجھکو ضعف نے جانے دیا نہا
پڑھتا سبق جو رفت و خرام و دوید کا

دنیا بھی ہی نمونۂ احوال آخرت
موجود ہی مآل شقی و سعید کا

ارزان ہی اس نگر مین بہت جنس عافیت
لے لے جو کچھ ہی تجھکو سلیقہ خرید کا

سمجھا جو ہیچ کل کو ورائے خدائے پاک
بہرہ اُسے نصیب ہی رائے سدید کا

کیونکر وہ بھولے حق کو نہ ناحق کے روبرو
واقف ہی جو معانی ہل من مزید کا

بیدار ماسوا سے بری کر قیاس کو
موزون لقب جو تجھکو ہو عبد الوحید کا

درکار اب یہان ہی مخاطب کا حوصلہ
مضمون کچھ اور ہی مری گفت و شنید کا

غافل ہی برق خرمن انجام کار سے
دہقان فریفتہ ہی بہار خوید کا

دا ثر نہ مجھکو چاہ مین لٹکایا رشک نے
کھانے جو تم وہان گئے توشہ فرید کا

مدت مین تونے مجھکو جواب اے فلک دیا
کمبخت آجتک تو بھروسا لگا رہا

در گذرے میرے باب مین انصاف ہے جو تم
میرا بھی دادگاہ مین دعوا لگا رہا

کب کرتا بندگی مین تری یا خدائے پاک
مجھکو ہمیشہ درد تبون کا لگا رہا

کیون کالے کوس ہوگئی شب مجھکو شک ہین
سینے سے کسکے وہ بت رعنا لگا رہا

مرنے کے بعد پایا کچھ آرام گور مین
دنیا مین سو طرح کا بکھیڑا لگا رہا

کیا خاک کی معاش زبان معاش ہین
ہر دانے دانے پر مجھے پھندا لگا رہا

دنیا مین عمر کی تو بسر پر مجھے مدام
بدبختان دہر کا کھٹکا لگا رہا

عطر حنا کی بو ہی جو قرأت مین اے امام
کس بت کا رات منہ سے پسینا لگا رہا

مانند نزع عمر کٹی ہجر یار مین
کیا حسرت وصال کا گھڑا لگا رہا

ارباب فیض بھی یہان آرام سے نہین
کب نخل بار ور کو نہ کھٹکا لگا رہا

چھوٹا جو غم تبون کا خدا کا لگا فدا
دنیا مین مجھ غریب کا ٹکڑا لگا رہا

۱۰

آیا ہی جو یہان وہ یہان سے گذر گیا
کوئی خوشی مین اور کوئی غم مین مر گیا

کیا کیا فتور ضعف سے خواب خورش مین مین
کھچڑی جو کھائی مین نے تو پہونچا اتر گیا

مرنا مگر مرے لیے روز وصال تھا
مین عالم خراب سے خرسند تر گیا

نادان ہی جاے شکر نہ کر حرص شیر مال
نان جوین سے یان جو ترا پیٹ بھر گیا

کب انکے قتل عام سے پائی امان فدا
ہر خید کوئی باندھ کے تیغ اور سپر گیا

۱۱

عادی جو یہان تو ہوا ہی بغض و حسد کا
کچھ بھی مجھے اندیشہ ہی کرمان لحد کا

مین شاکر مقسوم ہون روزی مین بہرحال
کچھ لطف زیادہ مین نہ کچھ رنج ہی کم کا

جان کھونیکو فرہاد نہ کیون سہل سمجھتا
مشکل ہی سرانجام مگر کار اہم کا

کیا اک شب ہجران کی مصیبت کا ہی قضیہ
قصہ ہی بہت طول مرے رنج والم کا

پیری مین تو اے چرخ خدا کے لیے باز آ
شاکی ہی زمانہ ترے انداز ستم کا

نزدیک بہت آگیا ہی حج کا زمانہ
فرمایئے کب تک ہی فدا قصد حرم کا

۸

دام مین میرے ہما پھنسا تھا طلاع بدنے رہا کیا
کچھ جینے کا تو نہ لطف رہا بے شری سے مین جیا کیا

اے بت ترا شکوہ بیجا ہی مرے حق مین تیر اقصور نہین
دل میرا میرا دشمن ہی جو درد کے صدمے دیا کیا

گو کہ مین ہون مخلوق جہان لیکن ہون من الدنیا سے
میرے لیے اک عالم وحشت حق نے پیدا جدا کیا

خیر اگر گالی بھی دی تو انکو دعا کے برابر ہی
مجرا یا تسلیم و توافع مین نے کیا سو بڑا کیا

عشق کے ایسے طریقے مین انسان کیون ناکام رہے
جبتک اُنکا در رہا مین تب تک اُنسے ڈرا کیا

نام خدا سے ایسی محبت مجھکو رہی پیوستہ فدا
عہد صبا سے پیری تک مین خالق باری پڑھا کیا

۹

قاتل کو کچھ جو شوق تماشا لگا رہا
لاشہ پہ میرے خلق کا میلا لگا رہا

جبتک کہ اُنکو غیر سے لگا لگا رہا
پوشاک ننگ یار مین دھبا لگا رہا

اے آفرین بدست حنا بستہ قاتلا
مارا وہ ہاتھ جس سے نہ تسما لگا رہا

خون جگر پلا کیا مجھکو پئے خوراک
جبتک کہ اُس صنم سے علاقا لگا رہا

کیا پڑ گیا تھا جلوۂ قاتل کبھی نگاہ
برسون مرے کلیجے کو دھڑکا لگا رہا

گردون نے مجکو بہرہ ور دید کیا کیا
ناحق پھر اُنکا شوق نظارا لگا رہا

رشک صد شام غریبی ہی مری صبح وطن
ماجرا کچھ پوچھ غربت مین نہ میری شام کا

اے پری رو غیر کو تیرا مبارک ہو سنگار
آرسی لینا مجھے دکھلانا ہی ابہام کا

گذرا گو آشوب حرمان مین مرا دور شباب
داغ حسرت ہی عبث پیری مین اس ایام کا

خوب کو ناخوب اور ناخوب کو وہ کردے خوب
کیا کوئی جانے نتیجہ کیا ہی اسکے کام کا

ہی عبث مجھکو جواب خط کی جانان سے امید
کب کوئی ہرکارہ لایا نامہ میرے نام کا

عمر بھر ہونٹ اپنے حسرت مین چباتے ہین فدا
کب بھلا مجھکو ملا بوسہ لب گلفام کا

شاعری سے شہرہ ہی عالم مین میرے نام کا
ہی نتیجہ نیک تر دنیا مین اچھے کام کا

راست گوئی سے ملا درجہ مجھے الہام کا
اٹھ گیا آگے سے میرے سب حجاب ابہام کا

نیر اعظم ہی تو حسن جہان افروز سے
خاورستان نام ہو کیونکر نہ تیرے بام کا

محض ناقص تر ہی دنیا مین مری فکر معاش
ایک بھی رشتہ نہین مضبوط میرے دام کا

خار دامان رہا ہو جاے میرا جسم زار
میرے کوچہ سے گذرنا شوار ہی اصنام کا

ہی جو کچھ شوق سخن جان جگر کو بھون لے
خاصہ ہی بوے بد دنیا پیاز خام کا

غیر حاسد بھی سخنور ہی تری دانست مین
تو نہین صراف جو کھوٹے کرا رے دام کا

جی جلانے سے بفکر شعر مین مغدور ہون
لکھ گیا روز ازل پروانہ میرے نام کا

عمر تو گذری فدا سب رشتی اعمال مین
اب سوال اسمہ سے ہی نیکی انجام کا

اک آن مین رتبہ دے گدا کو کر وجم کا
کیا حوصلہ حق نے مجھے دنیا مین دیا ہی

شاہا نہین پایان ترے الطاف و کرم کا
شادی کی نہ شادی ہی نہ غم ہی مجھے غم کا

آسان نہین دخول دیار رسول پاک
دشوار ہی مقام مدینہ کی داب کا

تفضیح این و آن سے بری ہون جو ساقیا
قطرہ کوئی ملے مجھے ایسی شراب کا

ممدوح ذات حق کی ستایش محال ہی
ممکن نہین جواب خدا کی کتاب کا

کیا لکھون خال روے مبارک کی خوبیان
نقطہ بیاض حسن مین ہی انتخاب کا

ہی نظم تیری قابل انعام ذو الجلال
تو مدح خوان فد ا ہی جو ایسے جناب کا

سلسلہ ہی سبحہ میری عمر کے ایام کا
رات دن مجھکو وظیفہ ہی خدا کے نام کا

درد ہی ہر وقت جو مجھکو خدا کے نام کا
کام حاصل ہی زبان و لب سے گویا کام کا

ای جنون عریانی اپنی جامہ احرام ہی
رتبہ ہی صحرا نوردی کو مرے احرام کا

اسقدر ڈوبا ہوا ہون نشہ توحید مین
ایک قطرہ ہی دو عالم گویا میرے جام کا

میزبان ہی جان اگر اندوہ و تسکین سوز کی
دل مرا مہمان سرا ہی درد خون آشام کا

طاقت بد رو جوانی کو نہ بیجا صرف کر
روشنی کلبہ ہی روغن چراغ شام کا

ہجر مین تیرے قیامت ہی مجھے جوش بہار
خندہ غنچہ مگر ہنگامہ ہی کہرام کا

خرق عادت سے نہ کچھ کم چاک چاک خرقہ ہی
مرتبہ دیوانگی کو ہی مرے الہام کا

کیا سمجھے دروازہ حکام دنیا سے غرض
اے فدا بندہ ہی تو اک احکم الحکام کا

ما جرامت پوچھ دنیا مین مرے آرام کا
مین ہون مرغ آشیان گم کردہ وقت شام کا

سخت حیران مین مری گذری ہی عمر مستعار
کام کب حاصل ہوا دنیا مین مجھ ناکام کا

حسن نورانی ہی تیرا مفروغ آفتاب
غیرت خاور اگر عالم ہی تیرے بام کا

۲

تا ل اسکا یہی ہو اے خدا انجام احسن ہو
زیادہ حد سے گذرا ہی جہان مین رنج و غم تیرا

حرز بازوی بنی آدم ہی نام اللہ کا
ہر کشیر پر ظل احسان ہی مدام اللہ کا

فضل ہر گونہ ہی بندہ پر دوام اللہ کا
حیف ہو سکتا نہین کچھ ہمسے کام اللہ کا

بتکدہ کیا کعبہ کیا گلزار کیا اور دشت کیا
جا بجا ہی جلوہ گر جلوہ تمام اللہ کا

خواب انکا یقظہ روح القدس کا ہی جواب
پڑھتے پڑھتے سو گئے ہین جو کلام اللہ کا

مین بھی مجرائی ہون اسکے خادمان باب کا
ہی ازل سے تا ابد جسپر سلام اللہ کا

کیا خبر ہی تجھکو رطب و یابس ایام کی
خالی از حکمت نہین ہی کوئی کام اللہ کا

ہی غلط فہمی تری نسبت بذات خویشتن
کار انسان مین ہی جملہ اہتمام اللہ کا

سب ظہور قدرت حق ہی جلوس کائنات
ذرہ ذرہ سے عیان ہی احتشام اللہ کا

گو عیان ہی پر نہان ہی اور نہین پوشیدہ بھی
جا بجا ہی اور نہین کوئی مقام اللہ کا

رونق ذکر الٰہی ہی مگر آفاق مین
ہی جو کچھ جو چا جہان مین صبح و شام اللہ کا

غفلت از دنیا ہی قرب ساقی روزازل
عشق کامل ہی مگر مینا و جام اللہ کا

فکر کچھ مجھکو تردد گاہ دنیا مین نہین
ہی مرے کامون مین شامل انتظام اللہ کا

حادثات دہر سے ہی امن نا ممکن ولے
فضل ہی ہمراہ بندہ کے مدام اللہ کا

کیا عجب ہی جو حساب حشر سے آزاد ہو
خادم احمد فدا ہی اور غلام اللہ کا

کیا کیجے وصف روے منور کی تاب کا
تار شعاع مہر ہی رشتہ نقاب کا

آزاد ہی مواخذہ دار و گیر سے
بندہ ہی جو مطیع رسالت مآب کا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یہ بندون کو ہی سب بخشا ہوا ناز و نعم تیرا
خداوندا ہی کیا کیا ہم غریبون پر کرم تیرا

مذاق جان سے شیرین تر ہی سوہان الم تیرا
غذاے روح پرور ہی پے عشاق غم تیرا

حدوث کن ہی عکس جلوۂ نو قدم تیرا
عیان ہی عالم امکان سے اغراز و شیم تیرا

نشان ہر کوہ و صحرا سے تری عظمت کا روشن ہی
نصب تنہا نہین ہی بام کعبہ پر علم تیرا

وہی کچھ لیگیا ہی آبروے آفرینش کو
جو دنیا سے گیا غمدیدہ با چشم نم تیرا

انا ہی پردۂ غفلت وگرنہ ذات انسان مین
جسد تیرا ہی جان تیری ہی دل تیرا ہی دم تیرا

ہمہ عالم بحال خویشتن ہی خرم و شاداں
جہان مین کسکو بندون پہ ہی لطف اعم تیرا

مزا اس تلخکامی مین ہی میرے نان و حلوا کا
نہین ہی شور غم محکوم من و سلوی سے کم تیرا

نہ فہم عقل کل مین سال و زکن فکان آیا
بہت دیکھا حساب ابجد لوح و قلم تیرا

اسی تشویش مین سب مرگئے جوگی نساد ھاری
کسی نے بھی نپایا انتک اے سائین بحر کم تیرا


خلا مین اور ملا مین کوئی جا تجھسے نہین خالی
مجرد کسطرح سمجھون مقر کاخ حرم تیرا

جان جاتا ہون اور جزو نمونہ سے کل کیفیت جنس خالص و ناقص پہچان جاتا ہون
اس طلائے بے بہا کا حق سبحانہ تعالیٰ نے مجکو مبصر پیدا کیا ہے اور بلکہ کو میرے محک
کا مرتبہ دیا ہے بدولت اس معرفت علمی کے دولت دنیا میری نظر مین ناچیز ہے اور
ثروت یقینی میرے حریم ہمت کے باب الغنا کی ادنی کنیز ہے خدا کا محتاج ہون خلائق
سے بی احتیاج ہون کفاف دنیا کیطرف سے بیمن ومن یتوکل علی اللہ فہو حسبہ مرتبہ
مستغنی المعاش پائے ہوئے ہون اور محض بخاوندی خداوند کریم بدولت سیر چشمی
وغنائے قلبی زر ذخیرہ فراخ دستی دست پاک مین دبائے ہوئے ہون بیت

از دست و زبان کہ بر آید ❊	کز عہدۂ شکرش بدر آید

اس دیوان ثانی فدا کا بیاض گلفشان تاریخی نام ہے کہ سن بارہ سو چورنوے
ہجری مین مرتب ہوگیا تھا مگر بسبب مواقعات روزگار ناہنجار رونق انطباع سے
فروغ یاب نہوا تھا خداوند کریم سے امید ہے کہ اب شتاب بفضلہ چھپ جاے
اور واسطے یادگار بقای نام گمنام و دریافت حال ہستی ناپیداے رشک متہام
کے کام آئے شعر من نوشتم صرف کردم روزگار تن نمانم این بماند پائدار ❊ سخنوران
انصاف شعار جو کوئی شعر شاذ پسند فرمائین دعاے خیر سے دعاگو کو یاد فرمائین
اور جو سہو و خطا پائین عفو یا صحیح فرما کر زبان پر نہ لائین یارب کلام فضول بمہر
فرادان قبول خو اطرار باب فطانت باد بحرمۃ النبی وآلہ الامجاد بیت یا الٰہی ہر
ترے فضل سے انجام بخیر ❊ پورا پورا ہو جہان مین مرا ہر کام بخیر ❊

ازآنجاکہ پیش ازین میرے ہمنام وہم تخلص اور صاحب بھی سخن سرا گذرے ہین اور
اب بھی کوئی ہو یا بزمانہ آیندہ پیدا ہون لہذا پہلے مجکو آغاز اس خطبہ دیوان مین
نشان وتپہ صحیح اپنا بیان کرنا ضرور تر ہوا کہ جس سے گروہ والاشکوہ تذکرہ نویسان
شعراء ہند زمانہ حال واستقبال کو میرے نام وکلام وکلام ونام دیگر صاحبان ہمنام
مین کچھ شک وشبہہ کسی نہج کا باقی نرہے معلوم کرنا چاہیے کہ میرا نام محمد عبد الغنی
مگر مرحوم، فدائے حسین فدا تخلص درہندی وبزبان فارسی غریق ہے عفی اللہ عنہ
اور والد ماجد مرحوم کا اسم شریف شیخ محمد کریم اللہ ہے غفر اللہ لہ وطن میرا دُبائی
ضلع بلند شہر ہے مگر مین اب عرصہ قریب بست سال سے بحیاہ معاش عہدہ وکالت عدالت
دیوانی ضلع علی گڈہ ناف سرزمین اقلیم ہند شہر کویل محلہ مٹھی کھڑکی پیوستہ محلہ مامون
بھانجہ دروازہ غریب خانہ قبلہ رو مین رہتا ہون دعا اللھم انی اسالک العفو والعافیۃ
فی دینی ودنیای واہلی ومالی آمین ۔ قوسن تیز گام عمر روان رہی نے وادی منازل
پنجاہ سال کو طی کیا ہے آسمان نے میری رخش جہان پیمای تا رب اقصی کو قطعاً
زمین پر پی کیا ہے بقول شاعر شعر گئے دونون جہان کے لطف سے ہم نہ ادھر کے ہوئے
نہ ادھر کے ہوئے ✤ نہ خدا ہی ملا نہ وصال صنم نہ ادھر کے ہوئے نہ ادھر کے ہوئے
دعا اللھم اغفر لی وارحمنی وعافینی واہدنی وارزقنی واجبرنی وارفعنی انی لما انزلت
الی من خیر فقیر ۔ بہ نیروی تائید یزدانی فارسی مین مجکو بہرہ دانی حاصل ہے سہل ترین
میرے نزدیک کل کلام میرزا بیدل ہے قسام ازل نے اتنا ملکہ معنی آفرینی دیا ہے
کہ کسیقدر نظم ونثر اردو وفارسی لکھنے پر ہر وقت قادر لیا ہے زبان استعداد کو ایسا
مذاق معانی نصیب ہے کہ بمجرد دیدن یا شنیدن فی الفور نمک وشکر کلام قابل



بسم اللہ الرحمن الرحیم


یا رب ترے فضل کا نہین ہی پایان
کیا گیا نہین عاجزون پہ تیرے احسان

آسان کر میرے کارہاے دشوار
یا ارحم و راحم و رحیم و رحمان

بعد تسمیہ و تحمید و تسبیح و تہلیل و درود و سلام و دعا و مناجات کے کہ جو کلمات میمنت آیات برائے رونق کلام و آبروے اہل کلام کے موضوع و مخصوص ہین خدمت مین صاحبان ہم فن اور ہم درد کے کچھ مختصر حالات و منتخب واقعات اپنا بتقریر شستہ و صاف و زبان بے لاف و گزاف کے گزارش کرتا ہون واضح رہے کہ یہ دیباچہ ہی دفتر غمنامہ دیوان ثانی راقم الحروف کا جس نسخہ نے بعون عنایت الٰہی در نیولا صورت تدوین کی پائی ہی ابیات

ساقی بنور بادہ برافروز جام ما
مطرب بگو کہ کام جہان شد بکام ما

ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق
ثبت ست بر جریدۂ عالم دوام ما


صنایع و مکامین فضل و دل خلایق همین و زمان
دیوان ناظم
موسوم به اسم تاریخی
ناظم گلشن
مطبع نامی منشی نول کشور مین طبع مزین جهان

اطلاع - اس مطبع مین ہر علم و فن کی کتب کا ذخیرہ سلسلہ وار فروخت کے لیے موجود ہی جسکی فہرست مطول ہر ایک شائق کو بھابہ خانہ سے مل سکتی ہی جسکے معاینہ و ملاحظہ سے شائقان اصلی حالات کتب کے معلوم فرما سکتے ہین قیمت بھی ارزان ہی اس کتاب کے ٹیٹل پیج کے تین صفحہ جو سادے ہین انمین بعض کتب کلیات و دواوین اردو درج کرتے ہین تاکہ جس فن کی یہ کتاب ہی اُس فن کی اور بھی کتب موجودہ کارخانہ سے قدردانون کو آگاہی کا ذریعہ حاصل ہو

کتب کلیات دو دواوین اردو

کلیات انشاء اللہ خان - یہ نتیجہ طبع شاعر نامی بندلہ شیخ میر انشاء اللہ خان انشا مخلص ہی عہد نواب سعادت خان مین بڑے مقرب و حاضر جواب تھے -

کلیات نساخ - عمدہ کلیات جسمین نادر نادر رسائل شامل ہین -

۱- شاہد عشرت - ۲- سخن شعرا ۳- اشعار نساخ ۴- مرغوب دل - ۵- دفتر بیمثال ۶- گنج تواریخ ۷- چشمہ فیض ۸- قند پارسی ۹- زبان ریختہ ۱۰- قطعہ منتخب از جلوہ گری طبع وقاد مولوی عبد الغفور خان بہادر -

کلیات سودا - قصائد و مثنویات و دو دواین در باعیات از کلام تاج الشعرا مرزا رفیع السودا مستند الکلام -

کلیات نظیر - اکبر آبادی -

کلیات تراب - مجموعہ جسمین چند کتاب ہین - ۱- دیوان - ۲- مثنوی عاشق صنم ۳- گلزار ۴- شجرہ قادریہ -

کلیات صنعت - کلام شاعر مستند میان کریم الدین صنعت -

کلیات ناسخ - دو دیوان صفحہ اور حاشیہ پر - نتیجہ بلندی فکر شیخ امام بخش ناسخ شاعر مستند لکھنوی -

کلیات آتش - طبعزاد سخنور نامی خواجہ حیدر علی آتش لکھنوی معاصر ناسخ -

کلیات نظام - کلام سخنور خوش فکر نواب محمد مرد انعلیخان بہادر -

کلیات تسلیم - جسکا نام تاریخی نظم ارجمند ہی نتیجہ خوش فکری زبان آور بلند خیال منشی امیر اللہ تسلیم شاگرد حضرت نسیم دہلوی -

INDIAN INSTITUTE

صناع و مکاسبین و فضول خلایق زمین و زمان

تاریخ گلشن

موسوم به اسم تاریخی

مطبع نامی منشی نول کشور میں طبع ہوئی

Rayāz-ĕ-gulfishān.

Indian Institute, Oxford.
The Lucknow Sparks Library.
Presented
by
Munshi Newul Kishore.

